اساس القرآن

مولفہ
خولہ صغیر

HUSSAM PUBLISHERS

اساس القرآن

مولفہ

خولہ ضیغم

نام کتاب	:	اساس القرآن
تالیف	:	خولہ ضیغم
باہتمام	:	محمد یحیٰ چوہدری
اشاعت	:	2013ء
ناشر	:	حسام پبلشرز اُردو بازار، لاہور۔

Available in Canada

Mississauga, Ontario, Canada
Tel: 001-416-464-0934
e-mail:khola71@hotmail.com

Published by:

HUSSAM PUBLISHERS
Ismail Centre, 110-Chatterjee Road,
Urdu Bazar, Lahore-Pakistan.
Tel: 0333-4264878
e-mail:chyahya@hotmail.com

تعارف
اساس القرآن

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کے الفاظ' اللہ تعالیٰ کا کلام' اپنے بندے کے نام' ایک ہدایت نامہ' کون بدقسمت انسان ہوگا جو اس سے ہدایت لینا نہ چاہے گا اور یہ ممکن نہیں جب تک کہ اس کو سمجھ کر نہ پڑھا جائے' قرآن کے الفاظ کو صحیح تلفظ اور ادائیگی کے ساتھ پڑھنا' سمجھنا' عمل کرنا اور دوسروں تک پہنچانا اس کے حقوق اور بندۂ مومن کے فرائض میں سے ہے۔

قرآن کریم اسی ہزار الفاظ پر مشتمل ہے مگر اصل الفاظ دو ہزار ہیں جن کے بار بار آنے سے یہ اسی ہزار (۸۰،۰۰۰) بن گئے ہیں۔ ان میں سے ۵۰۰ الفاظ اردو زبان میں کم و بیش فرق کے ساتھ مستعمل ہیں۔ باقی ۵۰۰ الفاظ ہیں کہ جن کو اگر صحیح طرح یاد کر کے ذہن نشین کر لیا جائے تو قرآن کی زبان کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

نزولِ قرآن سے لے کر آج تک بہت سے انسان ایسے گزرے کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کی خدمت کے لیے چنا اور انہوں نے اپنی زندگیاں اس مقصد کے لیے وقف کر دیں۔ اگر چہ کہ اس سلسلے میں بہت بہترین کتب موجود ہیں۔ مگر ایک حقیر سی کوشش ''اساس القرآن'' کی شکل میں اسی سلسلے میں اضافہ ہے۔ قرآن فہمی کا شوق رکھنے والے بالخصوص وہ افراد جو کوئی مرحلہ وار کورس کر رہے ہوں یا خود پڑھنے اور سمجھنے کی کوشش میں ہوں یہ کتاب ان کے لیے کافی مفید ہو سکتی ہے۔

اس کتاب سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آگے بڑھنے سے پہلے ہر سبق کو ٹھیک سے یاد کر لیا جائے کیونکہ آیات کی ترتیب کے لحاظ سے دیے گئے الفاظ کا اعادہ اس کتاب میں نہیں کیا گیا۔ جو لفظ ایک دفعہ درج کر دیا گیا دوبارہ اس کو نہیں لکھا۔

کتاب کا ہر صفحہ چار کالموں پر مشتمل ہے پہلے کالم میں قرآن کے الفاظ سورۃ نمبر اور آیت نمبر کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ دوسرے کالم میں اس لفظ کے وہ معنی جو اس آیت کی رو سے قرآن میں استعمال ہوئے اور تیسرے کالم میں مادہ (روٹ ورڈ) اور پھر چوتھے اور آخری کالم میں اس مادہ کے تمام معانی (جو کہ قرآن میں کہیں بھی استعمال ہوئے) جمع کیے گئے ہیں۔ اس مقصد کے لیے مفردات القرآن اور مترادفات القرآن سے مدد لی گئی ہے' انتہائی عاجزی کے ساتھ اپنی کم مائیگی کا اعتراف ہے۔ کتاب میں حسن و خوبی کا جو پہلو ہے وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا خاص کرم اور فضل ہے۔ اور خامیاں اور غلطیاں ہماری کوتاہی اور غفلت کا باعث ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان سے صرفِ نظر فرمائے اور خیر و خوبی کے ہر ہر پہلو کو قبول فرما لے۔ آمین ثم آمین۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم و تب علينا انك انت التواب الرحيم

فہرست

اَعُوذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيم...... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

سورۃ الفاتحہ

رکوع نمبرا (آیات ۱ تا ۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱	اَعُوْذُ	میں پناہ مانگتا ہوں	ع۔و۔ذ	۱.کسی کی پناہ لینا اور اس سے چمٹے رہنا ۲.حفاظت طلب کرنا (لفظ تعویز اسی سے نکلا ہے)
۲	الشَّيْطٰن	شیطان	ش۔ط۔ن ش۔ی۔ط	۱. انتہائی دور ہو جانا ۲. سرکش ۳. ہر بری خصلت کو بھی اسی سے منسوب کیا جاتا ہے۔مثلاً حسد، غصہ وغیرہ ۴. اللہ کی رحمت سے دور غصہ سے سوختہ ہو جانا
۳	الرَّجِيْم	مردود	ر۔ج۔م	۱. جسے سنگسار کیا جائے ۲.پتھر مار کر دور بھگایا ہوا
۴	اللّٰه (1:1)	اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام ہے	ا۔ل۔ہ	۱. حیران کر دینا ۲. کسی قوت سے ڈر کر اس کو الٰہ مان لینا
۵	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم (1:2)	بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا	ر۔ح۔م	یہ دونوں لفظ رحم سے نکلے ہیں۔اسم مبالغہ کے صیغے ہیں۔ ۱. بہت زیادہ رحم کرنے والا۔رحم میں رقت،لطف اور راحت تینوں باتیں پائی جاتی ہیں۔ ۲. عورت کا رحم
۶	بِسْمِ (61:6) (5:4)	ساتھ نام کے	س۔م۔و	نام۔کسی بھی چیز اور شخص کی پہچان کے لیے اس کا نام استعمال ہوتا ہے۔

۷	سُوْرَۃٌ (2:23)	سورۃ	س۔و۔ر	۱. مکمل اور کامل اونٹنی ۲. اونچی اور بلند دیوار جسے پھاند کر اندر نہ داخل ہوسکیں اور یہ دیوار کسی مکان نہیں بلکہ قلعہ کی فصیل یا احاطہ کی ہوتی ہے۔ اسی طرح قرآن کی ہر سورۃ ایک حصے کو دوسرے سے الگ کرتی ہے۔
۸	اَلْحَمْدُ (1:1)	تمام تعریف	ح۔م۔د	کسی کے اوصاف حمیدہ اور فضائل بیان کرنا بشرطیکہ وہ افعال اختیاری ہوں۔ مثلاً کوئی شخص سخاوت کرتا ہو تو اس کا یہ فعل اختیاری ہے اس پر جو تعریف کی جائے گی وہ حمد ہوگی۔ اور اگر اضطراری ہو مثلاً کوئی شخص دراز قامت یا خوش شکل یا عالی نصب ہے تو اس میں اس کا کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ ان اوصاف پر تعریف کی جائے تو مدح کہلائے گی۔
۹	رَبِّ (1:1)	پروردگار	ر۔ب۔ب	۱. پالنے والا ۲. ذرے کو کمال تک پہنچانے والا
۱۰	الْعٰلَمِيْنَ (1:1)	جہانوں کا	ع۔ل۔م	جہان، دنیا۔ اگر "ع" کے نیچے زیر ہو تو اس کا مطلب جاننا کے ہوتے ہیں۔
۱۱	مٰلِكِ (1:3)	مالک۔آقا	م۔ل۔ک	بادشاہ: جو لوگوں پر حکمرانی کرتا ہے مالک: انصاف کے دن کا حاکم وہ جس کا دوسرے لوگوں پر کچھ اختیار ہو
۱۲	يَوْمِ (1:3)	دن	ی۔و۔م	دن
۱۳	الدِّيْنِ (1:3)	جزا حساب کتاب	د۔ی۔ن	۱. غلبہ اور تسلط (کسی ذی اقتدار کی طرف سے) ۲. اطاعت بندگی (صاحب اقتدار کے سامنے جھک جانے والے کی جانب سے) ۳. قاعدہ وضابطہ اور طریقہ جس کی پابندی کی جائے ۴. محاسبہ، فیصلہ اور جزا وسزا

۱۴	نَعْبُدُ (1:4)	ہم عبادت کرتے ہیں	ع۔ب۔د	۱.غلامی اوراطاعت ۲.پرستش اور پوجا ۳.تابع اور رام ہو جانا اسطرح کہ اس کے مقابلہ میں کوئی سرتابی، انحراف یا مزاحمت نہ ہو
۱۵	نَسْتَعِيْن (1:4)	ہم مدد مانگتے ہیں	ع۔و۔ن	۱.کسی کی مدد اور پشت پناہی کرنے کے ہیں ۲.جوانی عمر کو بھی کہتے ہیں
۱۶	اِهْدِنَا (1:5)	دکھا ہم کو	ھ۔د۔ی	۱.لطف وکرم کے ساتھ کسی کی رہنمائی کرنا ۲.اسی سے لفظ "هدیه" نکلا ہے.جس کے معنی اس تحفہ کے ہیں جو بغیر معاوضہ کے دیا جائے.
۱۷	صِرَاطَ (1:6)	راستہ	ص۔ر۔ط	۱. لمبی اور تیز دھار تلوار ۲. جہنم کے اوپر ایک پل بنایا گیا ہے جو کہ تلوار کی طرح باریک اور تیز ہے ایسے راستے کو احتیاط سے گزرنا پڑتا ہے صراط مستقیم بھی بہت احتیاط سے ملتا ہے.
۱۸	الْمُسْتَقِيْم (1:6)	سیدھا	ق۔و۔م	۱. کھڑے ہونا ۲. اسی سے اقامت ہے وہ لوگ جو کھڑے نظر آئیں۔
۱۹	اَنْعَمْتَ (1:6)	انعام کیا تونے	ن۔ع۔م	کسی انسان پر احسان کرنے کے لیے آتا ہے
۲۰	غَيْرِ (1:7)	نہیں	غ۔ی۔ر	۱. نہیں ۲. علاوہ، سوائے
۲۱	الْمَغْضُوْبِ (1:7)	جن پر غضب ہوا	غ۔ض۔ب	۱. غصہ ۲. ناراضگی ۳. غضبناک ہولناک
۲۲	الضَّآلِّيْن (1:7)	گمراہ	ض۔ل۔ل	۱. بھٹکے ہوئے ۲. ہدایت سے دور ۳. گم کردینا

سورۃ البقرۃ

رکوع نمبر: ۱ (آیات ۱ تا ۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۳	الْكِتٰبُ (2:2)	خاص کتاب	ک۔ت۔ب	لکھی ہوئی چیز کو عربی میں کتاب کہا جاتا ہے۔'ال' لگ جانے سے خاص کتاب بن جاتی ہے۔
۲۴	رَيْبَ (2:2)	شک	ر۔ی۔ب	کسی چیز کے متعلق کسی قسم کا وہم ہو جو بعد میں دور ہو جائے
۲۵	لِلْمُتَّقِيْنَ (2:2)	پرہیز گاروں کے لیے	و۔ق۔ی	۱۔بچانا۔کسی چیز کو نقصان پہنچانے والی چیز سے بچانا ۲۔جو گناہوں کو چھوڑ کر اللہ کے ڈر سے نیکی پر مائل ہو جائے متقی ہے۔
۲۶	يُؤْمِنُوْنَ (2:3)	ایمان لاتے ہیں	ا۔م۔ن	اس میں امن کا معنی نفس کے مطمئن ہونا کے ہیں۔ دماغ: جاننا، دل: ماننا، زبان: اقرار۔ اس کا نام ایمان ہے۔
۲۷	بِالْغَيْبِ (2:3)	غیب پر	غ۔ی۔ب	ہر وہ چیز جو انسان کے علم سے دور ہو
۲۸	يُقِيْمُوْنَ (2:3)	وہ قائم کرتے ہیں	ق۔و۔م	۱۔کسی شخص کا اپنے ارادے سے کھڑے ہونا ۲۔کھڑے ہونا۔لفظ اقامہ بھی اسی سے نکلا ہے۔جس کے معنی کسی کو کھڑا کرنے کے ہیں

۲۹	الصَّلٰوۃَ (2:3)	نماز	ص۔ل۔و ص۔ل۔ی	۱. کسی شے کی طرف متوجہ ہونا ۲. دعا کرنا ۳. عزت دینا جلانا (نماز گناہوں کو جلا دیتی ہے)
۳۰	رَزَقْنٰھُمْ (2:3)	دیا ہم نے ان کو	ر۔ز۔ق	ہر وہ نعمت جو جسم کی پرورش میں کام آئے
۳۱	یُنْفِقُوْنَ (2:3)	وہ خرچ کرتے ہیں	ن۔ف۔ق	۱. خرچ کرنا ۲. سرنگ کو بھی کہتے ہیں، جس کے ایک سوراخ سے داخل ہوکر دوسرے سے باہر نکل جاتے ہیں۔ ۳. منافق کا بھی یہی مادہ ہے. کیونکہ وہ بھی کبھی ایمان کی حدود کے اندر داخل ہوتا ہے اور کبھی نکل جاتا ہے.
۳۲	اُنْزِلَ (2:4)	نازل کیا گیا	ن۔ز۔ل	۱. اترنا ۲. نازل ہونا
۳۳	اٰخِرَۃِ (2:4)	آخرت	ا۔خ۔ر	بعد میں آنے والی چیز
۳۴	یُوْقِنُوْنَ (2:4)	وہ یقین رکھتے ہیں	ی۔ق۔ن	یقین، اعتبار، گمان، جس میں کوئی شک وشبہ نہ رہے۔ دل کی گہرائیوں سے ایمان لانا اور پھر اس ایمان میں اتنی پختگی ہو کہ عمل اس کے مطابق ہو جائے
۳۵	الْمُفْلِحُوْنَ (2:5)	وہ فلاح پانے والے ہیں	ف۔ل۔ح	۱. چیرنا ۲. پھاڑنا ۳. کامیابی ۴. بقا ایسی کامیابی جو اپنے عمل کے نتیجے میں بڑی محنت کے بعد حاصل ہو کہ انسان اسے دیکھ کر خوش ہو جائے
۳۶	کَفَرُوْا (2:6)	وہ انکار کرتے ہیں	ک۔ف۔ر	۱. انکار کرنا ۲. چھپانا

۳۸	سَوَآءٌ (2:6)	برابر ہے	س۔و۔ی	۱. یکساں ۲. مساوی وزن یا ساخت کے لحاظ سے دو چیزوں کے ایک دوسرے کے برابر ہونے کے ہیں
۳۹	اَنْذَرْتَهُمْ (2:6)	آپ ان کو ڈرائیں	ن۔ذ۔ر	۱. ڈرانا ۲. ہوشیار کرنا ۳. خبردار کرنا ۴. کسی خوفناک چیز سے آگاہ کرنا
۴۰	خَتَمَ (2:7)	مہر لگا دی	خ۔ت۔م	۱. مہر لگا دینا ۲. بند کر دینا موم، ربڑ یا مٹی سے منہ کو بند کر دینا
۴۱	قُلُوْبِهِمْ (2:7)	ان کے دلوں پر	ق۔ل۔ب	کسی چیز سے پھرنے اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنے کے ہیں
۴۲	سَمْعِهِمْ (2:7)	ان کے کانوں پر	س۔م۔ع	یہاں اس سے مراد ان کی ساعت ہے۔ سننے کی حس۔ کان کی پوری ساخت
۴۳	اَبْصَارِهِمْ (2:7)	ان کی آنکھوں پر	ب۔ص۔ر	بصر سے مصدر بصارت بھی ہے اور بصیرت بھی ہے، بصارت کا اطلاق ظاہری نظر پر اور بصیرت کا قلبی نگاہ پر ہوتا ہے
۴۴	غِشَاوَةٌ (2:7)	پردہ ہے	غ۔ش۔ی	ڈھانپنا، یہاں مراد وہ پردۂ غفلت ہے، جو حق کی نشانیاں دیکھ کر بھی حائل ہو. ہوش وحواس سے بیگانہ
۴۵	عَذَابٌ (2:7)	سزا	ع۔ذ۔ب	۱. سخت تکلیف دہ حالت ۲. چکھنا، سزا
۴۶	عَظِيْمٌ (2:7)	بڑا	ع۔ظ۔م	ہڈی. عربی میں لوگ جانور مثلاً اونٹ وغیرہ کی بڑی بڑی ہڈیوں کے لیے استعمال کرتے ہیں

رکوع نمبر ۲ (آیات ۸ تا ۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۷	اَلنَّاسِ (2:8)	لوگ، انسان	ا-ن-س ن-و-س ن-س-ی	ایسی مخلوق جو آپس میں محبت کرے اور معاشرتی طور پر زندگی بسر کرے شور (اگر کوئی آواز نہ ہو تو دل کے دھڑکنے کی آواز تو ہوتی ہے) بھولنا (انسان بھولتا بھی بہت ہے)
۴۸	یَقُوْلُ (2:8)	وہ کہتے ہیں	ق-و-ل	کوئی بھی بات کہنا
۴۹	یُخٰدِعُوْنَ (2:9)	وہ دھوکہ دیتے ہیں	خ-د-ع	۱.دھوکہ دینا ۲.حقیقت کو چھپانا ۳. حقیقت کو چھپا کر اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرنا
۵۰	اَنْفُسَھُمْ (2:9)	اپنے نفسوں	ن-ف-س	
۵۱	یَشْعُرُوْنَ (2:9)	وہ شعور رکھتے ہیں	ش-ع-ر	کسی معاملہ کی باریکی کو سمجھنا شعور کہلاتا ہے. بال کی طرح باریک، شعر اصل میں علم نظیف کا نام ہے
۵۲	مَّرَضٌ (2:10)	بیماری	م-ر-ض	بیمار ہونا۔ بیماری کے کئی درجے ہیں سقیم: معمولی بیماری مریض: جسمانی بیماری مرض: سخت بیماری جس سے موت ہو جائے
۵۳	زَادَھُمُ (2:10)	زیادہ کر دیا انکو	ز-ی-د	
۵۴	اَلِیْمٌ (2:10)	دردناک	ا-ل-م	دردناک ، بہت زیادہ تکلیف دہ
۵۵	یَکْذِبُوْنَ (2:10)	وہ جھوٹ بولتے ہیں	ک-ذ-ب	جھوٹ بولنا، جان بوجھ کر ایسی خبر دینا جو واقعہ کے خلاف ہو

۵۶	لَا تُفْسِدُوْا (2:11)	تم فساد نہ کرو	ف۔س۔د	۱. فساد اور جھگڑا ہونا ۲. خرابی ہونا ۳. اعمال اور عقائد میں خرابی اور بگاڑ کا آجانا
۵۷	الْاَرْضِ (2:11)	زمین پر	ا۔ر۔ض	نیچے کی چیز کو کہتے ہیں
۵۸	مُصْلِحُوْنَ (2:11)	وہ اصلاح کرنے والے ہیں	ص۔ل۔ح	۱. درست کرنا ۲. ترتیب دینا ۳. اپنی ذات یا ماحول میں اصلاح کرنا
۵۹	السُّفَهَآءُ (2:13)	بیوقوف لوگ	س۔ف۔ہ	۱. اصل معنی جسمانی ہلکے پن کے ہیں، پھر یہ لفظ دماغی ہلکے پن کے لیے استعمال ہونے لگا ۲. نادان ۳. بیوقوف ۴. کسی چیز کا ردی اور ناقص ہونا ۵. کم عقل اور پست اخلاق ہونا
۶۰	يَعْلَمُوْنَ (2:13)	وہ جانتے ہیں	ع۔ل۔م	۱. کسی چیز کی حقیقت کا ادراک ۲. جاننا
۶۱	لَقُوْا (2:14)	وہ ملتے ہیں	ل۔ق۔ی	۱. ملنا، ملاقات کرنا ۲. ایک دوسرے کو سامنے سے آ کر ملنا
۶۲	خَلَوْا (2:14)	وہ الگ ہوتے ہیں	خ۔ل۔و	۱. خالی جگہ ۲. تنہائی میں الگ الگ ملنے کو کہتے ہیں
۶۳	شَيٰطِيْنِهِمْ (2:14)	ان کے شیطان	ش۔ط۔ن	ہر سرکش قوت خواہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے
۶۴	مُسْتَهْزِءُوْنَ (2:14)	وہ مذاق اڑاتے ہیں	ھ۔ز۔ء	۱. خلاف عقل سمجھ کر کسی کا مذاق اڑانا ۲. بغیر کسی جرم کے اس کا مذاق اڑانا ۳. کسی کا اندرونی طور پر مذاق اڑانا
۶۵	يَمُدُّهُمْ (2:15)	ان کو ڈھیل دیتا ہے	م۔د۔د	۱. پھیلانا ۲. ڈھیل دینا ۳. کسی چیز کو کھینچ کر پھیلانا

٦٦	طُغْيَانِهِمْ (2:15)	ان کی سرکشی	ط۔غ۔ی ط۔غ۔و	۱. سرکشی کرنا ۲. نافرمانی میں حد سے گزرنا ۳. حد سے بڑھنا اور پھیل جانا ۴. غصہ اور قہر طغیانی اسی سے جس کے معنی پانی کا کناروں سے بلند ہو کر باہر پھیل جانا ہے
٦٧	يَعْمَهُوْنَ (2:15)	اندھے بنے ہوئے ہیں	ع۔م۔ھ	اندھا پن، یہاں ایسی کیفیت مراد ہے کہ انسان کو راستہ دکھائی نہ دے .اور وہ ادھر ادھر اندھوں کی طرح ہاتھ پاؤں مارتا پھرے
٦٨	اشْتَرَوُا (2:16)	خرید لی ہے	ش۔ر۔ی	۱. خریدنا بھی اور بیچنا بھی ۲. لین دین کرنا یہ لفظ لغت اضداد سے ہے
٦٩	رَبِحَتْ (2:16)	فائدہ دیا، نفع دیا	ر۔ب۔ح	۱. وہ فائدہ جو خرید وفروخت سے حاصل ہو ۲. مجازاً ثمرہ اعمال کو بھی ربح کہا جاتا ہے ۳. کاروبار میں فائدہ
٧٠	مَثَلُهُمْ (2:17)	مثال ان کی	م۔ث۔ل	
٧١	اسْتَوْقَدَ (2:17)	بھڑکایا	و۔ق۔د	ایندھن کی لکڑیاں جن سے آگ جلائی جائے اور آگ کے شعلے کو بھی وقود کہتے ہیں
٧٢	نَارًا (2:17)	آگ	ن۔و۔ر	نار اور نور دونوں کا مادہ ن۔و۔ر ہے .روشنی کا عنصر کم اور حرارت وتپش اور سرخی کا عنصر زیادہ ہوتا ہے تو اسے نار کہتے ہیں. قرآن میں مزید یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں ض۔و۔ء : نور کی ایک قسم روشنی کہلاتی ہے حرارت اور تپش بھی ہو تو ضوء

				نور: روشنی تو ہو مگر حرارت اور تپش نہ ہو
۷۳	اَضَآءَتْ (2:17)	روشنی	ض۔و۔ء	نور اور روشنی جس میں حرارت اور تپش بھی ہو
۷۴	حَوْلَهٗ (2:17)	ماحول	ح۔و۔ل	۱. ماحول ۲. اردگرد
۷۵	ذَهَبَ (2:17)	لے جائے	ذ۔ھ۔ب	۱. لے جانا ۲. جاتے رہنا ۳. چلے جانا
۷۶	نُوْرِهِمْ (2:17)	ان کا نور	ن۔و۔ر	ایسی روشنی جس میں حرارت اور تپش نہ ہو
۷۷	تَرَكَهُمْ (2:17)	چھوڑ دیا ان کو	ت۔ر۔ک	کسی چیز کا چھوڑ دینا خواہ وہ ارادتاً ہو یا غیر ارادی طور پر
۷۸	ظُلُمٰتٍ (2:17)	اندھیرے	ظ۔ل۔م	۱. بے انصافی کرنا ۲. کم کرنا ۳. اندھیرے، تاریکیاں
۷۹	صُمٌّ (2:18)	بہرے	ص۔م۔م	۱. حاسہ سماعت کا ضائع ہو جانا ۲. بہرہ پن
۸۰	بُكْمٌ (2:18)	گونگے	ب۔ک۔م	پیدائشی گونگا
۸۱	عُمْيٌ (2:18)	اندھے	ع۔م۔ی	یہ بصارت اور بصیرت دونوں کے اندھے پن کیلئے بولا جاتا ہے
۸۲	يَرْجِعُوْنَ (2:18)	لوٹیں گے	ر۔ج۔ع	۱. کسی چیز کا اپنے مبدأ حقیقی یا تقدیری کی طرف واپس لوٹنا ۲. غور کرنا اور لوٹنا
۸۳	صَيِّبٍ (2:19)	موسلا دھار بارش	ص۔و۔ب	۱. زوردار بارش جس میں خوب گرج چمک بھی ہو ۲. طوفانی بارش

۸۴	السَّمَآءِ (2:19)	آسمان	س۔م۔و	۱. بلندی ۲. ہر چیز کے اوپر والے حصے کو کہتے ہیں
۸۵	رَعْدٌ (2:19)	کڑک	ر۔ع۔د	ایسی بجلی جو کڑکتی ہے. رعد اس فرشتے کا بھی نام ہے جو بادلوں کو چلاتا ہے
۸۶	بَرْق (2:19)	چمک	ب۔ر۔ق	برق سے مراد وہ بجلی ہے جو صرف چمکتی ہے گرجتی نہیں
۸۷	اَصَابِعَهُمْ (2:19)	اپنی انگلیاں	ص۔ب۔ع	انگلی کا ناخن والا پور
۸۸	اٰذَانِهِمْ (2:19)	ان کے کان، اپنے کانوں میں	ا۔ذ۔ن	کان
۸۹	الصَّوَاعِقِ (2:19)	چنگھاڑ	ص۔ع۔ق	۱. گرنے اور جلانے والی بجلی ۲. زوردار اھماکہ
۹۰	حَذَرَ (2:19)	ڈر، خوف	ح۔ذ۔ر	۱. کسی خوف زدہ کرنے والی چیز سے بچنا یا دور رہنا ۲. کسی خطرہ سے ہوشیار رہنا ۳. چوکنا رہنا حذر میں خطرہ کبھی یقینی ہوتا ہے تو کبھی ظنی (گمانی)
۹۱	الْمَوْت (2:19)	موت	م۔و۔ت	۱. سانسوں کی آمد و رفت کا ختم ہو جانا ۲. زندگی کا خاتمہ
۹۲	مُحِيْطٌ (2:19)	احاطہ کئے ہوئے	ح۔و۔ط	ایسی چیز جو چاروں طرف سے گھیر لے
۹۳	يَكَادُ (2:20)	قریب ہے	ک۔و۔د	کسی کام کے کرنے کے قریب ہونا
۹۴	يَخْطَفُ (2:20)	اچک لے جائے	خ۔ط۔ف	کسی چیز کو سرعت سے اچک لے
۹۵	مَّشَوْا (2:20)	چلتے ہیں	م۔ش۔ی	ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف قصد اور ارادہ سے منتقل ہونے کے ہیں

۹۶	قَامُوْا (2:20)	وہ کھڑے ہو جاتے ہیں	ق۔و۔م	۱. کھڑے ہونا ۲. سیدھے کھڑے ہو جانا
۹۷	شَآءَ (2:20) شَیْءٍ	چاہتا چیز	ش۔ی۔ء ش۔ی۔ء	ش۔ی۔ء کا معنی ہوتا ہے چیز۔ شے وہ ہوتی ہے جسکا علم ہو سکے اور جسکی خبر دی جا سکے
۹۸	قَدِیْرٌ (2:20)	قادر ہونا	ق۔د۔ر	۱. کسی معاملہ کی تدبیر کرنا ۲. کسی چیز پر قدرت رکھنا ۳. قابو پانا

رکوع نمبر۳ (آیات ۲۱ تا ۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۹	خَلَقَکُمْ (2:21)	تم کو پیدا کیا	خ۔ل۔ق	۱. کسی چیز کو بغیر مادہ کے اور بغیر کسی تقلید کے پیدا کرنا ۲. خلق کے معنی کسی چیز کو بنانے کے لیے پوری طرح اندازہ لگانے کے بھی ہیں۔
۱۰۰	فِرَاشًا (2:22)	فرش	ف۔ر۔ش	بچھونا، فرش
۱۰۱	بِنَآءً (2:22)	چھت	ب۔ن۔ی	۱. کوئی تعمیر شدہ عمارت اور عمارت کے ہر حصہ کو بھی کہتے ہیں۔ ۲. چھت کو بھی کہتے ہیں
۱۰۲	مَآءً (2:22)	پانی	م۔و۔ہ	پانی گدلا ہو یا صاف ستھرا، میٹھا ہو یا کھاری سب کیلئے استعمال ہوگا۔
۱۰۳	اَخْرَجَ (2:22)	نکالا	خ۔ر۔ج	نکلنا، باہر آنا

۱۰۴	الثَّمَرٰتِ (2:22)	پھل	ث۔م۔ر	پھل تازہ ہو یا خشک اور کوئی بھی ہو سب پر اس کا اطلاق ہوگا۔
۱۰۵	تَجْعَلُوْا (2:22)	تم بناتے ہو	ج۔ع۔ل	جعل کا لفظ بنانے کیلئے استعمال ہوتا ہے خواہ اس کام کا تعلق ایجاد اور تخلیق سے ہو یا محض ترتیب وغیرہ سے۔
۱۰۶	اَنْدَادًا (2:22)	شریک	ن۔د۔د	یہ لفظ ند کی جمع ہے۔اس کے معنی مشابہ اور مخالف دونوں کے ہو سکتے ہیں۔
۱۰۷	اُدْعُوْا (2:23)	پکارو	د۔ع۔و	۱. پکار کر بلانا ۲. مدعو کرنا
۱۰۸	شُهَدَآءَ (2:23)	گواہ	ش۔ھ۔د	۱. گواہی، شہادت عینی اور قلبی ۲. حاضر ہونا ۳. شہید اس گواہ کو بھی کہتے ہیں جو حاضر ہو کر گواہی دے
۱۰۹	صٰدِقِيْنَ (2:23)	سچے	ص۔د۔ق	۱. سچا ۲. اپنی بات کو پورا کرنے کا ۳. جسکے قول و فعل میں مطابقت ہو
۱۱۰	تَفْعَلُوْا (2:24)	تم کرو	ف۔ع۔ل	۱. کسی کام کو سرانجام دینا ۲. ہر وہ کام جو کسی اثر انداز کی اثر اندازی کا نتیجہ ہو خواہ کرنے والے کا ارادہ ہو یا نہ ہو۔
۱۱۱	دون (2:24)	سوائے	د۔و۔ن	۱. سوا ۲. کمزور ہونا ۳. پست نیچے ۴. قدر و منزلت میں فروتر
۱۱۲	الْحِجَارَةُ (2:24)	پتھر	ح۔ج۔ر	۱. آڑ ۲. پتھر ۳. عقل
۱۱۳	اُعِدَّتْ (2:24)	تیار کر رکھی ہے	ع۔د۔د	۱. گننا اور شمار ۲. تیار کرنا ۳. حاضر کرنا ۴. تیار کر کے سامنے لا کھڑا کرنا ۵. گن گن کر تیار کرنا

۱۱۴	بَشِّرِ (2:25)	بشارت دے	ب۔ش۔ر	۱. انسان کی جلد کی اوپر کی تہ جو کسی اچھی خبر سے چمک اٹھتی ہے ۲. خوشخبری
۱۱۵	اُتُوْا (2:25)	ان کیلئے لایا جائیگا	ا۔ت۔ی	لاؤ. کسی چیز کا بسہولت لانا
۱۱۶	عَمِلُوا (2:25)	عمل کئے	ع۔م۔ل	۱. ہر وہ کام جو کسی جاندار سے ارادتاً صادر ہو خواہ اچھا ہو یا برا. ۲. محنت مزدوری کیلئے بھی آتا ہے
۱۱۷	جَنّٰتٍ (2:25)	باغات	ج۔ن۔ن	۱. حواس سے پوشیدہ. جسکو چھو اور دیکھ نہ سکیں ۲.باغ کی زمین جسکو گھاس اور پودے چھپا لیتے ہیں
۱۱۸	تَجْرِیْ (2:25)	جاری ہیں	ج۔ر۔ی	جاری ہونا
۱۱۹	الْاَنْھٰرُ (2:25)	نہریں	ن۔ھ۔ر	نہریں
۱۲۰	مُتَشَابِھًا (2:25)	ملتا جلتا	ش۔ب۔ہ	ملتا جلتا
۱۲۱	اَزْوَاجٌ (2:25)	جوڑے	ز۔و۔ج	۱. جوڑے ۲. میاں، بیوی
۱۲۲	مُطَھَّرَۃٌ (2:25)	پاکیزہ	ط۔ھ۔ر	۱. پاک ۲. طاہر
۱۲۳	خٰلِدُوْنَ (2:25)	ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے	خ۔ل۔د	۱. ہمیشہ رہنا ۲. اپنی اصلی حالت میں ہمیشہ قائم رہنا ۳. بغیر کسی تبدیلی کے ہمیشہ ہمیشہ اسی طرح رہنا
۱۲۴	یَسْتَحْیٖ (2:26)	وہ شرماتا ہے	ح۔ی۔ی	۱. شرمندہ ہونا یا شرمانا ۲. زندہ چھوڑنا کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے

۱۲۵	يَّضْرِبَ (2:25)	وہ بیان کرے	ض۔ر۔ب	۱. ایک چیز کو دوسری چیز پر مارنا ۲. واقع کرنا ۳. سفر کرنا ۴. مثال بیان کرنا
۱۲۶	بَعُوْضَةً (2:25)	مچھر	ب۔ع۔ض	۱. ہر چیز کے ایک حصہ کو کہتے ہیں ۲. مچھر
۱۲۷	الْحَقُّ (2:26)	حق ہے، سچ ہے	ح۔ق۔ق	۱. ہر وہ بات جو تجربہ اور مشاہدہ کے بعد سچ ثابت ہو ۲. حقیقت ۳. سچائی
۱۲۸	اَرَادَ (2:26)	ارادہ کیا	ر۔و۔د	۱. کسی کام کو سرانجام دینے کا ارادہ کرنا ۲. کسی بات یا کام کو کرنے کا دل میں خیال آنا
۱۲۹	كَثِيْرًا (2:26)	زیادہ	ک۔ث۔ر	۱. زیادتی ۲. کثرت
۱۳۰	الْفٰسِقِيْنَ (2:26)	فاسق	ف۔س۔ق	۱. اطاعت کی حد سے باہر نکلنا ۲. اور گناہوں کو اپنی عادت بنالینا ۳. دائرہ شریعت سے نکل جانا
۱۳۱	يَنْقُضُوْنَ (2:27)	وہ توڑ ڈالتے ہیں	ن۔ق۔ض	۱. توڑنا ۲. کسی چیز کا شیرازہ بکھیرنا
۱۳۲	عَهْدَ (2:27)	وعدہ	ع۔ھ۔د	۱. عہد ۲. وعدہ ۳. کسی چیز کی پیہم نگہداشت اور خبرگیری کرنا
۱۳۳	مِيْثَاقِ (2:27)	پکا کرنے کے بعد	و۔ث۔ق	۱. کسی چیز کو مضبوط باندھنا ۲. وہ وعدہ جو تحریری شکل میں ہو ۳. بار بار دہرا کر پکا کرنا
۱۳۴	يَقْطَعُوْنَ (2:27)	وہ کاٹ ڈالتے ہیں	ق۔ط۔ع	۱. کاٹنا ۲. توڑ ڈالنا
۱۳۵	اَمَرَ (2:27)	حکم	ا۔م۔ر	۱. معاملہ ۲. حالت ۳. شان حکم بھیجنا اور ہدایت دینا خواہ اچھے کام کیلئے ہو یا برے کیلئے

۱۳۶	اَلْخٰسِرُوْنَ (2:27)	وہ خسارہ اٹھانے والے ہیں	خ۔س۔ر	ا. گھاٹا ۲. سودے میں نفع کی بجائے الٹا نقصان ہوجانا
۱۳۷	جَمِيْعًا (2:29)	سب کے سب	ج۔م۔ع	خواہ کم ہوں یا زیادہ کچھ لوگوں کا اکٹھا ہونا

رکوع نمبر۴ (آیات ۳۰ تا ۳۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۳۸	اَلْمَلٰٓئِكَةَ (2:30)	فرشتے	ل۔ء۔ک	پیغام پہنچانا، فرشتوں کیلیے استعمال ہونا ضروری نہیں ہے کہ ہر فرشتہ پیغام رساں ہی ہو
۱۳۹	خَلِيْفَةً (2:30)	نائب	خ۔ل۔ف	پیچھے آنے والا
۱۴۰	يَسْفِكُ (2:30)	وہ بہائے	س۔ف۔ک	خون یا پانی کا بہانا، اس کا زیادہ تر اطلاق خون بہانے پر ہی ہوتا ہے۔
۱۴۱	الدِّمَآءَ (2:30)	خون	د۔م۔ی	خون کا بہانا
۱۴۲	نُسَبِّحُ (2:30)	ہم تسبیح کرتے ہیں	س۔ب۔ح	ا. پانی یا ہوا میں تیزی سے گزر جانے کے ہیں ۲. تیرنا ۳. کسی چیز کا تیزی سے بہنا
۱۴۳	نُقَدِّسُ (2:30)	ہم پاکی بیان کرتے ہیں	ق۔د۔س	پاک اور صاف ہونا
۱۴۴	اٰدَمَ (2:31)	آدمؑ	ا۔د۔م	ا. موافقت اور ملائمت ۲. حضرت آدم کا نام ہے. افرادِ جنس پر بھی اس لفاظ کا اطلاق ہوتا ہے۔
۱۴۵	عَرَضَهُمْ (2:31)	ان کے سامنے کیا	ع۔ر۔ض	ا. چوڑائی ۲. کسی چیز کو پیش کرنا. ۲. سامنے لانا ۴. عرضداشت

۱۴۶	أَنْبِئُوْنِي (2:31)	مجھ کو بتاؤ	ن۔ب۔و ن۔ب۔ء	۱. ایسی خبر جو خاص ہو ۲. ایسی خبر جو سچی ہو ۳. وہ خبر ہے جس کا سننے والے کی ذات سے تعلق ہو. اور وہ اس پر اثر انداز ہو سکتی ہو.
۱۴۷	الْحَكِيْمُ (2:32)	حکمت والا	ح۔ک۔م	۱. کسی چیز کی اصلاح کیلئے روک دینا ۲. کسی چیز کے متعلق فیصلہ کرنے کا نام ۳. معتبر شخص کو بھی کہتے ہیں
۱۴۸	تُبْدُوْنَ (2:33)	تم ظاہر کرتے ہو	ب۔د۔و	ا۔جسم، جسد ۲. ہر مادی چیز جسم رکھتی ہے. اور جسم ظاہر ہوتا ہے، اسی لیے ظاہر ہونے کیلئے بدن کا لفظ استعمال ہوتا ہے.
۱۴۹	تَكْتُمُوْنَ (2:33)	تم چھپاتے ہو	ک۔ت۔م	دانستہ طور پر کوئی بات دل میں چھپائے رکھنا
۱۵۰	اسْجُدُوْا (2:34)	سجدہ کرو	س۔ج۔د	۱. عاجزی کرنا ۲. انکساری ۳. انتہائے عاجزی کے اظہار کیلئے جھک جانا
۱۵۱	إِبْلِيْسَ (2:34)	شیطان کا نام	ب۔ل۔س	۱. سخت ناامیدی کے باعث غمگین ہونا ۲. عام طور پر انسان غم اور مایوسی کی وجہ سے خاموش رہتا ہے، اسے کچھ سجھائی نہیں دیتا، خاموش اور دلیل سے عاجز ہونا بھی.
۱۵۲	ابا ، أَبٰى (2:34)	انکار کر دیا	ا۔ب۔و	۱. کسی بات کو تسلیم نہ کرنا ۲. اڑ جانا، قبول نہ کرنا ۳. مکروہ جاننا ۴. پسند نہ کرنا ۵. کسی چیز سے ناخوش ہونا
۱۵۳	اسْتَكْبَرَ (2:34)	تکبر کیا	ک۔ب۔ر	۱. سب سے بزرگ اور عالی مرتبہ ۲. بوڑھا، بڑا

				۳. تکبر۔ ہر بڑا امر مراد ہے، اور تکبر بہت بڑا گناہ ہے ۴. فخر کا سب سے آخری درجہ
۱۵۴	اسْكُنْ (2:35)	ساکن ہو / رہو	س۔ک۔ن	۱. حرکت کے بعد ٹھہر جانا ۲. کسی جگہ رہائش اختیار کرنا ۳. سکون ، تسکین ۴. اس آگ کو بھی کہتے ہیں جس سے سکون حاصل ہو
۱۵۵	كُلَا (2:35)	کھاؤ	ا۔ک۔ل	۱. کھانا تناول کرنا ۲. بہرہ یاب ہونا ، فائدہ اٹھانا
۱۵۶	رَغَدًا (2:35)	جتنا چاہو	ر۔غ۔د	۱. اپنی خواہش اور مرضی کے مطابق ۲. آسودہ زندگی
۱۵۷	تَقْرَبَا (2:35)	قریب جانا	ق۔ر۔ب	کسی کے قریب جانا، مکان زمان، نسبی تعلق، مرتبہ حفاظت اور قدرت سب کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۵۸	الشَّجَرَةَ (2:35)	درخت	ش۔ج۔ر	۱. وہ نباتات جسکا تنا ہو ۲. درخت
۱۵۹	الظّٰلِمِيْنَ (2:35)	ظالموں میں	ظ۔ل۔م	۱. روشنی کا معدوم ہونا ۲. حق سے تجاوز کرنا خواہ کثیر ہو یا قلیل ۳. کسی چیز کو ناجائز طریقے سے اس کے اصل مقام سے ہٹانا
۱۶۰	اَزَلَّهُمَا (2:36)	پھسلا دیا ان دونوں کو	ز۔ل۔ل	جو گناہ بغیر ارادے کے سرزد ہو جائے
۱۶۱	اهْبِطُوْا (2:36)	اتر جاؤ	ھ۔ب۔ط	کسی چیز کا بے اختیاری کی حالت میں نیچے اترنا جیسا کہ پتھر بلندی سے نیچے گر جاتا ہے
۱۶۲	بَعْضُكُمْ (2:36)	تم سے بعض	ب۔ع۔ض	کچھ ، بعض

۱۶۳	عَدُوٌّ (2:36)	دشمن	ع۔د۔و	۱. ایسا دشمن جو بدخواہ ہو ۲. برائی اور نقصان کی بات سوچنے والا ۳. تکلیف پر خوش ہونے والا
۱۶۴	مُسْتَقَرٌّ (2:36)	ٹھہرنا	ق۔ر۔ر	۱. کسی جگہ جم کر ٹھہر جانے کے ہیں ۲. یہ لفظ اصلاً قرّ سے ہے جسکے معنی سردی کے ہیں
۱۶۵	اصحب (2:36)	اہل، ساتھی	ص۔ح۔ب	۱. ہمیشہ ساتھ رہنے والا ۲. ساتھی ۳. رہنے والا
۱۶۶	مَتَاعٌ (2:36)	نفع اٹھانا ہے	م۔ت۔ع	۱. کسی چیز کا بڑھنا اور بلند ہونا ۲. فائدہ اٹھانا ۳. سامان زیست میں سے ہر وہ چیز جس سے انسان یا کوئی جاندار زندہ رہنے کے لئے فائدہ اٹھاتا ہے
۱۶۷	حِيْنٍ (2:36)	ایک خاص وقت تک	ح۔ی۔ن	۱. اس وقت کو کہتے ہیں جس میں کوئی چیز حاصل ہو ۲. مدت اور اجل ۳. سال اور مہینے یا ساعت اور گھڑی
۱۶۸	تاب (2:37)	متوجہ ہوگیا	ت۔و۔ب	۱. گناہ کا ترک کرنا ۲. معذرت کی سب سے بہتر صورت
۱۶۹	تَبِعَ (2:38)	پیروی / اتباع کریگا	ت۔ب۔ع	۱. کسی کے نقش قدم پر چلنا ۲. اطاعت اور فرمانبرداری ۳. پیروی کرنا ۴. پیچھے چلنا
۱۷۰	خَوْفٌ (2:38)	کوئی خوف	خ۔و۔ف	قرائن وشواہد سے کسی آنے والے خطرہ کا اندیشہ کرنا
۱۷۱	يَحْزَنُوْنَ (2:38)	وہ غمناک ہونگے	ح۔ز۔ن	۱. زمین کی سختی ۲. غم کی وجہ سے جو بیقراری طبیعت کے اندر پیدا ہوجاتی ہے

۱۷۲	بِاٰیٰتِنَآ (2:39)	ساتھ ہماری آیتوں کے	ا۔ی۔ی	۱. علامتِ ظاہرہ ، واضح علامت ۲. بلند عمارت ۳. ہر اس کلام کو جو لفظی اعتبار سے دوسرے سے الگ ہو

رکوع نمبر ۵ (آیات ۴۰ تا ۴۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۳	یٰبَنِیْ (2:40)	اے بیٹو	ب۔ن۔ی	۱. بیٹا ۲. عمارت ۳. بچے بیٹا چونکہ باپ کی عمارت ہوتا ہے اور باپ کی حیثیت معمار کی، اس لیئے عمارت اور بیٹے دونوں کیلئے یہ ہے
۱۷۴	اِسْرَآءِیْلَ (2:40)	یعقوب کے		حضرت یعقوبؑ کا لقب اسرائیل تھا جو کہ حضرت اسحاقؑ کے بیٹے تھے اسی وجہ سے یہ لوگ بنی اسرائیل کہلاتے ہیں
۱۷۵	اذْكُرُوْا (2:40)	یاد کرو	ذ۔ک۔ر	۱. زبان اور دل پر کسی بات کا حاضر ہونا ۲. ایسی چیز جو بھول جانے کے بعد یاد آ جائے
۱۷۶	فَارْهَبُوْنِ (2:40)	پس ڈرو مجھ سے	ر۔ھ۔ب	۱. ایسے خوف کو کہتے ہیں جس میں اضطراب اور احتیاط بھی شامل ہو. ۲. گوشہ نشینی اور عبادت گزاری، رہبانیت اسی سے نکلا ہے
۱۷۷	اَوَّلَ (2:41)	پہلے	ا۔و۔ل	سب سے پہلے، آگے
۱۷۸	ثَمَنًا (2:41)	قیمت	ث۔م۔ن	اس چیز کو کہتے ہیں جو فروخت کرنے والا اپنی چیز کے عوض خریدار سے وصول کرتا ہے، خواہ نقد ہو یا سامان
۱۷۹	قَلِیْلًا (2:42)	تھوڑی	ق۔ل۔ل	مقدار ، وزن، فاصلہ، مدت وغیرہ سب کی کمی کیلئے استعمال ہوتا ہے اس کی ضد کثیر ہے

۱۸۰	تَلْبِسُوا (2:42)	ملانا، ملاوٹ	ل۔ب۔س	۱. وہ چیز جو پہنی جائے ۲. کپڑا پہننا اور بدن کو چھپانا ۳. کسی چیز کو دوسری میں ملا کر اصل چیز کہ مشتبہ اور مشکوک بنا دینا
۱۸۱	بِالْبَاطِلِ (2:42)	ساتھ باطل کے	ب۔ط۔ل	۱. ہر وہ بات جس میں تحقیق کے بعد ثبات اور پائداری نظر نہ آئے ۲. لغو ۳. فضول ۴. کذب اور جھوٹ
۱۸۲	الزَّكٰوةَ (2:43)	زکوۃ	ز۔ک۔ی ز۔ک۔و	۱. افزائش،نشوونما ۲. بڑھنا اور پھلنا پھولنا ۳. پاک کرنا، صفائی
۱۸۳	ارْكَعُوا (2:43)	جھکتے رہو	ر۔ک۔ع	۱. بدن کو جھکانا ۲. سر کو خم کرنا ۳. خمیدہ پشت ہونا ۴. عاجزی اور انکساری ۵. اصطلاح میں اسکے معنی نماز میں کمر کو ایک مخصوص اور معروف شکل میں جھکا دینا کے ہیں، جس میں عجز و انکساری کا عنصر بھی شامل ہو۔ ۶. یہ لفظ قرآن نے پوری نماز کیلئے بھی استعمال کیا ہے۔
۱۸۴	الْبِرِّ (2:44)	نیکی	ب۔ر۔ر	۱. وسیع پیمانے پر نیکی کرنا ۲. 'برّ' ہر دم نیکی پر مائل رہنے والی خصلت کو کہتے ہیں
۱۸۵	تَنْسَوْنَ (2:44)	تم بھول جاتے ہو	ن۔س۔ی	بھولنا. وجہ خواہ ترک ضبط ہو یا غفلت یا کوئی اور
۱۸۶	تَتْلُوْنَ (2:44)	تلاوت کرتے ہو	ت۔ل۔و	۱. کسی کے پیچھے اس طرح چلنا کہ اسکے اور چلنے والے کے درمیان کوئی اجنبی چیز حائل نہ ہو

۱۸۷	تَعْقِلُوْن (2:44)	تم عقل رکھتے ہو	ع۔ق۔ل	۱. عقل ۲. سمجھ بوجھ والا ہونا ۳. غلطی کا احساس کرنے کے قابل ہونا ۴. روکنا ۵. منع کرنا ۶. عقل کا کام یہ ہے کہ اپنے نفع ونقصان کا امتیاز کرے. نقصان دہ چیزوں سے بچنے کی تدبیر اختیار کرنا۔
۱۸۸	الصَّبْرِ (2:45)	صبر	ص۔ب۔ر	کسی تکلیف یا صدمہ پہنچنے پر اسے برداشت کر جانا.اور بیقراری کا اظہار نہ کرنا.
۱۸۹	الْخٰشِعِيْنَ (2:45)	خشوع کرنیوالے اطاعت گزار	خ۔ش۔ع	۱. عاجزی کی وجہ سے جھکنا ۲. ایسا خوف جسکا اثر جوارح پر ظاہر ہو ۳. عموماً آنکھوں، چہرہ اور دل کے جھکنے کیلئے آتا ہے.
۱۹۰	يَظُنُّوْنَ (2:46)	سمجھتے ہیں، یقین رکھتے ہیں	ظ۔ن۔ن	۱. اندازہ کرنا ۲. گمان کرنا ۳. علامات اور شواہد کی بناپر اندازہ لگانا

رکوع نمبر ۶ (آیات ۴۷ تا ۵۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۹۱	فَضَّلْتُكُمْ (2:47)	تم کو بڑائی دی	ف۔ض۔ل	۱. کسی چیز کا اقتصاد اور متوسط درجہ سے زیادہ ہونا ۲. ضرورت سے زیادہ چیز ۳. احسان ۴. بڑائی ۵. حق سے ازراہ مہربانی کچھ زیادہ
۱۹۲	تَجْزِیْ (2:48)	کام آئے	ج۔ز۔ی	کسی کے احسان کے بدلے میں اسی قسم کا احسان کرنا
۱۹۳	يُقْبَلُ (2:48)	مانی جائے، قبول کی جائے	ق۔ب۔ل	۱. کسی چیز کو برضا و رغبت لے لینا ۲. قبول کرنا ۳. بخوشی کسی چیز کا قبول کرنا

۱۹۴	شَفَاعَةٌ (2:48)	کوئی سفارش	ش-ف-ع	دوسرے کے ساتھ اسکی مدد یا سفارش کرتے ہوئے مل جانا
۱۹۵	يُؤْخَذُ (2:48)	لیا جائے	ا-خ-ذ	۱. کسی چیز کو حاصل کرنا ۲. احاطہ میں لے لینا ۳. پکڑنا اس کا استعمال حسی معنوی دونوں طرح ہوتا ہے
۱۹۶	عَدْلٌ (2:48)	بدلہ	ع-د-ل	۱. ہم وزن، برابر ۲. اصل چیز کے متوازن اور متناسب
۱۹۷	يُنْصَرُوْنَ (2:48)	مدد پہنچے گی	ن-ص-ر	کسی کی تکلیف یا ظلم وستم کو دور کرنے کیلئے مدد کرنا
۱۹۸	نَجَّيْنٰكُمْ (2:49)	ہم نے تم کو نجات دی	ن-ج-ی	۱. کسی مصیبت سے چھٹکارہ حاصل کرنا ۲. رہائی پانا
۱۹۹	اٰلِ (2:49)	قوم	ا-ا-ل	
۲۰۰	فِرْعَوْنَ (2:49)	فرعون	ف-ر-ع	
۲۰۱	يَسُوْمُوْنَكُمْ (2:49)	مبتلا رکھتے تھے چکھاتے تھے	س-و-م	۱. کسی چیز کی طلب میں جانا ۲. امتیازی نشان، علامتی نشان
۲۰۲	يُذَبِّحُوْنَ (2:49)	وہ ذبح کرتے تھے	ذ-ب-ح	کسی جانور کے حلق پر معروف طریقہ شرعی سے چھری چلانا
۲۰۳	نِسَآءَكُمْ (2:49)	تمھاری عورتوں کو	ن-س-و	۱. ستر ۲. عورت ۳. مقامات ستر
۲۰۴	بَلَآءٌ (2:49)	ایک آزمائش	ب-ل-و ب-ل-ی	۱. ایسی آزمائش جس میں سختی اور شدت پائی جائے۔ یہ آزمائش خیر وشر دونوں چیزوں کیلئے ہوسکتی ہے ۲. حالات کو دگرگوں کر کے جانچنا ۳. الٹ پلٹ کرنا

۲۰۵	فَرَقْنَا (2:50)	پھاڑا ہم نے	ف۔ر۔ق	۱. الگ الگ ہونا ۲. دو چیزوں کو الگ الگ کر دینا خواہ ظاہری ہو یا اس کا تعلق بصیرت سے ہو
۲۰۶	اَلْبَحر (2:50)	سمندر ، دریا	ب۔ح۔ر	اصل میں اس وسیع مقام کو کہتے ہیں جہاں پانی کثرت سے جمع ہو. اسکا مفہوم بہت وسیع معنوں میں استعمال ہوتا ہے
۲۰۷	اَغْرَقْنَا (2:50)	ہم نے غرق کیا	غ۔ر۔ق	۱. پانی میں تہ نشین ہو جانا ۲. کسی مصیبت میں گرفتار ہو جانا ۳. ڈوب جانا
۲۰۸	تَنْظُرُوْن (2:50)	دیکھ رہے تھے تم	ن۔ظ۔ر	۱. کسی چیز کا دیکھنا یا ادراک کرنا ۲. غور وفکر ۳. معرفت
۲۰۹	وٰعَدْنَا (2:51)	ہم نے وعدہ کیا	و۔ع۔د	وعدہ کرنا ، اچھے اور برے دونوں وعدوں پر بولا جاتا ہے
۲۱۰	مُوسٰی (2:51)	موسیٰ	م۔و۔س	پہلے رسول جن کو مستقل شریعت عطا ہوئی
۲۱۱	لَيْلَة (2:51)	رات	ل۔ی۔ل	غروب آفتاب سے لے کر طلوع آفتاب تک کا وقت
۲۱۲	اَلْعِجْل (2:51)	بچھڑا	ع۔ج۔ل	۱. کسی چیز کو اس کے وقت سے پہلے ہی حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۲. جلد بازی ۳. بچھڑا
۲۱۳	عَفَوْنَا (2:52)	ہم نے معاف کیا	ع۔ف۔و	۱. کسی چیز کو لینے کا ارادہ کرنا ۲. ہر وہ چیز مراد ہے جو ضروریات سے زیادہ ہو اور اس کے خرچ کرنے سے تکلیف نہ ہو ۳. کسی سے بدلہ لینے سے دستبردار ہو جانا ۴. کسی کے قصور کا بدلہ نہ لینا

۲۱۴	تَشْكُرُوْن (2:52)	تم شکرگزار بنو	ش۔ک۔ر	۱. کسی نعمت کا تصور اور اس کا اظہار ۲. کھولنا ۳. آنسوؤں سے بھرپور آنکھ ۳قسمیں: شکرقلبی ، شکرلسانی، شکر بالجوارح
۲۱۵	بَارِئِكُم (2:54)	تمہارے پیدا کرنے والے کے	ب۔ر۔ا	۱. کسی چیز کو عدم سے وجود میں لانا ۲. جامۂ خلقت پہنانا ۳. ایجاد و اختراع کرنا
۲۱۶	فَاقْتُلُوْ (2:54)	پس قتل کرو	ق۔ت۔ل	۱. روح کو تن سے جدا کر دینا خواہ گردن اڑانے سے ہو یا کسی اور طریقے سے ۲. کسی کی جان لینا ۳. مار ڈالنا
۲۱۷	خَيْرٌ (2:54)	بہتر ہو	خ۔ی۔ر	وہ جو سب کو مرغوب ہو. مثلاً عقل، عدل و فضل اور تمام مفید چیزیں.
۲۱۸	نَرَى (2:55)	ہم دیکھ لیں	ر۔ا۔ی	۱. کسی چیز کا ادراک کرنا ۲. دیکھنا خواہ وہ آنکھوں سے ہو یا غور و فکر سے، عقل و بصیرت سے یا وہم و خیال کے لحاظ سے ۳. دیکھنا خواہ حالت بیداری ہو یا خواب میں اور بمعنی آخری نظر ۴. غور و تامل سے دیکھنا
۲۱۹	جَهْرَةً (2:55)	علانیہ	ج۔ھ۔ر	۱.کسی چیز کا پوری طرح واضح اور نمایاں ہونا ۲. کھلم کھلا ظاہر ہونا
۲۲۰	بَعَثْنٰكُم (2:57)	زندہ کیا ہم نے تمہیں	ب۔ع۔ث	۱. کسی چیز کو ابھارنا ۲. کسی طرف بھیجنا ۳. مردوں کے متعلق ہو تو اس سے مراد قبروں سے زندہ کر کے محشر کی طرف چلانا مراد ہے
۲۲۱	ظَلَّلْنَا (2:57)	سایہ کیا ہم نے	ظ۔ل۔ل	۱. دھوپ کی ضد ہے ۲. رات کی تاریکی اور باغ کے سایہ پر بھی بولا جاتا ہے

				۳.اس سایہ کو کہتے ہیں جو غروب آفتاب سے ظاہر ہوتا ہے ۴. عزت وحفاظت ہر قسم کی خوشحالی کو بھی کہتے ہیں
۲۲۲	اَلْغَمَام (2:57)	بادلوں کا	غ۔م۔م	۱. ڈھانک لینا ۲. وہ بادل جو تہہ بہ تہہ ہوکر گاڑھا ہو جائے اور سورج کی روشنی کو زمین تک آنے سے روک دے یعنی زمین پر سایہ فگن ہو جائے
۲۲۳	اَلْمَنَّ (2:57)	من (احسان)	م۔ن۔ن	۱. بھاری یا بڑا احسان ۲. احسان جتلانا
۲۲۴	السلوٰی (2:57)	سلوٰی	س۔ل۔و	۱. اصل میں ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو انسان کیلئے تسلی کا باعث ہو ۲. اطمینان وراحت ۳. بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ جو آسمان سے اترتا تھا
۲۲۵	طَیِّبٰتِ (2:57)	پاکیزہ چیزیں	ط۔ی۔ب	۱. ظاہری نجاستوں سے پاک ۲. حلال ۳. دل کو خوش اور اچھی لگنے والی چیزیں ۴. خوش ذائقہ ہونا
۲۲۶	اَدْخُلُوْا (2:58)	داخل ہونا	د۔خ۔ل	خروج کی ضد ہے. زمان ومکان اور اعمال سب کیلئے استعمال ہوتا ہے
۲۲۷	اَلْقَرْیَۃَ (2:58)	بستی میں	ق۔ر۔ی	شہر یا بستی
۲۲۸	اَلْبَاب (2:58)	دروازے میں	ب۔و۔ب	ہر چیز میں داخل ہونے کی جگہ کو کہتے ہیں. جیسے شہر، مکان، گھر وغیرہ میں داخل ہونے کی جگہ
۲۲۹	حِطَّۃٌ (2:58)	بخش دے	ح۔ط۔ط	۱. اترنا ۲.نازل ہونا ۳. **حط الشعر**: بھاؤ کا گرنا ۴. **حط الحمل**: جانور کی پیٹھ سے بوجھ اتارنا ۵. کسی چیز کا اوپر سے نیچے اتارنا

۲۳۰	نَغْفِرْلَكُم (2:58)	ہم بخش دینگے تمہارے لیے	غ۔ف۔ر	۱. کسی کو ایسی چیز پہنا دینے کے ہیں جو اسے میل کچیل سے محفوظ رکھے ۲. بندے کو عذاب سے بچا لینا ۳. کسی کو معاف کر دینا ۴. گناہ بخش دینا
۲۳۱	خَطٰيٰكُم (2:58)	تمہاری خطائیں	خ۔ط۔ا	۱. کوئی ایسا کام بلا ارادہ کرے جسکا صحیح ارادہ بھی نہ ہو ۲. ارادہ تو اچھے کام کا ہو لیکن غلطی سے برا کام سرزد ہو جائے
۲۳۲	اَلْمُحْسِنِين (2:58)	نیکی کرنے والے	ح۔س۔ن	ہر خوش کن اور پسندیدہ کام جو عقل اور شریعت کے مطابق ہو. اسکی ۳ قسمیں ہیں ۱. وہ چیز جو عقل کے اعتبار سے مستحسن ہو ۲. جو خواہش نفسانی کی رو سے پسندیدہ ہو ۳. صرف نگاہ میں بھلی معلوم ہو
۲۳۳	فَبَدَّلَ (2:59)	پھر بدل دیا	ب۔د۔ل	۱. ایک چیز کے عوض کوئی دوسری چیز ۲. پہلی چیز مقصود اور دوسری چیز آموجود
۲۳۴	رِجْزًا (2:59)	ایک سخت عذاب	ر۔ج۔ز	۱. اضطراب ۲. بیقراری اور ہیجان ۳. وہ عذاب جو دل کو مضطراب اور بیقرار کر دے

رکوع نمبر ۷ (آیات ۶۰ تا ۶۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۳۵	اَسْتَسْقٰی (2:60)	پانی مانگا	س۔ق۔ی	۱. کسی کو پانی پلانا ۲. اَسْقیٰ: کسی دوسرے کو پینے کیلئے پانی دینا ۳. اِسْتَسْقیٰ: پینے کیلئے پانی مانگنا
۲۳۶	بِعَصَاكَ (2:60)	اپنی لاٹھی سے	ع۔ص۔و	لاٹھی

٢٣٧	فَانْفَجَرَتْ (2:60)	پس پھوٹ بہے	ف۔ج۔ر	ا. کسی چیز کا پانی کی وجہ سے پھٹ جانا ٢. کھل جانا ٣. پھٹ جانا
٢٣٧	عَيْنًا (2:60)	چشمے	ع۔ی۔ن	ا. آنکھ ٢.مشکیزہ کا سوراخ ٣.پانی کا چشمہ
٢٣٨	مَشْرَبَهُمْ (2:60)	اپنی پانی لینے کی جگہ	ش۔ر۔ب	ا. پانی یا کوئی دوسری پینے کی چیز نوش کرنا ٢. پینا اور مشرب پینے کی جگہ
٢٣٩	تَعْثَوْا (2:60)	تباہی کرو، پھرو	ع۔ث۔ی	ا. ذہنی اور فکری بگاڑ دونوں کیلئے آتا ہے . مثلاً لٹریچر یا تقریروں کے ذریعے غلط عقائد ونظریات کی ترویج کرنا ٢. سخت فساد پیدا کرنا خاص طور پر فساد حسی کیلئے آتا ہے
٢٤٠	طَعَامٍ (2:60)	کھانا	ط۔ع۔م	ا. غذا ٢. کھانا ٣. کبھی گیہوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے
٢٤١	وَاحِدٍ (2:60)	ایک	و۔ح۔د	ا. وہ چیز جسکا حقیقتًا کوئی جزو نہ ہو ٢. یکتا اور بے نظیر
٢٤٢	تُنْبِتُ (2:61)	اگاتی ہے	ن۔ب۔ت	ا. ہر وہ چیز جو زمین سے اگتی ہے ٢. ہر بڑھنے والی چیز کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے
٢٤٣	بَقْلِهَا (2:61)	اسکے ساگ	ب۔ق۔ل	
٢٤٤	قِثَّائِهَا (2:61)	ککڑی، ترکاری	ق۔ث۔ا	
٢٤٥	فومها (2:61)	گیہوں	ف۔و۔م	
٢٤٦	عَدَسِ (2:61)	مسور	ع۔د۔س	مسور کی دال کو کہتے ہیں

۲۴۷	بَصَلِهَا (2:61)	پیاز	ب۔ص۔ل	
۲۴۸	اَدْنٰی (2:61)	ادنی ہے کم تر ہے	د۔ن۔و	۱. قریب ہونا (خواہ ذاتی، حکمی، مکانی ہو) ۲. کمتر، ناقص ۳. حقیر اور ذلیل
۲۴۹	مِصْرًا (2:61)	کسی شہر میں	م۔ص۔ر	
۲۵۰	الذِّلَّةُ (2:61)	ذلت خواری	ذ۔ل۔ل	۱. زوروقہری کی وجہ سے جھکنا ۲. ذلت ، رسوائی
۲۵۱	سَاَلْتُم (2:61)	تم نے مانگا	س۔ا۔ل س۔ء۔ل	۱. ایسی حاجت کو کہتے ہیں جس پر نفس حریص ہو اور زبان سے اس کا اظہار بھی کیا جائے سال کا لفظ دو معنوں میں آتا ہے ۱. کسی سے کوئی چیز پوچھنا تا کہ اس کا جواب ملے ۲. کسی سے کوئی ضرورت کی چیز مانگنا
۲۵۲	وَالْمَسْكَنَةُ (2:61)	پستی، محتاجی	س۔ک۔ن	۱. حرکت کے بعد ٹھہر جانا ۲. مسکینی ایسی بے چارگی کی حالت جو آ کر ٹھہر جائے وقت گزرنا مشکل ہو جائے، لگے کہ وقت ٹھہر گیا
۲۵۳	بَآءُو (2:61)	وہ گھر گئے	ب۔و۔ا	۱. کسی جگہ کے اجزاء کا مساوی اور برابر ہونا ۲. نتیجہ کا نکل آنا
۲۵۴	عَصَوا (2:61)	انہوں نے نافرمانی کی	ع۔ص۔ی	۱. اطاعت سے نکل جانا ۲. حکم کے خلاف کرنا ۳. نافرمانی کرنا
۲۵۵	يَعْتَدُون (2:61)	وہ حد سے نکلتے	ع۔د۔و	سرکشی کرنے والے

رکوع نمبر۸ (آیات ۶۲ تا ۷۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۵۶	هَادُوا (2:62)	یہودی ہوئے	ھ۔و۔د	۱. نرمی سے رجوع کرنا ۲. یہود کا اصل میں مادہ ھ۔و۔د ہی ہے جو کہ ان کا تعریفی لقب تھا لیکن ان کی شریعت کے منسوخ ہونے کے بعد بطور پہچان کے بولا جانے لگا نہ کہ تعریف کیلئے
۲۵۷	النَّصٰرٰی (2:62)	نصاریٰ	ن۔ص۔ر	مددگار ، نصاریٰ بھی **مَنْ انصارِیْ اِلَی اللّٰہ** سے ماخوذ ہے۔ پھر ان کی شریعت کے منسوخ ہونے کے بعد اسی نام سے پکارا جاتا رہا
۲۵۸	الصّٰبِئِیْن (2:62)	صابی	ص۔ب۔ا ص۔ب۔و	۱. مائل ہونا ۲. جھکنا ۳. ستارہ پرست ۴. ایک دین کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف جھک جانا
۲۵۹	اَجْرُهُم (2:62)	بدلہ انکا	ا۔ج۔ر	جزائے عمل خواہ وہ دینوی ہو یا اخروی۔ اجرۃ لفظ اسی سے ہے
۲۶۰	رَفَعْنَا (2:62)	ہم نے اونچا کیا اٹھایا	ر۔ف۔ع	اٹھانا اور بلند کرنا ، کبھی تو مادی چیز جو پڑی ہوئی ہے اس کو اوپر اٹھانے کیلئے بولا جاتا ہے۔ کبھی عمارت کو کھڑا کرنے اور اوپر اٹھانے کیلئے اور کبھی ناموری اور شہرت کا ذکر بلند کرنے کیلئے کبھی مرتبہ کی بلندی کیلئے بولا جاتا ہے
۲۶۱	الطُّور (2:62)	طور پہاڑ	ط۔و۔ر	
۲۶۲	بِقُوَّةٍ (2:63)	قوت سے	ق۔و۔ی	۱. زور ۲. استعداد اور صلاحیت جو کسی چیز کے اندر پائی جاتی ہے
۲۶۳	تَوَلَّيْتُم (2:64)	تم پھر گئے	و۔ل۔ی	اعراض کرنا ۲. منہ پھیرنا ۳. الٹا پھرنا ۴. دور ہونا اور بھاگ جانا

۲۶۴	السَّبْتُ (2:64)	ہفتہ کے دن	س۔ب۔ت	۱. قطع کرنا ۲. ترک کرنا مختلف مفسرین نے مختلف معنی لئے ہیں
۲۶۵	قِرَدَةً (2:65)	بندر	ق۔ر۔د	بندر
۲۶۶	خٰسِئِين (2:65)	ذلیل وخوار	خ۔س۔ا	۱. نظر کا تھکنا اور کمزور ہونا ۲. دھتکارے ہوئے کتے ۳. سؤر جن کو لوگوں کے پاس نہ پھٹکنے دیا جائے ۴. ذلیل ترین
۲۶۷	فَارِض (2:68)	بوڑھی ہے	ف۔ر۔ض	
۲۶۸	بِكْرٌ (2:68)	جوان، چھوٹی	ب۔ک۔ر	
۲۶۹	عوانٌ (2:68)	میانہ عمر، جوان	ع۔و۔ن	۱. کسی کی مدد اور پشت پناہی کرنا ۲. درمیانی عمر کو بھی کہتے ہیں
۲۷۰	صُفْرآءُ (2:69)	زرد		زرد رنگ
۲۷۱	لونُها (2:69)	اس کا رنگ	ل۔و۔ن	
۲۷۲	فَاقِع (2:6)	خوب گہرا	ف۔ق۔ع	۱. گہرا ۲. صاف اور گہرا
۲۷۳	نَكَالاً (2:69)	عبرت	ن۔ک۔ل	ایسی سزا جس کو دیکھ کر دوسرے عبرت حاصل کریں
۲۷۴	يدها (2:69)	ان کے ہاتھوں	ی۔د۔ی	

۲۷۵	موعِظَةٌ (2:69)	نصیحت	وع ظ	۱. ایسی بھلائی کی بات کہنا جس سے دل میں رقت پیدا ہو ۲. تقوی کی طرف مائل کرنے کی ترغیب ۳. زجر و بیخ جس میں خوف کی آمیزش ہو ۴. خدا کی عقوبت سے ڈرا کر اجر و ثواب کی تحریص دلوانا
۲۷۶	بَقَرَة (2:69)	گائے	ب۔ق۔ر	گائے یا بیل مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۲۷۷	الْجٰهِلِين (2:69)	جاہلوں میں	ج۔ھ۔ل	۱. جاہل ۲. بے علم ۳. ناواقف انسان کا ذہن علم سے خالی ہونا
۲۷۸	يُبَيِّنْ (2:69)	وہ بیان کرے	ب۔ی۔ن	۱. کسی بات کو دلیل سے پیش کرنا ۲. فصیح گفتگو
۲۷۹	تَسُرُّ (2:69)	خوش کرتا ہے	س۔ر۔ر	۱. سرور بخشنا ۲. قلبی فرحت ہونا ۳. دل ہی دل میں خوش ہونا
۲۸۰	تُثِيرُ (2:71)	ہل جوتتی	ث۔و۔ر	۱. کھودنا ۲. ریسرچ کرنا ۳. ہل چلانا
۲۸۱	اَلْحَرْث (2:71)	کھیتی	ح۔ر۔ث	کھیتی
۲۸۲	مُسَلَّمَة (2:71)	صحیح سالم ، بے عیب	س۔ل۔م	۱. مکمل ۲. پورا
۲۸۳	شِيَةَ (2:71)	کوئی داغ	و۔ش۔ی	۱. کسی چیز میں اسکے رنگ سے ہٹ کر داغ دھبہ لگانا ۲. دھبہ ، نشان
۲۸۴	جِئْتَ (2:71)	تو لایا	ج۔ی۔ا	کسی چیز کو لے کر آنا

رکوع نمبر۹ (آیات ۷۲ تا ۸۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۸۵	فادّٰرءْتُم (2:72)	اختلاف کیا تم نے	د۔ر۔ء	۱. کسی شخص کو پوری قوت سے دور کر کے اسے کسی تکلیف یا مضرت سے بچالینا ۲. زور سے دھکیلنا ۳. ہٹانا
۲۸۶	قَسَتْ (2:74)	سخت ہو گئے	ق۔س۔و	دل کی سختی یا سنگدلی کو کہتے ہیں
۲۸۷	اَشَدُّ (2:74)	اس سے بھی زیادہ	ش۔د۔د	اسم تفضیل ہے ، شدید ترین
۲۸۸	یَشَّقَّقُ (2:74)	پھٹ جاتا ہے	ش۔ق۔ق	کسی سخت چیز کا پھٹ کر دو حصے ہو جانا. زیادہ تر آسمان، سورج، زمین وغیرہ کیلئے استعمال ہوتا ہے
۲۸۹	فَتَحَ (2:74)	کھولنا، ظاہر ہونا	ف۔ت۔ح	۱. کسی پیچیدہ معاملہ کی پیچیدگی دور کرنا ۲. بندھا ہوا سامان کھولنا
۲۹۰	لِیُحَاجُّوکُم (2:74)	تا کہ وہ حجت لائیں	ح۔ج۔ج	۱. دلیل ۲. دلائل سے بحث کرنا اور ایک دوسرے کی بات کو دلیل سے رد کرنے کو حاج کہتے ہیں ۳. دلیل میں غالب آنے کیلئے جھگڑا کرنا
۲۹۱	یُعْلِنُوْنَ (2:74)	اعلان کرنا، ظاہر کرتے ہو	ع۔ل۔ن	۱. اظہار ۲. دل کی بات زبان پر لانا
۲۹۲	اُمِّیُّوْنَ (2:74)	ان پڑھ ہیں	ء۔م۔م	۱. ان پڑھ ۲. وہ لوگ جن کو علم صرف ماں سے ملے، کسی ادارے وغیرہ میں نہ گئے ہوں ۳. ماں کی گود کا علم
۲۹۳	اَمَانِیَّ	آرزوئیں	م۔ن۔ی	جھوٹی اور باطل آرزو
۲۹۴	فَوَیْلٌ (2:74)	پس افسوس ہے تباہی ہے	و۔ی۔ل	۱. خرابی ۲. تباہی ۳. افسوس ۴. حسرت

				۵. ہلاکت جہنم کی وادی کا نام ویل ہے
۲۹۵	خَشْيَةِ (2:74)	خوف	خ۔ش۔ی	ایسا خوف جو کسی اور کی عظمت کی وجہ سے دل پر طاری ہو جائے
۲۹۶	بِغَافِلٍ (2:74)	بے خبر، غافل	غ۔ف۔ل	۱. کسی کام کو چھوڑ دینا ارادۃً ہو یا بلا ارادہ ۲. حقائق کی معرفت سے بے خبر ہونا ۳. کوئی کام سستی یا بے خبری کی وجہ سے نہ کرنا غافل انسان اپنے کام یا ذات سے بھی ہو سکتا ہے اور دوسروں سے بھی
۲۹۷	اَفَتَطْمَعُوْنَ (2:75)	کیا پھر تم طمع رکھتے ہو	ط۔م۔ع	دل میں کسی چیز کیلئے قوی امید پیدا ہونے کو کہتے ہیں
۲۹۸	يُحَرِّفُوْنَهٗ (2:75)	تحریف کرتے بدل دیتے	ح۔ر۔ف	۱. کسی چیز کا کنارہ۔حرف کے معنی اس کنارہ کو موڑ دینا ہے ۲. تبدیل کرنا ۳. کلام کو اس کے موقع سے ہٹا کر تبدیل کر دینا
۲۹۹	تُحَدِّثُوْنَهُمْ (2:76)	تم کہتے ہو تم بتاتے ہو	ح۔د۔ث	۱. کسی چیز کا ظہور میں آنا ۲. کسی اور کا واقع ہونا ۳. نئی چیز یا بات کا پیدا ہونا
۳۰۰	يَكْسِبُوْنَ (2:76)	کماتے ہیں	ک۔س۔ب	۱. کمانا یا کمائی کرنا ۲. نفع حاصل کرنے کیلئے کوئی کام کرنا خواہ یہ کام اپنے لئے ہو یا دوسروں کیلئے اچھا ہو یا برا۔ حلال ہو یا حرام
۳۰۱	تَمَسَّنَا (2:76)	چھوئے گی ہمیں	م۔س۔س	۱. جسم کے کسی حصے کے ساتھ کسی چیز کا لگنا ۲. لمس ۳. ہاتھ یا انگلیوں سے ٹٹولنا۔ چھونا

۳۰۲	اَحَطْتَ (2:76)	احاطہ کرنا		۱. احاطہ کرنا ۲. چاردیواری بنانا ۳. کسی چیز کو اس طرح گھیرنا کہ اس کی حفاظت رہے۔ ایسے کہ نہ تو اس میں سے خود وہ چیز باہر نکل سکے اور نہ کوئی دوسرا نکال سکے

رکوع نمبر ۱۰ (آیات ۸۳ تا ۸۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۰۳	بِالْوَالِدَیْنِ (2:83)	والدین کے ساتھ	و۔ل۔د	بیٹا، والدین دونوں ماں اور باپ
۳۰۴	الْیَتٰمٰی (2:83)	یتیموں	ی۔ت۔م	۱. کٹ جانا ۲. الگ ہو جانا ۳. اکیلا ۴. جس بچہ کا والد نہ ہو ۵. نابالغ بچہ کا شفقتِ پدری سے محروم ہو جانا
۳۰۵	دِیَارِکُمْ (2:84)	اپنے گھروں سے	د۔و۔ر	مکان
۳۰۶	تَظٰھَرُوْنَ (2:85)	تم جتھے بندیاں کرتے ہو	ظ۔ھ۔ر	پشت پناہی کرنا
۳۰۷	الْاِثْمِ (2:85)	گناہ	ا۔ث۔م	۱. ایسی اونٹنی جو جان بوجھ کر آہستہ چلے ۲. ہر وہ کام جو نیکی سے پیچھے رکھے ۳. روکنا
۳۰۸	اُسٰرٰی (2:85)	قیدی ہوکر	ا۔س۔ر	۱. رسی سے مضبوط باندھنا ۲. اسیر کی جمع
۳۰۹	تُفٰدُوْھُمْ (2:85)	فدیہ دے کر چھڑاتے ہو	ف۔د۔ی	کچھ دے کر کسی کو مصیبت سے بچانا
۳۱۰	مُحَرَّمٌ (2:85)	وہ حرام ہے	ح۔ر۔م	۱. حرام کر لینا ۲. گرہ لگانا

۳۱۱	خِزْیٌ (2:85)	رسوائی ہے	خ۔ز۔ی	رسوائی ، ذلت
۳۱۲	الْقِیَامَۃ (2:85)	قیامت	ق۔و۔م	۱. وہ ساعت وہ گھڑی جب سب لوگ اللہ کے حضور کھڑے ہوں گے ۲. کسی چیز کو سیدھا کھڑا رکھنا
۳۱۳	یُرَدُّون (2:85)	پھیر دیئے جائیں گے	ر۔د۔د	۱. کسی چیز کو لوٹا دینا ۲. کسی چیز کو پہلی حالت میں واپس لانا ۳. اسی راستہ پر پلٹنا جس سے کوئی آیا ہو
۳۱۴	یُخَفَّف (2:86)	ہلکا کیا جائے گا	خ۔ف۔ف	۱. ہلکا ہونا ۲. ہلکا کرنا ۳. ہلکا سمجھنا ۴. بوجھ یا ذمہ داری میں کمی کرنا

رکوع نمبر ۱۱ (آیات ۸۷ تا ۹۶)

۳۱۵	قَفَّیْنَا (2:87)	پے درپے بھیجے ہم نے	ق۔ف۔و	۱. ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ۲. پے درپے ۳. ایک تسلسل کے ساتھ
۳۱۶	اَیَّدْنٰہُ (2:87)	مدد کی ہم نے اسکی	ا۔ی۔د	۱. کسی کی مدد کر کے اسے قوت پہنچانا ۲. تائید کرنا
۳۱۷	بِرُوح (2:87)	روح کے ساتھ	ر۔و۔ح	۱. سانس کیلئے بھی روح کا لفظ استعمال ہوتا ہے ۲. فرشتہ ۳. اللہ تعالیٰ کی اپنی ذات ۴. حضرت عیسیٰؑ کو بھی کہا گیا ہے
۳۱۸	لَاتَھْوٰیٓ (2:87)	نہیں چاہتے	ھ۔و۔ی	۱. خواہشاتِ نفس کی طرف مائل ہونا ۲. اوپر سے نیچے گرنا ۳. خالی، بے قرار ۴. پستی کی طرف اترنا

۳۱۹	غُلْفٌ (2:88)	محفوظ ہیں	غ۔ل۔ف	ا. محفوظ ہونا ۲. غلاف بند ہونا
۳۲۰	لَعَنَهُم (2:88)	لعنت کی ہے ان پر	ل۔ع۔ن	ا. ناراضگی کی بنا پر کسی کو اپنے پاس سے دور کر دینا اور دھتکار دینا. ۲. کسی شخص پر لعنت سے مراد ہوتا ہے کہ وہ دنیا میں تو اللہ تعالی کی رحمت توفیق کے اثر پذیر ہونے سے محروم ہو جائے. اور آخرت میں بھی عقوبت کا مستحق قرار پائے اور انسان کی طرف سے کسی پر لعنت بھیجنے کے معنی بد دعا کے ہوتے ہیں
۳۲۱	عَرَفُو (2:89)	پہچان گئے	ع۔ر۔ف	کسی چیز کی علامت و آثار پر غور وفکر کر کے اس کا ادراک کر لینا یہ علم سے کم درجہ رکھتا ہے لفظ معرفت اسی ادراک پر بولا جاتا ہے جو غور وفکر کے بعد حاصل ہوتا ہے کیونکہ انسان ذاتِ الٰہی کا علم حاصل نہیں کر سکتا البتہ کائنات اور آثار قدرت پر غور کر کے اس کی صفات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے
۳۲۲	بِئْسَمَا (2:90)	بری چیز ہے وہ کہ	ب۔ا۔س	ا. برا ۲. کسی ناگوار کام یا بری بات کی مزمت کیلئے استعمال ہوتا ہے ۳. سختی اور ناگواری
۳۲۳	بَغْياً (2:90)	ضد ، بغاوت	ب۔غ۔ی	ا. کسی چیز کی طلب میں میانہ روی کی روش سے تجاوز کرنا ۲. جائز حد سے تجاوز کرنا ۳. تکبر کرنا بھی آتا ہے کیونکہ تکبر میں بھی انسان اپنی حدود سے تجاوز کرتا ہے
۳۲۴	مُهِينٌ (2:90)	رسوا کرنے والا	ھ۔و۔ن	ا. خوار ہونا ۲. رسوا ہونا ۳. کوئی قدر و قیمت نہ ہو

۳۲۵	وَرَآءَه (2:91)	سوا اسکے	و۔ر۔ی	۱. سوا ۲. علاوہ
۳۲۶	خَالِصَةً (2:94)	تنہا مخصوص	خ۔ل۔ص	کسی آمیزش سے پاک ہونا
۳۲۷	اَبَدًا (2:95)	کبھی	ا۔ب۔د	۱. زمانہ دراز کے لمبے پھیلاؤ کو کہتے ہیں ۲. مسلسل جاری رہنے والی مدت
۳۲۸	قَدَّمَت (2:95)	آگے بھیجا ہے	ق۔د۔م	انسان کا پاؤں
۳۲۹	ولَتَجِدَنَّهُم (2:96)	البتہ ضرور پائے گا تو انکو	و۔ج۔د	۱. کسی چیز کو پالینا ۲. حاصل کرلینا
۳۳۰	اَحْرَصَ (2:96)	زیادہ حریص	ح۔ر۔ص	۱. شدید آرزو اور خواہش ۲. وہ زخم جو جلد کو پھاڑ دے ۳. وہ بادل جو اپنی بارش سے زمین کی بالائی سطح کھرچ ڈالے
۳۳۱	أَشرَكُوا (2:96)	شرک کیا	ش۔ر۔ک	۱. دو ملکیتوں کو ملانا ۲. کسی چیز میں دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا شریک ہونا خواہ وہ مادی ہو یا معنوی
۳۳۲	يَوَدُّ (2:96)	چاہتا ہے	و۔د۔د	۱. کسی چیز سے محبت اور اسے پانے کی تمنا کرنا ۲. کسی پسندیدہ چیز کی آرزو کرنا
۳۳۳	اَحَدُهم (2:96)	ہر ایک ان میں سے	ا۔ح۔د	۱. تنہا ۲. اکیلا
۳۳۴	يُعَمَّرُ (2:96)	عمر دی جائے اسکو	ع۔م۔ر	۱. آباد کرنا ۲. آباد رکھنا
۳۳۵	سَنَةٍ (2:96)	سال	س۔ن۔و	

۳۳۶	بِمُزَحْزِحِه (2:96)	چھڑانے والی اسکو	ز۔ح۔ز۔ح	۱. کسی چیز کو دور کرنا ۲. برطرف

رکوع نمبر۱۲ (آیات ۹۷ تا ۱۰۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۳۷	جِبْرِيل (2:97)	جبرائیل	ج۔ب۔ر۔ل	جبرئیلؑ ۔ جبر: بندہ، ئیل: اللہ کا جبر سے مراد یہاں فرشتہ ہے
۳۳۸	بِإِذْنِ (2:97)	ساتھ حکم	ا۔ذ۔ن	حکم، ایسا حکم جو مشیتِ الٰہی کا متقاضی ہو
۳۳۹	مِيكَالَ (2:98)	میکائیل	م۔ک۔ل	میکا عبرانی میں بندے کو کہتے ہیں ، ئیل : اللہ کا
۳۴۰	نَبَذَهُ (2:100)	پھینک دیا اسکو، توڑ دیا اسکو	ن۔ب۔ذ	کسی چیز کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اسے پسِ پشت ڈال دینا
۳۴۱	مُلْكِ (2:102)	بادشاہت، ملک	م۔ل۔ک	ملک ، حکومت
۳۴۲	سُلَيْمَان (2:102)	سلیمانؑ	س۔ل۔م	سلامتی
۳۴۳	السِّحْرُ (2:102)	جادو	س۔ح۔ر	دھوکہ ، بے حقیقت تخیلات
۳۴۴	بِبَابِلَ (2:102)	بابل میں	ب۔ب۔ل	کوفہ کا نام

۳۴۵	هٰرُوت و مٰرُوت (2:102)	ھاروت و ماروت	ھ۔ر۔ت م۔ر۔ت	فرشتوں کے نام
۳۴۶	فِتْنَةٌ (2:102)	ایک فتنہ ، آزمائش	ف۔ت۔ن	۱. اصل معنی کسی دھات کو آگ میں پگھلانے کے ہیں تا کہ اسکا کھرا کھوٹا ہونا معلوم ہو جائے ۲. آزمائش
۳۴۷	اَلْمَرْءِ (2:102)	مرد	م۔ر۔ا	مرد، آدمی۔قرآن میں مرد کیلئے رجل کا لفظ استعمال ہوا ہے مگران دونوں میں تھوڑا سا فرق ہے ذَكَرَ: آدمی ، مَرْء: انسانیت اور بھلائی والا مرد رَجل: قوت اور بہادری والا مرد، نَـرْ : مادہ کا الٹ
۳۴۸	يَضُرُّهُمْ (2:102)	ضرر دے ان کو	ض۔ر۔ر	نقصان
۳۴۹	يَنْفَعُهُمْ (2:102)	نفع دے انکو	ن۔ف۔ع	۱. ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس سے خیر اور برکت حاصل کرنے میں مدد ملے ۲. بھلائی ۳. فائدہ
۳۵۰	لَمَثُوبَةٌ (2:103)	ثواب ملنا بدلہ پاتے	ث۔و۔ب	۱. پلٹ کر آنا ۲. بدلہ ۳. ثواب

رکوع نمبر ۱۳ (آیات ۱۰۴ تا ۱۱۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۵۱	رَاعِنَا (2:104)	ہمیں سنئے	ر۔ع۔ن	۱. نگہبان ۲. حفاظت ۳. نگاہ کرنا

۳۵۲	يَخْتَصُّ (2:105)	خاص کرلیتا ہے	خ۔ص۔ص	۱. خاص کرلینا ۲. مخصوص کرلینا ۳. بعض افراد کو دوسروں سے الگ کر کے خاص برتاؤ کرنا ۴. کسی کو کسی چیز کے ساتھ مختص کرنا
۳۵۳	نَنْسَخْ (2:106)	ہم منسوخ کردیتے ہیں	ن۔س۔خ	۱. مٹانا ۲. ایک چیز کو زائل کرکے دوسری لے آنا
۳۵۴	رَسُوْلٌ (2:108)	رسول	ر۔س۔ل	۱. آہستہ اور نرمی کے ساتھ چل پڑنا ۲. روانہ ہونے والا ۳. پیغام
۳۵۵	اَلسَّبِيْلِ (2:108)	راستے	س۔ب۔ل	۱. راستہ جس پر چلنا آسان ہو ۲. طریق حق ۳. شاہراہ
۳۵۶	اَهْلِ (2:109)	اہل	ا۔ہ۔ل	۱. ان لوگوں کو کہا جاتا ہے جو ہم نصب یا ہم دین ہوں یا کسی صنعت یا مکان میں شریک ہوں. ایک شہر میں یا ایک مسکن میں رہتے ہوں ۲. اس سے مراد بیوی بھی ہوتی ہے
۳۵۷	حَسَدًا (2:109)	حسد	ح۔س۔د	۱. برا جذبہ ۲. کسی مستحق نعمت سے اس نعمت کے زائل ہونے کی تمنا کرنا
۳۵۸	وَاصْفَحُوْا (2:109)	خیال نہ کرو دل میں نہ لاؤ	ص۔ف۔ح	۱. کسی کو قصور کا احساس نہ ہونے دینا. یہ معاف کرنے یعنی عفو سے بھی بڑا درجہ ہے ۲. معاف کرنا اور ترکِ ملامت کرنا
۳۵۹	هَاتُوْا (2:111)	لے آؤ	ہ۔ی۔ت	لا کر پیش کرنا
۳۶۰	بُرْهَانَكُمْ (2:111)	اپنی دلیل	ب۔ر۔ہ ب۔ر۔ہ۔ن	۱. سفید اور چمکدار ہونا، ۲. واضح کلام ۳. ایسی دلیل جو تمام دلائل سے زوردار ہو
۳۶۱	وَجْهَهٗ (2:112)	اپنا منہ	و۔ج۔ہ	چہرہ

۳۶۲	اَسْلَمَ (2:112)	مطیع کردے سر تسلیم خم کردے	س۔ل۔م	۱. اپنے آپ کو کسی کے آگے جھکا دینا ۲. خود سپردگی

رکوع نمبر ۱۴ (آیات ۱۱۳ تا ۱۲۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۶۳	لَیْسَتَ (2:113)	نہیں ہے	ل۔ی۔س	
۳۶۴	مَنَعَ (2:114)	روکے	م۔ن۔ع	۱. روکنا اور اکسانا ۲. حمایت اور حفاظت
۳۶۵	وَسَعٰی (2:114)	اور کوشش کرے	س۔ع۔ی	۱. تیز چلنے کو کہتے ہیں. دوڑنے سے کم درجے کی رفتار ۲. کسی اچھے یا برے کام کی کوشش کرنے پر بولا جاتا ہے
۳۶۶	خَرَابِهَا (2:114)	ویرانی، خرابی، کی	خ۔ر۔ب	۱. کسی جگہ کا اجاڑ ہونا ۲. ویرانی ۳. کان میں بڑا چھید گویا اس میں خرابی پیدا ہوگئی ۴. تشبیہ کے طور پر مشکیزہ کے سوراخ کو بھی کہتے ہیں
۳۶۷	الْمَشْرِقُ (2:115)	مشرق	ش۔ر۔ق	آفتاب کا طلوع ہونا
۳۶۸	وَالْمَغْرِبُ (2:115)	اور مغرب	غ۔ر۔ب	سورج کا غائب ہوجانا
۳۶۹	وَاسِعٌ (2:115)	وسعت والا	و۔س۔ع	کشادگی، الوسع اس طاقت کو کہتے ہیں جو اس کام سے ذرا زیادہ ہو جو اسکے ذمے لگایا گیا ہو
۳۷۰	قٰنِتُوْنَ (2:116)	تابع فرمان	ق۔ن۔ت	۱. خضوع کے ساتھ اطاعت کا التزام کرنا ۲. عبادت میں ہمہ تن متوجہ ہو کر اسکے علاوہ ہر چیز سے توجہ ہٹا لینا

				۳. ایسی اطاعت اور فرمانبرداری جس میں ہمیشگی ہو
۳۷۱	بَدِیع (2:117)	پیدا کرنے والا	ب۔د۔ع	۱. کسی کی تقلید اور اقتداء کے بغیر کسی چیز کو ایجاد کرنا ۲. بغیر آلہ بغیر مادہ اور بغیر زمان و مکان کے کسی شے کو ایجاد کرنا اور یہ صرف اللہ کیلئے مختص ہے
۳۷۲	قَضٰی (2:117)	فیصلہ کرلیتا ہے حکم کرتا ہے	ق۔ض۔ی	۱. قولاً یا عملاً کسی بات کا فیصلہ کر دینا ۲. پورا کرنا
۳۷۳	لِقَوم (2:118)	ان لوگوں کیلئے	ق۔و۔م	
۳۷۴	الْجَحِیْم (2:119)	دوزخ	ج۔ح۔م	۱. دوزخ ، دہکتی ہوئی آگ ۲. گھورنا
۳۷۵	تَرْضٰی (2:120)	راضی ہونگے	ر۔ض۔ی ر۔ض۔و	راضی ہونا، خوش ہونا بندے کا اللہ سے راضی ہونا یہ ہے کہ جو کچھ قضائے الٰہی سے انسان پر وارد ہو اسے خوشی سے برداشت کرے اور اللہ کا بندے سے راضی ہونا یہ ہے کہ اپنے بندے کو اوامر کا بجالانے والا اور منہیات سے رکنے والا پائے
۳۷۶	مِلَّتَهُم (2:120)	انکے طریقے کی	م۔ل۔ل	۱. ملت بھی اس دستور کا نام ہے جو اللہ تعالی نے انبیاء کی زبان پر بندوں کیلئے مقرر فرمایا. ملت کی اضافت صرف اس نبی کی طرف سے ہوتی ہے جسکا وہ دین ہوتا ہے ۲. لکھوانا

رکوع نمبر ۱۵ (آیات ۱۲۲ تا ۱۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۷۷	فَاَتَمَّهُنَّ (2:124)	پس پورا کر دیا انکو	ت۔م۔م	کسی چیز کے اس حد کو پہنچ جانے کے ہیں کہ جس کے بعد اسے کسی خارجی شے کی ضرورت نہ رہے
۳۷۸	ذُرِّيَّتِىْ (2:124)	میری اولاد	ذ۔ر۔ر	نسل ، اولاد
۳۷۹	يَنَالُ (2:124)	پہنچا کرتا ہے	ن۔و۔ل	کسی چیز کا عطا کرنا
۳۸۰	اَلْبَيْتَ (2:125)	گھر	ب۔ی۔ت	۱. وہ جگہ جہاں کوئی شخص اور اسکے اہل و عیال رات بسر کریں ۲. رہنے کی جگہ
۳۸۱	لِلطَّآئِفِيْنَ (2:125)	طواف کرنیوالوں کیلئے	ط۔و۔ف	۱. کسی چیز کے گرد چکر لگانا اور گھومنا ۲. حج یا بیت اللہ کے گرد چکر لگانا ۳.طوفان اسی سے نکلا ہے ، ایسی مصیبت یا حادثہ جو انسان کو چاروں طرف سے گھیر لے
۳۸۲	الْعٰكِفِيْنَ (2:125)	اعتکاف کرنیوالے	ع۔ک۔ف	۱.تعظیماً کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا اور اس سے وابستہ ہونا ۲. شریعت میں اس سے مراد عبادت کی نیت سے مسجد میں رہنا اور اس سے باہر نہ نکلنا
۳۸۳	بَلَدًا (2:126)	شہر	ب۔ل۔د	

۳۸۴	اَضطَرُّهٗ (2:126)	مجبور کردوں گا اسکو	ض۔ر۔ر	۱. ضرر کے معنی تکلیف پہنچانا، اور اضطر کے معنی کسی کو نقصان دہ کام پر مجبور کرنا ہے. ایسا کام جسے وہ ناپسند بھی کرتا ہو ۲. مار پٹائی کر کے یا دھمکی وغیرہ دے کر کسی سے کوئی کام کروایا جائے. ۳. یا زبردستی پکڑ کر کسی سے کوئی کام کروایا جائے
۳۸۵	اَلْمَصِيْرُ (2:126)	لوٹنے کی جگہ	ص۔ی۔ر	۱. ایک جانب یا طرف ۲. ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہونا ۳. ایسی جگہ جہاں کوئی چیز نقل و حرکت کے بعد پہنچ کر ختم ہو جاتی ہے۔ مصیر کہلاتی ہے
۳۸۶	اَلْقَوَاعِدَ (2:127)	بنیادیں	ق۔ع۔د	۱. اہم چیز ۲. بنیاد ۳. بیٹھنے کی حالت کو بھی کہتے ہیں
۳۸۷	مَنَاسِكَنَا (2:128)	ہمارے حج کے قاعدے	ن۔س۔ک	۱. دھونا ۲. زاہد بننا ۳. پاک ہونا ۴. عبادت کے طور طریقوں پر دلالت کرتا ہے مراد حج کے طور طریقے
۳۸۸	اَلْعَزِيْزُ (2:129)	غالب ، زبردست	ع۔ز۔ز	غلبہ کی وجہ سے عزت ہونا ، مبالغہ کا صیغہ ہے

رکوع نمبر ۱۶ (آیات ۱۳۰ تا ۱۴۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۸۹	يَرْغَبُ (2:130)	روگردانی کرتا ہے	ر۔غ۔ب	۱. رغبت رکھتا ہے ۲. چاہتا اور پسند کرتا ہے ۳. اسکے بعد اگر عــن لگ جائے تو معنی الٹ ہو جاتے ہیں یعنی بے رغبتی۔

۳۹۰	اصْطَفَيْنٰهُ (2:130)	منتخب کیا ہم نے اسکو	ص۔ف۔و	۱. کسی چیز کا ہر قسم کی آمیزش سے پاک اور صاف ہونا ۲. خاص اور خالص چیز لے لینا ۳. اللہ تعالیٰ کا کسی بندہ کو چن لینا کبھی بطور ایجاد کے ہوتا ہے یعنی اندرونی کثافتوں سے پاک پیدا کرتا ہے جو دوسروں میں پائی جاتی ہیں اور کبھی حکم سے ہوتا ہے ۴. برگزیدہ کرنا ، منتخب کرنا
۳۹۱	وَوَصّٰى (2:132)	ہدایت، وصیت کی	و۔ص۔ی	ایسی نصیحت جو حکم کا درجہ رکھے
۳۹۲	يُزَكِّيْهِمْ (2:132)	انکا (نفس) تزکیہ کرے	ز۔ک۔ی	۱. پاک کرنا ۲. صاف کرنا ۳. نشوونما کرنا تزکیہ کا اصل مقصد انسان سے جاہلیت ختم کرنا ہوتا ہے
۳۹۳	حَضَرَ (2:133)	آئی	ح۔ض۔ر	حاضر ہونا
۳۹۴	بَعْدِي (2:133)	میرے بعد	ب۔ع۔د	
۳۹۵	اٰبَائِكَ (2:133)	تیرے آباء واجداد	ا۔ب۔و	۱. ہر وہ شخص جو کسی شے کے ایجاد ،ظہور یا اصلاح کا سبب ہو ۲. والد
۳۹۶	حَنِيْفًا (2:135)	یکسو تھا	ح۔ن۔ف	۱.گمراہی سے استقامت کی طرف مائل ہونا ۲. سب سے بے تعلق ہو کر یکسو ہونا ۳. کسی ایک طرف مکمل طور پر مائل ہو جانا
۳۹۷	وَالْاَسْبَاطِ (2:136)	اور اسکی اولاد	س۔ب۔ط	۱. بڑھنا اور پھیلنا ۲. اولاد کا بڑھنا اور پھیلنا

۳۹۸	شِقَاقٍ (2:137)	ضد	ش۔ق۔ق	۱. پھٹ جانا ۲. شگاف پڑنا ۳. ضد میں اتنا آگے نکل جانا کہ نیکیوں اور اس کے درمیان بڑا شگاف حائل ہو جائے
۳۹۹	فَسَيَكْفِيكَهُمُ (2:137)	کافی ہوگا تجھے ان کے مقابلے میں	ک۔ف۔ی	وہ چیز جس سے ضرورت پوری ہو اور مراد حاصل ہو جائے
۴۰۰	صِبْغَةَ (2:138)	رنگ	ص۔ب۔غ	۱. رنگ چڑھ جانا ۲. دل کا اثر قبول ہونا ۳. ماحول کو اپنا لینا ۴. ذہنی طور پر طریقہ کو قبول کر لینا

رکوع نمبر ۱۷(آیات ۱۴۲ تا ۱۴۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۰۱	وَسَطًا (2:143)	معتدل	و۔س۔ط	۱. کسی بھی چیز کا درمیانی حصہ ۲. افضل ہونا ۳. بہترین ہونا ۴. افراط اور تفریط سے پاک
۴۰۲	عَقِبَيْهِ (2:143)	اپنی دونوں ایڑیوں پر	ع۔ق۔ب	۱. کسی بھی چیز کا پچھلا حصہ ۲. دونوں ایڑیاں
۴۰۳	لِيُضِيعَ (2:143)	تاکہ ضائع کر دے	ض۔ی۔ع	۱. کسی چیز کو ہلاک اور تلف کرنا ۲. کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع ہونا ۳. جائیداد کیلئے بھی بولا جاتا ہے اگر اسکی حفاظت نہ کی جائے تو ضائع ہو جاتی ہے ۴. تیز و تند ہوا کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے کہ جس چیز پر سے گزرے اسے تلف کرتی چلی جائے
۴۰۴	رَءُوفٌ (2:143)	مشفق	ر۔ا۔ف	۱. بہت مہربان ۲. رقیق القلب ۳. کسی کی تکلیف دیکھ کر دل بھر آنا ۴. رقت طاری ہونا اور ترس کھانا

				۵. کسی کا دکھ دیکھ کر دل بھر آنا اور پھر اسکے دکھ کو دور ہونے کی فکر دامن گیر ہو
۴۰۵	شَطْرَةٌ (2:144)	اس کی طرف	ش۔ط۔ر	۱. اصل معنی نصف یا وسط شے کے ہوتے ہیں ۲. سمت ۳. ایک جانب ہو جانا ۴. دو میں سے ایک حصہ (نصف)
۴۰۶	الْمُمْتَرِيْنَ (2:147)	شک کرنے والے	م۔ر۔ی	۱. کسی معاملے میں تردد کرنا ۲. شک میں پڑنا
۴۰۷	السُّفَهَاءُ (2:147)	بیوقوف لوگ	س۔ف۔ہ	۱. سبکی ۲. ذلت ۳. بیوقوف ۴. اسلاف کی اندھادھند پیروی کرنا

رکوع نمبر ۱۸ (آیات ۱۴۸ تا ۱۵۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۰۸	فَاسْتَبِقُوْا (2:148)	پس سبقت کرو	س۔ب۔ق	۱. چلنے میں آگے بڑھنا ۲. ایک دوسرے سے سبقت کرنا ۳. وہ لوگ جو اعمال صالحہ کے ذریعہ ثواب الٰہی اور جنت کی طرف پیش پیش جانے والے

رکوع نمبر ۱۹ (آیات ۱۵۳ تا ۱۶۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۰۹	اَلْجُوْعِ (2:155)	بھوک	ج۔و۔ع	وہ تکلیف جو کسی جاندار کو معدہ کے طعام سے خالی ہونے کی وجہ سے پہنچتی ہے
۴۱۰	اَلْاَمْوَالِ (2:155)	مالوں	م۔و۔ل	اس کا اطلاق بہت سی چیزوں پر ہوتا ہے ۱. دیہات کے لوگ مویشی پر اس کا اطلاق کرتے ہیں

				کہ انکے نزدیک سب سے بڑی جائداد یہی ہوتی ہے ۲. عرفِ عام میں مال کا اطلاق یا تو زرنقد پر ہوتا ہے یا قابل خرید وفروخت مال پر
۴۱۱	اَصَابَتْهُمْ (2:156)	پہنچتی ہے انکو	ص۔و۔ب	۱. کسی چیز کا اترنا اور قرار پکڑنا ۲. بارش برسنے کو بھی کہتے ہیں ۳. تیر وغیرہ کا ٹھیک نشانے پر لگنا ۴. ایسی چیز جو ٹھیک نشانے پر جا کر لگے. خدا کی طرف سے انسان کو پہنچنے والی تنگی ترشی پر اسکا استعمال ہوتا ہے
۴۱۲	الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ (2:158)	صفا اور مروہ	ص۔ف۔و م۔ر۔و	صفا کسی چیز کا ملاوٹ سے پاک ہونا مروہ پہاڑی کا نام ہے
۴۱۳	جُنَاحَ (2:158)	کوئی گناہ	ج۔ن۔ح	۱. ایسا گناہ جو حق سے ہٹنے پر مائل کرے ۲. جھکنا ۳. مائل ہونا
۴۱۴	تَطَوَّعَ (2:158)	اپنی خوشی سے کرے	ط۔و۔ع	۱. خوشی سے کرنا ۲. رضا کارانہ طور پر کرنا ۳. دل کی رغبت سے کوئی کام کرنا

رکوع نمبر ۲۰ (آیات ۱۶۴ تا ۱۶۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۱۵	**الْفُلْكِ** **(2:164)**	کشتی	ف۔ل۔ک	۱. کسی چیز کا گول ہونا. چکر کھانا گھومنا ۲. دریا کا بھنور ۳. مدار (سیاروں کے گھومنے کا راستہ) ۴. ایسی چیز جو گھومتی اور چکر لگاتی ہے. اسکی وجہ سے کشتی کو فلک کہتے ہیں

۴۱۶	بَثَّ (2:164)	پھیلائے	ب۔ث۔ث	۱. پراگندہ کرنا ۲. بکھیرنا ۳. پراگندگی حال اور سخت غم کو بھی کہتے ہیں ۴. بث پھیلانا کے مفہوم میں اسطرح آتا ہے کہ اس چیز کے اجزاء بکھرے ہوئے ہوں۔ جیسے گردوغبار یا شمع کے پروانے وغیرہ
۴۱۷	دَآبَّةٍ (2:164)	چلنے والے جانور	د۔ب۔ب	رینگ کر چلنے والے جانور
۴۱۸	تَصْرِيْفُ (2:164)	گردش بدلنے میں	ص۔ر۔ف	کسی چیز کو ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا
۴۱۹	الرِّيٰحِ (2:164)	ہوائیں	روح	واحد ہو تو عذاب کی ہواؤں کیلئے استعمال ہوتا ہے جبکہ جمع آئے تو رحمت کی ہوائیں مراد ہوتی ہیں
۴۲۰	السَّحَابِ (2:164)	بادلوں میں	س۔ح۔ب	۱. گھسیٹنا ۲. بادل
۴۲۱	الْمُسَخَّرِ (2:164)	تابع فرمان ہیں	س۔خ۔ر	زبردستی تابع بنا لینا
۴۲۲	يُحِبُّوْنَهُمْ (2:165)	محبت کرتے ہیں ان سے	ح۔ب۔ب	۱. محبت ۲. دانہ ۳. کسی چیز کو اچھا سمجھ کر اس کا ارادہ کرنا اور چاہنا. اور اسکے حصول میں حکمت سے کام لینا خواہ یہ عورت سے ہو یا اولاد اور مال وزر سے
۴۲۳	الْاَسْبَابُ (2:166)	تعلقات	س۔ب۔ب	۱. تعلق ۲. رسی ۳. سبب
۴۲۴	كَرَّةً (2:167)	پھر جانا	ک۔ر۔ر	۱. کسی کام کو بار بار کرنا ۔ تکرار اسی سے ہے ۲. کسی کام کو دوبارہ کرنا
۴۲۵	حَسَرٰتٍ (2:167)	حسرتیں، پشیمانیاں	ح۔س۔ر	۱. تھکنا ۲. لاچار ہونا

۴۲۶	تَبَرَّءَ (2:167)	ہم بھی بیزار ہیں	ب۔ر۔ء	بیزار

رکوع نمبر ۲۱ (آیات ۱۶۸ تا ۱۷۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۲۷	حَلٰلاً (2:168)	حلال	ح۔ل۔ل	ا. گرہ کھولنا ۲. حلال چیز (اگر بعد میں طیبًا آ جائے تو)
۴۲۸	خُطُوٰتِ (2:168)	قدموں کی	خ۔ط۔و	ا. دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ ۲. قدم اٹھانا
۴۲۹	وَالْفَحْشَآءِ (2:169)	اور بے حیائی کا	ف۔ح۔ش	ا. ایسی برائی جسکا تعلق جنس سے ہو ۲. بدکاری زنا وغیرہ
۴۳۰	اَلْفَيْنَا (2:170)	ہم نے پایا	ل۔ف۔ی	ا. اتفاقاً کسی چیز کا پانا ۲. اچانک مل جانا
۴۳۱	يَنْعِقُ (2:171)	آواز دیتا ہے	ن۔ع۔ق	چیخ کر یا بلند آواز سے کسی کو بلانا
۴۳۲	نِدَآءً (2:171)	چلانا	ن۔د۔و	بلند آواز سے پکارنا مخاطب ضروری نہیں بامعنی اور بے معنی دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۴۳۳	لَحْم (2:173)	گوشت	ل۔ح۔م	گوشت
۴۳۴	الْخِنْزِيْرِ (2:173)	سؤر	خ۔ن۔ز۔ر	سؤر
۴۳۵	اُهِلَّ (2:173)	نام لیا جائے	ہ۔ل۔ل	کسی چیز کا نام لے کر آواز بلند کرنا

۴۳۶	بُطُوْنِهِمْ (2:174)	ان کے پیٹوں میں	ب۔ط۔ن	ا. مکمل طور پر پوشیدہ ۲. چھپا ہوا

رکوع نمبر۲۲ (آیات ۱۷۷ تا ۱۸۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۳۷	فِي الرِّقَابِ (2:177)	گردنوں کے آزاد کرنے میں	ر۔ق۔ب	گردن
۴۳۸	الْقِصَاصُ (2:178)	بدلہ برابر کا	ق۔ص۔ص	ا. پیچھے پیچھے چلنا ۲. بدلہ
۴۳۹	اَلْحُرُّ (2:178)	آزاد	ح۔ر۔ر	ا. آزاد ۲. حریت حرارت بھی اسی سے ہے
۴۴۰	الْاُنْثٰى (2:178)	عورت	ا۔ن۔ث	اصل میں عورت کی شرمگاہ کو کہا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے عورت کیلئے استعمال ہونے لگا
۴۴۱	اَخِيْهِ (2:178)	بھائی اسکے	ا۔خ۔و	ا. ہر وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کا ولادت میں ماں باپ دونوں یا ان میں سے ایک کی طرف سے یا رضاعت میں شریک ہوں ۲. ہر اس شخص کو جو دین و مذہب، صنعت و حرفت، دوستی یا کسی دیگر معاملہ میں دوسرے کا شریک ہو۔ اسے اَخٌ کہا جاتا ہے
۴۴۲	وَاَدَآءٌ (2:178)	اور ادا کرو	ا۔د۔ی ا۔د۔و	ا. یکبارگی ۲. پورا پورا حق دے دینا ۳. خراج کا ادا کرنا۔ امانت کا واپس کردینا
۴۴۳	اُولِی الْاَلْبَابِ (2:179)	عقل والو اہل عقل	ل۔ب۔ب	ا. مغز ۲. دماغ ۳. عقل

۲۴۴	جَنَفاً (2:182)	طرف داری	ج۔ن۔ف	ا. گمراہی سے استقامت کی طرف مائل ہونا ۲. سب سے بےتعلق ہوکر اللہ کی طرف یکسو ہوکر رہنا

رکوع نمبر ۲۳ (آیات ۱۸۳ تا ۱۸۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۴۵	الصِّیامُ (2:183)	روزے رکھنا	ص۔و۔م	ا. کسی کام سے رک جانا ۲. باز رہنا خواہ اسکا تعلق کسی بھی کام سے ہو
۲۴۶	سَفَرٍ (2:184)	سفر	س۔ف۔ر	ا. پردہ اٹھانا ۲. کھولنا ۳. گھر سے دور نکل جانا ۴. ہٹا دینا
۲۴۷	یُطِیقُوْنَهٗ (2:184)	طاقت رکھتے ہیں	ط۔و۔ق	ا. زنجیر ۲. طاقت ۳. کسی کام کو بہت محنت اور مشقت سے کر پانا
۲۴۸	شَهْرُ (2:185)	مہینہ	ش۔ہ۔ر	ایک چاند سے لے کر دوسرے چاند تک کی درمیانی مدت
۲۴۹	رَمَضَانَ (2:185)	رمضان	ر۔م۔ض	ا. سورج کی سخت تپش ۲. جھلسا دینا ۳. رمضان گناہوں کو جھلسا دیتا ہے
۲۵۰	الْقُرْآن (2:185)	قرآن	ق۔ر۔ء	کسی کتاب کو پڑھنا
۲۵۱	الْیُسْرَ (2:185)	آسانی	ی۔س۔ر	آسانی
۲۵۲	الْعُسْرَ (2:185)	تنگی	ع۔س۔ر	تنگی
۲۵۳	وَلِتُكْمِلُوا (2:185)	تا کہ تم پوری کرو	ک۔م۔ل	ا. تکمیل کرنا ۲. مکمل کرنا

۴۵۵	اُجِیْبُ (2:186)	قبول کرتا ہوں	ج-و-ب	۱. جواب دینا ۲. قبول کرنا ۳. گڑھا ۴. کاٹنا ۵. بات کا کان میں پہنچنا
۴۵۶	یَرْشُدُوْن (2:186)	وہ ہدایت پائیں	ر-ش-د	۱. نیکی اور ہدایت پر برقرار رہنا ۲. ہدایت سے بڑا درجہ ہے
۴۵۷	الرَّفَثُ (2:187)	خلوت، بے پردہ ہونا	ر-ف-ث	۱. ہر وہ کام جسکے اظہار میں شرم محسوس ہو ۲. میاں بیوی کا تعلق
۴۵۸	تَخْتَانُوْنَ (2:187)	تم خیانت کرتے ہو	خ-و-ن	۱. خیانت کرنا ۲. خفیہ طور پر عہد شکنی کر کے حق کی مخالفت کرنا
۴۵۹	الْخَیط (2:187)	دھاری	خ-ی-ط	۱. دھاگہ ۲. خیاط: درزی کو کہتے ہیں
۴۶۰	اَلْابیضُ (2:187)	سفید	ب-ی-ض	سفید
۴۶۱	الْاَسْوَد (2:187)	سیاہ	س-و-د	سیاہ رنگ کو کہتے ہیں
۴۶۲	حُدُود (2:187)	حدود ہیں	ح-د-د	۱. حد کی جمع ۔ باؤنڈری ۲. دو چیزوں کے درمیان ایسی رکاوٹ جو انہیں باہم ملنے سے روک دے
۴۶۳	تُدْلُوْا (2:188)	پہنچاؤ	د-ل-و	۱. کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن ۲. ناجائز مال کو حاصل کرنے کا ذریعہ

رکوع نمبر ۲۴ (آیات ۱۸۹ تا ۱۹۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۶۴	مَوَاقِیْتُ (2:189)	اوقات کو معلوم کرنے کا پیمانہ	و-ق-ت	وقت کی جمع میقات اور میقات کی جمع مواقیت

۴۶۵	قَاتِلُوا (2:190)		ق۔ت۔ل	۱. جسم سے روح کو زائل کرنا ۲. کسی کو جان سے مار ڈالنا
۴۶۶	ثَقِفْتُمُوهُمْ (2:191)	پاؤ تم ان کو	ث۔ق۔ف	۱. کسی چیز کو پا لینا ۲. کسی کام کو کرنے میں مہارت سے کام لینا ۳. مہارتِ نظر سے کسی چیز کا نگاہ سے ادراک کر لینا
۴۶۷	انْتَهَوْا (2:192)	باز آجائیں	ن۔ہ۔ی	۱. کسی چیز سے منع کر دینا ۲. روک دینا
۴۶۸	التَّهْلُكَةِ (2:195)	ہلاکت	ھ۔ل۔ک	۱. کسی چیز کا اپنے پاس سے جاتے رہنا خواہ وہ دوسروں کے پاس موجود ہو ۲. کسی چیز میں خرابی اور تغیر پیدا ہونا ۳. بری موت ۴. کسی چیز کا اس دنیا سے کلی طور پر معدوم ہو جانا ۵. عذابِ خوف اور فقر
۴۶۹	أُحْصِرْتُمْ (2:196)	تم روک لئے جاؤ	ح۔ص۔ر	۱. تنگ کرنا ۲. روکنا ۳. قید کرنا ۴. خود کو عورتوں کی رغبت سے روکنا
۴۷۰	تَحْلِقُوا (2:196)	منڈواؤ	ح۔ل۔ق	۱. وہ جگہ جہاں سے جانور کو ذبح کیا جاتا ہے ۲. بال مونڈنا
۴۷۱	رُؤُوسَكُمْ (2:196)	اپنے سر	ر۔ا۔س	سر کو کہتے ہیں
۴۷۲	يَبْلُغَ (2:196)	پہنچ جاؤ	ب۔ل۔غ	۱. مقصد اور منتہی کی آخری حد کو پہنچنا ۲. خوب جوانی کو پہنچ جانا ۳. پیغام پہنچا دینا
۴۷۳	أَذًى (2:196)	تکلیف	ا۔ذ۔ی	ہر اس ضرر کو کہتے ہیں جو کسی جاندار کو پہنچتا ہے خواہ وہ ضرر جسمانی ہو یا نفسانی
۴۷۴	فَرَضَ (2:197)	واجب کر لیا	ف۔ر۔ض	۱. عزم کرنا ۲. کسی سخت چیز میں سوراخ کرنا ۳. لازم کر لینا ۴. بوڑھا ہونا

رکوع نمبر ۲۵ (آیات ۱۹۷ تا ۲۱۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۷۵	جِدَالَ (2:197)	لڑائی جھگڑا	ج۔د۔ل	۱. جنگ ۲. جھگڑا ۳. رسی کو مضبوطی سے بٹنا
۴۷۶	الزَّادِ (2:197)	زادِ راہ	ز۔و۔د	موجودہ ضرورت سے زائد چیز
۴۷۷	اَفَضْتُمْ (2:198)	تم واپس لوٹو	ف۔ی۔ض	۱. پانی اچھل کر بہہ نکلنا ۲. انسانوں کا ریلا امڈ پڑنا
۴۷۸	نصِيْبٌ (2:202)	حصہ	ن۔ص۔ب	۱. حصہ ۲. کسی چیز کو گاڑنا ۳. وہ معین حصہ جو قسمت میں لکھا ہو
۴۷۹	سَرِيْعٌ (2:202)	جلد لینے والا	س۔ر۔ع	۱. بہت جلدی کرنا ۲. کام کو سرعت سے کرنا ۳. پھرتی سے کام کرنا اس میں دیر نہ کرنا
۴۸۰	الحساب (2:202)	حساب	ح۔س۔ب	گننا اور شمار کرنا
۴۸۱	تُحْشَرُوْنَ (2:203)	جمع کئے جاؤ گے	ح۔ش۔ر	لوگوں کو ان کے ٹھکانا سے مجبور کر کے نکال کر لے جانا
۴۸۲	يُعْجِبُكَ (2:204)	تجھے پسند آتی ہے	ع۔ج۔ب	۱. ایسی حیرت جو کسی بات کا سبب نہ ملنے کی وجہ سے ہو ۲. عجیب ۔ بھلی
۴۸۳	اَلَدُّ	سخت	ل۔د۔د	سخت جھگڑا جس میں کوئی بات ماننا ہی نہ ہو
۴۸۴	الْخِصَامَ (2:204)	جھگڑالو ہے	خ۔ص۔م	جھگڑا کرنا
۴۸۵	النَّسْلَ	نسلِ انسانی	ن۔س۔ل	کسی چیز سے الگ ہونا

۴۸۶	اَلْمِهَادُ (2:206)	ٹھکانا	م۔ھ۔د	۱. گود ۲. پنگھوڑا ۳. ٹھکانا
۴۸۷	كَآفَّةً (2:208)	پورے کے پورے	ک۔ف۔ف	۱. ہاتھ کی ہتھیلی جسکے ساتھ انسان چیزوں کو اکٹھا کرتا اور پھیلاتا ہے ۲. روکنے والا ۳. اجتماعی

رکوع نمبر ۲۶ (آیات ۲۱۱ تا ۲۱۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۸۸	زُيِّنَ (2:212)	خوشنما بنادی گئی	ز۔ی۔ن	۱. مزین کرنا ۲. خوشنما بنانا ۳. اس زینت کی طرف اشارہ ہے جسکا تعلق حاسہ بصر سے ہے. جسے عوام وخاص محسوس کرتے ہیں
۴۸۹	كُرْهٌ (2:216)	ناگوار ہے	ک۔ر۔ہ	۱. کراہت ۲. ناپسندیدہ چیز ۳. ناگوار
۴۹۰	شَرٌّ (2:216)	بری . مضر ہو	ش۔ر۔ر	وہ چیز ہے جس سے ہر ایک کراہت محسوس کرتا ہے

رکوع نمبر ۲۷ (آیات ۲۱۷ تا ۲۲۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۹۱	صَدٌّ (2:217)	روکنا	ص۔د۔د	ا نرمی کے ساتھ کسی کو اس کے ارادے سے روکنا ۲. روکنا ۳. ہٹانا
۴۹۲	يَزَالُوْنَ (2:217)	وہ ہمیشہ رہیں گے	ز۔و۔ل ز۔ی۔ل	کسی چیز کا اپنی جگہ سے ہٹ کر دوسری جگہ مائل ہو جانا
۴۹۳	حَبِطَتْ (2:217)	برباد ہو گئے	ح۔ب۔ط	۱. اعمال کا برباد ہو جانا ۲. عمل کا نتیجہ خیز ثابت نہ ہونا

				۳. تباہ ہونا ۴. ضائع ہوجانا
۴۹۴	هَاجَرُوْا (2:218)	ہجرت کی	ھ۔ج۔ر	۱. علیحدہ ہونا ۲. چھوڑ دینا ۳. ایک انسان کا دوسرے سے جدا ہونا ۴. ایک دوسرے سے کٹ جانا
۴۹۵	جَاهَدُوْا (2:218)	جہاد کیا	ج۔ھ۔د	۱. انتہائی کوشش کرنا ۲. جان و مال اور ہر لحاظ سے سخت کوشش کرنا
۴۹۶	يَرْجُوْنَ (2:218)	امید رکھتے ہیں	ر۔ج۔و	
۴۹۷	الْخَمْرَ (2:219)	شراب	خ۔م۔ر	۱. ڈھانپ لینا اسی سے خمار ہے وہ چادر جو ڈھانپ لیتی ہے شراب بھی عقل کو ڈھانپ لیتی ہے
۴۹۸	الْمَيْسِرِ (2:219)	جوئے	ی۔س۔ر	۱. آسانی ۲. جوا
۴۹۹	تَتَفَكَّرُوْنَ (2:219)	تم غور کرو	ف۔ک۔ر	اس قوتِ فکر کو کہتے ہیں جو علم کو معلوم کی طرف لے جاتی ہے اور تفکر کے معنی عقل کے مطابق اس قوت کو جولانی دینے کے ہیں. غور و فکر کی استعداد صرف انسان کو دی گئی ہے باقی حیوانات کو نہیں۔
۵۰۰	تُخَالِطُوْهُمْ (2:220)	تم ملا لو ان کو	خ۔ل۔ط	۱. ملانا ۲. گڈمڈ کرنا ۳. مل جل کر رہنا
۵۰۱	اَعْنَتَكُمْ (2:220)	تکلیف میں ڈالنا	ع۔ن۔ت	۱. ایسی مشقت جس میں ہلاک ہونے کا خطرہ ہو ۲. ذلالت
۵۰۲	تَنْكِحُوْا (2:221)	تم نکاح کرو	ن۔ک۔ح	۱. ملانا ۲. نکاح
۵۰۳	أَمَةٌ (2:221)	لونڈی	ا۔م۔و	لونڈی کو کہا جاتا ہے

رکوع نمبر ۲۸ (آیات ۲۲۲ تا ۲۲۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۰۴	اَلْمَحِيْضُ (2:222)	حیض	ح۔ی۔ض	۱. کسی چیز کا خود بخود بہنا ۲. حیض کا وقت ۳. حیض کی جگہ
۵۰۵	فَاعْتَزِلُوْا (2:222)	پس کنارہ کش رہو	ع۔ز۔ل	۱. معزول کرنا ۲. ہٹا دینا ۳. ہٹ جانا ۴. علیحدہ ہو جانا
۵۰۶	اَيْمٰنِكُمْ (2:224)	اپنی قسموں کے	ی۔م۔ن	قسم، یمین کی جمع ہے عرب قسم کو پکا کرنے کیلئے اپنے دائیں ہاتھ کو دوسرے کے دائیں ہاتھ پر مارتے تھے
۵۰۷	بِاللَّغْوِ (2:225)	لغو پر	ل۔غ۔و	۱. بری باتیں ۲. بے معنی باتیں
۵۰۸	حَلِيْمٌ (2:225)	بردبار	ح۔ل۔م	۱. نفس وطبیعت پر ایسا ضبط رکھنا کہ غیظ وغضب کے موقع پر بھڑک نہ اٹھے ۲. بردبار
۵۰۹	يُؤْلُوْنَ (2:226)	قسمیں کھا لیتے ہیں	ا۔ل۔و	۱. کمی کرنا ۲. حق نہ دینا ۳. اپنی بیوی کا حق ادا نہ کرنا
۵۱۰	تَرَبُّصُ (2:226)	انتظار ہے	ر۔ب۔ص	زیادہ فائدہ حاصل کرنے کی نیت سے انتظار کرنا
۵۱۱	فَآءُوْ (2:226)	وہ رجوع کرلیں	ف۔ی۔ء	بری حالت سے اچھی حالت کی طرف لوٹنا
۵۱۲	عَزَمُوْا (2:227)	ارادہ کیا انہوں نے	ع۔ز۔م	پختہ ارادہ کرنا
۵۱۳	الطَّلَاقَ (2:227)	طلاق	ط۔ل۔ق	۱. کسی بندھن سے آزاد کرنا ۲. اونٹ کو اسکی رسی کھول کر آزاد کرنا

۵۱۴	قُرُوْءٍ (2:228)	حیض	ق۔ر۔و	حیض اور پاکی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، لغتِ اضداد سے ہے
۵۱۵	بُعُوْلَتُهُنَّ (2:228)	انکے شوہر	ب۔ع۔ل	۱. ہر وہ چیز جو دوسروں پر فوقیت رکھتی ہے ۲. عرب لوگ بت کو بھی بعل کہتے تھے
۵۱۶	لِلرِّجَالِ (2:228)	مردوں کیلئے	ر۔ج۔ل	رجلٌ عربی میں مرد کو کہتے ہیں
۵۱۷	دَرَجَةٌ (2:228)	فضیلت	د۔ر۔ج	۱. درجہ اوپر چڑھنے کے معنوں میں آتا ہے ۲. سیڑھی پر اوپر چڑھنا

رکوع نمبر ۲۹ (آیات ۲۲۹ تا ۲۳۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۱۸	مَرَّتَانِ (2:229)	دو مرتبہ	م۔ر۔ر	۱. دفعہ ۲. مرتبہ
۵۱۹	فَإِمْسَاكٌ (2:229)	پھر روک لینا	م۔س۔ک	۱. چپک جانا ۲. کھال ۳. حفاظت ۴. روک لینا
۵۲۰	تَسْرِيْحٌ (2:229)	چھوڑ دینا ، رخصت کرنا	س۔ر۔ح	۱. چھوڑ دینا ۲. طلاق دینا ۳. رخصت کرنا
۵۲۱	اَجَلَهُنَّ (2:231)	اپنی مدت کو	ا۔ج۔ل	اپنی مدت کو پہنچنا

رکوع نمبر ۳۰ (آیات ۲۳۲ تا ۲۳۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۲۲	تَعْضُلُوْهُنَّ (2:232)	روکو انکو	ع۔ض۔ل	۱. مضبوط پٹھے جس کے ساتھ سخت گوشت ہو ۲. رکاوٹ پیدا کرنا ۳. تنگ کرنا ۴. روڑے اٹکانا

۵۲۳	يُرْضِعْنَ (2:233)	دودھ پلائیں	ر۔ض۔ع	دودھ پلانا
۵۲۴	كِسْوَتُهُنَّ (2:233)	ان کا لباس	ک۔س۔و	کسی دوسرے کو لباس دینا
۵۲۵	تُكَلَّفُ (2:233)	تکلیف دی جاتی	ک۔ل۔ف	تکلیف اور مشکل میں ڈالنا
۵۲۶	الْوَارِثِ (2:233)	وارث	و۔ر۔ث	کسی چیز کا ایک شخص کی ملکیت سے نکل کر دوسرے کی ملکیت میں چلے جانا
۵۲۷	فِصَالًا (2:233)	دودھ چھڑانا	ف۔ص۔ل	علیحدگی
۵۲۸	تَشَاوُرٍ (2:233)	باہمی مشورے سے	ش۔و۔ر	۱. ظاہری سامانِ آرائش ۲. مشورہ کرنا ۳. شہد کی مکھیوں کا چھتہ ۴. رائے معلوم کرنا
۵۲۹	يَذَرُونَ (2:234)	چھوڑ جائیں	و۔ذ۔ر	۱. کسی چیز کو حقیر سمجھ کر چھوڑ دینا ۲. مداخلت کی اجازت نہ دینا
۵۳۰	خَبِيرٌ (2:234)	باخبر ہے	خ۔ب۔ر	حقیقت کو جاننا
۵۳۱	خِطْبَةِ (2:235)	نکاح کا پیغام	خ۔ط۔ب	۱. رشتہ بھیجنا ۲. منگنی یا نکاح کا پیغام دینا
۵۳۲	عُقْدَةَ (2:235)	عقد	ع۔ق۔د	کسی چیز کے اطراف کو جمع کر دینا یعنی گرہ باندھ دینا
۵۳۳	أَكْنَنْتُمْ (2:235)	تم چھپاؤ	ک۔ن۔ن	۱. کسی غبار میں چھپانا ۲. چھپانا اور حفاظت کرنا

رکوع نمبر۳۱ (آیات ۲۳۶ تا ۲۴۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۳۴	اَلْمُقْتِرُ (2:236)	غریب	ق۔ت۔ر	۱. وہ دھواں جو کسی چیز کو بھونتے سے اٹھتا ہے ۲. غریب اور کمزور آدمی
۵۳۵	حَافِظُوْا (2:238)	حفاظت کرو	ح۔ف۔ظ	۱. قوت حافظہ کے استعمال پر یہ لفظ بولا جاتا ہے ۲. حفاظت کرنا
۵۳۶	رُكْبَانًا (2:239)	سوار	ر۔ک۔ب	سوار ہو جانا
۵۳۷	مَعْرُوْفٍ (2:239)	معروف طریقے سے	ع۔ر۔ف	کسی چیز کی علامات و آثار دیکھ کر غور وفکر کر کے اسکا ادراک کر لینا۔ یہ علم سے کم درجہ رکھتا ہے

رکوع نمبر۳۲ (آیات ۲۴۳ تا ۲۴۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۳۸	يُقْرِضُ (2:245)	قرض دے	ق۔ر۔ض	واپس لینے کی نیت سے ادھار دینا
۵۳۹	اَضْعَافًا (2:245)	گنا	ض۔ع۔ف	۱. بوڑھا ۲. عمر میں زیادہ ہونا ۳. کئی گنا زیادہ ہونا
۵۴۰	يَقْبِضُ (2:245)	تنگدستی کرتا ہے	ق۔ب۔ض	کسی چیز کو پوری طرح مٹھی میں لے لینا
۵۴۱	يَبْسُطُ (2:245)	کشادگی دیتا ہے	ب۔س۔ط	کشادگی
۵۴۲	الْمَلَاِ (2:246)	سردار	م۔ل۔ا	سردار

۵۴۳	طَالُوت (2:247)	طالوت	ط-ا-ل	۱. لمبا تڑنگا ۲. طول دینا
۵۴۴	والْجِسْمِ (2:247)	جسم	ج-س-م	
۵۴۵	التابوت (2:248)	تابوت ، صندوق	ت-و-ب	۱. پلٹ آنا ۲. صندوق
۵۴۶	بَسْطَةً (2:248)	کشادگی	ب-س-ط	۱. کسی چیز کو پھیلانا اور توسیع کرنا ۲. کبھی حملہ کرنے اور مارنے کے معنی میں آتا ہے
۵۴۷	تَحْمِلُهُ (2:248)	اسکو اٹھائے ہوئے ہونگے	ح-م-ل	۱. بوجھ اٹھانا ۲. بوجھ لادنا

رکوع نمبر ۳۳ (آیات ۲۴۹ تا ۲۵۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۴۸	بَالْجُنُوْدِ (2:249)	لشکر کے ساتھ	ج-ن-د	۱. پتھر ۲. مضبوطی اور سختی کی وجہ سے لشکر کو بھی جند کہتے ہیں
۵۴۹	غُرْفَةً (2:249)	چُلّو	غ-ر-ف	۱. کسی چیز کو اٹھانا یا پکڑنا ۲. چلو بھر پانی
۵۵۰	فِئَةً (2:249)	جماعت	ف-ی-ء ف-ا-و	۱. اچھی حالت کی طرف لوٹنا ۲. وہ مال جو بغیر مشقت کے ملے
۵۵۱	غَلَبَتْ (2:249)	فتح حاصل کی	غ-ل-ب	۱. گھنے باغات ۲. قہر اور بالا دستی ۳. کسی کی گردن کے موٹے حصے کو پکڑنا اور اس پر مارنا
۵۵۲	بَرَزُوْا (2:250)	وہ مقابلے پر نکلے	ب-ر-ز	۱. کھلی جگہ ۲. ظاہر کرنا

۵۵۳	اَفْرِغْ (2:250)	ڈال دے	ف۔ر۔غ	۱. انڈیل دینا ۲. فارغ کرنا
۵۵۴	ثَبِّتْ (2:250)	ثابت رکھ	ث۔ب۔ت	۱. مضبوط کر دینا ۲. جما دینا ۳. قدم جما دینا
۵۵۵	فَهَزَمُوهُمْ (2:251)	پس شکست دی انکو	ھ۔ز۔م	۱. خشک چیز کو توڑنا اور ریزہ ریزہ کر دینا ۲. شکست دینا
۵۵۶	دَفْعُ (2:251)	ہٹاتا	د۔ف۔ع	۱. ہٹانا ۲. دور کرنا
۵۵۷	الْمُرْسَلِيْنَ (2:253)	رسولوں میں	ر۔س۔ل	بھیجا ہوا

رکوع نمبر ۳۳ تا ۳۴ (آیات ۲۵۵ تا ۲۵۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۵۸	بَيْعٌ (2:254)	سودا	ب۔ی۔ع	۱. خرید و فروخت ۲. سودا بازی لغت اضداد سے ہے
۵۵۹	خُلَّةٌ (2:254)	دوستی	خ۔ل۔ل	۱. دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ۲. خلال کرنا ۳. ایسی دوستی جو دل میں سرایت کر جائے
۵۶۰	الْقَيُّوْمُ (2:255)	ہمیشہ رہنے والا	ق۔و۔م	خود بھی کھڑا ہوا اور دوسروں کو بھی کھڑا رکھے
۵۶۱	سِنَةٌ (2:255)	اونگھ	و۔س۔ن	۱. وہ نیند جس سے سر بھاری ہو جائے ۲. غنودگی اور نیند کی درمیانی کیفیت
۵۶۲	نَوْمٌ	نیند	ن۔و۔م	گہری نیند
۵۶۳	كُرْسِيُّهُ	اسکی کرسی	ک۔ر۔س	۱. کسی چیز کو مقرر کرنا ۲. قدم رکھنے کی جگہ

۵۶۴	يَئُودُهُ (2:255)	تھکاتی اسکو	ا۔و۔د	بوجھ کی وجہ سے ٹیڑھا ہو جانا
۵۶۵	الْعَلِيُّ (2:255)	برتر	ع۔ل۔و	ا. اعلیٰ اور برتر ۲. کسی چیز کا بلند ترین حصہ
۵۶۶	الْغَيِّ (2:256)	گمراہی	غ۔و۔ی	ا. گمراہی ۲. کسی غلط عقیدہ کو اپنا کر سیدھی راہ سے ہٹ جانا
۵۶۷	بِالْعُرْوَةِ (2:256)	سہارا	ع۔ر۔و	ا. ہینڈل ۲. دستہ ۳. سہارا
۵۶۸	لَا انْفِصَامَ (2:256)	نہیں کسی طرح ٹوٹنا	ف۔ص۔م	ا. **دراڑ** آنا ۲. ٹوٹنا

رکوع نمبر ۳۵ (آیات ۲۵۸ تا ۲۶۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۶۹	الشَّمْسُ (2:258)	سورج	ش۔م۔س	سورج یا دھوپ
۵۷۰	فَبُهِتَ (2:258)	پس حیران رہ گیا	ب۔ہ۔ت	ا. حیران و ششدر رہ جانا ۲. مبہوت رہ جانا ۳. بہتان بھی اسی سے ہے ایسا الزام جسے سن کر انسان حیران اور ششدر رہ جائے
۵۷۱	خَاوِيَةٌ (2: 259)	گری پڑی تھی	خ۔و۔ی	خالی ہونا ، گر جانا
۵۷۲	عُرُوشِهَا (2:259)	اپنی چھتوں پر	ع۔ر۔ش	چھت والی چیز کو کہتے ہیں
۵۷۳	عَامٍ (2:259)	برس ، سال	ع۔و۔م	اس سال کو کہا جاتا ہے جس میں وسعت اور فراوانی ہو

۵۷۴	لَبِثْتَ (2:259)	دیر تو رہا	ل۔ب۔ث	ا. قیام کرنا ۲. گزرنا
۵۷۵	يَتَسَنَّهْ (2:259)	سڑا بسا	س۔ن۔ہ	ا. بہت برسوں والا ہونا ۲. بد بودار ہونا
۵۷۶	جَبَلٍ (2:259)	پہاڑ	ج۔ب۔ل	ا. پہاڑ ۲. بڑائی اور عظمت کے معنی کا اعتبار کرتے ہوئے بڑی جماعت کو بھی جبل کہتے ہیں
۵۷۷	جُزْءًا (2:259)	ایک ٹکڑا	ج۔ز۔ا	کسی چیز کا علیحدہ شدہ حصہ اسکی ضد کل ہے، یعنی کسی چیز کے وہ حصے جنکے ملانے سے وہ چیز مکمل ہوتی ہے
۵۷۸	حِمَارِكَ (2:259)	اپنے گدھے	ح۔م۔ر	ا. گدھا ۲. حمار سے مراد جاہل ہے اور بے علم آدمی بھی ہوتا ہے
۵۷۹	نُنْشِزُهَا (2:259)	ہم جوڑتے ہیں انکو	ن۔ش۔ز	کھڑا کرنا
۵۸۰	لِيَطْمَئِنَّ (2:260)	مطمئن ہو جائے	ط۔م۔ن	خلجان کے بعد نفس کا سکون پا جانا
۵۸۱	الطَّيْرِ (2:260)	پرندہ	ط۔ی۔ر	ا. ہر پردار جانور جو فضا میں حرکت کرتا ہے ۲. اصل معنی کسی پرندہ سے شگون لینے سے ہیں، بعد میں ہر اس چیز کیلئے استعمال ہونے لگا جس سے برا شگون لیا جائے اور منحوس سمجھا جائے
۵۸۲	فَصُرْهُنَّ (2:260)	پس مانوس کرلو انکو	ص۔و۔ر	ا. مانوس ہونا ۲. گھلنا ملنا

رکوع نمبر ٣٦ (آیات ٢٦١ تا ٢٦٦)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
٥٨٣	سُنْبُلَةٍ (2:261)	خوشہ	س۔ن۔ب۔ل	کھیت کی بالیاں ٢خوشہ ٣۔ مونچھیں
٥٨٤	مَنًّا (2:262)	احسان رکھنا	م۔ن۔ن	١۔ بھلائی ٢۔ احسان جتلانا ٣۔ بھاری اور بڑا احسان
٥٨٥	غَنِيٌّ (2:263)	بے پرواہ	غ۔ن۔ی	١۔ بے نیاز ٢۔ قانع ٣۔ آسودہ حال
٥٨٦	تُرَابٌ (2:264)	مٹی	ت۔ر۔ب	خشک مٹی جس میں نمی نہ ہو اور اسے ہوا اڑائے پھرتی ہے
٥٨٧	وَابِلٌ (2:264)	زور کی بارش	و۔ب۔ل	١۔مویشی وغیرہ کو لاٹھی سے لگا تار مارنا ٢۔شدت اور کثرت ٣۔ لگاتار شدید بارش جو اپنے ساتھ سب کچھ بہا لے جائے۔بارش کا آخری درجہ ہے
٥٨٨	صَلْدًا (2:264)	صاف چٹان	ص۔ل۔د	چکنا اور سخت پتھر جس پر نہ کچھ اُگے اور نہ ٹھہرے
٥٨٩	رَبْوَةٍ (2:265)	اونچی جگہ	ر۔ب۔و	ٹیلہ یا بلند جگہ
٥٩٠	فَطَلٌّ (2:265)	پس شبنم ہی	ط۔ل۔ل	١۔ بوندا باندی ٢۔ ہلکی بارش ٣۔ شبنم اور پھوار
٥٩١	اَعْنَاب (2:266)	انگوروں کا	ع۔ن۔ب	
٥٩٢	اِعْصَارٌ (2:266)	ایسا بگولا	ع۔ص۔ر	١۔ لُو ٢۔ گرد وغبار والی تیز وتند ہوا ٣۔ بگولا ٤۔ وہ تیز وتند ہوا جا فضا میں چکر کاٹے جو گرد وغبار سے پُر

				ہواورآسمان کارخ کرے
۵۹۳	فَاحْتَرَقَتْ	پھر جل جائے	ح۔ر۔ق	۱. جلنا ۲. جل کرراکھ ہوجانا

رکوع نمبر ۳۷ (آیات ۲٦۷ تا ۲۷۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۵۹۴	تَيَمَّمُوا (2:267)	قصد کرو، چھانٹو	ی۔م۔م ت۔م۔م	۱. ارادہ کرنا ۲. مکمل کرنا ۳. ارادہ کرکے مکمل کرنا
۵۹۵	الْخَبِيْثُ (2:267)	بری چیزیں	خ۔ب۔ث	ناپاک اور ناکارہ چیز ، مادی اور معنوی دونوں صورتوں میں استعمال ہوتا ہے
۵۹٦	تُغْمِضُوْ (2:267)	آنکھیں بند کرلو	غ۔م۔ض	۱. نیند کا جھونکا ۲. تغافل اور تساہل ۳. آنکھیں بند کرنا
۵۹۷	الْفَقْرُ (2:268)	تنگدستی کا	ف۔ق۔ر	۱. ریڑھ کی ہڈی کا سوراخ ۲. زندگی کی بنیادی ضروریات کا نہ پایا جانا ۳. ضروریات زندگی کا کماحقہ پورا نہ ہونا ۴. مصیبت نے ریڑھ کی ہڈی توڑ رکھی ہو
۵۹۸	تُخْفُوْهَا (2:271)	چھپا کردو اسکو	خ۔ف۔ی	کوئی خیال دل میں چھپایا جائے یا کوئی چیز کسی اور جگہ
۵۹۹	التَّعَفُّفِ (2:273)	خودداری	ع۔ف۔ف	۱. حیا کرنا ۲. نفس میں ایسی حالت کا پیدا ہوجانا جسکے ذریعہ وہ غلبہ شہوت سے محفوظ رہے ۳. عفت طلب کرنا، کسی چیز سے پرہیز کرنا
٦۰۰	اِلْحَافًا (2:273)	لپٹ کر	ل۔ح۔ف	چمٹ کر مانگنا

رکوع نمبر ۳۸ (آیات ۲۷۴ تا ۲۸۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۰۱	يَتَخَبَّطُهُ (2:275)	دیوانہ بنا دیا ہوا سے	خ۔ب۔ط	۱. کسی چیز کو اندھا دھند مارنا ۲. خبط ہو جانا ۳. دیوانہ ۴. بھٹکنا
۶۰۲	سَلَفَ (2:275)	پہلے ہو چکا	س۔ل۔ف	
۶۰۳	عَادَ (2:275)	پھر لینے لگا	ع۔و۔د	کسی کام کو ابتداء کرنے کے بعد دوبارہ اس کی طرف پلٹنے کو عود کہتے ہیں
۶۰۴	يَمْحَقُ (2:276)	نابود کرتا ہے	م۔ح۔ق	گھٹنا اور کم ہونا
۶۰۵	الصَّدَقٰتِ (2:276)	خیرات کو	ص۔د۔ق	دل وزبان کی ہم آہنگی
۶۰۶	بَقِيَ (2:278)	باقی رہ گیا	ب۔ق۔ی	کسی چیز کا باقی رہنا
۶۰۷	بِحَرْبٍ (2:278)	جنگ کا	ح۔ر۔ب	۱. لوٹ لینا ۲. چھین لینا ۳. حرب کا لفظ قتال سے زیادہ وسیع مفہوم رکھتا ہے اس میں لڑنے کے علاوہ مال غنیمت حاصل کرنے کا تصور بھی پایا جاتا ہے۔ نیز یہ لفظ لڑائی کے اسباب و نتائج اور متاثرہ حالات تک کے پورے زمانے کو محیط ہوتا ہے

رکوع نمبر ۳۹ (آیات ۲۸۲ تا ۲۸۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۰۸	يَبْخَسْ (2:282)	کم کرے	ب۔خ۔س	۱. ناقص ۲. گھٹیا ۳. کمتر ۴. بدل میں ناقص یا کمتر چیز دینا یا تھوڑی دینا

۶۰۹	تَسْئَمُوْ (2:282)	سستی سے کام لو	س۔ء۔م	اکتاہٹ محسوس کرنا
۶۱۰	صَغِیْرًا (2:282)	تھوڑا ہو	ص۔غ۔ر	چھوٹا ہونا خواہ جسامت کے لحاظ سے ہو یا وقدرو منزلت کے لحاظ سے اس کا اطلاق زمانہ پر بھی ہوتا ہے یعنی عمر میں چھوٹا ہونا
۶۱۱	اَقْسَطُ (2:282)	نہایت قرین انصاف	ق۔س۔ط	ا۔ کسی کو اسکا حق پورا پورا ادا کرنا ۲۔ میزان ۳۔ ظلم سے بچنا یعنی انصاف کرنا یہ لفظ لغتِ اضداد سے ہے **قَسَطَ**۔۔۔۔ ہوتو اسکے معنی کسی کا حق دبانے، حق کے خلاف کرنے اور حق سے تجاوز کرنا کے ہونگے
۶۱۲	فَرِھٰنٌ (2:283)	پس رہن رکھ لو	ر۔ہ۔ن	ا۔ گروی رکھی ہوئی چیز ۲۔ اصل میں اس چیز کو کہتے ہیں جو قرض میں بطور ضمانت رکھی جائے

رکوع نمبر ۴۰ (آیات ۲۸۴ تا ۲۸۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۱۳	اِصْرًا (2:286)	بوجھ	ا۔ص۔ر	ا۔ گرہ لگانا ۲۔ کسی چیز کو زبردستی روک لینا، اس لحاظ سے عہد وغیرہ کی پابندی اور شرعی احکام کی تعمیل کی ذمہ داری اصر ہے ۳۔ ذمہ داری کا بوجھ ۴۔ معاشی اور اسی قسم کی دوسری ذمہ داریوں کا بوجھ

❀❀❀

سورة آلِ عِمْران

رکوع نمبر ۱ (آیات ۱ تا ۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۱۴	التوراة (3:3)	تورات		عبرانی زبان میں تورات شریعت کا کہتے ہیں
۲۱۵	الانجیل (3:3)	انجیل		عبرانی زبان میں انجیل خوشخبری کو کہتے ہیں توراۃ کی شریعت میں قصاص پر زور دیا گیا ہے جبکہ انجیل میں عفوودرگزر سے کام لیا گیا ہے تورات موسیٰؑ کی بعثت سے لیکر انکی وفات سے ۴۰ سال بعد تک کے واقعات کی کتاب ہے جبکہ انجیل حضرت عیسیٰؑ کے آخری ڈھائی سال کے خطبات پر مبنی ہے
۲۱۶	یُصَوِّرُکُمْ (3:6)	صورتیں بناتا ہے تمہاری	ص۔و۔ر	۱. مانوس کرنا ۲. مائل کرنا ۳. تصویر گری ۴. کسی مادی چیز کے ظاہری نشان اور خدوخال جس سے اسے پہچانا جا سکے اور دوسری چیزوں سے اس کا امتیاز ہو سکے
۲۱۷	زَیْغٌ (3:7)	کجی ہے	ز۔ی۔غ	۱. مائل ہونا ۲. ٹیڑھا ہونا ۳. راہِ حق سے انحراف کرنا ۴. زاویہ یا نقطہءنظر میں تبدیلی، ٹیڑھا اور انحراف
۲۱۸	تَأْوِیلِه (3:7)	اس کی اصل	ا۔و۔ل	۱. کسی چیز کو اصل کی طرف رجوع کرنا ۲. کسی چیز کو اسکی اصل کی طرف لوٹا دینا (علمی اور عملی دونوں طرح سے مقصود ہو)

۶۱۹	الرّٰسِخُون (3:7)	باکمال۔مضبوط	ر۔س۔خ	۱. اپنی جگہ پرگڑ جانا (منجمد) ۲. کسی چیز کا محکم ہونا ۳. کسی چیز کو بہت سے دلائل کے ساتھ جاننا
۶۲۰	وَهَبَ (3:8)	عطافرما	و۔ہ۔ب	بلا معاوضہ ومحنت کسی کو کچھ دے دینا اور بعد میں کسی فائدہ یا عوض کی توقع نہ رکھنا

رکوع نمبر۲ (آیات ۱۰ تا ۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۲۱	كَدَأْبِ (3:11)	جیسا حال	د۔ا۔ب	۱. مسلسل چلتے رہنا ۲. عادات واطوار ۳. چال ڈھال ۴. عادتِ مستمرہ
۶۲۲	بِذُنُوبِهِمْ (3:11)	انکے گناہوں پر	ذ۔ن۔ب	ہر اس فعل کو کہتے ہیں جسکا انجام برا ہو چھوٹی چھوٹی لغزشوں سے لیکر بڑے گناہوں تک سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے
۶۲۳	لَعِبْرَةً (3:13)	عبرت ہے	ع۔ب۔ر	۱. کسی وادی یا نہر کو پار کر جانا ۲. خواب کی تعبیر بیان کرنا ۳. کسی دیکھی ہوئی چیز سے ان دیکھے نتائج تک پہنچ جانا ۴. ایک حالت سے دوسری حالت تک پہنچ جانا ۵. سفر کرنا ۶. عبرت حاصل کرنا
۶۲۴	الشَّهَوٰتِ (3:14)	خواہشوں کی چیزوں کی	ش۔ہ۔و	۱. انسان کی طبعی تقاضوں کی خواہشات ۲. ایسی خواہشات جنکی طرف انسان کا نفس کھچا چلا جاتا ہے، جیسے بھوک۔ پیاس۔ مال کی حرص اور جنسی خواہشات. خواہ انکا استعمال اچھا ہو یا برا اور ان میں انسان کے اپنے ارادہ کا دخل نہیں ہوتا
۶۲۵	وَالْقَنٰطِيْرِ (3:14)	اور بڑے ڈھیر خزانے	ق۔ن۔ط۔ر	سونے چاندی یا نقدی کی ایک بھاری مقدار

٦٢٦	والفِضَّةِ (3:14)	اور چاندی	ف-ض-ض	
٦٢٧	الْخَيْلِ (3:14)	گھوڑے	خ-ی-ل	گھوڑوں کا گلہ
٦٢٨	المَاٰبِ (3:14)	ٹھکانا	ا-و-ب ا-ب	۱. لوٹنے کی جگہ ۲. ٹھکانا ۳. بازگشت یا واپسی کا سفر
٦٢٩	الاِسْلَامُ (3:19)	اسلام ہے	س-ل-م	؟

رکوع نمبر ۳ (آیات ۲۱ تا ۳۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
٦٣٠	وَغَرَّهُمْ (3:24)	اور دھوکا دیا	غ-ر-ر	۱. کسی کو غافل پا کر اس سے اپنا مقصد حاصل کرنا ۲. فریب دینا ۳. پھانسنا
٦٣١	يَفْتَرُوْنَ (3:24)	بہتان باندھتے	ف-ر-ی	فری کے معنی ۱. چمڑے کو سینے اور درست کرنے کیلئے کاٹنا اور افتراء کے معنی اسے خراب کرنے کیلئے کاٹنا کے ہیں ۲. افتراء کا لفظ اصلاح اور فساد دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے، لیکن زیادہ فساد ہی کے معنوں میں آتا ہے ۳. قرآن میں یہ لفظ جھوٹ، شرک اور ظلم کے معنوں میں آیا ہے ۴. افتراء سے مراد عموماً وہ بناوٹی عقائد ہیں جو خود تراش کر اللہ کی طرف منسوب کر دیئے جائیں یا جو

				اصلاح کی بجائے بگاڑ پیدا کریں
۲۳۳	تَنْزِعُ (3:26)	چھین لیتا ہے You take away	ن۔ز۔ع	۱. کسی چیز کو اسکی قرارگاہ سے کھینچنا، جیسے روح کو جسم سے کھینچنا ۲. کھینچ کر کوئی چیز نکال لینا
۲۳۴	تُوْلِجُ (3:27)	داخل کرتا ہے	و۔ل۔ج	۱. کسی تنگ جگہ میں داخل ہونے کو کہتے ہیں ۲. بمشکل داخل ہونا ۳. گھسنا
۲۳۴	صُدُوْر (3:29)	دلوں	ص۔د۔ر	۱. سینہ ۲. سینہ کے اندر ہی دل ہوتا ہے اس لیئے اکثر دل مراد لے لیئے جاتے ہیں
۲۳۵	اَمَدًا (3:30)	مسافت ، فاصلہ	ا۔م۔د	یہ لفظ مدتِ دراز کیلئے استعمال ہوتا ہے زمان اور مکان دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ مکان کی صورت میں فاصلہ کے معنی دیتا ہے

رکوع نمبر ۴ (آیات ۳۱ تا ۴۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۳۶	نَذَرْتُ (3:35)	نذر کرتی ہوں	ن۔ذ۔ر	۱. کسی حادثہ کی وجہ سے کسی غیر واجب چیز کو اپنے اوپر واجب کر لینا ۲. نذر یا منت ماننا اگرچہ یہ نذر یا منت عموماً حالات سے مشروط ہوتی ہے۔ تاہم اس نذر یا منت کی ادائیگی لازم اور واجب ہوتی ہے
۲۳۷	وَضَعَتْهَا (3:36)	اس نے جنا اسے	و۔ض۔ع	۱. کسی چیز کو نیچے رکھنا ۲. وضعت الحمل کا معنی ہوتا ہے میں نے بوجھ کو اتار کر نیچے رکھ دیا۔ وضع حمل کا لفظ انسانوں اور جانوروں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۲۳۸	كَفَّلَهَا (3:37)	اسکا سرپرست بنایا	ک۔ف۔ل	کسی کے نان و نفقہ اور خبر گیری کا ذمہ دار ہونا

۶۳۹	سَيِّدًا (3:39)	سردار	س۔و۔د س۔ا۔د	١. شریف ہونا ٢. بزرگ ہونا ٣. قوم کا سردار ہونا ٤. شان وشرف میں کسی پر غالب آنا ٥. سیّد کسی بڑی جماعت کے سردار کو کہتے ہیں ۔ چونکہ سردار کا مہذب ہونا لازمی ہے۔ اس لیے ہر شریف النفس آدمی کو بھی سیّد کہہ سکتے ہیں۔اسی نسبت سے آقا اور خاوند کو بھی سیّد کہا جاتا ہے
۶۴۰	حَصُورًا (3:39)	ضبطِ نفس رکھنے والا عورتوں سے رغبت نہ رکھنے والا	ح۔ص۔ر	١. تنگ کرنا، گھیرنا ٢. قیدخانہ (حصیر) ٣. حصیر کے معنی بچھونا کے بھی لیے جاتے ہیں ٤. حصیر بادشاہ کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے یا تو اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ہر وقت محصور رہتا ہے. یا اس لئے کہ جسے چاہے اپنے پاس آنے سے روک سکتا ہے ٥. اس آیت میں حصورا سے مراد عورتوں سے رغبت نہ رکھنے والا کے ہیں. خواہ یہ نامرادی کی وجہ سے ہو یا عفت اور ازالۂ شہوت میں مجاہدہ کی وجہ سے ہو. یہاں یہ دوسرے معنوں میں استعمال ہوا ہے
۶۴۱	غُلَامٌ (3:40)	لڑکا	غ۔ل۔م	١. اس بچے یا لڑکے کو کہتے ہیں جو بالغ ہو چکا ہو. اور اسکی جنسی خواہشات پیدا ہو چکی ہوں ٢. دوسرے معنوں میں غلام ان بچوں کو بھی کہتے ہیں جو امیر گھروں میں جو گھر کے چھوٹے موٹے کام کاج کیلئے رکھے جاتے ہیں .اس صلہ میں یا تو انکو معمولی معاوضہ دیا جاتا ہے یا پھر تہذیب و تربیت ہی انکا معاوضہ ہوتی ہے .اس صورت میں غلام کا اطلاق نابالغ بچے پر بھی ہوسکتا ہے

۲۴۲	عَاقِرٌ (3:40)	بانجھ	ع۔ق۔ر	عقر کے معنی گھاؤ یا زخم لگانے کے ہوتے ہیں الکلب العقور کاٹنے والے کتے کو بھی کہتے ہیں. عقر النخلۃ کے معنی کھجور کے درخت کو جڑ سے کاٹ دینا العقر کسی کے آخری بچے کو بھی کہتے ہیں. جسکے بعد کوئی اولاد نہ ہو. گویا عاقر کا لفظ ایسی عورت کیلئے بولا جاتا ہے، جسکے پہلے اولاد ہوتی رہی ہو۔ بعد میں رحم میں زخم یا حیض کی بندش یا کسی اور وجہ سے اسکے ہاں اولاد ہونا بند ہو گئی ہو، نیز یہ لفظ عورت اور مرد دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۲۴۳	رَمْزًا (3:41)	اشارے سے	ر۔م۔ز	ہونٹ سے اشارہ کرنے یا ہلکی سی آواز نکالنے کو کہتے ہیں۔ اور ہر وہ کلام جو اشارہ کی طرح کا ہو
۲۴۴	الْعَشِيِّ (3:41)	شام	ع۔ش۔ی	یہ وقت غروبِ آفتاب سے پہلے شروع ہوتا ہے
۲۴۵	الابکار (3:41)	صبح	ب۔ک۔ر	دن کا ابتدائی حصہ

رکوع نمبر ۵ (آیات ۴۲ تا ۵۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۴۶	نُوحِيهِ (3:44)	ہم وحی کر رہے ہیں اسکو	و۔ح۔ی	۱. مخفی اور تیز اشارہ ۲. اشارۂ شریعہ ۳. فطری راہنمائی شرعی اصطلاح میں وحی سے مراد وہ تعلیم اور احکام جو اللہ تعالیٰ اپنے کسی برگزیدہ انسان کی طرف عام لوگوں کی راہنمائی کیلئے بھیجتے ہیں ۔ اسکی تین صورتیں قرآن مجید میں موجود ہیں

				۱. اللہ تعالیٰ براہِ راست بات دل میں ڈال دے ۲. اپنا فرشتہ رسول کی طرف بھیجے ۳. پردہ کے پیچھے سے بات کرے (جیسے کہ موسیٰؑ سے کی گئی)
۲۴۷	اَقْلَامَهُمْ (3:44)	اپنے قلم	ق-ل-م	۱. کسی سخت چیز کو تراشنا ۲. خاص طور پر لکھنے کے آلہ اور قرعہ اندازی کے تیر پر بولا جاتا ہے
۲۴۸	الْمَسِيْحُ (3:45)	مسیح	م-س-ح	۱. کسی چیز پر ہاتھ پھیرنا اور اس سے نشان اور آلائش صاف کر دینا ۲. کبھی صرف کسی چیز پر ہاتھ پھیرنا کے معنوں میں بھی آتا ہے ۳. چلنا اور مسافت طے کرنا ۴. اعضاء پر سے پانی گزارنا
۲۴۹	كَهْلًا (3:46)	بڑی عمر	ک-ہ-ل	ادھیڑ عمر آدمی جسکے بال سفید ہو گئے ہوں
۲۵۰	الطِّيْنِ (3:49)	مٹی	ط-ی-ن	۱. پانی میں ملی ہوئی مٹی کو کہتے ہیں. گو کہ اس سے پانی کا اثر زائل ہی کیوں نہ ہو جائے ۲. چپکنے والی مٹی
۲۵۱	كَهَيْئَةِ (3:49)	مانند صورت	ہ-ی-ا	۱. کسی چیز کی رف (rough) سی ابتدائی شکل و صورت کو کہا جاتا ہے ۲. کسی چیز کی حالت اور کیفیت
۲۵۲	فَاَنْفُخُ (3:49)	پھر پھونک مارتا ہوں	ن-ف-خ	۱. پیٹ کا پھولنا ۲. کسی چیز میں پھونک کر ہوا داخل کرنے کے ہیں
۲۵۳	الْاَكْمَهَ (3:49)	اندھے کو	ک-م-ہ	۱. پیدائشی اندھا ۲. بعض اوقات ایسے آدمی کیلئے بھی آتا ہے جسکی بعد میں بصارت کھو گئی ہو
۲۵۴	الْاَبْرَصَ (3:49)	کوڑھی	ب-ر-ص	ایک بیماری کا نام ہے

۶۵۵	تَدَّخِرُوْنَ (3:49)	تم ذخیرہ کرتے ہو	د۔خ۔ر	
۶۵۶	اَحَسَّ (3:52)	محسوس کیا	ح۔س۔س	کسی چیز کو محسوس کرنا
۶۵۷	اَلْحَوَارِیُّوْنَ (3:52)	حواری	ح۔و۔ر	۱. پلٹنا ۲. کسی چیز کو سفید کرنا ۳. حواری دھوبی کو بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کے ساتھی حواری اس لیئے کہلاتے ہیں لوگوں کو علمی اور دینی فائدہ پہنچا کر گناہوں کی میل سے اپنے آپکو پاک کرتے ہیں
۶۵۸	وَمَکَرُوْا (3:54)	وہ خفیہ چال چلے	م۔ک۔ر	۱. کسی شخص کو حیلہ کے ساتھ اسکے مقصد سے پھیر دینا کے ہیں ۲. کسی کام کو سرانجام دینے کیلیئے حیلہ جوئی اور دھوکا کرنا ۳. کسی کو خفیہ طریقہ سے چال میں پھنسا لینا

رکوع ۶، ۷، ۸ (آیات ۵۵ تا ۶۳، ۶۴ تا ۷۱، ۷۲ تا ۸۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۵۹	نَبْتَهِلْ (3:61)	دعا کریں	ب۔ھ۔ل	۱. اس لفظ کے اصل معنی کسی چیز کا اس حال میں ہونا کہ اسکی دیکھ بھال نہ کی جائے۔ اسی سے **الباھل** اس اونٹ کو کہتے ہیں جسے نشان لگائے بغیر آزاد چھوڑ دیا جائے۔ اس سے تشبیہ دے کر اسکو کسی کی رائے اور ارادہ میں آزاد چھوڑ دینے کے معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے ۲. دعا میں پوری عاجزی اور انکساری سے دعا کرنا۔ چونکہ آیت مباہلہ میں اللہ کی لعنت کا ذکر ہے، اس

				لئے مباہلہ کا لفظ ایک دوسرے پر لعنت بھیجنے کیلئے استعمال ہونے لگا
٢٦٠	قِنْطَارْ (3:61)	ڈھیر ، خزانہ	ق۔ن۔ط۔ر	سونے، چاندی یا نقدی کی بھاری مقدار کے نزدیک یہ مقدار چار ہزار دینار یا اس سے بھی زیادہ ہے
٢٦١	دینار (3:75)	دینار	د۔ن۔ر	سکہ
٢٦٢	دُمْتَ (3:75)	تو رہے	د۔و۔م	ا. سکون. ٹھہر جانا ٢. وہ چیز جو عرصہ دراز تک رہے ٣. کسی چیز کا عرصہ دراز تک بلا تغیر ایک ہی حالت میں رہنا
٢٦٣	يَلْوُنَ (3:78)	وہ مروڑتے ہیں	ل۔و۔ی	ا. بٹنا (رسی بٹنا) ٢. موڑنا یا مروڑنا ٣. ٹال مٹول کرنا ٤. لواء۔ جھنڈا جو کبھی اِدھر پھڑ پھڑاتا ہے تو کبھی اُدھر
٢٦٤	أَلْسِنَتَهُمْ (3:78)	زبانیں اپنی	ل۔س۔ن	زبان اور قوتِ گویائی کو اللسان کہتے ہیں
٢٦٥	رَبَّانِيِّينَ (3:79)	ربانی ، اللہ والے	ر۔ب۔و	ربا : سود ربوۃ : ٹیلہ ربٰی : پرورش کرنا اربٰی : بڑھانا
٢٦٦	تَدْرُسُونَ (3:79)	تم پڑھتے ہو	د۔ر۔س	ا. بوسیدہ ہونا ٢. علم کی طرف متوجہ ہونا۔ علم کو حفظ کرنا اور ضبط کر کے اس کا اثر حاصل کرنا ہے۔ چونکہ یہ بات مسلسل پڑھنے سے ہی حاصل ہوتی ہے، اس لیے درس مسلسل اور باقاعدہ پڑھنے کے معنی میں آتا ہے

رکوع نمبر ۹، ۱۰ (آیات ۸۱ تا ۹۱، ۹۲ تا ۱۰۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۶۷	بَکَّۃ (3:96)	مکہ	ب۔ک۔ک	
۲۶۸	مُبَارَکًا (3:96)	بابرکت	ب۔ر۔ک	۱. اَلْبَرَکَ کے اصلی معنی اونٹ کے سینے کے ہیں۔ جس پر وہ جم کر بیٹھ جاتا ہے ۲. اَلْبَرَکَۃ کے معنی کسی شے میں خیر الٰہی ثابت ہونے کے ہیں ۳. ہر وہ چیز جس میں خیر و برکت پائی جائے وہ تمام خیرات جنکو لفظ تبارک کے تحت ذکر کیا ہے ذاتِ باری تعالیٰ ہی کے ساتھ مختص ہیں۔
۲۶۹	عِوَجًا (3:99)	کجی، ٹیڑھ	ع۔و۔ج	۱. کسی چیز کے سیدھا کھڑے ہونے کی حالت سے ایک طرف جھک جانا ۲. ایسا ٹیڑھا پن جو آنکھ سے بسہولت دیکھا جاسکے۔ العوج کہلاتا ہے ۳. اَلْعِوَج اس ٹیڑھے پن کو کہتے ہیں جو عقل و بصیرت سے دیکھا جاسکے
۲۷۰	یَعْتَصِمْ (3:101)	مضبوط پکڑتا ہے	ع۔ص۔م	۱. روکنا ۲. کسی چیز کو اپنے پاس روک کر یا اپنی حفاظت میں لیکر اسے کسی ایسی آفت سے بچانا جس میں وہ جا پڑنے والا ہو

رکوع نمبر ۱۱ (آیات ۱۰۲ تا ۱۰۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۷۱	حَبْلٌ	رسی	ح۔ب۔ل	۱. رسی اور اسی طرح کی کوئی اور چیز

	(3:103)			۲. رگ چونکہ رسی کی طرح کی ہوتی ہے۔ اس لیے شہ رگ کو بھی حبل الورید کہا جاتا ہے
۶۷۲	شَفَا (3:103)	کنارہ	ش۔ف۔و	کنوئیں وغیرہ کے کنارے کو کہتے ہیں یہ قربِ ہلاکت کیلئے ضرب المثل ہے
۶۷۳	حُفْرَۃٍ (3:103)	ایک گڑھے کے	ح۔ف۔ر	۱. وہ مٹی جو گڑھے سے نکالی جاتی ہے ۲. گڑھا کھودنا
۶۷۴	فَاَنْقَذَكُمْ (3:103)	تو بچالیا اس نے	ن۔ق۔ذ	۱. کسی خطرہ یا ہلاکت سے کسی کو نجات دلانا ۲. چھڑانا اور بچانا
۶۷۵	اَلْمُنْكَرِ (3:104)	بُرے کام	ن۔ک۔ر	۱. انوکھی اور عجیب بات ۲. ہر وہ بات جسے معاشرہ قبیح خیال کرتا ہے

رکوع نمبر۱۲ (آیات ۱۱۰ تا ۱۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۷۶	الادبار (3:111)	پیٹھیں	د۔ب۔ر	۱. مقعد اور ہر چیز کا پچھلا حصہ ۲. پیچھے
۶۷۷	اٰنَآءَ (3:113)	وقت	ا۔ن۔ی	۱. اپنی انتہا اور پختگی کے وقت کو پہنچنا ۲. وقت
۶۷۸	صِرٌّ (3:117)	سخت سردی	ص۔ر۔ر	۱. پالا ۲. کہر
۶۷۹	یَاْلُوْنَكُمْ (3:118)	کوتاہی کرتے تمھاری	ا۔ل۔و	۱. کمی کرنا ۲. کوئی کام جیسے چاہے ویسے نہ کرنا ۳. کسر چھوڑنا
۶۸۰	خبالاً (3:118)	خرابی میں	خ۔ب۔ل	۱. اعضاء وجوارح کے بگاڑ پر بولا جاتا ہے ۲. ایسی خرابی کو کہتے ہیں جو کسی کو لاحق ہو کر اضطراب اور بے چینی پیدا کردے جیسے جنون وغیرہ

۲۸۱	بَغْضَآءُ (3:118)	دشمنی	ب۔غ۔ض	۱. کسی چیز یا شخص سے متنفر ہونا ۲. یہ دشمنی کا دوسرا درجہ ہے ۳. عداوت اور دشمنی
۲۸۲	اَفْوَاهِهِمْ (3:118)	انکے منہ	ف۔و۔ہ	۱. تمھارے منہ کی باتیں ۲. جھوٹی باتوں کیلئے قرآن میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے ۳. منہ سے وہ باتیں کہنا جو دل میں نہ ہو
۲۸۳	عَضُّو (3:119)	کھاٹ کھاتے ہیں	ع۔ض۔ض	کسی چیز کو دانت سے پکڑ لینا یا کاٹنا
۲۸۴	انامل (3:119)	انگلیاں	ن۔م۔ل	۱. چیونٹی ۲. انگلی
۲۸۵	غیظ (3:119)	غصہ	غ۔ی۔ظ	سخت غصہ وہ حرارت جو انسان اپنے دل کے دورانِ خون کے تیز ہونے پر محسوس کرتا ہے
۲۸۶	یَفْرَحُوْا (3:120)	خوش ہوتے ہیں وہ	ف۔ر۔ح	۱. کسی نعمت کے ملنے پر خوش ہونا ۲. اِترانا
۲۸۷	کَیْدُھُمْ (3:120)	فریب انکا	ک۔ی۔د	۱. خفیہ تدبیر ۲. حیلہ جوئی ۳. ڈھیل اور مہلت دینا ۴. داؤ یا چال چلنا

رکوع نمبر ۱۳، ۱۴ (آیات ۱۲۱ تا ۱۲۹، ۱۳۰ تا ۱۴۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۸۸	غَدَوْتَ (3:121)	تو صبح کو نکلا	غ۔د۔و	۱. دن کا ابتدائی حصہ ۲. کل ۳. کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھالیا جائے
۲۸۹	تُبَوِّئُ (3:121)	بٹھانے لگے آپ متعین کرنے لگے	ب۔و۔ا	کسی کو اسکی طبیعت اور پسند کے موافق جگہ پر آباد کرنا

۲۹۰	هَمَّت (3:122)	ارادہ کیا	ھ۔م۔م	جب کوئی ارادہ کچھ وقت دل میں رہے اور انسان اسکو عملی جامہ پہنانے کیلئے غور و فکر اور سوچ و بچار کرتا رہے تو اسکو ھمّ کہتے ہیں
۲۹۱	تَفْشَلَا (3:122)	جی چھوڑ دیں	ف۔ش۔ل	۱. لڑائی کے وقت بزدلی دکھانا ۲. ہمت ہارنا ۳. نامرادی دکھانا ۴. کمزوری اور بزدلی دکھانا
۲۹۲	فَلْيَتَوَكَّلِ (3:122)	پس بھروسہ رکھنا چاہیے	و۔ک۔ل	۱. اپنے معاملہ میں کسی دوسرے پر اعتماد کرنا ۲. کسی دوسرے پر اعتماد کر کے اپنا معاملہ اسکے سپرد کر دینا ۳. اپنا وکیل بنانا
۲۹۳	فَوْرِهِمْ (3:125)	جوش اپنے	ف۔و۔ر	۱. ابلنا اور جوش مارنا ۲. بہت جلدی ۳. فوراً اسی گرم جوش کیساتھ کوئی کام کرنا
۲۹۴	طَرَفًا (3:127)	ایک جماعت کو	ط۔ر۔ف	۱. ہر چیز کی آخری حد ۲. نوکدار پہلو ۳. نگاہ ۴. سخت
۲۹۵	يَكْبِتَهُمْ (3:127)	انہیں ذلیل کر دے	ک۔ب۔ت	۱. سختی اور ذلت کیساتھ لوٹا دینا ۲. پھیرنا ۳. غصہ سے رد کرنا ۴. غصہ کی حالت میں ذلیل و خوار اور رسوا کرنا
۲۹۶	خَآئِبِيْنَ (3:127)	ناکام و نامراد	خ۔ی۔ب	۱. ناکام ہونا اور مقصد فوت ہو جانا ۲. سرکش ضدی

رکوع نمبر ۱۵ (آیات ۱۴۴ تا ۱۴۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۹۷	الْكٰظِمِيْنَ (3:134)	روکنے، دبانے والے	ک۔ظ۔م	**الکظم** سانس کی نالی کو کہتے ہیں **کاظم** اس شخص کو کہتے ہیں جو غصہ سے سانس کی نالی تک بھرا ہوا ہو۔ مگر اسکا اظہار نہ کرے دبا جائے۔

۶۹۸	سُنَنٌ (3:137)	بہت سے واقعات	س۔ن۔ن	کسی چیز کا جاری ہونا اور اسکا درست طور پر چلنا
۶۹۹	تَهِنُوا (3:139)	سست ، بے دل ہو تم	و۔ہ۔ن	جسمانی یا اخلاقی کمزوری کی وجہ سے سست ہونا
۷۰۰	قَرْحٌ (3:140)	کوئی زخم	ق۔ر۔ح	پھوڑا۔ پھنسی۔ خارش۔ زخم یہ اندرونی اثر سے بھی ہوسکتا ہے اور خارجی سے بھی ایسا زخم جسکا اثر جلد تک محدود ہو خواہ جلد چھل جائے یا خراشیں ہوں۔ یا پھوڑے پھنسیاں
۷۰۱	نُدَاوِلُهَا (3:140)	ہم باری باری بدلتے ہیں انکو	د۔و۔ل	ا. زمانہ کا ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرنا ۲. روپے پیسے کی گردش ۳. خوشحالی کے ایام
۷۰۲	لِيُمَحِّصَ (3:141)	اسلیئے کہ پاک کر لے، خالص کرلے	م۔ح۔ص	ا. کسی چیز کو کھوٹ و الائش اور آمیزش سے پاک صاف کرنا ۲. عملی زندگی میں انسان کو کمزوریوں اور تقاضوں سے پاک کرنا مراد ہے
۷۰۳	اسْتَكَانُوا (3:146)	بزدلی کی	ک۔ی۔ن ک۔و۔ن	ا. پوری محنت کے بعد تھک کر اور کمزور ہو کر بالآخر ۲. ہمت ہار دینا ۳. عاجز ہو جانا ۴. ہمت کا جواب دے جانا ۵. کمزوری اور بزدلی دکھانا
۷۰۴	إِسْرَافَنَا (3:147)	اور زیادتیاں ہماری	س۔ر۔ف	ا. حدِّ اعتدال سے آگے بڑھ جانا ۲. مال و دولت یا خورد و نوش ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا ۳. جائز کاموں میں ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا

رکوع نمبر ۱۶ (آیات ۱۴۹ تا ۱۵۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۰۵	الرُّعْبُ (3:151)	رعب	ر۔ع۔ب	ا. خوف کی شدت ۲. دہشت ۳. خوف سے بھر جانا۔ ۴. کسی کے ڈر کی وجہ سے دبک جانا

۷۰۶	مَاْوٰهُمُ (3:151)	ٹھکانہ انکا	ا۔و۔ی	۱. کسی جگہ پر مستقل طور پر اقامت کرنا ۲.کسی کیساتھ مل جانا اور منضم ہو جانا ۳. دل سے کسی کی طرف مائل ہونا
۷۰۷	مثوی (3:151)	ٹھکانہ	ث۔و۔ی	۱. کسی جگہ پر مستقل طور پر اقامت کرنا ۲. کسی جگہ ٹھہرنا آباد ہونا ۳. دفن کیا جانا ۴. کسی ایک ہی مقام پر رہائش اختیار کیئے رکھنا
۷۰۸	تُصْعِدُوْنَ (3:153)	تم چڑھے جاتے تھے	ص۔ع۔د	۱. اس لفظ میں بنیادی طور پر دو باتیں پائی جاتی ہیں بلندی ۔ مشقت یعنی کسی بلند مقام پر مشقت سے چڑھنا ۲. کسی چیز کا بمشکل اوپر اٹھنا مثلاً دھواں
۷۰۹	نُعَاساً (3:154)	اونگھ ، نیند	ن۔ع۔س	۱. یہ نیند کی ابتدائی کیفیت ہے بمعنی غنودگی ۲. جب نیند کی وجہ سے حواس سست پڑ جائیں اور آنکھوں پر اسکا اثر نمایاں ہونے لگے
۷۱۰	مَضَاجِعِهِمْ (3:154)	قتل گاہوں اپنی	ض۔ج۔ع	۱. پہلو یا کروٹ کے بل لیٹنا ۲. ستانا۔ آرام کرنا خواہ نیند آجائے یا نہ آئے ۔ نیم خوابی کی حالت

رکوع نمبر ۱۷ (آیات ۱۵۶ تا ۱۷۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۱۱	غُزًّی (3:156)	جہاد کرنے والے غازی	غ۔ز۔و	دشمن سے جنگ کرنے کے ارادے سے نکلنا ، جو اس ارادے سے نکلے اسکو غازی کہتے ہیں
۷۱۲	لِنْتَ (3:159)	نرم دل ہوئے آپ	ل۔ی۔ن	۱. نرم ہونا ۲. کسی چیز کا لچکدار ہونا اس لفظ کا استعمال مادی اور معنوی دونوں صورتوں میں ہوتا ہے

۲۱۳	فَظًّا (3:159)	تندخو	ف۔ظ۔ظ	۱. بدمزاج ۲. سخت کلام ۳. زبان کا کڑوا
۲۱۴	غلیظ (3:159)		غ۔ل۔ظ	سنگدلی اور تندخوئی کے مجموعہ کو کہتے ہیں. جبکہ اس لفظ کی نسبت دل کی طرف ہو
۲۱۵	یَغُلَّ (3:161)	خیانت کرے گا	غ۔ل۔ل	۱. کوئی چیز چوری سے اپنے سامان میں رکھ لینا پھر اسے یوں بند کرنا کہ ظاہر نہ ہو سکے ۲. خیانت کرنا ۳. بخل کرنا
۲۱۶	بِسَخَطٍ (3:162)	غصے، ناخوشی کا	س۔خ۔ط	۱. نارضامندی ۲. ناپسندیدگی ۳. مرضی کے خلاف کام پر خوش ہونا
۲۱۷	جَهَنَّمُ (3:162)	دوزخ	ج۔ہ۔ن۔م	فارسی کے لفظ جہنام سے معرب ہے ۱. دارالعقوبت ۲. سزا اور عقوبت کا گھر
۲۱۸	يَلْحَقُو (3:170)	شامل ہوئے آملے	ل۔ح۔ق	۱. کسی چیز کا اپنی جیسی چیز کو جاملنا ۲. پہلے کے ساتھ ملنے والی چیز

رکوع نمبر ۱۸ (آیات ۱۷۳ تا ۱۸۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۱۹	حَظًّا (3:176)	حصہ	ح۔ظ۔ظ	۱. خیر و فضل کا حصہ ۲. مالداری یا خوش قسمتی ۳. خیر و فضل اور مالداری
۲۲۰	نُمْلِي (3:178)	ہم مہلت دیے جاتے ہیں	م۔ل۔ی	درازی اور وسعت کے معنوں میں آتا ہے
۲۲۱	يَمِيزَ (3:179)	الگ کردے	م۔ی۔ز	۱. کسی چیز کو دوسری چیز سے کسی فوقیت اور ترجیح کی بنا پر الگ کرنا ۲. کسی چیز کو دوسری چیزوں پر ترجیح دینا ۳. فوقیت دینا

۲۲ے	يُطْلِعَكُمْ (3:179)	کہ مطلع کریں تمہیں	ط۔ل۔ع	۱. نکلنا ، طلوع ہونا ۲. کسی کے سامنے ظاہر ہونا اور اوپر پہنچ کر نیچے جھانکنا ۳. ہر وہ چیز جس پر سورج طلوع ہوتا ہو اور انسان اسکی خبر پالے
۲۳ے	يَجْتَبِي (3:179)	وہ انتخاب کرلیتا ہے	ج۔ب۔و ج۔ب۔ی	اسکے معنی میں دو باتیں پائی جاتی ہیں ۱. کسی چیز کو جمع یا اکٹھا کرنا ۲. پھر اسے دوسرے مقام تک پہنچانا
۲۴ے	يَبْخَلُوْنَ (3:180)	بخل کرتے ہیں	ب۔خ۔ل	۱. اپنے جمع شدہ مال میں سے ایسی جگہ پر خرچ نہ کرنا جہاں کرنے کی ضرورت ہو ۲. کسی دوسرے کے حقوق کی ادائیگی یا انفاق فی سبیل اللہ میں کمی کرنا اور اپنی جائز ضروریات پر بھی خرچ نہ کرنا

رکوع نمبر ۱۹، ۲۰ (آیات ۱۸۱ تا ۱۸۹، ۱۹۰ تا ۲۰۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۵ے	ذُوْقُوا (3:181)	چکھو	ذ۔و۔ق	مزا چکھنا
۲۶ے	فَازَ (3:191)	وہ کامیاب ہوا مراد کو پہنچا	ف۔و۔ز	مصیبتوں سے نجات حاصل کرنا اور خیر و عافیت کیساتھ سلامتی کی جگہ پہنچ جانا انسان مر کر بھی دنیا کی مصیبتوں اور پریشانیوں سے نجات حاصل کر کے امن و سلامتی کی جگہ پہنچ جاتا ہے، جہاں اسے سختیوں سے اطمینان اور پریشانیوں سے سکون نصیب ہوتا ہے

۷۲۷	جنوبهم (3:191)	پہلوؤں اپنے	ج-ن-ب	پہلو ، جانب، طرف، کروٹ
۷۲۸	رَابِطُوا (3:200)	آپس میں جڑے رہو جمے رہو	ر-ب-ط	مضبوط باندھنا

❀❀❀

سورۃ النِسآء

رکوع نمبر ا (آیات ا تا ۱۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۲۹	حُوْباً (4:2)	گناہ	ح۔و۔ب	ا. جرم کا ارتکاب کرنا ۲. اصل میں حبة اس حاجت کو کہتے ہیں جو انسان کو ارتکابِ جرم پر آمادہ کرلے ۳. اولاد کا والدین کی نافرمانی کرنا یا والدین کا اولاد کی تربیت و شفقت میں کوتاہی کرنا۔ یعنی جن کاموں میں سختی سے روکا گیا ہے ان کا ارتکاب حوب کہلاتا ہے ۴. حوب کا معنی ڈانٹ بھی ہے یعنی حوب ہر وہ گناہ جسکا کرنے والا زجر و توبیخ کا مستحق ٹھہرے.
۷۳۰	تَعُوْلُوْ (4:3)	تم ایک طرف جھک جاؤ ناانصافی کرو	ع۔و۔ل	ا. ظلم کرنا ۲. سیدھی راہ سے ہٹنا ۳. عول ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو انسان کو بوجھل کر دے اور اس کے بوجھ تلے دب کر جھک جائے
۷۳۱	نِحْلَةً (4:4)	بن مانگے خوشی سے	ن۔ح۔ل	ا. کسی کو کوئی چیز دینا ۲. شہد کی مکھی ۳. عورت کو اسکا حق مہر دینا ۴. عطیہ یا بخششیں ۵. بالکل اس طرح دینا جسطرح کہ شہد کی مکھی دیتی ہے یعنی جن پودوں سے غذا لیتی ہے ان کو بھی نقصان نہیں بلکہ الٹا فائدہ پہنچاتی ہے. اور شہد جیسی شفا بخش چیز لوگوں کو حاصل کر کے دیتی ہے

۴۳۲	هَنِيْٓـًٔا (4:4)	سازگار	ھ۔ن۔ا	ا. وہ چیز جو بغیر مشقت کے حاصل ہو جائے اور نتائج کے لحاظ سے خوش کن ہو۔ اس لفظ کا اطلاق عموماً کھانے کے خوشگوار ہونے پر ہوتا ہے ۲. کسی چیز کا خوش منظر اور مزیدار ہونا ۳. بلا مشقت مفت ہاتھ لگنے والی خوشگوار چیز
۴۳۳	مَّرِيْٓـًٔا (4:4)	خوشگوار	م۔ر۔ا	جلد ہضم ہونے والا
۴۳۴	الْقِسْمَةَ (4:8)	تقسیم کے وقت	ق۔س۔م	کسی چیز کے حصے کرنا اور بانٹ دینا
۴۳۵	سَدِيْدًا (4:9)	پختہ۔سیدھی	س۔د۔د	ا. روک۔آڑ ۲. دو چیزوں کے درمیان بڑی سی دیوار جو روک کا کام دے اور خود تعمیر کی گئی ہو۔ اگر یہ دیوار یا آڑ قدرتی ہو تو اسے **سد** کہتے ہیں
۴۳۶	وَسَيَصْلَوْنَ (4:10)	اور عنقریب وہ ڈالے جائیں گے	ص۔ل۔ی ص۔ل۔و	ا. آگ جلانا ۲. آگ میں داخل ہونا ۳. دعا کرنا ۴. تحسین و تبریک اور تعظیم کرنا ۵. اسکی نسبت اگر اللہ کی طرف ہو تو اس سے مراد رحمت کا نزول ہوتا ہے۔ اگر بندے کی طرف ہو تو اس سے مراد نزولِ رحمت کی دعا ہے
۴۳۷	سَعِيْرًا (4:10)	دوزخ میں	س۔ع۔ر	آگ بھڑکنا اور تیز کرنا اسی نسبت سے دوزخ کو سعیر کہا جاتا ہے یعنی بھڑکتی ہوئی آگ۔

رکوع نمبر۲ (آیات ۱۱ تا ۱۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۴۳۸	تَدْرُوْنَ (4:11)	معلوم تمھیں	د۔ر۔ی	ایسی معرفت جو کسی قسم کے حیلہ یا تدبیر سے حاصل کی جائے

رکوع نمبر ۳ (آیات ۱۵ تا ۲۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۳۹ے	عَاشِرُوهُنَّ (4:19)	رہوان کے ساتھ	ع۔ش۔ر	۱. دس کا عدد ۲. مل جل کر رہنا عاشر کے معنی ایک کنبہ کے ساتھ مل جل کر رہنے کے ہیں عشیر کے معنی قبیلہ کے ہیں یعنی عشیرہ انسان کے رشتہ داروں کی اس جماعت کو کہتے ہیں جسکی کثرت سے انسان کو قوت حاصل ہوتی ہے
۴۰ے	اَفْضٰی (4:21)	مل چکا ہے	ف۔ض۔ی	۱. زمین اور آسمان کے درمیان خالی جگہ ۲. کسی کو راز کی بات بتا دینا ۳. محاورتاً اپنی عورت سے صحبت کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے
۴۱ے	مَقْتًا (4:22)	ناپسندیدہ ناخوشی کی بات	م۔ق۔ت	کسی قبیح فعل کے ارتکاب پر سخت ناراض ہونا۔اور بیزار ہو جانا
۴۲ے	اَرْضَعْنَكُمْ (4:22)	دودھ پلایا تمھیں	ر۔ض۔ع	ماں کا بچہ کو دودھ پلانا۔ **رضاعت**: دودھ پلانے کی مدت ، **مرضعة**: دودھ پلانے والی
۴۳ے	رَبَآئِبُكُمْ (4:22)	پرورش پانے والیاں تمھاری	ر۔ب۔ب	وہ اولاد جو پچھلے شوہر سے ہو۔اور دوسرے شوہر کی زیرِ تربیت ہو۔ یا پہلی بیوی سے ہو اور دوسری بیوی کی گود میں پرورش پا رہی ہو۔اسے **ربیبٌ یا ربیة** کہا جاتا ہے۔اور اسکی جمع **ربائب** آتی ہے
۴۴ے	حَلَآئِلُ (4:22)	بیویاں	ح۔ل۔ل	۱. اصل میں اسکے معنی گرہ کھولنے کے ہیں ۲. بیویوں کو اس لیئے کہا جاتا ہے کہ وہ شوہروں کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہتی ہیں اور انکے درمیان پردہ کی کوئی گرہ حائل نہیں ہوتی.

۲۴۵	اَصْلَابِكُمْ (4:22)	پشت تمھاری	ص۔ل۔ب	سخت. پشت کو اس کی صلاحیت اور سختی کی وجہ سے ہی **صلب** کہا جاتا ہے

رکوع نمبر۴ (آیات ۲۳ تا ۳۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۴۶	عَمّٰتُكُمْ (4:23)	پھوپھیاں تمھاری	ع۔م۔م	
۲۴۷	خٰلٰتُكُمْ (4:23)	خالائیں تمھاری	خ۔ا۔ل	
۲۴۸	وَالْمُحْصَنٰتُ (4:24)	اور شوہر والیاں	ح۔ص۔ن	۱. قلعہ ۲. ہر ایسی جگہ کو کہتے ہیں جہاں حفاظت ہو سکے. وہ محیط بھی ہو اور پناہ کا کام دے سکے. **محصنہ** : عورت خواہ وہ پاکدامنی کی وجہ سے ہو. کسی کیساتھ نکاح کر لینے کی وجہ سے یا شرف اور مرتبے کی وجہ سے محفوظ ہو۔ ۳. **محصنات** سے مراد خاوندوالی عورتیں ہیں، گویا خاوند انکی حفاظت کرتے ہیں.
۲۴۹	مُسٰفِحِيْنَ (4:24)	شہوت رانی کرنے کو	س۔ف۔ح	۱. پانی بہانا ۲. خون بہانا ۳. بدکاری کرنا یعنی نکاح کے بغیر زنا کرنا، زنا اور سفاح میں فرق یہ ہے ، اس میں تکرار پایا جاتا ہے یعنی بطور داشتہ رکھنا۔
۲۵۰	طَوْلًا (4:25)	قدرت	ط۔و۔ل	۱. لمبائی ، درازی طول کا لفظ فضل اور احسان کے معنی میں آتا ہے جو محض وقتی نہ ہو ۲. طول کے معنی نان ونفقہ اور گزر وبسر کے اخراجات کیلئے بھی آتے ہیں ۳. فضل اور بخشش
۲۵۱	فَتَيٰتِكُمْ (4:25)	لونڈیاں تمھاری	ف۔ت۔ی	۱. لونڈی غلام ۲. ملازم اور کارندے ۳. خدمتگار ساتھی ۴. نوجوانوں کی جماعت

۷۵۲	اَخْدَانٍ (4:25)	در پردہ دوستی	خ۔د۔ن	ا. چھپے دوست ۲. آشنا ۳. چوری چھپے بدکاری کرنے والا مرد یا عورت

رکوع نمبر ۵،۶ (آیات ۲۴ تا ۳۳ ، ۳۴ تا ۴۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۵۳	تَمِيْلُوْ (4:27)	تم ہٹ جاؤ تم جھک جاؤ	م۔ی۔ل	ا. میلان طبع ۲. رغبت ۳. طبیعت کا جھکاؤ ۴. کسی بات یا چیز پر طبیعت کا مائل ہونا
۷۵۴	يُوَفِّقِ (4:35)	وہ موافقت پیدا کر دیگا	و۔ف۔ق	ا. دو چیزوں کے درمیان موافقت اور ہم آہنگی ۲. موافق بنانا
۷۵۵	الجار (4:36)	ہمسایوں کے	ج۔و۔ر	ہر وہ شخص جسکی سکونت گاہ دوسرے کے قریب ہو وہ اسکا **جَــارٌ** کہلاتا ہے۔ چونکہ عقلاً اور شرعاً ہمسائے کا بہت بڑا حق ہے۔ اس بنا پر ہر وہ شخص جسکا حق بڑا ہو یا وہ کسی دوسرے کے حق کا بڑا خیال رکھتا ہو اسے اسکا **جارٌ** کہہ دیتے ہیں
۷۵۶	فَخُوْرًا (4:36)	شیخی کرنے والے	ف۔خ۔ر	فخر کے معنی ان چیزوں پر اترانے کے ہیں جو انسان کے ذاتی جوہر سے خارج ہوں
۷۵۷	اَعْتَدْنَا (4:37)	ہم نے تیار کر رکھا ہے	ع۔ت۔د	ا. ضرورت کی چیزوں کا ذخیرہ کر لینا ۲. اس سامان کو کہتے ہیں جو کسی مقصد کیلئے تیار کیا جائے ۳. آمادہ ہونا۔ تیار ہونا
۷۵۸	قَرِيْنًا (4:38)	ساتھی	ق۔ر۔ن	ا. وہ رسی جس سے دو اونٹ باندھے جائیں ۲. ہم سر ۳. مقابل ۴. قرین وہ آدمی جو دوسرے کا ہم عمر ہو یا بہادری، قوت اور دیگر اوصاف میں اسکا ہمسر ہو۔

رکوع نمبر ۷ (آیات ۴۳ تا ۵۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۲۵۹	سُکٰرٰی (4:43)	نشے میں	س۔ک۔ر	۱. سکر کا لفظ عموماً شراب کی وجہ سے مستی اور عقل ضائع ہو جانے پر آتا ہے۔ اور **سکر** کا لفظ ہر نشہ آور چیز کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ یعنی کسی بھی چیز کی مستی جس سے عقل ضائع ہو جائے۔ خواہ غلبہ عشق ہو یا موت کی سختی **سکرات الموت** اسی سے ہے
۲۶۰	تَغْتَسِلُوْا (4:43)	تم غسل کرلو	غ۔س۔ل	کسی چیز کو دھونا اور میل کچیل کو دور کرنا
۲۶۱	الْغَآئِطِ (4:43)	بیت الخلاء	غ۔و۔ط	۱. پست زمین ۲. قضائے حاجت کی جگہ
۲۶۲	وَطَعْنًا (4:46)	اور طعن کر کے	ط۔ع۔ن	نیزہ۔ سینگ یا کسی دوسری نوکیلی چیز کے ساتھ زخم کرنا۔ یہ لفظ بعد میں استعارہ کے طور پر شخص کیلئے ایسی بات پر بولا جانے لگا جو اسے نیزہ کی طرح لگے۔
۲۶۳	نَّطْمِسَ (4:47)	ہم مٹا دیں۔ بگاڑ دیں	ط۔م۔س	رگڑ کر اس طرح مٹانا کہ کچھ اثرات باقی نہ رہ جائیں۔ یہ لفظ عموماً آنکھ، ستارے اور چہرے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یعنی آنکھ اور ستارے بے نور ہو جائیں اور چہرہ مسخ ہو جائے یا بدصورت بن جائے
۲۶۴	فَتِيْلًا (4:49)	ذرہ برابر	ف۔ت۔ل	۱. رسی وغیرہ بٹنا ۲. وہ بتی جس سے چراغ روشن کیا جاتا ہے۔ ۳. اس باریک دھاگے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں ہوتا ہے۔ اس لفظ سے "بہت تھوڑی مقدار" لی جاتی ہے۔

رکوع نمبر ۸ (آیات ۵۱ تا ۵۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۵ے	بِالْجِبْتِ (4:51)	بتوں پر	ج۔ب۔ت	بت و کاہن اور فال گیری یعنی ہر وہ چیز جس میں خیر نہ ہو. اوہام و خرافات کیلئے جامع لفظ ہے جس میں جادو۔ٹونے ٹوٹکے ۔ جنتر منتر سیاروں کی۔ گنڈے۔نقش اور تعویز وغیرہ سب کچھ شامل ہے
۶۶ے	نَقِيْرًا (4:53)	ذرہ برابر بھی	ن۔ق۔ر	کسی بجنے والی چیز میں پھونک مار کر بجانا مثلاً نرسنگا، صور وغیرہ کا بجانا
۶۷ے	نَضِجَتْ (4:56)	گل جائیں گی	ن۔ض۔ج	شدت حرارت سے گوشت کا جل جانا اسطرح کہ اس کے اجزاء الگ ہونے لگیں
۶۸ے	جُلُوْدُهُمْ (4:56)	جلدیں انکی کھالیں انکی	ج۔ل۔د	ا. پوست ۲. کھال

رکوع نمبر ۹ (آیات ۶۰ تا ۷۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۶۹ے	يَزْعُمُوْنَ (4:60)	وعدہ کرتے ہیں	ز۔ع۔م	ا. گمانِ باطل کیلئے آتا ہے ۲. ایسی بات جو نہ تو یقینی ہو اور نہ ہی درست ہو ۳. قرآن کریم میں جہاں کہیں بھی یہ لفظ استعمال ہوا ہے گمان کرنے والے کی مزمت ہی آئی ہے
۷۰ے	يَحْلِفُوْنَ (4:62)	قسمیں کھاتے ہیں	ح۔ل۔ف	ا. کسی بات پر ثابت قدم رہنا ۲. درستی کے عہد و پیمان پر ثابت قدم رہنے کی قسم ۳. پرانی مخاصمت ختم کرنے اور وفاداری کے تعلقات قائم کرنے کے معنوں میں آتا ہے

۷۷۱	حَرَجاً (4:65)	تنگی	ح۔ر۔ج	۱. دل کی گھٹن ۲. ناجائز پابندیوں سے دل کا تنگ ہونا
۷۷۲	رَفِيقاً (4:69)	ساتھی	ر۔ف۔ق	۱. نرم برتاؤ ۲. مہربانی کا سلوک اور وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔ ۳. ہمدرد ساتھی۔ نرم دل، موافقت کرنیوالا اور قریب رہنے والا

رکوع نمبر ۱۰ (آیات ۷۱ تا ۷۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۷۳	فَانْفِرُوْ (4:71)	پھر نکلا کرو	ن۔ف۔ر	۱. کسی مہم یا جنگ پر روانہ ہونا ۲. جنگ جوؤں کا دستہ تین سے دس تک کی جماعت
۷۷۴	ثُبَاتٍ (4:71)	دستے بنا کر	ث۔ب۔ت	ایسے بہادر شاہسوار جنکا حملہ خطا نہ جاتا ہو
۷۷۵	لَيُبَطِّئَنَّ (4:72)	ضرور دیر کرتا ضرور پیچھے رہ جاتا	ب۔ط۔ا	۱. چلنے میں دیر کرنا یا سستی کرنا ۲. سست رفتاری سے صف میں لگنا ۳. بہت زیادہ سستی کرنا

رکوع نمبر ۱۱ (آیات ۷۷ تا ۸۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۷۶	يُدْرِككُّمُ (4:78)	پائے گی تمھیں	د۔ر۔ک	۱. کسی چیز کا دوسری چیز کو پیچھے سے پکڑنا یا آ ملنا ۲. سمندر کی تہ کو بھی کہتے ہیں ۳. اس رسی کو بھی کہتے ہیں جو سمندر کی تہ تک پہنچنے کیلئے دوسری رسی سے باندھ کر ملائی جاتی ہے۔

				۴. کسی چیز کو جالینا یا جا پکڑنا
۷۷۷	بُرُوجٍ (4:78)	قلعے	ب۔ر۔ج	۱. بمعنی ظاہر ہونا ۲. بلند ہونا ایسا کہ دور سے نظر آئے ۳. گنبد نما کوئی سی بلند عمارت
۷۷۸	مُشَيَّدَةٍ (4:78)	مضبوط	ش۔ی۔د	۱. دیوار پر چونے کا پلستر کرنا ۲. یعنی پلستر وغیرہ کر کے عمارت کو مضبوط بنانا
۷۷۹	يَفْقَهُونَ (4:78)	یہ سمجھیں	ف۔ق۔ہ	وہ علم ہے جسکے ذریعے علم حاضر سے علم غیب تک پہنچتے ہیں. دوسری مثالوں اور احکام کو سامنے رکھ کر پیش آنے والے معاملات کا حل تلاش کرنا.
۷۸۰	اَذَاعُوْا (4:83)	پھیلا دیتے ہیں مشہور کر دیتے ہیں	ذ۔ی۔ع	کسی چیز کا ظاہر ہونا اور پھیلنا. ایسی بات کو ظاہر کرنے کیلئے آتا ہے جسکو ظاہر نہیں ہونا چاہیے تھا
۷۸۱	يَسْتَنْبِطُونَهٗ (4:83)	نتیجہ اخذ کرتے ہیں اسکا	ن۔ب۔ط	۱. کنواں کھودنے کے بعد پہلی بار جو پانی نکالا جائے اسکو کہتے ہیں. ۲. اخراج کے معنی میں آتا ہے. یعنی پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا. ۳. فقیہ کا اپنے فہم سے کوئی بات نکالنا. دراصل اجتہاد یا فقہ ہی کی ایک قسم ہے. جس میں علم معلوم میں سے ہی غور کر کے اسکی تہہ تک پہنچ کر ضمنی مسائل یا نتائج کو اخذ کرنا
۷۸۲	وَحَرِّضِ (4:84)	اور ترغیب دو	ح۔ر۔ض	۱. سخت بیمار ہونا ۲. لاغر ہونا اور قریب المرگ ہونا ۳. ترغیب دے کر ایسی ہلاکت اور تباہی سے بچانا جو موجب بربادی ہو سکتا ہے
۷۸۳	مُقِيتًا (4:85)	قدرت رکھنے والا	ق۔و۔ت	خوراک کی اتنی مقدار جس سے کوئی جاندار زندہ رہ سکے. مقیتاً کے معنی یہ ہیں کہ اللہ ہر چیز کی حفاظت کرتا اور روزی دیتا ہے
۷۸۴	بِتَحِيَّةٍ (4:86)	احترام کے ساتھ دعا	ح۔ی۔ی	۱. زندگی ۲. کسی کو حیاك الله کہنا یعنی کسی کو درازی عمر کی دعا دینا. پھر اس لفظ کا استعمال ہر اچھی دعا کیلئے عام ہو گیا.

رکوع نمبر۱۲ (آیات ۸۸ تا ۹۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۸۵	اَرْكَسَهُمْ (4:88)	اوندھا کر دیا انکو	ر۔ک۔س	۱. کسی چیز کو اسکے سر پر الٹا کر دینا یعنی سر نیچے ٹانگیں اوپر ۲. اسکے ایک سرے کو موڑ کر پچھلے سرے کیساتھ ملا دینا
۷۸۶	لَسَلَّطَهُمْ (4:90)	البتہ مسلط کر دیتا	س۔ل۔ط	۱. غلبہ حاصل کرنا ۲. تسلط اور غلبہ حاصل کرنے کے معنوں میں آتا ہے۔اسی لیے بادشاہ کو سلطان کہا جاتا ہے ۳. زبان دراز ہونا. قدرت اور قہر یعنی غلبہ اور اسکے ساتھ ہی دباؤ بھی ہو

رکوع نمبر۱۳ (آیات ۹۲ تا ۹۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۸۷	وَدِيَةٌ (4:92)	اور دیت ، خون بہا	و۔د۔ی	خون بہا کی ادائیگی کیلئے یہ لفظ مخصوص ہے
۷۸۸	مُتَعَمِّدًا (4:93)	قصداً ، ارادتاً	ع۔م۔د	عمد کے معنی کسی چیز کا ارادہ کرنے یا قصد کرنے کے ہیں
۷۸۹	مَغَانِمُ (4:94)	غنیمتیں	غ۔ن۔م	غنم کے اصل معنی ہیں بکریوں کا کہیں سے ہاتھ لگنا. پھر یہ لفظ ہر اس چیز پر بولا جانے لگا جو دشمن یا غیر دشمن سے حاصل ہو

رکوع نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۶ (آیات ۹۷ تا ۱۰۰، ۱۰۱ تا ۱۰۴، ۱۰۵ تا ۱۱۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۰ے	مُرَاغَمًا (4:100)	اقامت گاہیں مقامِ ہجرت	ر۔غ۔م	۱. خاک ۲. ناراضگی کا کلمہ ہے ایک دوسرے کو ذلیل کرنے کی کوشش ۳. اس جگہ کو کہتے ہیں جو دوسروں کیساتھ کوشش سے حاصل کی جائے.
۹۱ے	وَقَعَ (4:100)	ثابت ہو چکا	و۔ق۔ع	۱. گرنا ۲. ثابت ہونا ۳. واقع ہونا ۴. یہ لفظ عموماً ایسے حادثہ کے ہونے پر بولا جاتا ہے جس میں سختی ہو
۹۲ے	تَقْصُرُوْ (4:101)	کمی کرو تم	ق۔ص۔ر	۱. کوئی کام جتنا ضرورت ہو اس سے کم کرنا ۲. کسی چیز کی لمبائی یا اسکی انتہا کو نہ پہنچنا ۳. تھوڑا کرنا ۴. چھوٹا کرنا
۹۳ے	اَسْلِحَتَهُمْ (4:102)	اپنا اسلحہ	س۔ل۔ح	ہر اس چیز کو کہتے ہیں جسکے ساتھ لڑائی کی جائے
۹۴ے	مَطَرٍ (4:102)	بارش	م۔ط۔ر	۱. بارش خواہ فائدہ مند ہو یا نقصان دہ ہو مطر کہلاتی ہے ۲. پانی برسے یا کوئی اور چیز سب کیلئے مطر استعمال ہوتا ہے
۹۵ے	يَرْمِ (4:112)	تہمت لگائے	ر۔م۔ی	۱. رمی اور قذف دونوں قریب المعنی الفاظ ہیں دونوں کے معنی کنکر، پتھر وغیرہ پھینکنا کے ہیں ۲. عام طور پر مادی چیزوں تیر، پتھر وغیرہ کیلئے استعمال ہوتا ہے ۳. اقوال کے متعلق استعمال ہو تو اسکے معنی تہمت طرازی کے ہوتے ہیں

رکوع نمبر ۱۷، ۱۸(آیات ۱۱۶ تا ۱۲۶ ، ۱۲۷ تا ۱۳۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۷۹۶	مُرِیْداً (4:117)	سرکش کو	م۔ر۔د	۱. نافرمان اور سرکش ہونا ۲. ہمسروں سے آگے نکلنا ایسی سرکشی مراد ہے جس میں کوئی دوسروں سے آگے نکل جائے
۷۹۷	فَلَيُبَتِّكُنَّ (4:119)	پس ضرور کاٹیں گے، چیریں گے	ب۔ت۔ک	اس لفظ کا استعمال عموماً بال یا اعضاء کے کاٹنے پر ہوتا ہے
۷۹۸	مَحِيْصاً (4:121)	بھاگنا، پناہ	ح۔ی۔ص	۱. حق سے بھاگ کر مکروہ کی طرف جانا ۲. تنگی اور سختی ۳. محیص وہ جگہ ہے جہاں سختیوں سے پناہ مہیا ہو سکے
۷۹۹	الشُّحَّ (4:128)	بخل، تنگی	ش۔ح۔ح	ایسا حرص جو بخل کے ساتھ انسان کے اندر داخل ہو چکا ہو
۸۰۰	مُعَلَّقَةِ (4:129)	معلق ہے	ع۔ل۔ق	۱. کسی چیز میں پھنس جانا ۲. ہر اس چیز کو کہا جاتا ہے جسے سہارا کیلئے پکڑا جاتا ہے ۳. جونک، ایک قسم کا کیڑا جو حلق کے ساتھ وابستہ ہو جاتا ہے ۴. جما ہوا خون ۵. العلق اس چیز کو بھی کہتے ہیں جسکے ساتھ مالک کا دل چمٹا ہوا ہو، اور اسکی محبت دل سے نہ اترتی ہو۔

رکوع نمبر۱۹،۲۰(آیات ۱۳۵ تا۱۴۱،۱۴۲تا۱۵۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۰۱	يَخُوضُو (4:140)	وہ مشغول ہو جائیں	خ۔و۔ض	پانی میں اترنا اور اسکے اندر چلے جانا بطور استعارہ کسی کام میں مشغول رہنے کیلئے بولا جاتا ہے
۸۰۲	نَسْتَحْوِذْ (4:141)	غالب رہے، قادر تھے ہم	ح۔و۔ذ	۱. ہانکنے والا جو اونٹ کے پیچھے اسکی رانوں کے عین بیچ چل کر سختی سے اسے ہانکے جائے ۲. مسلط ہو کر ہانکنا (جیسے شیطان انسان کو اپنی مرضی کی مطابق ہانکتا ہے)
۸۰۳	كُسَالَا (4:142)	اکتائے ہوئے کاہلی سے	ک۔س۔ل	۱. بے رغبتی یا بے دلی کی وجہ سے طبیعت کا گراں ہونا ۲. کاہل ہونا ۳. ڈھیلا ڈھالا ہونا
۸۰۴	مُذَبْذَبِيْنَ (4:143)	مذبذب ہیں	ذ۔ب۔ذ۔ب	
۸۰۵	اَسْفَلَ (4:145)	سب سے نچلا	س۔ف۔ل	یہ علو کی ضد ہے ، پست ، حقیر

رکوع نمبر۲۱،۲۲،۲۳،۲۴(آیات ۱۵۳تا ۱۷۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۰۶	طَبَعَ (4:155)	مہر لگا دی	ط۔ب۔ع	۱. کسی چیز کا انتہا کو پہنچنا اور بھر جانا ۲. چھاپ لگانا یا مہر لگانا
۸۰۷	شَكٍّ (4:157)	شک	ش۔ک۔ک	دو نظریات کا ذہن میں مساوی اور برابر ہونا. جبکہ کسی ایک کو ترجیح دینے کیلئے کوئی دلیل نہ ہو. یعنی اسکی بنیاد

				جہالت یا کم علمی ہوتی ہے
۸۰۸	اَیُّوبَ (4:163)			اللہ کے وہ نبی جو کثرت اموال واراضی میں مشہور تھے .پھر اللہ کی طرف سے آزمائش آئی اور ہر چیز ہاتھ سے نکل گئی ایسے بیمار پڑے کہ ایک بیوی کے سواسب نے ساتھ چھوڑ دیا صبر واستقلال کا ایسا مظاہرہ کیا جوضرب المثل بن چکا ہے۔ یہ ابتلاء کا دور ۱۳ سال کا تھا اسکے بعد اللہ تعالیٰ نے بیماری دور کر دی اور مال واولاد بھی پہلے سے زیادہ دی ۷۰ سال کی عمر میں نبوت ملی
۸۰۹	یُونَس (4:163)			اہل نینوا کی طرف مبعوث ہوئے .قوم نے آپ کی دعوت کا انکار کر دیا.مدت گزرنے کو ہوئی عذاب کی کوئی علامت نہ دیکھی .مچھلی کا لقمہ بنے.تسبیحات پڑھتے رہے تو اللہ نے مشکل سے نجات دی.اور مچھلی نے ساحل پر اگل دیا واپس اہل نینوا کی طرف گئے .اہل نینوا کو عذاب کے اثرات نظر آئے تو کھلے میدان میں جمع ہو کر اللہ کے حضور گڑگڑائے اور توبہ کی. تو اللہ نے ان پر سے عذاب ٹال دیا.اللہ کی سنت میں یہ واحد استثناء ہے کہ آیا ہوا عذاب ٹل گیا
۸۱۰	طریقاً (4:168)	راستہ	ط۔ر۔ق	یہ لفظ ہر طرح کے راستے کیلئے استعمال ہوتا ہے مادی اور معنوی دونوں لحاظ سے اس لفظ کا استعمال ہوتا ہے
۸۱۱	لا تَغْلُوْا (4:171)	نہ غلو کرو تم نہ حد سے بڑھو تم	غ۔ل۔و	۱. مہنگا ہونا ۲. بھاؤ چڑھ جانا ۳. مبالغہ کرنا ۴. تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا ۵.انتہا پسندی سے کام لینا ۶. فرطِ عقیدت سے کسی کی قدرومنزلت میں حد سے

				آگے بڑھ جانا
۸۱۲	یَسْتَنْکِفُ (4:172)	باز رہے گا انکار کرے گا	ن۔ک۔ف	۱. کسی چیز کو اپنے لیے باعث عار سمجھنا ۲. کسی چیز کو اپنے آپ سے دور ہٹا دینا
۸۱۳	کَلٰلَۃِ (4:177)	کلالہ	ک۔ل۔ل	باپ اور اولاد کے علاوہ جو بھی وارث ہو وہ کلالہ ہے ابن عباسؓ کا قول ہے کلالہ ہر اس شخص کو کہتے ہیں جو اولاد کے علاوہ ہو. آنحضرتؐ سے کلالہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا من مات و لیس له و لدٌ ا لا و ا لدٌ ہر اس میت کو کہتے ہیں جس کا باپ اور اولاد زندہ نہ ہو اس میں آپؐ نے خود میت کو کلالہ قرار دیا۔ دونوں ہی معنی صحیح ہیں

سورۃ اَلْمَآئِدَۃ

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۱۴	المائدۃ	دسترخوان		
۸۱۵	بَهِيمَةُ (5:1)	چرنے والے	ب۔ہ۔م	وحشی چوپایوں کے علاوہ تمام قسم کے چوپایئوں کیلئے بولا جاتا ہے۔خواہ خشکی کے ہوں یا تری کے۔ بھیڑ، بکری، گائے وغیرہ کیلئے اسکا استعمال عام ہے۔
۸۱۶	الصَّيْدِ (5:1)	شکار کو	ص۔ی۔د	ا. کسی محفوظ چیز پر قدرت حاصل کر کے پکڑ لینا. شرعاً ان حیوانات کے پکڑنے پر بولا جاتا ہے۔جو اپنی حفاظت آپ کریں بشرطیکہ وہ جانور حلال ہو ۲. شکار کیے ہوئے جانور کو بھی کہتے ہیں
۸۱۷	اَلْقَلَآئِدَ (5:2)	پٹے والے . خدا کی نذر کئے ہوئے جانور	ق۔ل۔د	ا. اسکے معنی رسی وغیرہ کو بل دینے کے ہیں ۲. اور قلد اس بٹی ہوئی چیز کو کہتے ہیں جو گردن میں ڈالی جاتی ہے۔
۸۱۸	لَآ آٰمِّينَ (5:2)	نہ جانے والوں کی	ا۔م۔م	ا. اَبٌ کا مقابل ہے اُمٌّ ۲. ہر وہ چیز ام م کہلاتی ہے جو کسی دوسری چیز کے وجود میں آنے یا اسکی اصلاح و تربیت کا باعث ہو ا م م: سیدھا مقصد کی جانب متوجہ ہو جانا اور کسی دوسری طرف مائل نہ ہونا.
۸۱۹	يَجْرِمَنَّكُمْ (5:2)	ہرگز نہ ابھارے تم کو	ج۔ر۔م	گناہ کے کاموں پر ابھارنے اور اشتعال دلانے کیلئے استعمال ہوتا ہے

۸۲۰	شَنَاٰنُ (5:2)	دشمنی	ش۔ن۔ا	۱. دشمنی رکھنا ۲. بغض رکھنا ۳. نفرت کرنا بدترین دشمنی کو کہتے ہیں
۸۲۱	اَلْمُنْخَنِقَةُ (5:3)	گلا گھونٹ کر مرا ہوا	خ۔ن۔ق	جو جانور گلا گھٹ کر مر جائے
۸۲۲	اَلْمَوْقُوْذَةُ (5:3)	چوٹ لگ کر مرا ہوا	و۔ق۔ذ	اسکے معنی شدتِ ضرب کے ہیں اور جس جانور کو لاٹھی یا پتھر مار کر مار دیا جائے اسکو اَلْمَوْقُوْذَةُ کہتے ہیں
۸۲۳	اَلْمُتَرَدِّيَةُ (5:3)	اور بلندی سے گر کر مرا ہوا جانور	ر۔د۔ی	ردی کے معنی ہلاکت کے ہیں. اور التردی کے معنی اپنے آپ کو ہلاکت کے سامنے پیش کرنا کے ہیں
۸۲۴	اَلنَّطِيْحَةُ (5:3)	سینگ لگ کر مرا ہوا	ن۔ط۔ح	سینگ لگ کر زخمی ہونے والے جانور کو کہتے ہیں
۸۲۵	اَلسَّبُعُ (5:3)	درندہ	س۔ب۔ع	۱. سات کے ہندسے کو کہتے ہیں ۲. سبع درندے کو بھی کہتے ہیں کیونکہ اسکی قوت پوری ہوتی ہے
۸۲٦	ذَكَّيْتُمْ (5:3)	جسکو ذبح کر لو تم	ذ۔ک۔و	۱. جانور کو اس طرح ذبح کرنا کہ اسکی جان جلد از جلد اور بسہولت نکل جائے ۲. شکاری جانور پر تکبیر پڑھ کر چھوڑ دیا جائے اور پھر بعد میں اسے مخصوص طریقہ شرعیہ کے مطابق ذبح کر لیا جائے
۸۲۷	اَزْلَامِ (5:3)	تیروں ، پانسوں سے	ز۔ل۔م	۱. بے پر کا تیر ۲. فال کا تیر
۸۲۸	يَئِسَ (5:3)	ناامید ہوئے	ی۔ا۔س	کسی معاملہ کے متعلق امید کا ختم ہو جانا. یا مایوس ہو جانا یہ کسی آرزو کے وقت سے پہلے بھی ہو سکتی ہے اور بعد میں بھی.

۸۲۹	مَخْمَصَةٍ (5:3)	بھوک	خ۔م۔ص	ایسی بھوک جس سے پیٹ پچک جائے
۸۳۰	الجوارح (5:4)	زخم دینے والوں میں	ج۔ر۔ح	ا. زخمی کرنا ۲. ہاتھ پاؤں وغیرہ کو بھی جوارح کہا جاتا ہے ۳. زخم کیساتھ تشبیہ دے کر گواہ پر بحث کرنے کو جرح کہا جاتا ہے. کتے، چرندے اور شکاری جانور کو جارحة کہا جاتا ہے اور جوارح اسکی جمع ہے. اسلیئے جوارح کہا جاتا ہے کہ وہ شکار کو زخمی کرتے ہیں اور کما کر لاتے ہیں.
۸۳۱	مُكَلِّبِيْنَ (5:4)	شکار پر دوڑانے کو	ک۔ل۔ب	بھونکنے والا جانور۔ مکلب : ہر زخم دینے والا جانور یا شکار سکھلانے والا

رکوع نمبر ۲،۳ (آیات ٦ تا ١١، ١٢تا١٩)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۳۲	الْكَعْبَيْنِ (5:6)	دونوں ٹخنوں	ک۔ع۔ب	ا. ہر ابھری ہوئی چیز ۲. ٹخنے ۳. عورت کے پستانوں کو بھی کہا جاتا ہے ۴. ہر اس مکان کو کہتے ہیں جو ٹخنے کی شکل پر چوکور بنا ہو. اسی وجہ سے بیت الحرم کو کعبہ پکارا گیا ۵. سرکنڈے یا نیزے کی دو گرہوں کے درمیان کے حصہ کو بھی تشبیہ کے طور پر کعب کہا جاتا ہے کیونکہ جس طرح ٹخنہ پنڈلی اور پاؤں کے درمیان فاصل ہوتا ہے اسی طرح یہ بھی دو گرہوں کے درمیان فاصل ہوتا ہے.
۸۳۳	نَقِيْبًا (5:12)	سردار	ن۔ق۔ب	ا. دیوار یا چمڑے میں سوراخ کرنا ۲. خبروں کی تحقیق کرنا ۳. گشت لگانا ۴. کسی ملک میں داخل ہونا

٨٣٤	عَزَّرْتُمُوهُمْ (5:12)	اور مدد کرو تم انکی	ع۔ز۔ر	کسی کی جذبہ تعظیم کے ساتھ مدد کرنا
٨٣٥	فَاَغْرَيْنَا (5:14)	پس ڈال دی ہم نے	غ۔ر۔و	ا. کسی کتے یا جانور کو برانگیختہ کر کے شکار کے پیچھے لگا دینا ٢. ایسی مدد کو کہتے ہیں جس سے کسی چیز کو دوسری کے ساتھ پیوست کر دیا جائے
٨٣٦	يَصْنَعُونَ (5:14)	وہ کرتے ہیں	ص۔ن۔ع	کسی کام کو کمال مہارت سے اچھی طرح کرنا
٨٣٧	فَتْرَةٍ (5:19)	وقفہ ، منقطع ہونے کے	ف۔ت۔ر	ا. کسی چیز میں کمزوری پیدا ہونا ٢. کام کرتے کرتے تھک کر رفتار میں کمی واقع ہونا

رکوع نمبر ٤،٥ (آیات ٢٠ تا ٢٦، ٢٧ تا ٣٤)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
٨٣٨	جَبَّارِيْنَ (5:22)	بڑے زبردست	ج۔ب۔ر	زبردستی اور دباؤ سے کسی چیز کی اصلاح کرنا
٨٣٩	يَتِيْهُوْنَ (5:26)	سرگرداں پھریں گے	ت۔ی۔ہ	ا. حیران پھرنا ٢. گمراہی کی حالت میں ادھر ادھر بھٹکتے پھرنا ٣. **التیہ** کے معنی ایسا چٹیل میدان کہ جس میں چلنے والا بھٹک جائے
٨٤٠	تَاْسَ (5:26)	غم کرنا	ا۔س۔و	جو موقع غفلت یا کوتاہی کی وجہ سے ہاتھ سے نکل جائے تو اس پر افسوس اور غم کا اظہار کرنا
٨٤١	اَصْبَحَ (5:30)	ہو گیا وہ	ص۔ب۔ح	کسی کام کا صبح کے وقت ہونا یا کرنا

۸۴۲	الْغُرَابَ (5:31)	ایک کوا	غ۔ر۔ب	۱. یہ لفظ سورج کے چھپنے یا غروب ہونے پر بولا جاتا ہے ۲. کوے کو غراب اسلیئے کہا جاتا ہے کہ وہ بھی دور تک چلا جاتا ہے ۳. ہر اجنبی شخص کو غریب کہا جاتا ہے ۴. ایک حدیث کی رو سے علماء کو بھی غرباء کہا گیا ہے. جہلا کی کثرت اور اہل علم کی قلت کی وجہ سے علماء کو یہ کہا گیا
۸۴۳	یَبْحَثُ (5:31)	کریدتا ہے	ب۔ح۔ث	کریدنا اور تلاش کرنا
۸۴۴	نَادِمِیْنَ (5:31)	پشیمان	ن۔د۔م	۱. اپنے کئے ہوئے کسی برے فعل پر شرمندہ ہونا ۲. کسی گزرے ہوئے امر پر حسرت کرنا
۸۴۵	یُنْفَوْا (5:33)	نکال دیے جائیں	ن۔ف۔ی	۱.موجود رہنا ۲.نیست و نابود کیا ہوا ۳.دور ہٹایا ہوا ۴.کسی کو شہر بدر کرنا ۵. قید خانہ میں قید کرنا ۶. کسی چیز کو باہر پھینک دینا. اس طرح باہر پھینکنا جسطرح چکی آٹے کو یا ہنڈیا ابل کر ابال کو یا سیلاب کوڑا کرکٹ کو پھینک دیتا ہے

رکوع نمبر ٦، ۷، ۸ (آیات ۳۵ تا ۴۳، ۴۴ تا ۵۰، ۵۱ تا ۵٦)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۴٦	الوسیلۃ (5:35)	قرب حاصل کرنے کا ذریعہ	و۔س۔ل	۱. کسی چیز کی طرف رغبت کے ساتھ پہنچنا اور اللہ تک قرب حاصل کرنا ۲. ذریعہ قرب ۳. درجہ، مرتبہ
۸۴۷	السَّارِقُ (5:38)	چور (مرد)	س۔ر۔ق	کسی دوسرے کی چیز جو محفوظ جگہ پر ہو اسے خفیہ طور پر لے جانا۔

۸۴۸	السُّحْتِ (5:42)	حرام، رشوت	س-ح-ت	حرام کمائی
۸۴۹	الْأَحْبَارُ (5:44)	علماء	ح-ب-ر	۱. حبر خوش اور مسرور کرنے کو کہتے ہیں ۲. زمین کا خوب پیداوار اگانا ۳. خوب سرسبز ہونا
۸۵۰	الانف (5:45)	ناک	ا-ن-ف	ناک
۸۵۱	اثارِھم (5:46)	انکے قدموں	ا-ث-ر	۱. بقیہ علامت ۲. نقش پاؤں ۳. نقوش راہ ۴. پاؤں کے نشانات ۵. چھوڑے ہوئے نشانات ۶. کسی چیز کے باقی چھوڑے ہوئے نشانات جس سے اصل چیز یاد آ جائے
۸۵۲	مُهَيْمِنًا (5:48)	نگہبان	ہ-ی-ن	۱. امن دینے والا ۲. اپنی پناہ میں لے کر حفاظت کرنیوالا **مهیمن** وہ ہے جو کسی کو ۱. خوف سے امن دے ۲. کسی کا کوئی حق ضائع نہ کرے
۸۵۳	شِرْعَةً (5:48)	دستور ، شریعت	ش-ر-ع	۱. کسی چیز کا بلند ہو کر سامنے آنا ۲. واضح اور متعین راستہ ۳. ایسے قوانین الٰہیہ جو ضرورت اور حالات کے مطابق تبدیل ہوتے رہے
۸۵۴	مِنْهَاجاً (5:48)	راستہ ، طریقہ	ن-ہ-ج	۱. شرعی احکام کی ادائیگی کا طریق کار ۲. کام یا راستہ کا واضح ہونا ۳. یہ طریق کار بھی انبیاء کو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے بتایا جاتا تھا ۴. شریعت ہی کی وسعت اور وضاحت کا نام ہے

٨٥٥	لَوْمَة (5:54)	ملامت سے	ل۔و۔م	١. کسی کام کو برا سمجھ کر اسکے کرنے والے کو برا بھلا کہنا ٢. کام چاہے برا نہ ہو مگر اسکے نتیجے میں اسکے کرنے والے کو تنبیہ کرنا
٨٥٦	حِزْبَ (5:56)	جماعت	ح۔ز۔ب	١. ایسی جماعت جس میں سختی اور شدت پائی جائے ٢. انسانوں کی آپس میں ہم خیال جماعت ٣. ایک جھنڈے تلے جمع ہونے والے لوگ ٤. پارٹی ٥. گروہ ٦. جتھا ٧. مملکت کے کاروبار میں عمل دخل حاصل کرنے کی کوشش کرنے والی جماعت

رکوع نمبر ٩، ١٠، ١١، ١٢ (آیات ٥٧ تا ٦٦، ٦٧ تا ٧٧، ٧٨ تا ٨٦، ٨٧ تا ٩٣)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
٨٥٧	لَعِباً (5:57)	کھیل	ل۔ع۔ب	١. بغیر کسی صحیح مقصد کے کوئی کام کرنا ٢. تفریح کی خاطر کوئی کام کرنا ٣. کھیل تماشا ٤. ایسا کام کرنا جس پر کوئی فائدہ مرتب نہ ہو
٨٥٨	اَطْفَاَهَا (5:64)	بجھا دیتا ہے اسکو	ط۔ف۔ا	١. آگ کا بالکل بجھ جانا ٢. سرد پڑ جانا ٣. پھونک مار کر چراغ کو گل کر دینا
٨٥٩	مُقْتَصِدَه (5:66)	سیدھی راہ پر ہیں	ق۔ص۔د	١. افراط اور تفریط سے بچتے ہوئے درمیان کی راہ اختیار کرنا ٢. راستہ کا سیدھا ہونا
٨٦٠	قِسِّيْسِيْنَ (5:82)	عالم ہیں	ق۔س۔س	١. رؤساءِ نصاریٰ میں سے خدا پرست عالم ٢. رات کے وقت کسی چیز کی جستجو کرنا
٨٦١	الدَّمْعِ (5:83)	آنسو	د۔م۔ع	آنسو جاری ہونا

٨٦٢	رِجْسٌ (5:90)	ناپاک	ر۔ج۔س	ا. پلید ، ناپاک ٢. انسان کی طبعی نفرت بھی ہو اور شریعت کی رو سے بھی ناپاک

رکوع نمبر ١٣،١٤،١٥،١٦ (آیات ٩٤ تا ١٠٠، ١٠١ تا ١٠٨، ١٠٩ تا ١١٥، ١١٦ تا ١٢٠)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
٨٦٣	رِمَاحُكُمْ (5:94)	نیزے تمھارے	ر۔م۔ح	ہر نوکدار یا خاردار چیز کیلئے بولا جاتا ہے جسکی وجہ سے وہ خود محفوظ رہ سکے
٨٦٤	السَّيَّارَة (5:96)	مسافروں	س۔ی۔ر	ا. چلنا پھرنا ٢. سیارہ ہر چلنے پھرنے والی یا مسلسل گھومنے والی چیز جو مسلسل چلتی رہے یا بہت چلے. ٣. اجرامِ فلکی کو بھی سیارات کہتے ہیں ٤. عام اصطلاح میں سیارہ سے مراد ایک ساتھ چلنے والی جماعت یا ہمسفر لوگ ہیں.
٨٦٥	بحيرة (5:103)	کان پھٹی اونٹنی	ب۔ح۔ر	ا. کفار کی عادت تھی جو اونٹنی دس بچے جن چکتی تو اس کا کان پھاڑ کر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے. نہ اس پر سواری کرتے اور نہ بوجھ لادتے۔ ٢. جسے بہت زیادہ وسعت حاصل ہو جائے اُسے بحر کہا جاتا ہے اسی لیے بہت تیز دوڑنے والے گھوڑے کو بھی بحر کہا جاتا
٨٦٦	سَآئِبَةٍ (5:103)	سانڈ	س۔ی۔ب	ا. وہ جانور جو چراگاہ میں آزاد چھوڑ دیا جائے اور اسے پانی اور چارہ پر کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو. جاہلیت میں اس قسم کی آزادی اس جانور کو دی جاتی تھی جو پانچ بچوں کو جنم دے چکا ہوتا. ٢. اس غلام کو بھی کہا جاتا ہے جو آزاد کیا جائے اور اسے حق حاصل ہو

				کہ اپنا مال جسطرح چاہے استعمال کرے
۸٦۷	وَصِیلَۃٍ (5:103)	مسلسل مادہ جننے والی اونٹنی	و۔ص۔ل	ا. وصیلہ کے معنی وہ بکری ہے جو دو دو مادہ بچے دینے کے بعد ساتویں دفعہ ایک نر اور مادہ بچہ جنم دے ۲. الوصیلہ کے معنی آبادی اور ذرخیزی کے ہیں ۳. اور وسیع زمین کو بھی وصیلہ کہا جاتا ہے
۸٦۸	حَامٍ (5:103)	دس بچے جنوانے والا اونٹ	ح۔م۔ی	ا. ایسا اونٹ جسکی پشت سے دس بچے پیدا ہو چکے ہوں ایسے اونٹ کی پشت سواری کیلیئے استعمال نہیں کی جاتی تھی ۲. وہ گرمی جو سورج وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے
۸٦۹	تَحْبِسُونَهُمَا (5:106)	روک لوان دونوں کو	ح۔ب۔س	ا. کسی کو اٹھنے سے روک دینا ۲. ایسی جگہ کو بھی کہتے ہیں جو پانی روکنے کیلیئے بنائی گئی ہو ۳. کسی چیز کی پوری طرح حفاظت کرنا ۴. کسی کو روکے رکھنا. حراست میں رکھنا یعنی کسی کو اسکی ملکیت میں تصرف کرنے سے روک دینا
۸۷۰	عُثِرَ (5:107)	معلوم ہو جائے	ع۔ث۔ر	ا. پھسل جانا اور گر پڑنا ۲. کسی بات پر بغیر قصد کے مطلع ہو جانا بھی ہوتا ہے ۳. ایسی بات کی واقفیت بغیر ارادہ کے باتوں میں حاصل ہو جانا
۸۷۱	مَآئِدَہ (5:112)	دسترخوان	م۔ی۔د	کھانے سے بجی ہوئی میز

❀❀❀

سُورۃ الْاَنْعَام

رکوع نمبر ۱،۲ (آیات ۱ تا ۱۰، ۱۱ تا ۲۰)

لغوی تحقیق	مادہ	اصطلاحی معنی	الفاظ	نمبر شمار
۱. جب درجہ کے ساتھ اختیار بھی حاصل ہو تو مکن کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے ۲. بلند مرتبہ ہونا ۳. کسی کو اقتدار بخشنا ، حکومت عطا کرنا مکان:۔ جگہ، رہائش، ایسی جگہ جو جسم رکھتی ہو مکین:۔ کسی مکان میں رہنے والا بھی اور صاحب مرتبہ شخص بھی.	م۔ک۔ن	قوت دی ہم نے انکو	مَكَّنّٰهُمْ (6:6)	۸۷۲
۱. بہت برسنے والا ۲. دودھ کی فراوانی کو بھی کہتے ہیں ۳. وہ بارش جس میں پانی کی فراوانی ہو ۴. **عينٌ مِدْرارٌ** بہت آنسو بہانے والی آنکھ	د۔ر۔ر	لگاتار ینہ خوب برسنے والا	مِدْرَارًا (6:6)	۸۷۳
۱. کسی چیز کو پیدا کرنا اور اسکی پرورش کرنا ۲. کسی کی تربیت کر کے اسے پروان چڑھانا ۳. کسی چیز کو پیدا کرنا، تربیت کرنا اور اوپر اٹھانا	ن۔ش۔ا	اور پیدا کی ہم نے	وَاَنْشَاْنَا (6:6)	۸۷۴
۱. لکھی ہوئی تحریر یا چٹھی خواہ کئی صفات یا اوراق پر مشتمل ہو ۲. تحریر شدہ کاغذ یا کاغذات ۳. قرطاس دراصل کاغذ کی اس ابتدائی رف سی شکل کو بھی کہتے ہیں جسے مصریوں نے ایجاد کیا تھا. نزولِ قرآن کے وقت ایسا کاغذ ملتا تھا. مگر بہت کم یاب تھا	ق۔ر۔ط۔س	کاغذ	قِرْطَاسٍ (6:7)	۸۷۵

۸۷۶	فَحَاقَ (6:10)	پس گھیر لیا	ح۔ی۔ق	۱. کسی چیز کا کسی چیز پر نازل ہونا ۲. کسی چیز کا کسی چیز پر نازل ہو کر اسکو گھیر لینا گویا ایسا محاصرہ جو محصور کی اپنی ذات پر واقع ہوتا ہے ۳. کسی بھی مصیبت، آفت یا عذاب کا نازل ہونا جس سے وہ گھر جائے ۴. مکافاتِ عمل ۵. برے کام کا برا نتیجہ ۶. کسی آفت کا کسی کو آ گھیرنا
۸۷۷	فَاطِرُ (6:14)	وہ پیدا کرنے والا	ف۔ط۔ر	۱. کسی چیز کو طول میں پھاڑنا اسطرح کہ اس میں شگاف پڑ جائے ۲. تراش خراش کرنا ۳. اسطرح فطر بنانے اور پیدا کرنے کے معنی میں آتا ہے
۸۷۸	کَاشِفَ (6:17)	کھولنے، دور کرنے والا	ک۔ش۔ف	۱. کھولنا اور پرے ہٹا دینا ۲. بے نقاب کرنا ۳. ایک چیز سے دوسری چیز کو ہٹا دینا اور پہلی چیز کا نمایاں اور ظاہر ہونا
۸۷۹	الْقَاهِرُ (6:18)	غالب	ق۔ہ۔ر	اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں ۱. غلبہ پانا ۲. مغلوب کی تذلیل کرنا یعنی کمزور کو دبا کر غالب آنا اور تذلیل کرنا

رکوع نمبر ۳ (آیات ۲۱ تا ۳۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۸۰	وَقْرًا (6:25)	بوجھ	و۔ق۔ر	وقر کے لفظی معنی: اس معنوی بوجھ کی زیادہ سے زیادہ مقدار کہ جو اٹھانے والے کی استطاعت کے مطابق ہو
۸۸۱	اَسَاطِیْرُ (6:25)	کہانیاں	س۔ط۔ر	۱. ہر وہ چیز جو سطور میں لکھی گئی ہو یا ضبطِ تحریر میں آ چکی ہو۔ لیکن حقیقت میں بے اصل اور بے حقیقت بات ہو ۲. ایسی کہانیاں یا افسانے جو سچائی پر مبنی نہ ہو

۸۸۲	وَيَنْـٔوْنَ (6:26)	اور دور بھی رہتے ہیں	ن۔ا۔ی	ا. دور ہونا ۲. کسی دور مقام کے قریب پہنچ جانا ۳. ازراہِ تکبر کسی سے پرے ہونا
۸۸۳	وُقِفُوْا (6:27)	یہ کھڑے کیے جائیں گے	و۔ق۔ف	ا. کام کرتے کرتے یا چلتے چلتے تھوڑی دیر کیلئے رک جانا ۲. بے حس وحرکت کھڑے ہونا ۳. ٹھہر جانا اور ٹھہرالینا

رکوع نمبر ۴، ۵ (آیات ۳۱ یا ۴۱، ۴۲ تا ۵۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۸۴	السَّاعَةُ (6:31)	قیامت	س۔و۔ع	ا. گھڑی ۲. قرآن کی رو سے الساعة کے عمومی طور پر وہ گھڑی مراد لی جاتی ہے جب پہلا صور پھونکا جائے گا
۸۸۵	بَغْتَةً (6:31)	ناگہاں	ب۔غ۔ت	ا. اچانک کسی چیز کا اسطرح نمودار ہو جانا کہ اسکی توقع نہ ہو ۲. ناگہانی واقعہ
۸۸۶	فَرَّطْنَا (6:31)	تقصیر کی ہم نے، کمی کی ہم نے	ف۔ر۔ط	ا. کوتاہی کرنا ۲. حدِ اعتدال سے پیچھے رہ جانا ۳. حد سے بڑھنا اور کم کرنا
۸۸۷	اَوْزَارَهُمْ (6:31)	بوجھ اپنے	و۔ز۔ر	ا. کوئی بوجھ کپڑا پھیلا کر اس میں رکھ کر اٹھالینا ۲. گناہ کے بوجھ کو بھی کہتے ہیں یعنی اپنے کئے ہوئے عمل کا بوجھ . ۳. اسلحہ کو بھی وزر اسی لیئے کہا جاتا ہے
۸۸۸	لَهْوٌ (6:32)	مشغلہ	ل۔ہ۔و	ا. ہر وہ کام جو تفریح طبع کیلئے کیا جائے ۲. ایسے دل لگی کے کام جو اصل کام سے غافل کر دے

				۳. اس میں کھیلنا بھی شامل ہے۔اور کھیل کو دیکھنا یا تماشا کرنا وغیرہ
۸۸۹	يَجْحَدُون (6:33)	انکار کرتے ہیں	ج۔ح۔د	۱. جان بوجھ کر دیدہ دانستہ انکار کرنا ۲. یعنی دل میں جس چیز کا اقرار ہو زبان سے اسکا انکار کر دینا۔ اور جس کا دل میں انکار ہو اس کا اقرار کرنا
۸۹۰	يَتَضَرَّعُونَ (6:42)	وہ عاجزی کریں	ض۔ر۔ع	۱. ذلیل ہونا ۲. چپکے چپکے قریب آنا ۳. اسکے مفہوم میں خشوع اور خضوع کی تمام صفات پائی جاتی ہیں ۴. دل کی نرمی .رقت اور عجز وانکسار جب زیادہ ہو جائیں تو تضرع کا لفظ استعمال ہوتا ہے ۵. گڑگڑانا. رو رو کر اللہ کے سامنے عاجزی اور تذلل کا اظہار کرنا
۸۹۱	يَصْدِفُونَ (6:46)	منہ پھیرے ہوئے ہیں	ص۔د۔ف	۱. سخت اعراض کرنا ۲. سیپ ۳. پہاڑ کا کنارہ ۴. اونٹ کی ٹانگوں کی کجی ان تینوں میں سختی اور کجی پائی جاتی ہے یعنی ''صرف'' اسطرح منہ پھیرنے کے معنوں میں آتا ہے جس میں سخت قسم کا اعراض ہو
۸۹۲	خَزَآئِنُ (6:50)	خزانے ہیں	خ۔ز۔ن	۱. خزن میں دو بنیادی باتیں ہیں اکٹھا کرنا ، حفاظت کرنا ۲. گودام، سٹور، نقدی ہو یا کوئی اور جنس، پوشیدہ ہو یا ظاہر، سب کیلئے استعمال ہوتا ہے

رکوع نمبر۶، ۷، ۸ (آیات ۵۱ تا ۷۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۸۹۳	تَطْرُدِ (6:52)	نکال	ط۔ر۔د	۱.کسی کو ذلیل اور حقیر سمجھ کر دور کر دینا ۲. سختی سے دفع کرنا
۸۹۴	تَسْقُطُ (6:59)	گرتا	س۔ق۔ط	کسی چیز کا بلندی سے زمین پر گرنا
۸۹۵	وَرَقَةٍ (6:59)	کوئی پتہ	و۔ر۔ق	
۸۹۶	رَطْبٍ (6:59)	ہری تر، گیلی	ر۔ط۔ب	۱. ترو تازہ ۲. پکی اور تازہ کھجور
۸۹۷	يَابِسٍ (6:59)	خشک چیز	ی۔ب۔س	۱. کسی چیز یا مقام سے پانی کا خشک ہو جانا ۲. کسی جگہ سے نمی کا خشک ہو جانا
۸۹۸	كَرْبٍ (6:64)	دکھ ، سختی	ک۔ر۔ب	۱.ایسی بیقراری جس میں غم بھی شامل ہو ۲. بے چینی. اضطراب اور گھبراہٹ
۸۹۹	تُبْسَلَ (6:70)	ہلاکت میں ڈالا جائے	ب۔س۔ل	۱. کسی کو ہلاکت کے سپرد کرنا ۲. اپنے آپ کو یا کسی جاندار کو گرفتاری اور ہلاکت کے طور پر پیش کرنا
۹۰۰	حَمِيمٍ (6:70)	کھولتا ہوا پانی	ح۔م۔م	۱. حمّٰی تپش اور بخار کو بھی کہتے ہیں۔لہٰذا حمیم ایسے گرم پانی کو کہتے ہیں جو دھوپ کی وجہ سے جوہڑوں وغیرہ میں سخت گرم اور بعض دفعہ بدبودار بھی ہو جاتا ہے. ۲. اسی گرم ہونے سے گرمجوشی دکھانے والا دوست بھی حمیم کہلاتا ہے ۳. بنیادی طور پر تین معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔سیاہ ہونا ، گرم ہونا

				، قریبی ہونا

رکوع نمبر۹،۱۰ (آیات ۷۱ تا ۹۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۰۱	حَیْرَانَ (6:71)	پریشان	ح۔ی۔ر	کوئی راہ سجھائی نہ دینے پر تردد میں پڑنا، معاملہ خواہ کچھ بھی ہو
۹۰۲	جَنَّ (6:76)	ڈھانپ لیا	ج۔ن۔ن	۱. کسی چیز کو ڈھانپ کر چھپا دینا کہ وہ نظروں سے اوجھل ہو جائے ۲. جن وہ مخلوق ہے جو نظروں سے اوجھل رہتی ہے ۳. جنین ماں کے پیٹ کے بچے کو کہتے ہیں
۹۰۳	کَوْکَبًا (6:76)	ایک ستارہ	ک۔و۔ک۔ب	۱. ہر بڑے تارے کو کہتے ہیں، خواہ وہ ستارہ ہو یا سیارہ ۲. ہر اس تارے کو کہتے ہیں جو بڑا بھی ہو اور چمکدار بھی ہو
۹۰۴	اَفَلَ (6:76)	وہ غائب ہو گیا	ا۔ف۔ل	اجرامِ فلکی مثلاً سورج، چاند، ستارے وغیرہ کے چھپنے اور ڈوبنے کیلئے استعمال ہوتا ہے
۹۰۵	بَازِغَةً (6:78)	جگمگاتا ہوا	ب۔ز۔غ	۱. سورج کا طلوع ہونا جبکہ اسکی روشنی پھیل رہی ہو ۲. سورج، چاند اور ستاروں وغیرہ کی روشنی کیلئے آتا ہے۔ جبکہ وہ طلوع ہو رہے ہوں
۹۰٦	اِقْتَدِهْ (6:190)	پیروی کرو	ق۔د۔و	۱. کسی کی پیروی کرنا اور اس جیسا کام کرنا ۲. نیکی اور دین کے راستے میں کسی کی پیروی کرنا ۳. نماز کی حالت میں امام کی اقتداء کرنا ۴. بری اقتداء کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے

رکوع نمبر ۱۱،۱۲ (آیات ۹۱ تا ۱۰۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۰۷	غَمَرٰتِ (6:93)	سختیوں	غ۔م۔ر	۱. بیہوشی طاری ہونا ۲. موت کی تکالیف اور سختیاں جس سے انسان کے ہوش وحواس جاتے ہیں ۳. غمرۃ کثیر پانی کو بھی کہتے ہیں جسکی گہرائی معلوم نہ ہوسکے
۹۰۸	فُرٰدٰی (6:94)	اکیلے اکیلے	ف۔ر۔د	تنہا جانے والا
۹۰۹	فَالِقُ (6:95)	پھاڑنے والا	ف۔ل۔ق	۱. پھٹنا اور الگ کرنا ۲. کسی بے جان چیز کو دو حصوں میں پھاڑنا اور الگ کرنا
۹۱۰	والنَّوٰی (6:95)	اور گٹھلی	ن۔و۔ی	گٹھلی
۹۱۱	النجوم (6:97)	ستاروں کو	ن۔ج۔م	دو معنوں میں آتا ہے ۱. بے تنا نباتات ، جڑی بوٹیاں ۲. سیارے جو طلوع وغروب ہوتے ہیں
۹۱۲	مُسْتَوْدَعٌ (6:98)	سپرد ہونے اور سونپے جانے کی جگہ	و۔د۔ع	کسی چیز کو پرسکون طریقے سے چھوڑ دینا
۹۱۳	خَضِرًا (6:99)	سبزہ ، سبز کونپلیں	خ۔ض۔ر	سبز رنگ
۹۱۴	قِنْوَانٌ (6:99)	خوشے	ق۔ن۔و	یہ لفظ کھجور اور انگور کے گچھے سے مختص ہے جو ابھی توڑنے کے قابل نہ ہو

۹۱۵	الزیتون (6:99)	زیتون	ز۔ی۔ت	
۹۱۶	الرُّمَّان (6:99)	انار	ر۔م۔ن	
۹۱۷	یَنْعِهٖ (6:99)	اور اسکے پکنے کی طرف	ی۔ن۔ع	پھل کا بالکل پک کر تیار ہو جانا

رکوع نمبر ۱۳ (آیات ۱۰۱ تا ۱۱۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۱۸	خَرَقُوْ (6:100)	اور تراش لیے گھڑ رکھے ہیں	خ۔ر۔ق	۱. کسی چیز کو پھاڑنا اور خراب کر لینا ۲. توڑ پھوڑ دینا ۳. بگاڑنے کیلئے توڑنا ۴. خرقہ کپڑے کے چیتھڑے کو بھی کہتے ہیں اور خارق عادت کے خلاف بات کو کہتے ہیں
۹۱۹	اللطیف (6:103)	بھید جاننے والا	ل۔ط۔ف	اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں ۱. باریک بینی ۲. نرمی یعنی مخلوق کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر نظر رکھنا اور پھر ازراہ مہربانی ان کا ازالہ کرنا
۹۲۰	اَفْئِدَتَهُمْ (6:110)	انکے دلوں کو	ف۔ا۔د	۱. علمِ طب کی رو سے فــاد دل کا اوپر کا وہ حصہ ہے جو خمِ معدہ کے سامنے ہوتا ہے ۲. گوشت کو آگ پر بھوننا ۳. جذبات کی شدت کا مرکز

رکوع نمبر ۱۴، ۱۵ (آیات ۱۱۱ تا ۱۲۱، ۱۲۲ تا ۱۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۲۱	زُخْرُفَ (6: 112)	ملمع کی ہوئی	ز۔خ۔ر۔ف	۱. وہ زینت جو ملمع کرنے سے حاصل ہو ۲. کسی چیز کو ملمع کر کے خوشنما بنانا
۹۲۲	لِتَصْغٰٓى (6:113)	اور تا کہ مائل ہوں	ص۔غ۔ی	پوری طرح جھکنا
۹۲۳	لِيَقْتَرِفُو (6: 113)	تا کہ کئے جائیں	ق۔ر۔ف	۱. زخم کا چھلکا اتارنا ۲. مزموم کام کرنا ۳. ناجائز طریقے سے کمائی کرنا ۴. ناجائز کام کرنا اور اس سے کمائی حاصل کرنا
۹۲۴	يَخْرُصُوْنَ (6: 116)	اٹکل دوڑاتے ہیں اندازے لگاتے ہیں	خ۔ر۔ص	۱. محض اندازوں سے کام لینا ۲. اٹکل سے اندازے لگانا
۹۲۵	يَشْرَحْ (6:125)	کھول دیتا ہے	ش۔ر۔ح	۱. مشکل کلام کے معنی کھولنا ۲. اس میں دو باتیں ہوتی ہیں: کھولنا ، بیان کرنا ۳. کسی مشکل اور پیچیدہ معاملہ کا سمجھ آنا
۹۲۶	ضَيِّقًا (6: 125)	تنگ	ض۔ی۔ق	جگہ کی تنگی کے لیئے استعمال ہوتا ہے

رکوع نمبر ۱۶، ۱۷ (آیات ۱۳۰ تا ۱۴۰، ۱۴۱ تا ۱۴۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۲۷	مُعْجِزِيْنَ (6:134)	عاجز کرنے والے	ع۔ج۔ز	۱. کسی کام کے کرنے سے قاصر ہونا ۲. سرانجام دینے کی استطاعت نہ رکھنا

۹۲۸	ذَرَأَ (6:136)	اسی نے پیدا کیا	ذ۔ر۔ا	۱. پیدا کرنا ۲. پھیلا دینا یہ دونوں معنی الگ الگ بھی استعمال ہوتے ہیں اور اکٹھے بھی
۹۲۹	وَصْفَهُمْ (6:139)	انکے ڈھکوسلے مہمل باتیں	و۔ص۔ف	۱. کسی کا حلیہ بیان کرنا ۲. کسی چیز کا حال بیان کرنا، چاہے صحیح ہو یا غلط
۹۳۰	الزَّرْعَ (6:141)	کھیتی	ز۔ر۔ع	اصل معنی اگانا کے ہیں، زمین میں بیج ڈال کر پانی سے سیراب کرنا اور مناسب دیکھ بھال کرنا بھی اسمیں شامل ہے
۹۳۱	حَصَادِهٖ (6:141)	اسکے کاٹنے کے	ح۔ص۔د	۱. خشک اور پکی ہوئی فصل کا کاٹنا ۲. درانتی سے فصل کاٹنا
۹۳۲	الضَّاْنِ (6:143)	بھیڑوں میں	ض۔ا۔ن	
۹۳۳	الْمَعْزِ (6:143)	بکروں میں	م۔ع۔ز	
۹۳۴	اشْتَمَلَتْ (6:143)	مشتمل ہیں	ش۔م۔ل	۱. چادر میں لپٹنا ۲. شامل ہونا ۳. کسی چیز کے بکھرے ہوئے اجزاء کو اصل چیز میں ملا لینا
۹۳۵	الابل (6:144)	اونٹ	ا۔ب۔ل	

رکوع نمبر ۱۸، ۱۹، ۲۰ (آیات ۱۴۵ تا ۱۵۰، ۱۵۱ تا ۱۵۴، ۱۵۵ تا ۱۶۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۳۶	ذِی ظُفُرٍ (6:146)	ناخن والے جانور	ظ۔ف۔ر	

۹۳۷	شُحُومُهُمَا (6:146)	انکی چربی	ش۔ح۔م	
۹۳۸	الْحَوَايَا (6:146)	اوجھڑی میں، انتڑیاں	ح۔و۔ی	
۹۳۹	هَلُمَّ (6:150)	لاؤتم	ہ۔ل۔م	۱. کسی کا پکار پکار کر بلانا ۲. آنا اور لانا دونوں کے معنوں میں آتا ہے، یعنی لازم اور متعدی بیک وقت دونوں ہیں
۹۴۰	اِمْلَاقٍ (6:151)	ناداری	م۔ل۔ق	۱.دراصل مفلسی اورمحتاجی کونہیں کہتے بلکہ اس اندیشے کو کہتے ہیں کہ مال ودولت موجود ہومگر خرچ ہوکر ختم ہو جانے کا خوف ہو ۲. موجودہ مال ودولت کا ہاتھ سے نکل جانا ۳. تنگ دست ہونے کی فکر رہنا
۹۴۱	الْكَيْلَ (6:152)	ناپ	ک۔ی۔ل	
۹۴۲	الْمِيزَانَ (6:152)	تول	و۔ز۔ن	

❀❀❀

سورة الاَعْرَاف

رکوع نمبر ۱، ۲، ۳ (آیات ۱ تا ۱۰، ۱۱ تا ۲۵، ۲۶ تا ۳۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۴۳	قَآئِلُوْنَ (7 : 4)	دوپہر کو قیلولہ کرتے تھے	ق۔ی۔ل	۱. دوپہر کو سونا ۲. دن کے وقت استراحت کرنا
۹۴۴	ثَقُلَتْ (7 : 8)	بھاری ہوئے	ث۔ق۔ل	۱. تول میں کسی چیز کا بھاری ہونا ۲. وزن میں بوجھل ہونا
۹۴۵	مَعَایِشَ (7 : 10)	سامان معیشت	ع۔ی۔ش	۱. سامانِ زیست ۲. ہر وہ سامان جو زندگی کو برقرار رکھنے کیلئے ہو ۳. ع۔ی۔ش: زندہ رہنا ، جینا
۹۴۶	مَذْءُوْمًا (7 : 18)	ذلیل ، برے حال سے	ذ۔ا۔م	۱. ناپسندیدہ ۲. حقارت کرنا ۳. رسوائی کرنا ۴. اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں: کراہت ، عیب ۵. کسی چیز کو حقیر جاننا ۶. کسی کے عیب بیان کرنا خواہ وہ اختیاری ہوں یا اضطراری
۹۴۷	مَدْحُوْرًا (7 : 18)	مردود	د۔ح۔ر	۱. دھتکارنا ۲. ہٹانا یعنی کسی کو دھتکار کر دور ہٹا دینا
۹۴۸	وَسْوَسَ (7 : 20)	کسی چیز کا بار بار حرکت کرنا	و۔س۔و۔س	۱. وہم کی بیماری ۲. جنون کی ابتدائی حالت ۳. دل میں آنے والی برائی یا بے نفع بات ۴. شیطان کا کسی بری بات کی طرف راغب کرنا اور

				برے خیالات ڈالتے رہنا ۵. ہر وہ برا خیال جو دل میں شیطان کی طرف سے ڈالا جاتا ہے
۹۴۹	النَّاصِحِيْنَ (7 : 21)	حقیقی خیرخواہوں	ن۔ص۔ح	کسی ایسے قول یا فعل کا قصد کرنے کو کہتے ہیں جس میں دوسرے کی خیرخواہی ہو
۹۵۰	طفقًا (7 : 22)	دونوں لگے	ط۔ف۔ق	فعل ناقص ہے جو اپنے ساتھ دوسرا فعل چاہتا ہے ۱. شروع ہونا ۲. کوئی کام کرنے لگنا
۹۵۱	يَخْصِفَانِ (7 : 22)	چپکانے، جوڑنے	خ۔ص۔ف	۱. چمڑے کے اس ٹکڑے کو کہتے ہیں جسکے اوپر چمڑا رکھ کر نئے جوتے کا ماپ کاٹا جائے ۲. کسی ایک چیز کو دوسری پر رکھ کر جوڑنا اور چپکانا
۹۵۲	رِيْشًا (7 : 26)	زینت کیلئے	ر۔ی۔ش	تیروں پر پرندوں کے پر لگانا چونکہ پرندوں کے پر انکے لباس کی طرح ہوتے ہیں اسی نسبت سے **ریشا** انسان کے لباس فاخرہ کیلئے استعمال ہونے لگا. جو کہ زیب و زینت کیلئے استعمال کیا جاتا ہے

رکوع نمبر ۴، ۵، ۶، ۷ (آیات ۳۲ تا ۳۹، ۴۰ تا ۴۷، ۴۸ تا ۵۳، ۵۴ تا ۵۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۵۳	الْجَمَلَ (7 : 40)	اونٹ	ج۔م۔ل	پانچ سال سے زائد عمر کا نر اونٹ ، خوبصورت اونٹ
۹۵۴	سَمِّ (7 : 40)	ناکہ	س۔م۔م	
۹۵۵	حِجَابٌ (7 : 46)	پردہ	ح۔ج۔ب	۱. کسی چیز تک پہنچنے سے روکنا اور درمیان میں حائل ہو جانا

				۲. پردہ میں کر دینا. اسطرح کہ ایک چیز دوسری کو نہ دیکھ سکے
۹۵۶	سِيْمَاهُمْ (7 : 46)	انکی صورتوں سے	س۔و۔م	۱. علامت ۲. نشانی ایسا نشان لگانا کہ دوسروں سے امتیاز ہو سکے ۳. علامتی نشان یا امتیازی نشان کو بھی کہتے ہیں
۹۵۷	يَطْلُبُهٗ (7 : 54)	وہ پیچھے آتا ہے اسکے	ط۔ل۔ب	۱. کوئی چیز مانگنا ۲. کسی چیز کیلئے کوشش کرنا ۳. کسی چیز کو حاصل کرنے کیلئے اس کی تلاش و جستجو کرنا. چاہنا اور ڈھونڈنا ۴. یہ مانگنے کی ابتدائی کیفیت ہوتی ہے ۵. کسی حاجت پر نفس کا حریص ہونا اور اسکی جستجو کرنا
۹۵۸	حَثِيْثًا (7 : 54)	دوڑتا ہوا	ح۔ث۔ث	حثٌ کا لفظ کسی سواری وغیرہ کو چلانے اور ہانکنے کیلئے آتا ہے۔ اسکی رفتار وغیرہ تیز کرنے کیلئے.
۹۵۹	سُقْنٰهُ (7 : 57)	ہم ہانک دیتے ہیں اسکو	س۔و۔ق	۱. کسی کو پیچھے سے ہانک کر چلانا جس طرح چرواہا چوپایوں کو ہانکتا ہے ۲. ڈرائیور کا گاڑی چلانا ڈرائیور کو سواق کہتے ہیں
۹۶۰	نَكِدًا (7 : 58)	ناقص ردی	ن۔ک۔د	۱. جس میں بھلائی اور خیر کا پہلو کم ہو ۲. ہر وہ چیز جو اسکے طالب کو بڑی مشکل سے حاصل ہو ۳. کسی کو حاجت سے روک دینا، محروم کر دینا یا تھوڑا دینا ۴. نکد وہ چیز جو حاصل بھی مشکل سے ہو مقدار میں

				بھی کم ہو اور اس میں بھلائی بھی کم ہو

رکوع نمبر ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ (آیات ۵۹ تا ۶۴، ۶۵ تا ۷۲، ۷۳ تا ۸۴، ۸۵ تا ۹۳، ۹۴ تا ۹۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۶۱	اٰلَآءَ (7 : 69)	احسان	ا۔ل۔ی	ضروریاتِ زندگی کے بنیادی لوازمات
۹۶۲	ثمود (7 : 73)	قوم کا نام	ث۔م۔د	ثمود اس قوم کو کہا جاتا ہے جس کی طرف حضرت صالحؑ کو نبی بنا کر بھیجا گیا
۹۶۳	الناقۃ (7 : 73)	اونٹنی	ن۔و۔ق	اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو جفتی کے قابل ہو چکی ہو۔
۹۶۴	سُهُوْلِهَا (7 : 74)	اسکی نرم زمین	س۔ہ۔ل	۱. میدانی حصے ۲. نرم اور ہموار زمین
۹۶۵	تَنْحِتُوْنَ (7 : 74)	تراشتے ہو	ن۔ح۔ت	کسی سخت چیز مثلاً لکڑی۔ پتھر۔ لوہا وغیرہ کو چھیلنے اور تراشنے کے معنوں میں آتا ہے
۹۶۶	وَعَتَوْا (7 : 77)	اور سرکشی کی	ع۔ت۔و	ایسی سرکشی جو تکبر کی بنا پر ہو انسان اپنے آپ کو بڑا سمجھ کے اللہ کے حکم سے سرکشی کرے
۹۶۷	الرَّجْفَة (7 : 78)	کانپنا ، زلزلہ	ر۔ج۔ف	رجف کا بنیادی معنی شدید اضطراب ہے سمندر کے متلاطم ہونے پر بھی بولا جاتا ہے اور انسانوں میں سنسنی پیدا کرنے اور بے چینی کی لہر دوڑانے والوں پر بھی بولا جاتا ہے۔ لیکن اگر اسکی نسبت زمین کی طرف ہو تو شدید جھٹکے اور زلزلہ کی شدید کیفیت مراد ہے

۹۶۸	جاثِمِيْنَ (7 : 78)	اوندھے پڑے ہوئے	ج۔ث۔م	۱. پرندے کا سینے کے بل زمین پر بیٹھنا پھر اسکے ساتھ چمٹ جانا ۲. کنایة کسی انسان کا سینے کے بل زمین پر لیٹنا ۳. سینے کے بل گرنا
۹۶۹	الغَابِرِيْنَ (7 : 83)	پیچھے رہ جانے والوں میں	غ۔ب۔ر	اپنے ساتھیوں سے کوتاہی کی وجہ سے پیچھے رہ جانا
۹۷۰	شُعَيْبًا (7 : 85)	شعیبؑ	ش۔ع۔ب	مدین کی طرف بھیجے جانے والے اللہ کے نبی
۹۷۱	ضُحٰی (7 : 98)	دن چڑھے	ض۔ح۔ی	!

رکوع نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ (آیات ۱۰۰ تا ۱۰۸، ۱۰۹ تا ۱۲۶، ۱۲۷ تا ۱۲۹، ۱۳۰ تا ۱۴۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۷۲	ثُعْبَانٌ (7:107)	اژدہا	ث۔ع۔ب	بہت بڑا سانپ، اژدہا
۹۷۳	تَلْقَفُ (7 : 117)	نگلنے لگا	ل۔ق۔ف	۱. کسی چیز کو جلدی سے لے لینا ۲. کسی چیز کو کمال ہوشیاری سے لے لینا اور یہ لفظ ہاتھ اور منہ میں لینے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یعنی جلدی سے کھانا
۹۷۴	يَأْفِكُوْنَ (7 : 117)	جو کچھ وہ جھوٹ بناتے تھے	ا۔ف۔ک	۱. کسی چیز کو اسکے صحیح رخ سے موڑ دینا، یعنی سچ سے جھوٹ کی طرف حق سے باطل کی طرف یا اچھے سے برے کاموں کی طرف پھرنے کو افک کہتے ہیں ۲. من گھڑت اور جھوٹی بات بھی افک کہلاتی ہے

۹۷۵	الجرادُ (7 : 133)	ٹڈیاں	ج۔ر۔د	ٹڈی
۹۷۶	القمّل (7 : 133)	جوں یا سسری	ق۔م۔ل	۱. چھوٹی چیونٹی ۲. وہ چچڑی جو اونٹ کے لاغر ہونے کے بعد اسے چمٹ جاتی ہے
۹۷۷	الضَّفَادِعَ (7 : 133)	مینڈک	ض۔ف۔د۔ع	
۹۷۸	یَنۡکُثُوۡنَ (7 : 135)	وہ قسمیں توڑتے ہیں	ن۔ک۔ث	۱. قسم توڑنے کیلئے عام اور مشہور لفظ ہے ۲. معاہدہ، بیع یا عہد و پیمان وغیرہ کی قسم توڑ دینا
۹۷۹	دَمَّرۡنَا (7: 137)	اور تباہ کر دیا ہم نے	د۔م۔ر	۱. کسی کے گھر میں بغیر اجازت کے برے ارادے سے داخل ہونا ۲. کسی چیز پر اچانک ہلاکت لا ڈالنا
۹۸۰	اصنام (7 : 138)	بت، مورتیاں	ص۔ن۔م	چاندی، پیتل یا لکڑی کے خود تراشیدہ بت اور مورتیاں وغیرہ جو قابل انتقال یا خرید و فروخت ہوتے ہیں
۹۸۱	مُتَبَّرٌ (7 : 139)	برباد ہونے والا ہے	ت۔ب۔ر	۱. غارت کر دینا ۲. تہس نہس کر دینا ۳. نیست و نابود کر دینا

رکوع نمبر ۱۷ (آیات ۱۴۲ تا ۱۴۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۸۲	تَجَلّٰی (7 : 143)	تجلی کی، ظاہر ہوا	ج۔ل۔و	۱. کسی روشن اور خوبصورت چیز کا اچھی طرح ظاہر ہونا ۲. روشن ہونا

۹۸۳	دَكًّا (7 : 143)	ریزہ ریزہ	د ـ ک ـ ک	اس میں دو معنی پائے جاتے ہیں ۱. کوٹنا ۲. پھر اسے ہموار کر دینا یعنی کسی چیز کو کوٹ کر اور ریزہ ریزہ کر کے زمین کے برابر کر دینا
۹۸۴	خَرَّ (7 : 143)	اور گرا	خ ـ ر ـ ر	کسی چیز کا آواز اور اضطراب کے ساتھ گرنا یعنی گرتے وقت بے چینی یا لرزش بھی ہو اور گرنے پر آواز بھی پیدا ہو خریر پانی کے گرنے یا ٹپکنے کی آواز کو کہتے ہیں
۹۸۵	اَفَاقَ (7 : 143)	ہوش میں آیا	ف ـ و ـ ق	۱. نشہ کشی کی حالت سے ہوش میں آنا ۲. کمزوری سے قوت کی طرف لوٹنا ۳. تندرست ہونا
۹۸۶	الْاَلْوَاحِ (7 :)	تختیوں میں	ل ـ و ـ ح	۱. کشتی وغیرہ کا تختہ ۲. لکڑی وغیرہ کی اس تختی کو بھی کہا جاتا ہے جس پر کچھ لکھا جائے

رکوع نمبر ۱۸ (آیات ۱۴۸ تا ۱۵۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۸۷	حُلِيِّ (7 : 148)	زیور	ح ـ ل ـ ی	زیور وغیرہ پہنانا
۹۸۸	جَسَدًا (7 : 148)	ایک جسم	ج ـ س ـ د	جاندار اشیاء کا جسم جس میں دورانِ خون نہ ہو
۹۸۹	خُوَارٌ (7 :	گائے کی سی آواز	خ ـ و ـ ر	بیل، گائے یا بچھڑے کی آواز

۹۹۰	اَسِفًا (7 :	افسوس کی حالت میں	ا۔س۔ف	افسوس اورغم کے ملے جلے جذبات کو کہتے ہیں غصہ جب کسی کمزور پر آئے تو غیض وغضب بن جاتا ہے لیکن اگر کسی طاقت ور پر آئے تو حزن اور افسوس بن جاتا ہے
۹۹۱	اَعَجِلْتُمْ (7 : 150)	کیا جلدی کی تم نے	ع۔ج۔ل	۱. جلدی اور جلد بازی کرنا ۲. جلد آنے والی ۳. موجودہ دنیا ، نقد ساز وسامان ۴. بچھڑا . چونکہ اس میں بھی عجلت پائی جاتی ہے جو بیل کی عمر تک پہنچنے میں ختم ہو جاتی ہے
۹۹۲	یَجُرُّہٗ (7 : 150)	کھینچنے لگا اس کو	ج۔ر۔ر	کھینچنا اور گھسیٹنا
۹۹۳	تُشْمِتْ (7 : 150)	پس نہ ہنسنے کا موقع دے	ش۔م۔ت	۱. کسی کی مصیبت پر خوش ہونا ۲. کسی کی تکلیف پر دشمن کا خوش ہونا

رکوع نمبر ۱۹ ، ۲۰ ، ۲۱ (آیات ۱۵۲ تا ۱۵۷ ، ۱۵۸ تا ۱۶۲ ، ۱۶۳ تا ۱۷۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۹۴	سَکَتَ (7 : 154)	تھم گیا	س۔ک۔ت	۱. باتیں کرتے کرتے چپ ہو جانا ۲. ٹھہر جانا ، تھم جانا
۹۹۵	اَنْبَجَسَتْ (7 : 160)	پھوٹ نکلے	ب۔ج۔س	کسی چیز کا پانی کی وجہ سے کھل جانا خواہ زمین ہو یا پتھر یا پہاڑ
۹۹۶	حِیْتَانُھُمْ (7 : 163)	مچھلیاں انکی	ح۔و۔ت	ہر قسم کی مچھلی پر اسکا اطلاق ہوتا ہے

۹۹۷	مَعْذِرَةً (7 : 164)	عذر کرنے کیلئے	ع۔ذ۔ر	کسی الزام کو دور کرنے کیلئے کوئی وجہ پیش کرنا، ایسی کوشش جس سے انسان اپنے گناہوں کو مٹا دینا چاہے

رکوع نمبر۲۲،۲۳ (آیات ۱۷۲تا۱۸۱،۱۸۲تا۱۸۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۹۹۸	نَتَقْنَا (7 : 171)	اٹھایا ہم نے	ن۔ت۔ق	ا. ہلانا، بلند کرنا، پھیلانا ۲. کسی چیز کو کھینچ کر ڈھیلا کر دینا ۳. کسی چیز کو اتنی زور سے ہلانا کہ وہ اپنی جڑ پر تو قائم رہے مگر ایک طرف جھک جائے
۹۹۹	اَنْسَلَخَ (7 : 175)	چھوڑ نکلا	س۔ل۔خ	سانپ کا کینچلی اتارنا
۱۰۰۰	يَلْهَثْ (7 : 176)	زبان لٹکا دے ہانپے	ل۔ہ۔ث	سخت پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا اور ہانپنا وہ پیاس جو اندر کی گرمی کی وجہ سے ہو
۱۰۰۱	يُلْحِدُوْنَ (7 : 180)	کج روی اختیار کرتے ہیں	ل۔ح۔د	ا. قبر اور اسکا بغلی حصہ ۲. راہِ راست سے کسی ایک طرف ہو جانا ۳. الحاد : اسکا تعلق عقائد سے ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شک کرنا یا معجزات سے انکار کرنا. تاہم اس سے انسان کافر نہیں ہوتا
۱۰۰۲	مَتِيْنٌ (7 : 183)	پکی ہے	م۔ت۔ن	کسی چیز کا اپنی ذات میں مضبوط اور ٹھوس ہونا
۱۰۰۳	حَفِيٌّ (7 : 187)	جاننے والا ہو متلاشی	ح۔ف۔ی	ا. کسی چیز کے بارے میں پورا پورا علم رکھنے والا ۲. عزت واکرام واظہار خوشی میں مبالغہ کرنیوالا ۳. کسی شخص کے حالات بہت پوچھنے والا ۴. سوال کرنے میں اصرار کرنیوالا. اسی مبالغہ اور

				اصرار سے بعض اوقات تنگ کرنیوالا کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں

رکوع نمبر ۲۴ (آیات ۱۸۹ تا ۲۰۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۰۴	صَامِتُوْنَ (7 : 193)	چپکے ہو رہو	ص۔م۔ت	۱. چپ رہنا ۲. کم گو ، خاموش طبع فرمانِ نبیؐ ہے : **مَنْ صَمَتَ نَجَا** جو شخص خاموش رہا وہ نجات پا گیا
۱۰۰۵	یَبْطِشُوْنَ (7 : 193)	وہ پکڑتے ہیں	ب۔ط۔ش	۱. کسی چیز کو غلبہ اور قوت سے پکڑنا ۲. کوئی چیز زبردستی پکڑنا اور لے لینا ۳. سخت اور مضبوط گرفت ۴. سختی اور رعب سے پکڑنا ۵. جابرانہ گرفت
۱۰۰۶	یَنْزَغَنَّكَ (7 : 200)	وسوسہ پیدا ہو تمہارے دل میں	ن۔ز۔غ	۱. دو چیزوں کے درمیان فساد ڈالنا ۲. جھگڑا پا کرنا ۳. فساد پر آمادہ کر دینا ۴. بگاڑ پیدا کرنا ۵. جھڑپ کرا دینا ۶. کسی کام میں مداخلت کر کے فساد کرا دینا
۱۰۰۷	فَاسْتَعِذْ (7 : 200)	تو پناہ مانگو	ع۔و۔ذ	۱. جائے پناہ ۲. خبیث روحوں یا شیطان یا جادوگر وغیرہ سے پناہ مانگنا
۱۰۰۸	اَنْصِتُوْ (7 : 204)	خاموش رہو	ن۔ص۔ت	دوسروں کی بات چپ چاپ رہ کر سننا
۱۰۰۹	الاصال (7 : 205)	شام کو	ا۔ص۔ل	عصر کے بعد کا وقت اسکی ضد **بُکرا** ہے

سورة الانفال

رکوع نمبر۱ (آیات ۱تا۱۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۱۰	الانفال (8 : 1)	غنیمت کے مال	ن۔ف۔ل	۱. نفل بمعنی مالِ غنیمت ۲. ہبہ ۳. بخشش ۴. زیادتی ۵. واجبات اور ضروریات سے زائد کام ، یہاں یہ لفظ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ اموال امتِ محمدیہ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے زائد عطیہ ہیں دوسری قوموں پر جائز نہ تھے
۱۰۱۱	وَجِلَتْ (8 ; 2)	ڈر جائیں	و۔ج۔ل	۱. دل ہی دل میں ڈر محسوس کرنا ۲. رونگٹے کھڑے ہونا ۳. بوڑھا ہونا ۴. کوتاہی کی وجہ سے کسی سے ڈرنا اور بے چین ہونا
۱۰۱۲	الشَّوكَةِ (8 : 7)	کیل کانٹے والا شان وشوکت والا	ش۔و۔ک	۱. کانٹا ،کانٹا چبھونا ۲. ہتھیار ، تیزی ، قوت ، لڑائی، دبدبہ ۳. جارحانہ ہتھیار جن سے لڑائی کی جاسکے
۱۰۱۳	تَسْتَغِيثُونَ (8 : 9)	جب فریاد کرتے تھے تم	غ۔و۔ث	۱. سختی کے وقت کسی کی اعانت اور مدد کرنا ۲. غیث اس بارش کو بھی کہتے ہیں جو بروقت بھی ہو اور ضرورت کے مطابق بھی ہو ۳. استغاث کا مطلب اللہ سے ایسی بارش کیلئے فریاد کرنا بھی اور سختی کے وقت خدا سے یا دوسرے حاکم

				سے اعانت اور مدد طلب کرنا ۴. استغاثہ مشہور لفظ ہے جسکے معنی حاکم یا عدالت کے سامنے اپنے پر ظلم یا زیادتی کی فریاد کرنا
۱۰۱۴	مُرْدِفِيْنَ (8 : 9)	لگاتار آنے والے	ر۔د۔ف	۱. کسی کے پیچھے سوار ہونا ۲. ایک سوار کے پیچھے دوسرے سوار کو کہتے ہیں ۳. ایک چیز کے بعد اسی طرح کی دوسری چیز کا آنا ۴. تانتا باندھنا ردیف مشہور لفظ ہے اسی سے نکلا ہے

رکوع نمبر۲ (آیات (۱۱ تا ۱۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۱۵	الاعناق (8 : 12)	گردنیں	ع۔ن۔ق	گردن یا گلا مشہور عضوِ انسانی
۱۰۱۶	بَنَانٍ (8 : 12)	پور پور پر	ب۔ن۔ن	جسم کے جوڑ
۱۰۱۷	زَحْفًا (8 : 15)	میدان جنگ میں	ز۔ح۔ف	۱. گھٹنوں یا سیرین کے بل دھیرے دھیرے گھسٹنا ۲. لشکر کا کثیر ہونے کی وجہ سے دشمن کی طرف آہستہ آہستہ پیش قدمی کرنا ۳. دشمن کی طرف بڑھنے والے لشکرِ جرار کو کہتے ہیں ۴. کسی لشکرِ جرار کا میدانِ کارزار کی طرف آہستہ آہستہ پیش قدمی کرنا
۱۰۱۸	مُتَحَيِّزًا (8 : 16)	جگہ پکڑنے کو	ح۔ی۔ز	

رکوع نمبر۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸ (آیات ۲۰ تا ۶۹)

رکوع نمبر ۹، ۱۰ (اس میں کوئی الفاظ نہیں ہیں)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۱۹	مُكَآءً (8 : 35)	سیٹیاں بجانا	م۔ک۔و م۔ک۔ی	۱. منہ سے سیٹی بجانا ۲. اس میں موسیقی کے بھی تمام سرتال شامل ہیں
۱۰۲۰	تَصْدِيَةً (8: 35)	تالیاں بجانا	ص۔د۔ع	۱. دونوں ہاتھوں سے تالیاں بجانا ۲. اس میں تمام ساز و مضراب شامل ہے
۱۰۲۱	فَيَرْكُمَهٗ (8 : 37)	پھر ایک ڈھیر بنادے اسکو	ر۔ک۔م	۱. ڈھیر لگانا ۲. بغیر کسی ترتیب کے کسی چیز کو اوپر نیچے یا آگے پیچھے ساتھ ملا کر اکٹھا رکھ دینا ۳. تہہ بہ تہہ بادل یا ریت
۱۰۲۲	مضت (8 : 38)	جاری ہو چکا	م۔ض۔ت	۱. گزرنا ۲. چلے جانا ۳. اس میں یا تو وقت کے اور زمانہ کے گزرنے کا تصور پایا جاتا ہے (اور ماضی اسی سے گزرے ہوئے زمانے کو کہا جاتا ہے) یا کسی چیز کے وقت اور زمانہ کیساتھ چلنے اور گزر جانے کے معنی دیتا ہے
۱۰۲۳	الْقُصْوٰى (8 : 42)	وہ رکے	ق۔ص۔و	قصو میں بنیادی طور پر دور ہونے اور رہنے کے معنی پائے جاتے ہیں دراصل قصوٰی اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو کام کاج سے دور رکھی جاتی ہے
۱۰۲۴	بَطَرًا (8 : 47)	اتراتے ہوئے	ب۔ط۔ر	۱. نعمتوں کی فراوانی کی وجہ سے بہک جانا ۲. ایسی وحشت ہے جو خوشحالی کے غلط استعمال، حق

				نعمت میں کوتاہی اور نعمت کے غلط استعمال سے انسان کولاحق ہوتی ہے ۳. جیسے نعمت کی فراوانی نے کسی کے دیدے پھاڑ دیے ہوں اسلیئے پھاڑنا کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے
١٠٢٥	نکص (8 : 48)	پھر گیا	ن۔ک۔ص	۱. ہٹنا ۲. کسی کام سے باز آنا ۳. الٹے پاؤں پھر جانا ۴. اسکا استعمال صرف نیک کاموں سے پھرنے کیلیئے استعمال ہوتا ہے
١٠٢٦	فَشَرِّدْ بِهِم (8 : 57)	انکوایسی سزا دو کہ بھاگ جائیں	ش۔ر۔د	۱. ایسا کام کرنا کہ پھر دوسرے ایسا کام نہ کریں ۲. کسی کے ساتھ عبرت ناک سلوک کر کے دوسروں کو بھگا دینا ۳. دھتکارنا ۴. ڈرانا
١٠٢٧	بِإِذْنِ (8 : 66)	ساتھ حکم کے	ا۔ذ۔ن	۱. منظوری دینا ۲. اجازت دینا ۳. ایسا حکم دینا جو مشیتِ الٰہی کا متقاضی ہو
١٠٢٨	يُثْخِنَ (8 : 67)	کثرت سے خون بہا دے	ث۔خ۔ن	۱. کسی چیز کو اٹھا کر اسکے وزن کا اندازہ کرنا ۲. موٹا اور سخت ہونا ۳. خونریزی میں حد سے آگے بڑھنا ۴. قتل کے دوران سختی کا معنی بھی آتا ہے ۵. بے دریغ قتل کرنا

❀❀❀

سورۃ التَّوْبَۃ

رکوع نمبر ۱،۲ (آیات ۱ تا ۱۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۲۹	فَسِيْحُوْا (9 : 2)	پس چل پھر لو	س۔ی۔ح	۱. فراخ جگہ میں چلنا پھرنا ۲. سیروسیاحت خواہ وہ تفریح کی غرض سے ہو یا کسی اور غرض کیلئے ۳. وسیع میدان میں مختلف سمتوں میں سفر
۱۰۳۰	مَرْصَدٍ (9 : 5)	گھات میں	ر۔ص۔د	۱. تاک میں بیٹھنا ۲. گھات لگا کے بیٹھنا ۳. گھات میں بیٹھنے والے کو موصد کہتے ہیں
۱۰۳۱	اِلًّا (9 : 8)	قرابت کا	ا۔ل۔ل	اِلًّ کے معنی لغوی رشتہ داروں سے کیا ہوا عہدو پیمان ہے
۱۰۳۲	ذِمَّةً (9 : 8)	عہد کا	ذ۔م۔م	۱. عہد کی ایک قسم ہے ۲. عہدوفاداری ، امان ، حفاظت ۳. ذمہ داری، عہدامان ۴. ذمی وہ غیر مسلم ہیں جو عہد و پیمان کی بنا پر دارلسلام میں مسلمانوں کو جزیہ ادا کر کے ان کی امان اور حفاظت میں رہتے ہیں
۱۰۳۳	بَدَءُوْكُمْ (9 : 13)	تم سے ابتداء کی	ب۔د۔ا	انوکھی چیز جو پہلی بار دیکھنے میں آئے

رکوع نمبر ۳،۴ (آیات ۱۷ تا ۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۳۴	كَسَادَهَا (9 : 24)	جسکے بند ہونے سے	ک۔س۔د	۱. کسی چیز کے خریدنے کی رغبت نہ رہنا ۲. تجارت کا مال فروخت نہ ہونا ۳. بازار کا سرد پڑ جانا
۱۰۳۵	مَوَاطِنُ (9 : 25)	جنگ کے موقع پر	و۔ط۔ن	
۱۰۳۶	حُنَيْنٍ (9 : 25)	حنین کے	ح۔ن۔ن	مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی کا نام ہے جہاں فتح مکہ کے بعد شوال ۸ھ میں اہل ہوازن سے مشہور غزوہ حنین ہوا. ہوازنی ماہر تیر انداز تھے مسلمانوں کی تعداد ۱۲۰۰۰ اور کفار سے زیادہ. کچھ فتح مکہ کا اثر اور کچھ تعداد کا گھمنڈ. مسلمانوں کو ابتداً شکست سے دوچار ہونا پڑا پھر دوبارہ بلایا گیا اللہ تعالیٰ نے رحمت کی تو شکست فتح میں بدل گئی
۱۰۳۷	رَحُبَتْ (9 : 25)	فراخی	ر۔ح۔ب	۱. جگہ کا فراخ ہونا ۲. وسعتِ مکانی کیلئے آتا ہے ۳. کسی جگہ یا مکان کا فراخ ہونا
۱۰۳۸	نجس (9 : 28)	پلید ہیں	ن۔ج۔س	یہ لفظ ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی نجاست کیلئے استعمال ہوتا ہے، جب معنوی استعمال ہوتا ہے تو اس سے مراد کفر و شرک کی ایسی پلیدی ہے جو لا علاج مرض کی صورت اختیار کر جائے
۱۰۳۹	عَيْلَةً (9 : 28)	مفلسی	ع۔ی۔ل ع۔و۔ل	ہر وہ چیز جو انسان کو گراں بار کر دے اور اسکے بوجھ تلے دب جائے. اور عیال سے مراد وہ افراد ہیں جنکے اخراجات زندگی کیلئے انسان ذمہ دار ہونے کی وجہ سے

				بوجھ تلے دبا ہوا ہو وہ مفلسی اور محتاجی ہے جو عیال کی وجہ سے ہو
۱۰۴۰	يُعْطُوا (9 : 29)	وہ دیں	ع۔ط۔و	دو معنوں میں آتا ہے ۱. کسی کو کوئی چیز یونہی تفصیلاً دے دینا ۲. بخش دینا دوسرا معنی اَعطٰی سے مطیع ہونا اور خدمت کرنا بھی ہے عطیہ دینا، یعنی کسی شخص کو اسکی خدمت اور محنت کے عوض زیادہ دے دینا

رکوع نمبر ۵ (آیات ۳۰ تا ۳۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۴۱	عُزَيْرٌ (9 : 30)	ایک نبی کا نام		بخت نصر نے فلسطین پر پے در پے حملے کر کے اس علاقہ کو برباد کیا اور تورات کے نسخوں کو جلا دیا اور بنی اسرائیل کو قیدی بنا کر بابل لے گیا آپ کمسن ہی تھے قید ہو کر بابل چلے گئے ۴۰ برس کی عمر میں نبوت عطا ہوئی تو تورات کی تجدید کی۔ عراق کی ایک بستی سائرآباد میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔
۱۰۴۲	يُضَاهِئُونَ (9 : 30)	وہ ریس کرتے ہیں وہ ہم آہنگی کرتے ہیں	ض۔ہ۔ی	کسی کا شکل یا عادات واطوار میں کسی سے مشابہ ہونا
۱۰۴۳	يَكْنِزُونَ (9 : 34)	وہ جمع کرتے ہیں	ک۔ن۔ز	۱. ایسا جمع شدہ مال جو لوگوں سے چھپایا جائے خواہ وہ دفینہ کی شکل میں ہو یا کسی دوسرے ذریعہ سے

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
				۲. مال کو جمع کرنا ۳. وہ مال جسے سر بند کیا جائے
۱۰۴۴	فَتُكْوٰى (9 : 35)	پھر داغی جائیں گی	ک۔و۔ی	لوہے یا کسی دوسری دھات کے آلہ کو آگ میں سرخ کر کے اسکو جلد پر رکھ کر داغ دینا اور جلد کا اتنا حصہ جلا دینا.
۱۰۴۵	جِبَاهُهُمْ (9 : 35)	پیشانیاں ان کی	ج۔ب۔ہ	۱. پیشانی کی چوڑائی اور اسکی خوبصورتی ۲. جبہ پیشانی کے سامنے کے حصے کو کہتے ہیں جو سجدہ کے وقت زمین پر لگتا ہے ۳. پیشانی کے دونوں اطراف کا درمیانی حصہ
۱۰۴۶	النَّسِيْئُ (9 : 37)	کسی مہینے کا ہٹا دینا آگے پیچھے کرنا	ن۔س۔ا	۱. کسی چیز کو مؤخر کر دینا ۲. تقدیم و تاخیر کفارِ مکہ حج کے ایام کو مقدم یا موخر کر دیتے تھے اور موسم کے مطابق بنا لیتے تھے تاکہ فصلیں پک کر تیار ہو جائیں اور خدامِ کعبہ کے نذرانوں کی ادائیگی میں سہولت ہو. اللہ تعالیٰ نے اس قسم کی تقدیم و تاخیر کو کفر قرار دیا اور اسی کیلئے قرآن میں لفظ نسی استعمال ہوا ہے
۱۰۴۷	لِيُوَاطِئُوا (9 : 37)	تاکہ پوری کرلیں	و۔ط۔ا	۱. کسی چیز کو پاؤں سے کچلنا ، روندنا اور مسلنا ۲. کسی کام کو اپنی مرضی کے مطابق آسان بنا لینا

رکوع نمبر ۶،۷ (آیات ۳۸ تا ۵۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۴۸	الغار (9 : 40)	غار میں تھے	غ۔و۔ر	۱. نشیبی زمین کو بھی کہتے ہیں ۲. گہرائی کو بھی

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
				۳. گہرا ، گہری سوچ ۴. غار ایسی نشیبی جگہ جہاں پناہ لی جاسکے، خواہ پہاڑ میں ہو یا زیرِ زمین ہو
۱۰۴۹	فَثَبَّطَهُمْ (9 : 46)	سو ان کو روک دیا	ث۔ب۔ط	کسی کام میں دیر لگانا اور وہ کام نہ کرنا۔ اس سے رکے رہنا اور دیر اور سستی کرنا اثبط المرض ۔ بیماری کا کسی کو چمٹ جانا اور اسکو نہ چھوڑنا اور کاموں سے روک لینا
۱۰۵۰	تَزْهَقَ (9 : 55)	اور نکلے	ز۔ھ۔ق	۱. شکست کھا کر بھاگ کھڑے ہونا ۲. کسی چیز کا شکست کھا کر یا کمزور اور مضمحل ہو کر نکل بھاگنا ہے
۱۰۵۱	يَجْمَحُونَ (9 : 57)	وہ رسیاں تڑواتے بھاگ جائیں	ج۔م۔ح	۱. رسیاں تڑوانا ۲. گھوڑے کا تیزی کیساتھ دوڑتے جانا اور سوار کے قابو میں نہ رہنا
۱۰۵۲	يَلْمِزُكَ (9 : 58)	طعن کرتے ہیں تجھ پر	ل۔م۔ز	۱. عیب جوئی یا عیب چینی کرنا ۲. کسی کے عیوب تلاش کرتے رہنا اور اس مقصد کیلئے اسکی غیبت کرنا تا کہ کسی کا کمزور پہلو ہاتھ آ جائے پھر اس پر حرف گیری یا طعنہ زنی کرنا

رکوع نمبر ۸، ۹، ۱۰، ۱۱ (آیات ۶۰ تا ۸۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۵۳	الْمُؤَلَّفَةِ (9 : 60)	جنکی تالیفِ قلب کرنا ہو	ا۔ل۔ف	۱. کسی چیز کے منتشر اجزاء کو جوڑنا ۲. ہم آہنگی پیدا کرنا الفت ایسی محبت جو ہم آہنگی کی وجہ سے ہو
۱۰۵۴	والغَارِمِينَ	اور قرض دار	غ۔ر۔م	۱. وہ مالی نقصان جو کسی قسم کی خیانت یا جرم کا ارتکاب

	(9 : 60)			کئے بغیر انسان کو اٹھانا پڑے ۲۔ کسی کا قرض ادا کرنا ۳۔ مغرم وہ رقم جو بلاوجہ ادا کرنی پڑے
۱۰۵۵	عدن (9 : 72)	سدابہار، ہمیشگی کی	ع۔د۔ن	عدن کے معنی کسی جگہ قرار پکڑنے اور ٹھہرنے کے ہیں **العدن** ''کان'' کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے کیونکہ کان بھی جواہرات کے ٹھہرنے اور پائے جانے کی جگہ ہے
۱۰۵۶	وَلْيَبْكُوا (9 : 82)	اور چاہیئے کہ روئیں زیادہ	ب۔ک۔ی	غم کے ساتھ آنسو بہانا اور رونا
۱۰۵۷	فَلْيَضْحَكُوا (9 : 82)	پس چاہیئے کہ ہنسیں	ض۔ح۔ک	۱۔ آواز کے ساتھ منہ کھول کر ہنسنا جسکے ساتھ دانت نظر آئیں ۲۔ چمک دمک کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۳۔ واضح
۱۰۵۸	قبره (9 : 84)		ق۔ب۔ر	میت کو دفن کرنے کی جگہ

رکوع نمبر ۱۲،۱۳،۱۴ (آیات ۹۰ تا ۱۲۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۵۹	الْأَعْرَابِ (9 : 90)	صحرا نشینوں میں سے	ع۔ر۔ب	۱۔ گنوار ۲۔ بادیہ نشین ۳۔ جنگلی ۴۔ غیر مہذب، جنہیں گفتگو یا طرزِ بودوباش کا سلیقہ اور تمیز ہی نہ ہو
۱۰۶۰	أَجْدَرُ (9 : 97)	زیادہ لائق ہیں	ج۔د۔ر	۱۔ لائق اور مناسب ہونا۔ (مبالغہ کا صیغہ ہے۔ ایسے معاملات پر بولا جاتا ہے جس پر انسان کو اختیار حاصل

				ہے) ۲. دیوار ، زمین سے اونچی ہوتی ہے اس لیے اسکو **جدار** کہا جاتا ہے ۳. سزاوار ، منتہی کیونکہ اس تک کسی کام کی انتہا ہوتی ہے. بالکل اسی طرح دیوار تک دیوار تک پہنچ کر کوئی چیز رک جاتی ہے
۱۰۶۱	أُسِّسَ (9 : 108)	جسکی بنیاد رکھی گئی	ا-س-س	عمارت کی بنیاد رکھنا
۱۰۶۲	جُرُفٍ (9 : 109)	کھائی	ج-ر-ف	**جرف** دریا کے اس کنارے کو کہتے ہیں جو کٹ کٹ کر نیچے گر رہا ہو. یعنی ایسا کنارہ جسے پانی کے اندر سے کھوکھلا کر دیا ہو.
۱۰۶۳	هار (9 : 109)	گرنے والی	ھ-و-ر	۱. ویران ، گرنے والا ۲. کمزور یا عاجز آدمی کو بھی کہتے ہیں ۳. کسی چیز کا اسطرح گرنا کہ اسکا کچھ حصہ دوسرے پر گر پڑے
۱۰۶۴	أَوَّاهٌ (9 : 114)	نرم دل	ا-و-ہ	۱. نرم دل ۲. رقیق القلب ۳. دعا کیساتھ آہ وزاری کرنیوالا ۴. وہ شخص جو بہت زیادہ حزن وغم ظاہر کرتا رہتا ہے ۵. خشیتِ الٰہی کا بہت زیادہ اظہار کرنیوالا
۱۰۶۵	ظَمَأٌ (9 : 120)	پیاس	ظ-م-ا	سخت پیاس

❀❀❀

سورۃ یُونُس

رکوع نمبر ا تا ۱۱ (آیات ۱ تا ۱۰۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۶۶	عَاصِفٌ (10 : 22)	تیز و تند	ع۔ص۔ف	ا. کھیتی کے پتے جو کاٹ لیے جاتے ہیں. نیز خشک نباتات جو ٹوٹ کر چورہ چورہ ہو جائے ۲. اس تیز ہوا یا آندھی کو کہتے ہیں جو بھوسہ یا اسکے برابر کی چیزوں کو اڑاتی پھرے
۱۰۶۷	اَلْمَوْجُ (10 : 22)	لہریں ، موج	م۔و۔ج	سمندر سے پانی کی جو لہر اٹھتی ہے اسے موج کہا جاتا ہے
۱۰۶۸	الْأَمْسِ (10 : 24)	کل	ا۔م۔س	آج سے ایک دن پہلے گزرا ہوا دن
۱۰۶۹	يَرْهَقُ (10 : 26)	چھپائے گی	ر۔ہ۔ق	ا. ایک چیز کے اوپر دوسری چیز کا چڑھ جانا اور اسے چھپا لینا. اس میں اضطراری کیفیت پائی جاتی ہے ۲. کسی معاملہ نے اسے بزور و جبر دبالیا
۱۰۷۰	شَانٌ (10 : 61)	کسی حال میں	ش۔ا۔ن	ا. بڑے بڑے امور ۲. احوال ، معاملات ، حالت گویا ایسے کام کرنا جو کسی کے شایانِ شان یا مناسب حال ہوں
۱۰۷۱	يَعْزُبُ (10 : 61)	کچھ پوشیدہ	ع۔ز۔ب	ا. دور نکل جانے کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ہو جانا ۲. دیر تک غائب ہونا **عازب** وہ آدمی جو گھاس کی تلاش میں اپنے اہل و عیال سے دور نکل جائے

۱۰۷۲	لِتَلْفِتَنَا (10 : 78)	تاکہ پھیر دو ہمیں	ل۔ف۔ت	۱. کسی چیز کو دائیں یا بائیں موڑنا ۲. متوجہ ہونا ۳. مڑ کر دیکھنا ۴. چہرے کو پھیر کر نظر کرنا
۱۰۷۳	بدن (10 : 92)	جسم	ب۔د۔ن	جانداروں کا جسم جس میں ابھی خون جاری ہو۔ یا ابھی خشک نہ ہوا ہو

❀❀❀

سورۃ ھُوْد

رکوع نمبر۱تا۱۰ (آیات ۱تا۱۲۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۰۷۴	یَثْنُوْنَ (11 : 5)	دوہرا کرتے ہیں	ث۔ن۔ی	۱. یہ بھی عدد کے اعتبار سے استعمال ہوتا ہے. اور کبھی تکرار کے معنی دیتا ہے ۲. کسی چیز کو موڑنا اور دوہرا کرنا وغیرہ
۱۰۷۵	اَخْبَتُوْآ (11 : 23)	عاجزی کی	خ۔ب۔ت	۱. نشیبی اور نرم زمین کو کہتے ہیں ۲. نرمی اور تواضع کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے ۳. نرمی اور عاجزی ۴. کسی شخص کا نرم زمین کا قصد کرنا اور وہاں اترنا ۵. سکون اور اطمینان سے اللہ کی طرف رجوع کرنا
۱۰۷۶	اَنُلْزِمُكُمُوْھا (11 : 28)	کیا ہم تمہیں زبردستی منوائیں	ل۔ز۔م	(ثبت اور دوام) دو باتیں پائی جاتی ہیں یعنی کسی چیز کا کسی ایک جگہ عرصہ دراز تک ٹھہرے رہنا یا چمٹے رہنا
۱۰۷۷	تَزْدَرِیْ (11 : 31)	حقیر سمجھتی ہیں	ز۔ر۔ی	۱. نظرِ حقارت سے دیکھنا ۲. کسی کو اتنا حقیر سمجھنا کہ اسکی کوئی حیثیت اور شمار ہی نہ ہو
۱۰۷۸	التَّنُّوْر (11 : 40)	تنور	ت۔ن۔ر	وہ بڑا ظرف جس میں ایندھن جلا کر گرم کر لیا جاتا ہے پھر روٹیاں پکائی جاتی ہیں
۱۰۷۹	مُرْسٰھَا (11 : 41)	اور ٹھہرنا اسکا	ر۔س۔و	۱. ثابت و استوار ہونا۔ ٹھہرنا ۲. کسی چیز کو زمین میں اس طرح گاڑنا کہ اسکا زیادہ حصہ زمین میں ہو اور تھوڑا باہر ۳. پہاڑ کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے

۱۰۸۰	اَبْلَعِي (11 : 44)	نگل جا	ب۔ل۔ع	۱. حلق ۲. کھانا کھانے کی نالی ۳. نگلنا ، حلق سے نیچے اتارنا
۱۰۸۱	اَقْلِعِيْ (11 : 44)	تھم جانا	ق۔ل۔ع	۱. کسی کام کو ترک کر دینا ۲. چھوڑنا اور رک جانا ۳. کسی جاری کام کو یک لخت ترک کر دینا
۱۰۸۲	غِيْض (11 : 44)	خشک ہوگیا	غ۔ی۔ض	۱. کسی چیز کو کم کرنا اور اسکا خود بخود کم ہو جانا ۲. کسی چیز کو سکیڑنا یا اسکا سکڑ جانا ۳. پانی کا خشک ہو جانا یا زمین کے اندر جذب ہو کر سطح آب کا نیچے چلے جانا
۱۰۸۳	الْجُوْدِيِّ (11 : 44)	کوہِ جودی	ج۔و۔د	طوفانِ نوح کا سلسلہ مسلسل ۴۰ دن جاری رہا یعنی بارش بھی ہوتی رہی اور زمین کے نیچے سے بھی پانی ابلتا رہا. اس دوران کشتی نوح مسلسل بلند ہوتی رہی. جہاں نوع انسان آباد تھے روئے زمین پر ہر اس جگہ پہ طوفان آیا. بعد میں طوفان تھما تو ۱۵۰ دن اسی پانی کو اترنے میں لگ گئے. اسی دوران کشتی جودی پہاڑ پر اٹک گئی. جودی کردستان کے علاقہ میں سلسلہ ہائے کوہ ارادات میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے. آج تک اسی نام سے مشہور ہے
۱۰۸۴	نَاصِيَةِ (11 : 56)	پیشانی	ن۔ص۔و	پیشانی یا پیشانی کے بال
۱۰۸۵	عَنِيد (11 : 59)	ضدی	ع۔ن۔د	۱. جان بوجھ کر حق اور راہِ حق کی مخالفت کرنا ۲. وہ شخص جو راہِ حق سے عناد رکھے اور مخالفت کرے ۳. عنود وہ شخص جو راہِ حق سے ہٹ جائے، حق سے عناد کرے ۴. سرکش ، ضدی

۱۰۸۶	الصَّيْحَة (11 : 67)	چنگھاڑنے	ص۔ی۔ح	۱. آواز پھاڑ پھاڑ کر چلانا ۲. صور پھونکنے کی آواز ۳. ایسی آواز جس سے دل دہل جائیں ۴. گرجدار آواز ۵. دھاکہ ، ہر بے معنی اور بلند آواز
۱۰۸۷	حَنِيْذٌ (11 : 69)	بھنا ہوا	ح۔ن۔ذ	۱. سخت حرارت ۲. گرم پانی بھی اور بھونا ہوا گوشت بھی ۳. کسی بھی ذریعہ سے حرارت سے رطوبت کو خارج کرنا
۱۰۸۸	اَوجَسَ (11 : 70)	محسوس کیا ، ڈرنا	و۔ج۔س	۱. پوشیدہ ہونا ۲. کان کا آہٹ محسوس کرنا ۳. سنی ہوئی بات سے ڈر محسوس کرنا ۴. ڈر کر چھپانے کی کوشش کرنا ، اور چہرہ پر ڈر کے آثار ظاہر نہ ہونے دینا ۵. دل میں کوئی بات محسوس کرنا ۶. اس حالت کو کہتے ہیں جو کسی خطرہ کے بعد دل میں پیدا ہوتی ہے
۱۰۸۹	شَيْخاً (11 : 72)	بوڑھا	ش۔ی۔خ	بزرگ خواہ عمر کے لحاظ سے بڑا ہو یا علم فضیلت اور مرتبہ میں بلند مقام رکھتا ہو۔ شیخ دراصل تکریم کا لفظ ہے
۱۰۹۰	مَجِيد (11 : 73)	بزرگوار ہے	م۔ج۔د	۱. شان وشوکت میں بڑا اور وسیع الشان ہونے کے ہیں ۲. کرم وعزت ، شرافت میں انتہائی حد کو پہنچا ہوا ہو اور لوگوں کی نظر میں بڑا ہو ۳. مجید اسماء الحسنٰی میں سے ہے، جسکے معنی وہ

				ذات ہے جو اپنے فضل و کرم خصوصی سے نوازنے میں نہایت وسعت اور فراخی سے کام لینے والی ہو ۴. قرآن کریم کی صفت بھی " المجید " ہے کیونکہ قرآن کی تمام دنیاوی اور آخروی مکادم پر مشتمل ہونے کی وجہ سے جلیل القدر کتاب ہے
۱۰۹۱	الرَّوع (11 : 74)	خوف	ر۔و۔ع	۱. گھبرا دینا اور تعجب میں ڈال دینا ۲. ایسی کیفیت کہ انسان کسی واقعہ سے متعجب بھی ہو اور اسے کوئی موہوم خطرہ بھی نظر آ رہا ہو، جسکی وجہ سے وہ گھبرا جائے
۱۰۹۲	مُنیب (11 : 75)	رجوع کرنے والا	ن۔و۔ب	۱. کسی طرف بار بار آنا ۲. بار بار متوجہ ہونا اور رجوع کرنا ۳. نائب ہونا ۴. قائم مقام ہونا ۵. شہد کی مکھی کو بھی نوبٌ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنی قرارگاہ کی طرف لوٹ کر جاتی ہے
۱۰۹۳	ذَرْعًا (11 : 77)	دل میں	ذ۔ر۔ع	کہنی سے لے کر درمیانی انگلی کے آخر تک کا بازو ، یعنی وہ چیز بھی مراد لی جاتی ہے جسکی پیائش کی گئی ہو
۱۰۹۴	عَصِیْبٌ (11 : 77)	بڑا سخت	ع۔ص۔ب	۱. عصیب میں دو باتیں پائی جاتی ہیں (a ایک چیز کا دوسری سے ربط و ارتباط (b سختی ۲. سخت اور خیر سے خالی اسی سے عصبہ بنا جو کہ ایسی مضبوط جماعت ہے جس میں دس یا دس سے زیادہ لوگ ہوں اور انکا آپس میں ربط و ارتباط ہو جسکی وجہ سے وہ جماعت

				مضبوط بھی ہو تعصب : نظریہ اور عقیدہ کی سختی کو بھی کہتے ہیں ، کہ انسان حق معلوم ہو جانے کے بعد بھی اسے قبول نہ کرے
۱۰۹۵	يُهْرَعُونَ (11 : 78)	دوڑتے ہوئے	ھ۔ر۔ع	۱. لپکنا ۲. جذبات سے بے قابو ہو کر دوڑنا ۳. لرزہ براندام دوڑنا ۴. بے قرار ہو کر لپکنا ۵. غضب ، ضعف ، خوف یا سردی کی حالت میں بے قرار ہو کر دوڑنا
۱۰۹۶	ضَيْفٌ (11 : 78)	مہمان	ض۔ی۔ف	مہمان
۱۰۹۷	رُكْنٍ (11 : 80)	قلعے ، طاقت	ر۔ک۔ن	۱. کسی چیز کا رکن اسکی مضبوط ترین سمت ہے ۲. ستون ، قلعہ
۱۰۹۸	فَأَسْرِ (11 : 80)	پس لے کر چل	س۔ر۔ی	۱. رات کو چلنا ۲. رات کو سفر کرنا
۱۰۹۹	سِجِّيلٍ (11 : 82)	کنکروں سے	س۔ج۔ل	۱. کنکر ۲. وہ نوکدار کنکریاں جس میں مٹی کی بھی آمیزش ہوتی ہے اور وہ مٹی سے کنکریاں بن رہی ہوتی ہیں
۱۱۰۰	مَنْضُودٍ (11 : 82)	تہہ بہ تہہ	ن۔ض۔د	۱. سامان کا ایک دوسرے پر چننا ۲. گھر کے چنے ہوئے سامان کو کہتے ہیں ۳. اس طرح اکٹھا کرنے کو کہا جاتا ہے جس میں کوئی سلیقہ اور ترتیب پائی جائے ۴. گہرے بادلوں کو بھی اور تہہ بہ تہہ پھلوں کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً کیلے وغیرہ کے لئے

۱۱۰۱	رَهْطُكَ (11 : 91)	تیری برادری	ر۔ہ۔ط	۱. ایک ہی خاندان کے نوجوانوں کی مختصر جماعت جو ۳ سے ۹ افراد تک ہو، انکا سردار بھی رھط کہلاتا ہے ۲. بعض نے رھط کے معنی اس چمڑے کیلئے ہیں جو حائضہ عورتیں ایامِ ماہواری میں پہنا کرتی ہیں یا حیض کا چیتھڑا وغیرہ
۱۱۰۲	الْوِرْدُ (11 : 98)	گھاٹ	و۔ر۔د	۱. پینے کیلئے پانی کی جگہ پر پہنچنا اسکی ضد ہے یعنی پانی پی چکنے کے بعد وہاں سے لوٹ جانا ۲. ورد اس پانی کو کہتے ہیں جو وارد ہونے والوں کیلئے تیار کیا گیا ہو
۱۱۰۳	الرِّفْدُ (11 : 99)	انعام	ر۔ف۔د	کسی مفلس و نادار کو عطیہ اور خیرات کے ذریعے مدد دینا مـرفـدٌ اس چیز کو کہتے ہیں جس میں عطیہ ڈال کر دیا جائے رفـادہ بھی اسی سے ہے، وہ فنڈ جو قریش نادار حجاج کی مدد کیلئے جمع رکھتے ہیں الـرفـد اس اونٹنی کو کہا جاتا ہے جو ایک بار دودھ دوہنے سے پیالہ بھر دے
۱۱۰۴	تَتْبِيْب (11 : 101)	ہلاکت	ت۔ب۔ب	۱. مسلسل خسارے میں رہنا ۲. ہلاکت ہونا ۳. ٹوٹنا
۱۱۰۵	سَعِيْدٌ (11 : 105)	نیک بخت	س۔ع۔د	وہ شخص جو فطرتاً نیک ہو ، یعنی نیک بخت اسکی ضد شقی ہے
۱۱۰۶	شَقُوْا (11 : 106)	بدبخت ہوں	ش۔ق۔ی	شقی وہ شخص ہے جو فطری نیک بختی سے محروم ہو . سعید اسکی ضد ہے
۱۱۰۷	زَفِيْرٌ (11 : 106 0	چلانا	ز۔ف۔ر	لمبی سانس باہر نکالنا ، گدھے کے بولنے کی ابتدائی آواز جو آہستہ آواز سے اونچی ہونا شروع ہوجاتی ہے

۱۱۰۸	شَهِيْقٌ (11 : 106)	دھاڑنا	ش ـ ہ ـ ق	گدھا جب بولنا ختم کرنے لگے تو آخری آواز جو اونچی آواز سے پست ہونا شروع ہوتی ہے
۱۱۰۹	مَجْذُوْذٍ (11 : 108)	بے انتہا نہ ختم ہونے والی	ج ـ ذ ـ ذ	ا. کسی چیز کو توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا ، پتھر یا سونے کے ریزوں کو جُذاذ کہا جاتا ہے ۲. قیمتی دھاتوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے
۱۱۱۰	زُلَفًا (11 : 114)	کچھ حصہ	ز ـ ل ـ ف	ا. رات کا ابتدائی حصہ یا پہلی گھڑی ۲. مرتبہ اور قرب رات کے ابتدائی حصہ کو زلف اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ساری رات کا نزدیکی اور قریب کا حصہ ہوتا ہے
۱۱۱۱	اُتْرِفُوْا (11 : 116)	عیش و آرام دیا گیا تھا انکو	ت ـ ر ـ ف	ا. عیش و عشرت میں فراخی اور وسعت اور مترف وہ آسودہ حال جو کثرت دولت کی وجہ سے بدمست ہو ۲. نعمتوں کی کثرت جو انسان کو بہکا دے

❀❀❀

سورۃ یُوْسُف

رکوع نمبر ۱، ۲ (آیات ۱ تا ۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۱۲	یُوْسُفَ (12 : 4)	یوسفؑ		حضرت یعقوبؑ کے بیٹے کنعان میں پیدا ہوئے. آپکی داستانِ زندگی زبان زد عام ہے ۱۷ سال کی عمر میں کنوئیں میں ڈالے گئے تقریباً ۷ سال عزیز مصر کے ہاں رہے پھر ۷ سال قید میں رہے پھر ۸ سال بعد ایامِ خوش حالی میں اپنے والدین اور بھائیوں کو بلایا والدین سے جدائی کا زمانہ ۲۳ سال ہے بادشاہ بھی تھے اور نبی بھی. اسی سرزمین میں مدفون ہوئے ،حضرت موسیٰ جب مصر سے نکلے تو آپکی قبر سے تابوت نکال کر ساتھ لے گئے اور مشہد خلیل میں آباؤ اجداد کیساتھ دفن کیا
۱۱۱۳	اِطْرَحُوْہُ (12 : 9)	پھینک آؤ اسے	ط۔ر۔ح	۱. کسی چیز کو فالتو اور ردی سمجھ کر پھینک دینا ۲. لوگوں کی نظروں سے بچا کر کہیں دور پھینک دینا ۳. طروح دور دراز مقام کو اور الطرح اس چیز کو کہتے ہیں جو فالتو سمجھ کر پھینک دی جائے
۱۱۱۴	الجُبِّ (12 : 10)	کنواں	ج۔ب۔ب	ایسا کنواں جو صرف کھودا گیا ہو۔ اینٹ، پتھر سے تعمیر نہ کیا گیا ہو، کچا کنواں
۱۱۱۵	یَلْتَقِطْہُ (12 : 10)	تا کہ اسکو نکال لے جائے	ل۔ق۔ط	۱. زمین سے کسی چیز کا اٹھانا (لَقْط) لُقط اس چیز کو کہتے ہیں جو زمین پر گری پڑی ہو ۲. زمین سے ایسی گری پڑی چیز کو اٹھانا جسکے مالک کا علم نہ ہو.

۱۱۱۶	يَرْتَعْ (12 : 12)	خوب میوے کھائے	ر۔ت۔ع	جانوروں کا چرنا چگنا اس کا بنیادی مطلب ہے پھر استعارہ کے طور پر انسانوں کے جی بھر کر کھانے پینے پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔یعنی جانوروں کی طرح بہت کھانا
۱۱۱۷	الذِّئْبُ (12 : 13)	بھیڑیا	ذ۔ا۔ب	بھیڑیا ، ذَئِبَ : مکاری اور خباثت میں بھیڑیے کی طرح ہونا یا بھیڑیے سے خوفزدہ ہونا
۱۱۱۸	قَمِيْصِهٖ (12 : 18)	اسکا کرتہ	ق۔م۔ص	کرتہ، لباس کا ایک اہم جزو
۱۱۱۹	سَوَّلَتْ (12 : 18)	بنالی ہے	س۔و۔ل	ا. نفس کا اس چیز کو مزین کرنا جس پر اسے حرص بھی ہو اور اسکے قبح کو خوشنما بنا کر پیش کرنا ۲. پیٹ کا ناف کے نیچے سے ڈھیلا ہونا ۳. نفس یا شیطان کا کسی گناہ کی بات کو کمزور اور ڈھیلا کر کے دکھانا کہ اس سے گناہ کا احساس نہ رہے ۴. کسی بری بات کو خوبصورت کر کے یا مزین بنا کر پیش کرنا تاکہ انسان اس سے رکنے کی بجائے اسکے کرنے پر آمادہ ہو جائے
۱۱۲۰	بِضَاعَةً (12 : 19)	مالِ تجارت سمجھ کر	ب۔ض۔ع	ا. مال کا وافر حصہ جو تجارت کیلئے الگ کر لیا گیا ہو ۲. بکاؤ مال ۳. وہ سرمایہ جو تجارت کیلئے مخصوص کیا گیا ہو
۱۱۲۱	دَرَاهِمَ (12 : 20)	درھم	د۔ر۔ہ۔م	1/2 3 ماشہ چاندی کا سکہ جو کہ دورِ نبویؐ میں عرب میں رائج تھا۔درھم و دینار اصل میں یونانی سکے تھے، جو روم اور حجاز میں رائج تھے
۱۱۲۲	الزَّاهِدِيْنَ (12 : 20)	بے زار، بے رغبت	ز۔ھ۔د	ا. بے غرض ہونا چھوڑ دینا ۲. کسی چیز سے بے رغبتی کرنیوالا یا حقیری چیز پر راضی ہو جانیوالے ۳. کسی چیز کو حقیر یا معمولی سمجھ کر اس میں دلچسپی نہ لینے والا

رکوع نمبر۳ (آیات ۲۱ تا ۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۲۳	أَكْرِمِي (12 : 21)	باعزت رکھ	ک۔ر۔م	۱. کرم ایسے شرف کو کہتے ہیں جو کسی چیز میں خود بخود موجود ہو یا اسکے اخلاق کی وجہ سے ہو ۲. کسی شخص کو اس وقت تک کریم نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ اسکے کرم کا ظہور نہ ہو چکا ہو ۳. اکرام کے معنی کسی کو اس طرح نفع پہنچانا کہ اس میں سبکی اور خفت بھی نہ ہو اور وہ نہایت اشرف اور اعلیٰ ہو
۱۱۲۴	غَلَّقَتْ (12 : 23)	بند کر دیے	غ۔ل۔ق	بند کر دینا، اسکی ضد فَكّ رہا کر دینا یا چھڑا دینا غلُق کے معنی قفل یا تالا کے ہیں اور غلق کے معنی دروازے وغیرہ کو زور سے بند کرنا یا چٹخنی وغیرہ لگانے کے ہیں
۱۱۲۵	قَدَّت (12 : 25)	اس (عورت) نے پھاڑ دی	ق۔د۔د	کسی چیز کو لمبائی کے رخ پھاڑنا اسی سے انسانی جسم کی لمبائی کو قد کہا جاتا ہے قدید خشک گوشت کی لمبی لمبی قاشوں کو کہتے ہیں
۱۱۲۶	يُسْجَنَ (12 : 25)	قید کیا جائے	س۔ج۔ن	۱. قید خانہ ۲. جیل ۳. ایسی جگہ جہاں عدالت سے سزا یافتہ لوگ رکھے جاتے ہیں

رکوع نمبر ۴، ۵، ۶ (آیات ۳۰ تا ۴۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۲۷	شَغَفَهَا (12 : 30)	فریفتہ ہو گیا اس عورت کا دل	ش۔غ۔ف	ا. دل کا اندرونی حصہ ۲. دل کا غلاف ۳. دل کے پردے پر چوٹ لگائی ۴. ایسی محبت جو دل کے اندرونی حصہ تک سرایت کر چکی ہو
۱۱۲۸	مُتَّكَأً (12 : 31)	ایک محفل	و۔ک۔ا	ا. کسی کیلئے تکیہ لگانا ۲. ٹیک لگا کر بیٹھ جانا
۱۱۲۹	حَاشَ (12 : 31)	پاکی ہے	ح۔ا۔ش	
۱۱۳۰	اَصْبُ (12 : 33)	تو مائل ہو جاؤں گا	ص۔ب۔و	ازراہِ بچپن کسی ناشائستہ حرکت کی طرف مائل ہو جانا
۱۱۳۱	خُبْزًا (12 : 36)	روٹیاں	خ۔ب۔ز	روٹیاں
۱۱۳۲	سِمَانٍ (12 : 43)	موٹی	خ۔ب۔ز	موٹا ہونا
۱۱۳۳	عِجَافٌ (12 : 43)	دبلی	ع۔ج۔ف	انتہائی لاغر اور دبلا ہونا
۱۱۳۴	اَضْغَاثُ (12 : 44)	پراگندہ، پریشان	ض۔غ۔ث	ا خشک گھاس یا شاخیں جو انسان کی مٹھی میں آ جائیں ۲. گفتگو کو ملانا، خلط ملط کرنا ۳. معاملہ جسکی کوئی حقیقت اور بنیاد نہ ہو ۴. اضغاث ڈراؤنے خواب، ایسے خواب جنکی حقیقت بیان نہ ہو سکے
۱۱۳۵	يُغَاثُ (12 : 49)	مینہ برسایا جائے گا	غ۔ی۔ث	وہ بارش جو ضرورت کے وقت ہو اور ضرورت کے مطابق ہو

رکوع نمبر ۷، ۸، ۹ (آیات ۵۰ تا ۷۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۳۶	مَا بَالُ (12 : 50)	کیا حال ہے؟	ب۔و۔ل ب۔ی۔ل	۱. موجودہ حال یا حالت ۲. اس حالت کو کہتے ہیں جسکی فکر یا پرواہ کی جائے ۳. انسان کے دل اور دل سے گزرنے والے خیال کو بھی بَالٌ کہتے ہیں
۱۱۳۷	حَصْحَصَ (12 : 51)	ظاہر ہو چکی	ح۔ص۔ح ح۔ص۔ص	۱. حق بات جو کسی وجہ سے چھپی ہوئی تھی اب اس دباؤ کے دور ہونے کی وجہ سے واضح ہو کر سامنے آ گئی ۲. کسی چیز سے ایک حصہ کاٹ لینا
۱۱۳۸	جَهَّزَهُمْ (12 : 59)	تیار کر دیا ان کیلئے	ج۔ہ۔ز	۱. مسافر کا وہ سامان جو تیار کر کے رکھا جائے ۲. تیار شدہ سامان کو لادنا اور بھیجنا (جَهَزَّ) اس لفظ کا استعمال یا تو میت کیلئے ہوتا ہے یا مسافر کا سامان تیار کرنے کیلئے
۱۱۳۹	حَاجَةً (12 : 68)	ایک خواہش تھی	ح۔و۔ج	۱. احتیاج اور فقر و فاقہ ۲. خواہش جسکے پورا نہ ہونے پر دل میں تنگی اور گھٹن محسوس ہو
۱۱۴۰	رِحَالِهِمْ (12 : 62)	اسباب انکے	ر۔ح۔ل	۱. اونٹ پر پالان کسنا اور کوچ کرنا ۲. سوار ہونا ۳. سفر میں ساتھ رہنے والا سامان ۴. رَحَلَ کا لفظ سفر پر روانہ ہونے کیلئے بولا جاتا ہے
۱۱۴۱	نَمِيْرُ (12 : 65)	ہم غلہ لائیں گے	م۔ی۔ر	کھانا ، خوراک وغیرہ ۔ جمع کی ہوئی خوراک

۱۱۴۲	بَعِيْرٍ (12 : 65)	ایک اونٹ کا	ب۔ع۔ر	ا۔ اسمِ جنس ہے نر اور مادہ دونوں کیلئے بولا جاتا ہے۔ جب اونٹ چار سال کا بار برداری کے قابل ہو جائے تو بعیر کہلاتا ہے ۲۔ نوجوان اور طاقتور اونٹ
۱۱۴۳	اَلْعِيرُ (12 : 70)	قافلے والے	ع۔ی۔ر	قافلہ جو غذائی سامان لاد کر لاتا ہے۔ اصل میں یہ لفظ غلہ بردار اونٹوں اور انکے ساتھ جو لوگ ہوتے ہیں ان سب پر بولا جاتا ہے۔ مگر کبھی ان اونٹوں پر جو غذائی سامان اٹھا کر لاتے ہیں اور کبھی ان لوگوں پر الگ الگ بھی بولا جاتا ہے
۱۱۴۴	تَفْقِدُوْنَ (12 : 71)	جو تم گم کر بیٹھے	ف۔ق۔د	کسی چیز کے وجود کے بعد اس کا نہ پایا جانا
۱۱۴۵	صُوَاعَ (12 : 72)	پیمانہ	ص۔و۔ع	اس برتن کو کہتے ہیں جس میں کوئی مشروب ڈال کر پیا جاتا ہے یا اس سے غلہ ماپ کر دیا جاتا ہے
۱۱۴۶	وِعَآءِ (12 : 76)	بوری	و۔ع۔ی	ا۔ بات وغیرہ کو یاد کر لینا ۲۔ بوری یا تھیلہ کہ جس میں دوسری چیزیں جمع کر کے رکھی جاتی ہیں

رکوع نمبر ۱۰ (آیات ۸۰ تا ۹۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۴۷	اَبْرَحَ (12 : 80)	ٹلوں گا	ب۔ر۔ح	ا۔ اس وسیع جگہ کو کہتے ہیں جہاں عمارت اور درخت وغیرہ کچھ نہ ہوں ۲۔ کھلی جگہ چھوڑ کر ٹھہرے رہنا
۱۱۴۸	تَفْتَؤُا (12 : 85)	تو ہمیشہ رہے گا	ف۔ت۔ا	کسی کام کو برابر کرتے ہی رہنا

۱۱۴۹	اَشۡکُوۡا (12 : 86)	میں تو اظہار کرتا ہوں	ش۔ک۔و	۱. اظہارِ غم ۲. چھوٹے مشکیزہ کو کھولنے اور اسکے اندر کی چیز کو ظاہر کرنا، اسی سے استعارہ کے طور پر دل کی بات کو ظاہر کر دینے کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۱۵۰	مُزۡجٰىةٍ (12 : 88)	ناقص تھوڑی	ز۔ج۔و	تھوڑی یا ردی چیز ۔ ایسی چیز جسے کوئی قبول کرنے کیلئے تیار نہ ہو اور واپس کر دے
۱۱۵۱	تَثۡرِيۡبَ (12 : 92)	کچھ ملامت	ث۔ر۔ب	کسی کے برے کام پر اسے سرزنش، زجرو توبیخ یا ڈانٹ ڈپٹ کرنا
۱۱۵۲	تُفَنِّدُوۡنَ (12 : 94)	تم مجھے بہکا ہوا جانو	ف۔ن۔د	۱. کسی کو کمزور رائے یا کم عقل بتانا ۲. سٹھیانا ، بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا اور بہکی بہکی باتیں کرنا ۳. کسی بوڑھے شخص کی باتوں پر ملامت کرنا خطا کار ٹھہرانا۔ ملامت کرنا

(None in Next Ruku)

❀❀❀

سورۃ الرّعد

رکوع نمبر۱ تا ۶ (آیات ۱ تا ۴۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۵۳	صِنْوَانٌ (13 : 4)	جڑے ہوئے	ص۔ن۔و	کسی درخت کی جڑ سے جو مختلف شاخیں پھوٹتی ہیں ان میں سے ہر ایک کو صِنوٌ کہا جاتا ہے
۱۱۵۴	سَارِبٌ (13 : 10)	چلنے والے	س۔ر۔ب	۱. نشیب کی طرف ۲. گھستے چلے جانا ۳. وحشی جانوروں کا سوراخ یا بل ۴. زمین کے اندر کا گڑھا ۵. سرنگ
۱۱۵۵	المِحَال (13 : 13)	قوت والا	م۔ح۔ل	۱. کسی کے خلاف قوت اور سختی سے بری تدبیر کرنا ۲. کسی شخص پر حیلہ اور تدبیر سے گرفت شدید کرتے جانا ۳. دھوکہ ، مکر ،عناد ۴. شدت ، قحط ، سخت بھوک
۱۱۵۶	فَسَالَتْ (13 : 17)	پس بہہ نکلے	س۔ی۔ل	۱. مائع چیز کا بہنا یا بہہ نکلنا ۲. بہنے والا پانی یا سیلاب سیال اسی سے نکلا ہے بمعنی زور سے بہنے والا، ہر بہنے والی چیز کو سیال کہتے ہیں
۱۱۵۷	زَبَدًا (13 : 17)	جھاگ	ز۔ب۔د	جھاگ
۱۱۵۸	جُفَآءً (13 : 17)	ناکارہ ہوکر	ج۔ف۔ء	۱. وہ کوڑا کرکٹ جو وادی کے دونوں جانب رہ جاتا ہے

				۲. ہانڈی کا میل کچیل جو ابال آنے کی وجہ سے ادھر ادھر گر جاتا ہے
۱۱۵۹	يَمْكُثُ (13 : 17)	پس وہ ٹھہرا رہتا ہے	م۔ک۔ث	کسی چیز کے انتظار میں ٹھہرنا
۱۱۶۰	قَارِعَةٌ (13 : 31)	سخت مصیبت	ق۔ر۔ع	۱. ایک چیز کو دوسری چیز پر مارنا کہ آواز پیدا ہو ۲. کھڑکھڑانے والی ۳. ہر وہ چیز جو انسان پر شدت کیساتھ نازل ہو
۱۱۶۱	يَمْحُوا (13 : 39)	مٹا دیتا ہے	م۔ح۔و	۱. کسی چیز کے اثر اور نشان کو زائل کرنا اور مٹا دینا ۲. کسی چیز کو کمزور اور مضمحل بنا دینا ۳. بے برکت اور بے جان کر دینا

❀❀❀

سورۃ ابراھیم

رکوع نمبر ۱ تا ۷ (آیات ۱ تا ۵۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۶۲	یَتَجَرَّعُهُ (14 : 17)	گھونٹ گھونٹ کر کے اسے پئے گا	ج۔ر۔ع	بہت مشکل سے گھونٹ گھونٹ کر کے پینا
۱۱۶۳	یُسِیغُهُ (14 : 17)	اتار سکے گا اسے حلق سے	س۔و۔غ	کھانے یا پانی کا آرام سے گلے سے نیچے اتر جانا اور خوشگوار ہونا
۱۱۶۴	کَرَمَادٍ (14 : 18)	راکھ کی طرح	ر۔م۔د	۱. راکھ ۲. استعارہ کے طور پر ہلاکت کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے
۱۱۶۵	جَدِیْدٍ (14 : 19)	نئی	ج۔د۔د	۱. ہموار زمین پر چلنا ۲. اصل معنی کاٹنے اور قطع کرنے کے ہیں مثلاً کپڑے وغیرہ کا کاٹنا اور عموماً جس کپڑے کو کاٹا جاتا ہے نیا ہوتا ہے اس لیئے ہر نئی چیز کیلئے یہ لفظ بولا جانے لگا
۱۱۶۶	اَجَزِعْنَا (14 : 21)	اب خود گھبرائیں ہم	ج۔ز۔ع	۱. بے صبری ۲. رسی کو نصف سے کاٹ دینا ۳. اس شہتیر کو کہا جاتا ہے جو چھت کے درمیان میں ڈالا جاتا ہے اور چھوٹے شہتیر آ آ کر اس میں مل رہے ہوتے ہیں اسے جازعٌ غالباً اس لیئے کہا جاتا ہے. بوجھ اٹھانے کی وجہ سے گویا بے صبر ہو رہا ہے یا درمیان میں ہونے کی وجہ سے دو حصوں میں قطع کر رہا ہے

۱۱۶۷	بِمُصْرِخِیَّ (14 : 22)	میری فریاد رسی کر سکتے ہو	ص۔ر۔خ	چیخنا چلانا تاکہ کوئی فریاد کو پہنچے
۱۱۶۸	فَرْعُهَا (14 : 24)	شاخ اسکی	ف۔ر۔ع	۱. درخت کی ٹہنیاں ۲. ہر شے کا اوپر کا حصہ جو جڑ سے نکلا ہو
۱۱۶۹	اجْتُثَّتْ (14 : 26)	اسکو جڑ سے اکھاڑ لیا جائے	ج۔ث۔ث	۱. جڑ سے اکھاڑنا ۲. بیخ کنی کرنا ۳. گھاس پھوس اور چھوٹے پودوں کی بیخ کنی کرنا ۴. ہر اس چیز پر بولا جاتا ہے جو زمین سے بلند ہو جائے
۱۱۷۰	الْبَوَارِ (14 : 28)	تباہی کا گھر	ب۔و۔ر	۱. کسی فروختنی مال کا بہت زیادہ مندہ پڑ جانا اور ہلاکت کے قریب پہنچنا ۲. آہستہ آہستہ تباہی کی طرف چلتے جانا ۳. آہستہ آہستہ راس المال کا کم ہوتے ہوتے تباہ ہو جانا
۱۱۷۱	تُحْصُوهَا (14 : 34)	نہ شمار کر سکو گے انکو	ح۔ص۔ی	۱. کنکری ۲. عرب لوگ حساب دان نہ ہونے کی وجہ سے عموماً کنکریوں پر شمار کرتے تھے لہٰذا یہ لفظ شمار کرنے کے معنوں میں استعمال ہونے لگا اس میں گننا اور ریکارڈ رکھنا دونوں پائے جاتے ہیں
۱۱۷۲	تَشْخَصُ (14 : 42)	کھلی رہ جائے گی	ش۔خ۔ص	۱. کھڑے انسان کا جسم جو دور سے نظر آئے ۲. آنکھوں کا پتھرا جانا ۳. آنکھوں کا بے نور ہونا اور پلک نہ جھپکنا
۱۱۷۳	مُهْطِعِينَ (14 : 43)	وہ دوڑ رہے ہونگے	ہ۔ط۔ع	ٹکٹکی باندھے سامنے دیکھتے اور دوڑتے جانا

۱۱۷۴	مُقْنِعِي (14 : 43)	اٹھائے ہوئے	ق۔ن۔ع	۱. کسی تکلیف یا صدمہ کے پہنچنے پر اسے برداشت کر جانا اور بیقراری و جزع وفزع کا اظہار نہ کرنا ۲. قناع اس چیز کو کہتے ہیں جس سے سر ڈھانپا جائے اسطرح قنع کے معنی فقر کو چھپانے کیلئے سر پر قناعت کو اوڑھ لیا
۱۱۷۵	زَوَالٍ (14 : 44)	زوال	ز۔و۔ل	۱. کسی چیز کا اپنی انتہا کی بلندیوں کو پہنچ کر بتدریج نیچے آنا ۲. ڈھلنا ۳. کسی چیز کا اپنے صحیح رخ کو چھوڑ کر ایک طرف مائل ہو جانا اور ہٹ جانا
۱۱۷۶	الْاَصْفَادِ (14 : 49)	زنجیریں	ص۔ف۔د	لوہے کی زنجیر یا طوق
۱۱۷۷	سرابیل (14 : 50)	کرتے	س۔ر۔ب۔ل	قمیض اور پاجامہ دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے خواہ کسی چیز سے بنے ہوں

❀❀❀

سورۃ الحِجر

رکوع نمبر ۱ تا ۶ (آیات ۱ تا ۹۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۱۷۸	الْاَمَلُ (15 : 3)	آرزو ، امید	ا۔م۔ل	۱. ایسی آرزو اور توقع جسکا پورا ہونا متوقع ہوتا ہے تاہم مشکل اور بعید ہوتا ہے ۲. زندگی کی بہاریں دیکھنے کا آرزومند ہونا ۳. کسی آرزو کی آس لگائے رکھنا اور اسکی تکمیل کا منتظر رہنا
۱۱۷۹	شِيَعٌ (15 : 10)	گروہ	ش۔ی۔ع	۱. الگ کرنا ۲. پھاڑنا ۳. لوگوں کا کسی جماعت سے الگ شدہ حصہ ۴. منتشر ہونا اور تقویت دینا ۵. وہ لوگ جن سے انسان تقویت حاصل کرتا ہے اور اسکے اردگرد پھیلے رہتے ہیں
۱۱۸۰	نَسْلُكُهٗ (15 : 12)	ہم اسے داخل کر دیتے ہیں	س۔ل۔ک	۱. راستہ پر چلنا لازم اور متعدی دونوں میں استعمال ہوتا ہے ۲. کسی رستے پر چلتے چلے جانا اور ادھر ادھر نہ ہونا ۳. چلنا اور چلانا
۱۱۸۱	يَعْرُجُوْن (15 : 12)	وہ چڑھتے ہیں	ع۔ر۔ج	اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں جھکاؤ اور بلندی ۱. عرج لنگڑے کو کہتے ہیں ۲. سیڑھی پر چڑھنا
۱۱۸۲	شھابٌ (15 : 18)	شعلہ	ش۔ھ۔ب	۱. بلند شعلہ خواہ وہ جلتی ہوئی آگ کا ہو یا فضا میں کسی عارضہ کی وجہ سے پیدا ہو جائے

				۲. آگ کا ایسا انگارہ جس میں چمک اور شعلہ موجود ہو
۱۱۸۳	لَوَاقِحَ (15 : 22)	پانی سے پُر	ل۔ق۔ح	۱. یہ لفظ باطنی قسم کا بوجھ اٹھانے سے مخصوص ہے ۲. وہ ہوائیں جو بارش کا بوجھ اٹھائے پھرتی ہیں ۳. وہ ہوائیں جو بیج کو ایک درخت سے دوسرے درخت تک پہنچا دیتی ہیں ۴. اونٹنی کا حاملہ ہونا ۵. درخت کا پھل دار ہونا ۶. ایسے قبیلے کو بھی کہتے ہیں جو کسی سردار یا بادشاہ کے تحت نہ ہو
۱۱۸۴	صَلْصَالٍ (15 : 26)	بجنے والی مٹی	ص۔ل۔ص	۱. کسی خشک چیز سے آواز آنا ۲. سوکھی ہوئی مٹی ۳. جب سیاہ بدبودار کیچڑ بالکل خشک ہو جائیں اور تھوڑی سی ضرب دینے سے آواز دینے یا بجنے لگے
۱۱۸۵	حَمَإٍ (15 : 26)	گیلی مٹی سیاہ کیچڑ	ح۔م۔ا	۱. بدبودار کیچڑ ۲. جب کیچڑ سیاہی مائل رنگت اختیار کرنے لگے اور اس سے بدبو آنے لگے
۱۱۸۶	الْقَانِطِينَ (15 : 56)	مایوس ہونے والوں میں سے	ق۔ن۔ط	۱. بھلائی سے مایوس ہونا ۲. آس توڑ بیٹھنا ۳. انتہائی مایوسی کو کہتے ہیں
۱۱۸۷	تَفْضَحُونِ (15 : 68)	مجھے رسوا کرو	ف۔ض۔ح	۱. کسی کے عیب بیان کرنا ۲. دوسروں کی نظروں میں گرانا ۳. دوسروں کے سامنے ذلیل کرنا
۱۱۸۸	لِلْمُتَوَسِّمِينَ (15 : 75)	اہل فراست کیلئے	و۔س۔م	۱. نشان اور داغ لگانا ۲. ایسا داغ لگانا جس سے پہچان ہو سکے

				۳. آثار وقرائن سے کسی چیز کی حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کرنا اسے علم ، ذہانت اور فراست بھی کہا جاتا ہے ۴. موسم بہار کی پہلی بارش کو وسمی کہا جاتا ہے کیونکہ اس سے زمین پر گھاس کے نشان ظاہر ہو جاتے ہیں ۵. جسم پر نقش ونگار ، تل وغیرہ کھودنا
۱۱۸۹	الْأَيْكَةِ (15 : 78)	ایکہ والے	ا۔ی۔ک	اصحابِ ایکہ وہ قوم ہے جسکی طرف حضرت شعیبؑ بھیجے گئے تھے، ماپ تول میں کمی کرنے والی قوم تھی، یہ قوم آندھی کے عذاب سے ہلاک ہوئی
۱۱۹۰	وَاخْفِضْ (15 : 88)	اور جھکا دے	خ۔ف۔ض	۱. نظر جھکا لینا یا آواز کو پست کر لینا ۲. نرم رفتاری ۳. سکون وراحت
۱۱۹۱	عِضِينَ (15 : 91)	ٹکڑے ٹکڑے	ع۔ض۔و	۱. بدن کا حصہ ۲. ٹکڑا ۳. فرقہ
۱۱۹۲	فَاصْدَعْ (15 : 94)	پس صاف اعلان کر دو ، سنا دو	ص۔د۔ع	۱. کسی چیز کا اس طرح پھٹنا کہ ٹکڑا جدا نہ ہو ۲. ٹھوس اجسام لوہا، شیشہ وغیرہ میں شگاف پڑنا ۳. ایسی سردرد جس سے سر پھٹ رہا ہو ۴. صاف صاف بیان کرنا

❀❀❀

سورۃ النَّحل

رکوع نمبر ۱ تا ۱۶ (آیات ۱ تا ۱۲۸)

لغوی تحقیق	مادہ	اصطلاحی معنی	الفاظ	نمبر شمار
کسی جاندار نر کے مادہ منویہ کا اتنا حصہ جو ایک بار نکلتا ہے اور مادہ کے جسم میں داخل ہو کر بچہ کی پیدائش کا سبب بنتا ہے	ن۔ط۔ف	نطفہ	نُّطْفَةٍ (16 : 4)	۱۱۹۳
۱. گرم ہونا ۲. گرمی پانا یا محسوس کرنا ۳. ٹھنڈک سے بچنا اور گرم ہونا ۴. سخت گرمی بھی اور گرمی حاصل کرنے کا سامان بھی	د۔ف۔ا	گرمی کا سامان	دِفْءٌ (16 : 5)	۱۱۹۴
خچر	ب۔غ۔ل	خچر	الْبِغَال (16 : 8)	۱۱۹۵
تروتازہ۔ عموماً یہ لفظ گوشت کیلئے استعمال ہوتا ہے	ط۔ر۔ی	تازہ	طَرِيًّا (16 : 14)	۱۱۹۶
پانی کے کٹاؤ اور چیر پھاڑ کیلئے استعمال ہوتا ہے	م۔خ۔ر	پھاڑنے والی ، پانی کو چیرنے والی	مَوَاخِرَ (16 : 14)	۱۱۹۷
چھت کا اندرونی حصہ جو اندر سے نظر آتا ہے	س۔ق۔ف	چھت	السَّقْفُ (16 : 26)	۱۱۹۸
۱. لوہے کی بڑی سلوں کو کہا جاتا ہے ۲. بالوں کے گچھوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے ۳. استعارہ کے طور پر پارہ پارہ کی ہوئی چیز کو زبر کہا جاتا ہے ۴. ہر وہ کتاب جو گاڑھے اور جلی خط میں لکھی ہو زبر کہلاتی ہے	ز۔ب۔ر	اور کتابوں کے	وَالزُّبُرِ (16 : 44)	۱۱۹۹

۱۲۰۰	یَخْسِفَ (16 : 45)	دھنسا دے	خ-س-ف	۱. چاند کا بے نور ہونا ۲. زمین میں دھنس جانا ۳. چاند گرہن لگ جانے سے چونکہ ماند پڑ جاتا ہے اس لئے **خسف** بطور استعارہ ذلت و رسوائی کیلئے بھی بولا جاتا ہے
۱۲۰۱	دَاخِرُوْنَ (16 : 48)	عاجزی کرنیوالے	د-خ-ر	۱. ذلیل ہونا ۲. **دخر** میں عاجزی، ذلت اور حقارت ـــــ ۳. عقل و ہوش کی کم مائیگی کی بناپر **نکو** بن کر ذلت کی اطاعت قبول کر لینا
۱۲۰۲	وَاصِبًا (16 : 52)	لازم، دائمی	و-ص-ب	۱. کسی چیز کا ایک حالت پر دوام ۲. بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان جسکی انتہا نہ ہو ۳. ثابت ہونا ۴. دائمی مرض
۱۲۰۳	تَجْئَرُوْنَ (16 : 53)	فریاد کرتے ہو	ج-ا-ر	۱. ہرن وغیرہ کا گھبراہٹ کے وقت زور سے آواز نکالنا اور چیخنا ۲. دعا اور تضرع میں افراط اور مبالغہ ۳. آہ و گریہ ۴. چلّانا ۵. بلند آواز سے گڑگڑانا
۱۲۰۴	یَدُسُّهٗ (16 : 59)	دبادے اسکو	د-س-س	۱. ایک چیز کو دوسری چیز میں زبردستی داخل کر دینا ۲. ٹھونسنا ۳. کسی چیز کو مٹی میں چھپا کر گم کر دینا ۴. دھنسانا ۵. سازش ۶. خفیہ حیلہ کرنا
۱۲۰۵	فَرْثٍ (16 : 66)	گوبر	ف-ر-ث	۱. جو کچھ جانور کی اوجھڑی کے اندر ہوتا ہے اسے **فرث** کہتے ہیں ۲. ریزہ ریزہ کر دینا
۱۲۰۶	لَبَنًا (16 : 66)	دودھ	ل-ب-ن	

۱۲۰۷	اَرْذَلِ (16 : 70)	خراب ، نکمی	ر۔ذ۔ل	۱. حقارت کے قابل ہونا ۲. قبیح ہونا ۳. گھٹیا ، ناقص ۴. ردی درجہ کے لوگ جنکی طرف دوسرے لوگ انکے گھٹیا ہونے کی وجہ سے رغبت نہ کریں۔
۱۲۰۸	حَفَدَةً (16 : 72)	پوتے	ح۔ف۔د	۱. کام کرنے میں پھرتی دکھانا ۲. تیزی کیساتھ خدمت بجا لانے والا خواہ غیر ہو یا رشتہ دار ۳. سسر اور اولاد دونوں طرف کے رشتوں پر بولا جاتا ہے ۴. پوتوں اور نواسوں وغیرہ کیلئے اسلئے بولا جاتا ہے کہ انکی خدمت زیادہ سچی ہوتی ہے
۱۲۰۹	كَلَمْحِ (16 : 77)	جیسے جھپکنا	ل۔م۔ح	۱. بجلی کی چمک ۲. آنکھ جھپکنا
۱۲۱۰	جَوِّ (16 : 79)	فضا	ج۔و۔و	
۱۲۱۱	ظَعْنِكُمْ (16 : 80)	اپنے سفر کو کوچ کرنے کو	ظ۔ع۔ن	کوچ کرنا
۱۲۱۲	اَصْوَافِهَا (16 : 80)	بھیڑوں کے بال	ص۔و۔ف	۱. بھیڑ کے بال ۲. ایک قسم کی گھاس جو چھوٹی ہوتی ہے ۳. خانہ کعبہ کے خدام کو بھی صوفة کہا جاتا ہے کیونکہ وہ کعبہ کے ساتھ اسطرح چمٹے رہتے تھے جیسے بھیڑ پر اون جمی رہتی ہے۔ ۴. لفظ صوفی بھی اسی سے نکلا ہے کیونکہ ہر وقت عبادت میں لگے رہتے ہیں اور معمولی خوراک کھاتے

				ہیں جو عدم کفایت میں صوفان گھاس کے مثل ہوتی ہے
۱۲۱۳	اَوْبَارِھَا (16 : 80)	اونٹوں کے روؤں	و۔ب۔ر	اون
۱۲۱۴	اَثَاثًا (16 : 80)	گھر کا سامان	ا۔ث۔ث	۱. فراواں مال ۲. زیادہ سازوسامان ۳. گھریلو سامان جو استعمال میں آرہا ہو ۴. وہ جانور یا غلام جو کسی کی ملکیت اور ذاتی استعمال میں ہوں
۱۲۱۵	یُسْتَعْتَبُوْنَ (16 : 84)	عذر قبول کئے جائیں گے	ع۔ت۔ب	۱. سرزنش کرنا ۲. خفگی کرنا ۳. ملامت کرنا غصہ کرنا ۴. ایسی میٹھی میٹھی سرزنش کو کہتے ہیں جسکا مقصد بالآخر من جانا ہو
۱۲۱٦	تَوْکِیْدِھَا (16 : 91)	انکی پختگی کے بعد	و۔ک۔د	۱. اس رسی کو کہتے ہیں جس سے دودھ دوہتے وقت گائے وغیرہ کی ٹانگیں باندھ لیتے ہیں ۲. معاہدہ کو مضبوط کرنا
۱۲۱۷	غَزْلَھَا (16 : 92)	اپنا کاتا ہوا سوت	غ۔ز۔ل	۱. کاتے ہوئے سوت کو کہتے ہیں ۲. ہرنی کے بچہ کو غزال کہتے ہیں ۳. سورج کی ٹکیہ اور کنایہ کے طور پر خوبصورت عورتوں سے عشق ومحبت کی باتیں کرنا
۱۲۱۸	یَنْفَدُ (16 : 96)	ختم ہو جاتا ہے	ن۔ف۔د	۱. کسی چیز کا ختم ہو کر باقی نہ رہنا ۲. فنا ہو جانا
۱۲۱۹	اَعْجَمِیٌّ (16 : 103)	وہ عجمی ہیں	ع۔ج۔م	۱. غیر عرب ۲. عجمی وہ آدمی جسکی زبان فصیح نہ ہو

(No More Words in 104 - 128 Ayahs.)

❀❀❀

سورة بَنِیٓ اِسۡرَآءِیۡل

رکوع نمبر۱ تا۱۲ (آیات ۱ تا ۱۱۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۲۰	فَجَاسُوا (17 : 5)	پس وہ گھس پڑا	ج۔و۔س	۱. کسی چیز کے درمیان تک جا پہنچنا ۲. کسی چیز کی طلب میں انتہا کو پہنچ جانا ۳. کسی قوم یا گھر میں گھس کر دنگا فساد یا لوٹ مار کرنا
۱۲۲۱	طَآئِرَهٗ (17 : 13)	اعمال نامہ اسکا	ط۔ی۔ر	۱. جب انسان کوئی عمل کر گزرتا ہے تو اس پر اسے کوئی اختیار نہیں رہتا۔ گویا وہ اسکے ہاتھوں سے یوں اڑ گیا جیسے پرندہ اڑ جاتا ہے اس پہلو سے انسان کے اعمال کو بھی طائر سے تعبیر کیا جاتا ہے ۲. نحوست ۳. بدعملی ۴. بدشگونی
۱۲۲۲	مَنۡشُوۡرًا (17 : 13)	کھلا ہوا	ن۔ش۔ر	۱. اٹھ کر نکل کھڑا ہونا ۲. مردوں کا قبروں سے اٹھ کر پھیل جانا ۳. کسی چیز کو پھیلانا ، یہ کپڑے اور صحیفے کو پھیلانے ، بارش اور نعمت کے عام کرنے اور کسی بات کے مشہور کر دینے پر بولا جاتا ہے ۴. لکڑی کے چیرنے کو بھی نشر کہا جاتا ہے کیونکہ اسکو چیرنے سے برادہ پھیل جاتا ہے
۱۲۲۳	مَحۡظُوۡرًا (17 : 20)	روکی ہوئی	ح۔ظ۔ر	۱. گھیر لینا ۲. گھیرا ڈالنا ۳. کسی چیز کی حفاظت کی غرض سے اسکے ارد گرد باڑ لگانا۔ یا کسی چیز کو احاطہ میں جمع کر کے باڑ لگانا
۱۲۲۴	مَخۡذُوۡلًا (17 : 22)	بے کس ہو کر	خ۔ذ۔ل	۱. زبانی دوستی کا دم بھرنے والا اور وقت پڑنے پر دغا دینے والا

				۲. کسی کی مدد کرنا اور ساتھ چھوڑ دینا
۱۲۲۵	اُفٍّ (17 : 23)	اف	ا۔ف۔ف	اصل میں ہر گندی اور قابل نفرت چیز کو کہتے ہیں. مثلاً میل کچیل اور ناخن کا تراشہ وغیرہ۔ مگر محاورۃً یہ لفظ کسی بری چیز سے اظہار نفرت کیلئے بولا جاتا ہے
۱۲۲۶	وَلَا تُبَذِّرْ (17 : 26)	اور نہ خرچ کر	ب۔ذ۔ر	۱. بیج بکھیرنا ۲. جس طرح زمین میں بیج بکھیر دیا جاتا ہے اسی طرح اگر مال ودولت بکھیرا جائے تو تبذیر کہتے ہیں ۳. ضرورت جائز ہو یا ناجائز اس پر بے دریغ خرچ کرنے کو تبذیر کہتے ہیں
۱۲۲۷	الزِّنٰٓی (17 : 32)	زنا کے	ز۔ن۔ی	عقد شرعی کے بغیر کسی عورت سے ہم بستری کرنے کا نام زنا ہے
۱۲۲۸	مَرَحًا (17 : 37)	اکڑ کر	م۔ر۔ح	بہت زیادہ اور شدت کی خوشی میں انسان اترانے لگ جائے
۱۲۲۹	مَّسْتُوْرًا (17 : 45)	چھپا ہوا	س۔ت۔ر	کسی چیز کو چھپا دینا
۱۲۳۰	رُفَاتًا (17 : 49)	اور چورچور	ر۔ف۔ت	۱. کسی چیز کو چورا چورا کر دینا ۲. ہڈیوں کا گل کر ریزہ ریزہ ہو جانا ۳. اس رسی کو بھی کہتے ہیں جو بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ہوگئی ہو
۱۲۳۱	فَسَيُنْغِضُوْنَ (17 : 51)	پس وہ ہلائیں گے	ن۔غ۔ض	۱. دوسروں کے سامنے تعجب سے سر ہلانے کو کہتے ہیں ۲. کندھے کے کنارے کی پتلی ہڈی ۳. کپکپی سر اور دانت ہلانا
۱۲۳۲	لَاَحْتَنِكَنَّ (17 : 62)	تو میں ضرور جڑ کاٹتا رہوں گا	ح۔ن۔ک	۱. انسان یا چوپائے کا تالو ۲. کوے کی چونچ کو بھی حنك کہتے ہیں

				۳. گھوڑے کے منہ پر رسی یا لگام دینا ۴. کسی پر عقل وتدبیر سے قابو پانا
۱۲۳۳	مَوفُوراً (17 : 63)	پوری ، بھرپور	و۔ف۔ر	۱. مالِ کثیر کو کہتے ہیں جس میں کسی چیز کی کمی نہ ہو ۲. کسی چیز کا اتمام اور کثرت ۳. پورا کرنا زیادہ کرنا
۱۲۳۴	وَاستَفزِز (17 : 64)	اور بہکالے ، پھسلا لے	ف۔ز۔ز	۱. ہلکا سمجھنا ۲. گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا ۳. گائے کے بچے کو فِـزّ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں خفت یعنی ہلکی پائی جاتی ہے
۱۲۳۵	صَوتِكَ (17 : 64)	اپنی آواز	ص۔و۔ت	۱. عربی میں ہر قسم کی آواز کیلئے صوت کا لفظ استعمال ہوتا ہے خواہ بولنے سے پیدا ہو یا چیزوں کے ٹکرانے سے ۲. منہ سے نکلی ہوئی آواز اگر الفاظ اور حروف پر مشتمل نہ ہو
۱۲۳۶	اَجلِب (17 : 64)	کھینچ لا ، چڑھا	ج۔ل۔ب	۱. کسی چیز کو چلانا اور ہنکانا ۲. کسی کو چلا کر اسے زبردستی آگے بڑھانا جلباب اسی سے ہے جسکے معنی چادر یا قمیض کے ہیں
۱۲۳۷	حَاصِباً (17 : 68)	کنکر پتھر برسانے والی ہوا	ح۔ص۔ب	۱. پتھر ، چھوٹی کنکریاں ۲. حاصب اس تیز وتند ہوا کو کہتے ہیں جو کنکروں اور چھوٹے پتھروں کو اٹھائے پھرتی ہے ۳. پتھروں کی بارش کیلئے بھی استعمال ہوا ہے ۴. ایندھن مثلاً گندھک ، پوٹاش اور دوسرے آتش گیر مادے اور پتھر وغیرہ غرض ہر وہ چیز جو آگ بھڑکا دے
۱۲۳۸	قَاصِفاً (17 : 69)	تیز وتند	ق۔ص۔ف	۱. توڑنا اور ٹوٹنا ۲. آندھی وطوفان ۳. وہ تیز وتند ہوا اور آندھی جو درختوں وغیرہ تک کو

				توڑ دے
۱۲۳۹	دُلُوْكِ (17 : 78)	ڈھلنے کا وقت	د۔ل۔ک	۱. سورج کا غروب ہونے کیلئے جھکنا ۲. ڈھیلا پن
۱۲۴۰	غَسَقِ (17 : 78)	اندھیرا	غ۔س۔ق	۱. رات کو سخت تاریکی ۲. بہتی پیپ ۳. رات کے وقت پیش آنے والی مصیبت یا حادثہ
۱۲۴۱	تَهَجَّدْ (17 : 79)	تہجد	ہ۔ج۔د	۱. نیند ۲. رات کو نیند سے اٹھ کر نماز پڑھنا
۱۲۴۲	شَاكِلَتِهٖ (17 : 84)	اپنے طریقے	ش۔ک۔ل	۱. مشتبہ ہونا ۲. اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں شکل وصورت میں اشتباہ ، پابندی ۳. وہ مخصوص انداز اور ڈھب ہے جو انسان اپنی طبیعت کی افتاد کی بنا پر اختیار کرتا ہے ۴. **شاکلة** وہ حاجت جو انسان کو پابند کردے. اور بطور استعارہ کسی کام کے پچیدہ ہوجانے کو کہتے ہیں
۱۲۴۳	يَنْبُوعاً (17 : 90)	چشمہ	ن۔ب۔ع	۱. چشمہ سے پانی کا پھوٹنا ۲. ایسا چشمہ جس سے پانی ابل رہا ہو منبع اس مقام کو کہتے ہیں جہاں سے پانی جاری ہوجائے
۱۲۴۴	كِسَفاً (17 : 92)	ٹکڑے ٹکڑے	ک۔س۔ف	ایسے اجزاء جو آسانی سے علیحدہ ہوسکتے ہیں اور جڑ سکتے ہیں مثلاً بادل روئی وغیرہ
۱۲۴۵	تَرْقٰى (17 : 93)	تو چڑھ جائے	ر۔ق۔ی	۱. سیڑھی پر چڑھنا ۲. ہنسلی کی ہڈی کو بھی کہتے ہیں کیونکہ سانس چڑھ کر وہیں تک چڑھتی ہے ۳. جھاڑ پھونک کرنا ۴. علم اور شرف میں ترقی

۱۲۴۶	خَبَتْ (17 : 97)	بجھنے لگی ہے	خ ۔ ب ۔ ت	۱. نشیبی اور نرم زمین کو کہتے ہیں ۲. اسکے بعد یہ لفظ نرمی اور تواضع کیلئے استعمال ہونے لگا یعنی سکون اور اطمینان سے اللہ کی طرف رجوع کرنا
۱۲۴۷	مَثْبُوراً (17 : 102)	ہلاک کیا ہوا	ث ۔ ب ۔ ر	۱. ہلاک ہونا ۲. زخم خراب ہونا
۱۲۴۸	لَفِيْفاً (17 : 104)	سمیٹ کر ، اکٹھا کر کے	ل ۔ ف ۔ ف	ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ملا دینا اور مدغم کر دینا پھر اسکے اوپر دوسری چیز کی تہہ لگا کر ملانا۔ پھر اسکے اوپر تیسری تہہ ....
۱۲۴۹	اَذْقَان (17 : 107)	ٹھوڑیوں کے بل	ذ ۔ ق ۔ ن	ٹھوڑی

❀❀❀

سورۃُ الکَھْفِ

رکوع نمبر۱،۲ (آیات ۱ تا ۱۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۵۰	بَاخِعٌ (18 : 6)	ہلاک کرنے والا ہے	ب۔خ۔ع	۱. غم یا غصے سے ہلاک کر ڈالنا ۲. گھل گھل کر ہلاک ہو جانا
۱۲۵۱	جُرُزًا (18 : 8)	بنجر چٹیل	ج۔ر۔ز	۱. کاٹنا ۲. ناقابلِ کاشت زمین ۳. ایسی زمین یہاں بارش کم ہوتی ہو
۱۲۵۲	کَھْفِ (18 : 9)	غار	ک۔ہ۔ف	ایسی غار یا کھوہ جو پہاڑ میں ہے
۱۲۵۳	الرَّقِیْمِ (18 : 9)	کتبے والے	ر۔ق۔م	۱. کتاب پر اعراب اور نقطے لگانا ۲. لکھنا، نقش و نگار بنانا ۳. ایسی تحریر لکھنا جو واضح اور موٹے خط میں لکھی گئی ہو
۱۲۵۴	شَطَطًا (18 : 14)	ظلم و زیادتی والی بات	ش۔ط۔ط	۱. مبالغہ میں زیادتی کرنا ۲. حد سے بہت آگے نکل جانا ۳. جھوٹ بولنا اور اس میں غلو کرنا
۱۲۵۵	تَزٰوَرُ (18 : 17)	سمٹ جانا ، بچ جانا	ز۔و۔ر	ٹیڑھا ہونا اور ٹیڑھے ہو کر نکل جانا
۱۲۵۶	فَجْوَۃٍ (18 : 17)	کھلی جگہ میں	ف۔ج۔و	۱. دو پہاڑوں کے درمیان کھلا میدان ۲. وادی ، وہ راستہ جو میدان میں سے گزرتا ہو

رکوع نمبر ۳،۴ (آیات ۱۸ تا ۳۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۵۷	اَيْقَاظًا (18 : 18)	جاگنے والے	ی۔ق۔ظ	
۱۲۵۸	رُقُوْدٌ (18 : 18)	سونے والے	ر۔ق۔د	
۱۲۵۹	الْوَصِيْدِ (18 : 18)	چوکھٹ پر	و۔ص۔د	۱۔اس طرح بند کرنا کہ بند شدہ چیز سے باہر نہ نکلا جا سکے ۲. چوکھٹ
۱۲۶۰	فِرَارًا (18 : 18)	بھاگتا ہوا	ف۔ر۔ر	۱. کسی قوم کے خوف یا خطرے سے بھاگنا ۲. بھاگنا
۱۲۶۱	سُرَادِقُهَا (18 : 29)	قناتیں اسکی	س۔ر۔د۔ق	۱. فارسی سے معرب ہے، موٹے کپڑے کی دیواریں ۲. قناتیں یا شامیانے یا ایسے خیمے جن پر چھت نہ ہو
۱۲۶۲	كَالْمُهْلِ (18 : 29)	پگھلے ہوئے تانبے کی مانند	م۔ہ۔ل	۱. چاندی، لوہا، تانبا، پگھلی ہوئی دھاتیں ۲. بہنے والے گندھک ۳. پیپ ۴. وہ زرد رنگ کی پتلی آلائش جولاش سے نکلتی ہے
۱۲۶۳	يَشْوِى (18 : 29)	بھون ڈالے گا	ش۔و۔ی	جسم کے اطراف ہاتھ پاؤں اور وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے موت واقع نہ ہو
۱۲۶۴	سُنْدُسٍ (18 : 31)	باریک ریشم	س۔ن۔د۔س	ریشمی کپڑے کی قسم جو نہایت باریک ہو
۱۲۶۵	اِسْتَبْرَقٍ (18 : 29)	دبیز ریشم	ب۔ر۔ق	ریشم کے موٹے کپڑے کو **استبرق** کہتے ہیں
۱۲۶۶	الْاَرَآئِكَ (18 : 31)	تختوں پر	ا۔ر۔ک	تخت، چھپر کھٹ، مسہری، کرسیاں، آراستہ اور مزین تخت، ٹیک لگائے جانے والے آرام دہ تخت پوش

رکوع نمبر ۵، ۶ (آیات ۳۲ تا ۴۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۶۷	حَفَفْنٰهُمَا (18 : 32)	ہم نے گھیر لیا ان دونوں کو	ح۔ف۔ف	۱. کسی چیز کو دونوں جانب سے گھیرنا ۲. احاطہ کرنا ۳. ایسا تخت جس پر چاروں طرف سے پردہ ڈالا گیا ہو
۱۲۶۸	تَبِيْدَ (18 : 35)	تباہ ہوگا	ب۔ی۔د	۱. لق و دق صحرا ۲. کسی کھیتی کا اجڑ کر بیابان ہو جانا ۳. مکمل طور پر تباہ ہونا اور اجڑنا
۱۲۶۹	زَلَقًا (18 : 46)	صاف چٹیل	ز۔ل۔ق	۱. پھسلنا ۲. ایسی زمین جس میں کوئی سبزہ نہ ہو
۱۲۷۰	هَشِيْمًا (18 : 45)	چورا چور بھوسہ	ھ۔ش۔م	۱. کوٹنا ۲. کوئی ہوئی خشک گھاس کو **هشيم** کہتے ہیں ۳. ہر قسم کی نباتات کا چورا خس و خاشاک اور بھس وغیرہ
۱۲۷۱	تَذْرُوْهُ (18 : 45)	اڑاتی ہوئی اسکو	ذ۔ر۔و	چھوٹی چھوٹی چیزوں کو ہوا میں اڑانا
۱۲۷۲	نُغَادِرْ (18 : 47)	پھر نہ چھوڑیں گے	غ۔د۔ر	۱. عہد شکنی اور بے وفائی ۲. کسی چیز میں خلل واقع ہونے کی بنا پر اسے چھوڑ دینا
۱۲۷۳	صَفًّا (18 : 48)	صف بستہ قطار میں	ص۔ف۔ف	۱. صف بنانا ۲. سیدھی قطار بنانا ۳. قطار کو سیدھا رکھنا

۱۲۷۴	مُشْفِقِیْنَ (18 : 49)	ڈر رہے ہیں	ش۔ف۔ق	۱. کسی کی خیر خواہی کیساتھ اس پر تکلیف آنے سے ڈرنا ۲. غروب آفتاب کے وقت دن کی روشنی کا رات کی تاریکی میں مل جانا

رکوع نمبر ۷، ۸، ۹ (آیات ۵۰ تا ۷۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۷۵	عَضُداً (18 : 51)	اپنا مددگار	ع۔ض۔د	۱. بازو ، ہاتھ کا کہنی سے لے کر کندھے تک کا حصہ ۲. اسی سے **عضد** کا لفظ استعارہ کے طور پر مددگار کے معنی دیتا ہے
۱۲۷۶	مَوبِقاً (18 : 52)	ہلاکت کی جگہ	و۔ق۔ب	۱. ہلاک ہونا ۲. ایسی جگہ پہنچنا جہاں آگے اور پیچھے ہلاکت ہی ہلاکت نظر آئے
۱۲۷۷	یُدْحِضُوا (18 : 56)	پھسلا دے ڈگمگا دے	د۔ح۔ض	۱. ہر وہ چیز جو زوال پذیر اور پھسل جانے والی ہو ۲. مذبوح جانور کی طرح پٹخنا
۱۲۷۸	مَوْئِلاً (18 : 58)	پناہ	و۔ا۔ل	۱. اونٹ اور بھیڑ بکریوں کے باڑے کو کہتے ہیں ۲. اکٹھا ہونے اور حفاظت و نجات پر دلالت کرتا ہے ۳. ایسی خودساختہ جگہ جو چوری چکاری اور دوسرے خطرات سے محفوظ رہنے کیلئے بنائی گئی ہو
۱۲۷۹	حُقُباً (18 : 60)	برسوں، مدتِ دراز	ح۔ق۔ب	۱. ۸۰ سال کی مدت یا اس سے لمبا عرصہ ۲. طویل مدت ۳. غیر معینہ مدت ۴. چمڑے کا وہ تھیلا جس میں سوار اپنا سامان رکھ کر لے جاتا ہے

۱۲۸۰	اَمْضِیَ (18 : 60)	چلتا رہوں	م۔ض۔ی	۱. گزرنا ، چلے جانا ۲. محض وقت یا زمانے کے گزرنے کا تصور پایا جاتا ہے ۳. ماضی گزرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں
۱۲۸۱	الصَّخْرَۃِ (18 : 63)	پتھر	ص۔خ۔ر	سخت پتھر یا چٹان

رکوع نمبر ۱۰، ۱۱، ۱۲ (آیات ۷۱ تا ۱۱۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۸۲	السَّفِیْنَۃِ (18 : 71)	کشتی	س۔ف۔ن	۱. اصل معنی چہرہ وغیرہ کو چھیلنا ہے ۲. تیشہ ۳. چھیلنے کے معنی کے لحاظ سے کشتی کو **سفینۃ** اسلیئے کہا جاتا ہے کہ وہ بھی سطح آب کو چیرتی ہوئی چلی جاتی ہے
۱۲۸۳	یَنْقَضَّ (18 : 77)	وہ گر پڑے	ن۔ق۔ض	کسی چیز کا شیرازہ بکھیرنا
۱۲۸۴	اَعِیْبَھَا (18 : 79)	اسکو عیب دار کردوں	ع۔ی۔ب	۱. ہر وہ نقص اور خرابی اور وہ حالت جس سے کسی چیز میں نقصان ہو ۲. ہر اس چیز کو بھی کہتے ہیں جس میں کوئی چیز چھپا کر رکھی جائے
۱۲۸۵	غَصْباً (18 : 79)	زبردستی ، ظلم سے	غ۔ص۔ب	کوئی چیز ظلم، زیادتی، زبردستی یا مکروفریب سے چھین لینا یعنی کمزور کی چیز پر طاقتور کا ظلم سے قبضہ کرنا
۱۲۸۶	یَاْجُوْجَ وَ مَاْجُوْجَ (18 : 94)			ایشیا کے شمالی اور مشرقی علاقے کی وہ وحشی اور جنگجو قومیں جو قدیم زمانے سے متمدن ممالک پر غارت گرانہ حملے کرتی رہی ہیں. حضرت نوحؑ کے بیٹے یافث کی اولاد میں ان کا شمار کیا گیا ہے۔ انکا علاقہ روس،

				تو یاسک اور ماسکو وغیرہ ہے . ذوالقرنین نے انکے حملوں سے نجات کیلئے سد سکندری تعمیر کی تھی . یہ دیوار دو سلسلہ ہائے کوہ کے درمیان اس نشیبی علاقہ یا وادی میں تعمیر کی گئی تھی جہاں سے یہ وحشی اقوام حملہ آور ہوتی تھیں
١٢٨٧	رَدْمًا (18 : 95)	مضبوط دیوار اوٹ	ر۔د۔م	١. ایسی دیوار یا روک جسکے سب سوراخ اور شگاف اچھی طرح سے بند کر دیئے گئے ہوں ٢. موٹی دیوار
١٢٨٨	غِطَآءٍ (18 : 101)	پردے میں	غ۔ط۔و	١. ہر وہ چیز جو کسی چیز پر بطور سر پوش رکھی جائے اور اسے مکمل طور پر ڈھانپ دیا جائے ٢. ہانڈی کا ڈھکنا ٣. ایسی چیز جو مکمل طور پر ڈھانک کر او جھل ہو جائے
١٢٨٩	الْفِرْدَوْسِ (18 : 107)		ف۔ر۔د۔س	١. سرسبز وادی ٢. جنت الفردوس سرسبز گھنے سایے اور ٹھنڈی چھاؤں والے باغ کو کہتے ہیں جو پھولوں کی خوشبو سے معطر اور پھل با افراط ہوں . جنت کے اسی حصے کیلئے حضورؐ نے مسلمانوں کو دعا سکھائی

سورة مَرْيَمَ

رکوع نمبر۱ تا ٦ (آیات ۱ تا ۹۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
١٢٩٠	اَشْتَعَلَ (19 : 9)	شعلہ مارنے لگا	ش۔ع۔ل	۱. آگ کا بھڑکنا یا بھڑکانا ۲. بالوں کی سفیدی کو بھی آگ کی روشنی سے تشبیہہ دی جاتی ہے ۳. غصہ سے بھڑک اٹھنے کیلئے بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے
١٢٩١	شَيْباً (19 : 4)	بڑھاپے سے سفید ہو کر	ش۔ی۔ب	۱. بڑھاپا ۲. بالوں کی سفیدی
١٢٩٢	حَتْماً (19 : 71)	طے شدہ، حتمی	ح۔ت۔م	۱. قضاوقدر ۲. کالا کوا جو اہلِ عرب کے خیال میں کائیں کائیں کرکے جدائی ڈال دیتا ہے
١٢٩٣	جِذْعِ (19 : 23)	جڑ، تنا	ج۔ذ۔ع	۱. درخت کے تنے کا اوپر کا حصہ ۲. انسان کے دھڑ کو بھی کہتے ہیں
١٢٩٤	الْمَخَاضُ (19 : 23)	دردِ زہ	م۔خ۔ض	دردِ زہ
١٢٩٥	جَنِيّاً (19 : 25)	تازہ	ج۔ن۔ی	۱. تازہ پھل ۲. چنے ہوئے پھل ۳. چھتہ سے نکالا ہوا شہد ۴. پھل توڑنے کے معنی سے استعارہ کے طور پر گناہ کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے
١٢٩٦	ضِدّاً (19 : 82)	مخالف	ض۔د۔د	۱. ضدان دو چیزوں کو کہا جاتا ہے جو ایک جنس کے تحت ہوں مگر ان میں ہر ایک اپنے خصوصی اوصاف

				کے باعث دوسری سے مخالف ہو. جیسے سفیدی وسیاہی ـ خیر وشر ٢. ضدان دو چیزوں کو کہا جاتا ہے جو ایک محل میں جمع نہ ہوسکتی ہوں
١٢٩٧	تَئُزُّهُمْ (19 : 83)	برانگیختہ کرتے ہیں انکو	ا ـ ز ـ ز	١. ورغلانا یا ابھارنا ٢. کسی کو یوں ابھارنا کہ اسے احساس بھی نہ ہو ٣. کسی کو اپنی جگہ سے اکھاڑ دینا ٤. ہانڈی کے جوش کی آواز کو بھی کہتے ہیں
١٢٩٨	وَفْدًا (19 : 85)	مہمان بنا کر	و ـ ف ـ د	١. لوگوں کا وفد بن کر بادشاہ یا کسی حاکم کے پاس جانا ٢. شاہی مہمان
١٢٩٩	اِدًّا (19 : 89)	بری	ا ـ د ـ د	١. نہایت ہی ناپسندیدہ بات جس سے ہنگامہ برپا ہو جائے ٢. کام کا بوجھل اور دشوار ہونا ٣. شور ٤. مصیبت ٥. ہولناک واقعہ ٦. ایسی ناپسندیدہ بات جو ہنگامہ خیز ہو
١٣٠٠	هَدًّا (19 : 90)	پارہ پارہ ہوکر	ہ ـ د ـ د	کسی عمارت وغیرہ کا ٹوٹ کر دھڑام سے زمین پر گرنا. جس سے آواز پیدا ہو
١٣٠١	رِكْزًا (19 : 98)	بھنک ، آہٹ	ر ـ ک ـ ز	١. خفیف اور دھیمی آواز ٢. بھنک ٣. مکھی کی بھنبھناہٹ

❀❀❀

سورۃ طٰهٰ

رکوع نمبر۱ تا ۸ (آیات ۱ تا ۱۳۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۳۰۲	الثَّرٰی (20 : 6)	گیلی مٹی کی	ث۔ر۔ی	
۱۳۰۳	قَبَسٍ (20 : 10)	انگارہ ، لکڑی سلگا کر	ق۔ب۔س	۱. آگ کی چنگاری جو شعلہ سے لی جاتی ہے ۲. آگ کا وہ شعلہ جو بڑی آگ سے لیا جائے
۱۳۰۴	فَاخْلَعْ (20 : 12)	پس اتاردو	خ۔ل۔ع	۱. کسی چیز کو علیحدہ کرنا جو پہلے شامل تھی ۲. عورت زر بدل دے کر خاوند سے خلع لے سکتی ہے ۳. جوتے اتارنے کیلئے بھی آتا ہے
۱۳۰۵	نَعْلَيْكَ (20 : 12)	اپنی جوتیاں	ن۔ع۔ل	۱. جوتا ۲. گھوڑے کے سم کی حفاظت کیلئے جو چمڑا یا لوہا لگایا جاتا ہے اسے بھی نعل کہا جاتا ہے
۱۳۰٦	اَهُشُّ (20 : 18)	پتے جھاڑتا ہوں	ہ۔ش۔ش	۱. نرم اور ہلکی چیز کو ہلانے کیلئے استعمال ہوتا ہے مثلاً پتے وغیرہ ۲. تبسم کرنا ۔ ھشاش ایسا آدمی جسکا چہرہ معمولی بات پر کھل جائے
۱۳۰۷	مَاٰرِبُ (20 : 18)	ضرورتیں فائدے	ا۔ر۔ب	سخت احتیاج جسے دور کرنے کیلئے حیلہ اور تدبیر اختیار کرنا پڑے بعض اوقات اسکا استعمال صرف ضرورت اور بعض اوقات صرف حیلہ اور تدبیر کیلئے بولا جاتا ہے
۱۳۰۸	اَضْمُمْ (20 : 22)	ملا ، لگا	ض۔م۔م	کسی ایک ہی چیز کے کسی متعلقہ حصے کو اسکے ساتھ لگا دینا
۱۳۰۹	السَّاحِلِ (20 : 39)	ساحل	س۔ح۔ل	دریا کا کنارہ

١٣١٠	اَدُلُّكُمْ (20 : 40)	آگاہ کروں	د۔ل۔ل	١. رہنمائی کرنا ٢. راستہ دکھانا ٣. کسی چیز کا پتہ بتلانا ٤. لفظ دلالت اسی سے نکلا ہے
١٣١١	اَقْذِفِيْهِ (20 : 39)	اسکو ڈال دے	ق۔ذ۔ف	کنکر پتھر وغیرہ کا دور پھینکنا یا دور سے پھینکنا رمیٰ بھی قذف کی طرح یہی معنی دیتا ہے
١٣١٢	اَرْعَوْا (20 : 54)	چراؤ	ر۔ع۔ی	١. کسی حیوان کو چرانا اور اسکی حفاظت اور نگہداشت کرنا چونکہ رعـــی کا بنیادی پہلو تربیت اور نگہداشت ہے اسلئے اسکا اطلاق انسانوں پر بھی ہوتا ہے ٢. کسی چیز کو ضائع ہونے سے بچانا اور بیرونی خطرات پیدا ہونے کے اسباب دور کرنا
١٣١٣	تَنِيَا (20 : 42)	سستی کرنا تم دونوں	و۔ن۔ی	١. کوتاہی کرنا ٢. لاپروائی کرنا ٣. سستی کرنا ٤. کسی کام کے کرنے میں بلاوجہ مقدور بھر کوشش کرنا
١٣١٤	تَارَةً (20 : 55)	مرتبہ ، دفعہ	ت۔و۔ر ت۔ا۔ر	١. اعادہ ٢. کبھی پھر وہ کام یا اس جیسا کام
١٣١٥	لِحْيَتِي (20 : 94)	میری داڑھی	ل۔ح۔ی	١. نچلا جبڑا یا داڑھی نکلنے کی جگہ ٢. داڑھی
١٣١٦	نَسْفًا (20 : 97)	اڑا کر بکھیر دینا	ن۔س۔ف	١. غلہ کو چھاج سے پھٹکنا ٢. نسف الـــريـــح کے معنی ہوا کا کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ٣. پہاڑ وغیرہ کو کاٹنا اور اسے ہوا میں اڑا دینا
١٣١٧	زُرْقًا (20 : 102)	نیلی آنکھوں والے	زرق	١. نیلا ٢. ایسی آنکھ سب سے بری سمجھی جاتی ہے جیسا کہ کہا گیا

				’’ ہم گنہگاروں کو اکٹھا کریں گے اور انکی آنکھیں نیلی ہوں گی ‘‘
١٣١٨	يَتَخَافَتُوْنَ (20 : 103)	وہ آہستہ آہستہ کہیں گے	خ۔ف۔ت	١. آواز کا پست ہونا ٢. کھسر پھسر کرنا ٣. پست آواز سے گفتگو کرنا
١٣١٩	قَاعاً (20 : 106)	ہموار میدان	ق۔و۔ع	کھلا میدان
١٣٢٠	صَفْصَفاً (20 : 106)	صاف چٹیل	ص۔ف۔ص۔ف	مستوی اور ہموار میدان
١٣٢١	اَمْتاً (20 : 107)	ٹیلہ	ا۔م۔ت	١. چھوٹا ٹیلہ ٢. بلند مقام ٣. ایسی بلندی اور پھیلاؤ جس میں کوئی ترتیب نہ ہو
١٣٢٢	هَمْساً (20 : 108)	ہلکی آہٹ	ہ۔م۔س	١. انسان کی کسی بھی حرکت کی آواز ٢. کھسر پھسر یا کانا پھوسی کی آواز ٣. انسان کی کوئی بھی دھیمی اور قابلِ محسوس آواز
١٣٢٣	عَنَتِ (20 : 111)	جھک جائیں گے	ع۔ن۔ت	١. ذلیل ہونا ٢. پست ہونا ٣. فرمانبردار ٤. مشقت برداشت کرنا ٥. ذلیل ہوکر یا تھک کر یا مشقت سے عاجز آکر جھک جانا
١٣٢٤	هَضْماً (20 : 112)	نقصان	ہ۔ض۔م	١. کسی نرم چیز کو کچلنا ، بھینچنا ، نچوڑنا ٢. کمی کرنا ٣. غصب کرنا
١٣٢٥	لَا تَعْرٰى (20 : 118)	اور نہ ننگے ہو	ع۔ر۔ی	برہنہ یا ننگا ہونا
١٣٢٦	لَا يَبْلٰى (20 : 120)	جو کبھی زائل نہ ہو	ب۔ل۔ی	١. کیوں نہیں ٢. یہ حرفِ ایجاب ہے اس وقت استعمال ہوتا ہے سوال نفی میں ہو اور جواب میں اس نفی کی تردید کرنا

				مقصود ہو اور مثبت میں جواب دینا بھی
۱۳۲۷	ضَنۡكًا (20 : 124)	تنگ	ض۔ن۔ک	۱. بود و باش اور رہن سہن کی تنگی ۲. دل کی بے اطمینانی اور بے قراری ۳. تفکرات کا ہجوم
۱۳۲۸	زَهۡرَةَ (20 : 131)	آرائش	ز۔ھ۔ر	۱. خوشنمائی ، رنگینی ۲. چمک دمک ۳. ٹیپ ٹاپ

سورۃ الْاَنْبِیَآء

رکوع نمبر ا تا ۷ (آیات ا تا ١١٢)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
١٣٢٩	قَصَمْنَا (21 : 11)	ہلاک کی ہم نے	ق۔ص۔م	ا. ہلاک کرنا اور کسی چیز کو توڑ دینا ٢. پیس ڈالنا ٣. توڑ مروڑ کر ریزہ ریزہ کر کے تباہ کر دینا
١٣٣٠	يَرْكُضُوْنَ (21 : 12)	بھاگنے لگے	ر۔ک۔ض	ا. ایڑی چلانا ٢. گھوڑے کو ایڑی لگانا وغیرہ
١٣٣١	خَامِدِيْنَ (21 : 15)	بجھے ہوئے ڈھیر	خ۔م۔د	آگ کے مدہم پڑ جانے کو کہتے ہیں جس سے شعلہ ختم ہو چکا ہو مگر انگارہ نہ بجھا ہو
١٣٣٢	يَدْمَغُهٗ (21 : 18)	سر توڑ دیتا ہے اسکا	د۔م۔غ	کسی کو دماغ یا سر توڑ پر چوٹ لگانا
١٣٣٣	رَتْقًا (21 : 30)	ملے ہوئے	ر۔ت۔ق	جوڑنا اور ملانا خواہ خلقی طور پر ہو یا صناعی طریقہ سے
١٣٣٤	فَفَتَقْنٰهُمَا (21 : 30)	پس ہم نے جدا کر دیا دونوں کو	ف۔ت۔ق	دو چیزوں کو الگ الگ کر دینا
١٣٣٥	يَكْلَؤُكُمْ (21 : 42)	حفاظت کرتا ہے تمھاری	ک۔ل۔ا	ا. کسی چیز کی حفاظت کرنا اور اسے باقی رکھنا ٢. اس گھاس کو کہتے ہیں جسے محفوظ کر لیا گیا ہو ٣. بصرہ میں ایک مقام کا نام ہے وہاں کشتیوں کو محفوظ کرنے کیلئے لے جاتے ہیں
١٣٣٦	نَفْحَةٌ (21 : 46)	ایک بھاپ	ن۔ف۔ح	ا. ہوا کا چلنا ٢. سردی میں ہوا کا چلنا ٣. سرد ہوا کا چلنا

١٣٣٧	خَرْدَلٍ (21 : 47)	رائی	خ۔ر۔د۔ل	
١٣٣٨	يَنْطِقُوْنَ (21 : 63)	وہ بولتے ہیں	ن۔ط۔ق	١. ان آوازوں کو کہا جاتا ہے جو زبان سے نکلتی ہیں اور کان سن کر محفوظ کر لیتے ہیں ٢. ایسی بات کہنا جسکے معنی سمجھ میں آسکیں ٣. حیوانات کیلئے بھی بولا جاتا ہے کیونکہ وہ بھی ایک دوسرے کی بولی سمجھ لیتے ہیں
١٣٣٩	نُكِسُوْا (21 : 65)	اوندھے ہو گئے	ن۔ک۔س	١. کسی چیز کو الٹا کر دینا ٢. سرنگوں ہونا ٣. شرم وندامت سے سر جھکا لینا
١٣٤٠	بَرْدًا (21 : 69)	ٹھنڈی	ب۔ر۔د	ٹھنڈا ہونا
١٣٤١	نَفَشَتْ (21 : 78)	رات میں چر گئیں	ن۔ف۔ش	١. رات کا کام ٢. بکریوں کا رات کے وقت بغیر چرواہے کے چرنے کیلئے منتشر ہو جانا
١٣٤٢	فَفَهَّمْنَاهَا (21 : 79)	پھر سمجھا دیا ہم نے	ف۔ہ۔م	١. انسان کی اس ذہنی قوت کا نام ہے جس سے وہ مطالب کو بہتری اور عمدگی کیساتھ اخذ کر لیتا ہے ٢. کسی چیز کو اچھی طرح سمجھ لینا ٣. کلام سنتے ہی معانی کو جان لینا
١٣٤٣	يَغُوْصُوْنَ (21 : 82)	غوطہ لگاتے ہیں	غ۔و۔ص	١. پانی میں غوطہ لگا کر کوئی چیز نکال لانا ٢. کسی پیچیدہ مسئلہ کی تہ تک پہنچ جانا ٣. پانی کے اندر سے موتی نکالنے والے غوطہ خور ہی نہیں بلکہ نادر کام کرنے والے اور عجیب وغریب صنعتیں ایجاد کرنے والے بھی ان میں داخل ہیں
١٣٤٤	فَرْجَهَا (21 : 91)	عفت اپنی	ف۔ر۔ج	١. دو چیزوں کے درمیان شگاف ٢. دو ٹانگوں کے درمیان کشادگی اور کنایۃً یہ لفظ شرمگاہ پر بولا جاتا ہے

				۳. مرد اور عورت دونوں کی شرمگاہ کیلئے آتا ہے
۱۳۴۵	حَدَبٍ (21 : 96)	بلندی	ح۔د۔ب	۱. آدمی کا کبڑا ہونا ۲. بلند اور سخت زمین جو قدرے بلند ہو ۳. ٹیلہ جو پھیلاؤ میں زیادہ اور بلندی میں کم ہو ۴. ایسے شیشے جو دور اور نزدیک کی نظر کی کمزوری کیلئے استعمال ہوں
۱۳۴۶	الفَزَعُ (21 : 103)	خوف ، گھبراہٹ	ف۔ز۔ع	۱. دہشت زدہ ہونا ۲. بے صبری کیساتھ گھبراہٹ بھی شامل ہو جائے تو فزع کہلاتی ہے
۱۳۴۷	نطوی (21 : 104)	ہم لپیٹ دیں گے	ط۔و۔ی	۱. تہہ کر کے لپیٹنا ۲. بساط لپیٹنا ۳. دسترخوان تہہ کرنا

سورۃ الحَجّ

رکوع نمبر ۱ تا ۱۰ (آیات ۱ تا ۷۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۳۴۸	تَذْهَلُ (22 : 2)	بھول جائیگی	ذ۔ہ۔ل	۱. جب بھولنے کا سبب دہشت ہو ۲. ایسی مشغولیت جو غم اور پریشانی کا باعث ہو ۳. غافل ہونا ، ہکا بکا ہو جانا ، حیران ہو جانا
۱۳۴۹	بَهِيجٍ (22 : 5)	بارونق	ب۔ہ۔ج	۱. خوبصورت (پھلوں اور پھولوں کیلئے آتا ہے) ۲. خوش اور مسرور ہونا ۳. پررونق یا پربہار
۱۳۵۰	طِفْلًا (22 : 5)	بچہ	ط۔ف۔ل	۱. نرم و نازک ہونا ۲. طَفْلَةٌ گداز بدن کی عورت کو کہتے ہیں ، اس لحاظ سے جب تک بچہ نرم و نازک رہے وہ طفل ہے ۳. ایسے بچے جو ابھی بالغ نہ ہوئے ہوں
۱۳۵۱	مُضْغَةٍ (22 : 5)	گوشت کی بوٹی	م۔ض۔غ	نطفہ پر تیسرا دور جب علقہ ایسے بن جاتا ہے جیسے کچے گوشت کا لوتھڑا یا بوٹی
۱۳۵۲	هَامِدَةً (22 : 5)	خشک پڑی ہوئی	ہ۔م۔د	۱. پانی نہ ملنے کی وجہ سے زمین کا خشک اور بنجر ہو جانا ۲. نباتات کا خشک ہو کر سوکھ جانا
۱۳۵۳	اهْتَزَّتْ (22 : 5)	شاداب ہو جاتی ہے	ہ۔ز۔ز	۱. درخت کو اسطرح ہلانا کہ اسکا پھل گر جائے ۲. کسی چیز کا ہلنا یا حرکت کرنا جیسے کسی نے جھٹکا دے دیا ہو یا جھٹک رہا ہو
۱۳۵۴	عِطْفِهِ (22 : 9)	اپنا پہلو	ع۔ط۔ف	۱. کسی چیز کا ایک سرا دوسری طرف موڑنا ۲. دوہرا کرنا ۳. کجی اور جھکاؤ ۴. پہلو اور

				کنارہ ۵. پہلو کے معنی میں استعمال ہو تو زیادتی اور تکبر کی حالت بیان کرنے کیلئے آتا ہے
۱۳۵۵	لَّهُدِّمَتْ (22 : 40)	تو منہدم کر دیئے جاتے	ہ۔د۔م	۱. کسی عمارت یا تعمیر کا گرنا ۲. گرانا اور ڈھا دینا
۱۳۵۶	الْمَجُوْسَ (22 : 17)	مجوسی	م۔ج۔س	آتش پرست اور سورج پرست فرقہ جو اپنے آپکو نوحؑ کا پیرو کار بتاتا ہے اور باقی سب پیغمبروں کا دشمن ہے۔ انکے نزدیک نیکی اور بدی کے خدا الگ الگ ہیں نیکی کا خدا " یزدان " اور بدی کا خدا " اہرمن " بتاتے ہیں اپنی الہامی کتابوں کے نام " ژند" اور " اوستا" بتاتے ہیں
۱۳۵۷	يُصَبُّ (22 : 19)	ڈالا جائے گا	ص۔ب۔ب	۱. اوپر سے ایک ہی دفعہ پانی انڈیلنا یا گرانا ۲. مصیبت وغیرہ نازل کرنے کیلئے بھی آتا ہے
۱۳۵۸	مَقَامِعُ (22 : 21)	ہتھوڑے ہیں	ق۔م۔ع	۱. دُرہ یا کوڑے مارنا ۲. لکڑی یا لوہے کا ہنٹر جس سے سزا دی جائے ۳. ہر وہ چیز جس سے کسی کو پیٹ پیٹ کر مطیع و مقہور کیا جائے
۱۳۵۹	لُؤْلُؤًا (22 : 23)	موتی	ل۔ا۔ل۔ا	موتی
۱۳۶۰	ضَامِرٍ (22 : 27)	دبلی اونٹنی	ض۔م۔ر	۱. ہموار شکم ۲. باریک اور لطیف جسم والا ۳. ہر وہ جانور جو خوراک کی کمی نہیں بلکہ ریاضت کی وجہ سے دبلا ہو
۱۳۶۱	فَجٍّ (22 : 27)	راستہ	ف۔ج۔ج	۱. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی ۲. دو پہاڑوں کے درمیان کا میدان

				۳. اس کھلے راستے کو کہتے ہیں جو میدان میں سے گزر کر دونوں پہاڑوں کو ملتا ہے
۱۳۶۲	عَمِيقٍ (22 : 27)	دور دراز	ع۔م۔ق	۱. کسی بھی چیز کی کوئی گہرائی ۲. بلندی، فاصلہ، افقی سمت ہو تو یہ لمبائی یا بُعد ہے ۳. راسی سمت ہو اور زمین سے اوپر ہو تو بلندی یا ارتفاع ہے ۴. زمین سے اوپر ہوں تو یہ گہرائی ہے
۱۳۶۳	تَفَثَهُمْ (22 : 29)	اپنی میل کچیل	ت۔ف۔ث	۱. کسی چیز پر میل کچیل کا چڑھ جانا ۲. بدن کا میل کچیل
۱۳۶۴	عَتِيقِ (22 : 31)	قدیم	ع۔ت۔ق	۱. پیش رو خواہ زمان کے اعتبار سے ہو یا مکان یا رتبہ ۲. خالص الاصل ہونا۔یعنی عتیق وہ چیز ہے جس کے قدیم ہونے کے باوجود شرافت ونجابت میں کوئی فرق نہ آئے
۱۳۶۵	سَحِيقٍ (22 ; 29)	دور	س۔ح۔ق	۱. دوا وغیرہ کو پینا ۲. دور ہونا ۳. بددعا کا کلمہ ہے اسکے معنی بھلائی سے دوری ہے
۱۳۶۶	الْمُعْتَرَّ (22 : 36)	اور سوال کرنے والوں کو بھی	ع۔ر۔ر	۱. بخشش طلب کرنا اور اس کیلئے کسی کے سامنے آنا ۲. بخشش مانگنے کیلئے لوگوں کے سامنے آنا ۳. العرار اس سنسناہٹ کو کہتے ہیں جو تیز ہوا کے چلنے سے پیدا ہو ۴. عرعار ایک کھیل جس میں بچے اس قسم کی آواز نکالتے ہیں کہ جسے سن کر دوسرے بچے چھپ جائیں
۱۳۶۷	وَجَبَتْ (22 : 36)	گر پڑیں ، زمین پر ٹک جائیں	و۔ج۔ب	کسی چیز کا دھماکے کے ساتھ گرنا (اس میں موت کا تصور بھی پایا جاتا ہے)
۱۳۶۸	صَوَامِعُ (22 : 40)	خانقاہیں صومعے	ص۔م۔ع	۱. خانقاہیں ۲. راہبوں کی عبادت گاہیں

۱۳۶۹	بِئْرٍ (22 : 45)	کنوئیں	ب۔ا۔ر	ا. بہت بڑا کنواں ۲. جس میں پانی کی کافی مقدار ہو
۱۳۷۰	مُعَطَّلَةٍ (22 : 45)	بیکار	ع۔ط۔ل	ا. کسی مزدور کا بیکار ہونا ۲. کسی عورت کا زیور سے خالی ہونا ۳. کسی کو بیکار چھوڑ دینا
۱۳۷۱	ذُبَابًا (22 : 73)	ایک مکھی	ذ۔ب۔ب	ا. عام چھوٹی مکھی ۲. ذَبَّ عنہ ۔ کسی سے مکھیوں کو اڑانا یا الزامات کو دور کرنا
۱۳۷۲	يَسْطُونَ (22 : 72)	حملہ کردیں	س۔ط۔و س۔ط۔ا	ا. کسی پر حملہ کرے ، مغلوب کرنا ۲. شدید گرفت کرنا یا حملہ کرنا

سورۃ المومنون

کل رکوع ١ تا ٦ (آیات ١١٨)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
١٣٧٣	سُلٰلَةٍ (23 : 12)	خلاصہ	س۔ل۔ل	١. نچوڑ ٢. کارآمد حصہ، کسی شے سے نکالی ہوئی چیز
١٣٧٤	فَوَاكِهُ (23 : 19)	میوے	ف۔ک۔ہ	١. خوش گپیاں اڑانا ٢. خوش ذوق ہونا ٣. ہنسنا اور ہنسانا ٤. کھجور، انار اور انگور کے علاوہ سب پھلوں کو **فاکہ** کہتے ہیں ٥. بعض اس سے مراد خشک میوے لیتے ہیں ٦. اس سے مراد وہ پھل جس سے لذت اور سرور حاصل ہو۔
١٣٧٥	الدُّهْنِ (23 : 20)	روغن لئے ہوئے	د۔ہ۔ن	١. تیل ٢. روغن ٣. چکنائی ٤. دھن، دھوکہ دینا، منافقت کرنا
١٣٧٦	سَيْنَاءَ (23 : 20)	طور سینا		طور، طویٰ، سینا اور سینین ایک ہی چیز کے نام ہیں۔ سینا ایک بلند پہاڑ ہے، مدین سے مصر جاتے ہوئے شام کے ملک میں راستے میں پڑتا ہے، اسی پر موسیٰ کو اللہ تعالیٰ سے دو دفعہ ہم کلامی کا شرف ملا۔ پہاڑ کی چوٹی کا نام طور ہے پہاڑ کی وادی کا نام طویٰ ہے، اسے قرآن میں وادی مقدس بھی کہا گیا ہے۔ موسیٰ بنی اسرائیل کو مصر سے نکال کر لائے تو اسی راستے سے گزرے تھے اسے طور سینین بھی کہا جاتا ہے

۱۳۷۷	هیهات (23 : 36)	بہت بعید ہے		
۱۳۷۸	غُثَآءً (23 : 41)	کچرا	غ۔ث۔و	۱. سیلاب کے پانی کی جھاگ میں پھنسا ہوا کوڑا کرکٹ۔ ۲. درختوں کے گلے سڑے پتے جو جھاگ میں ملے ہوں ۳. گھاس پھوس کے چورا اور کوڑا کرکٹ کو بھی کہتے ہیں ۴. بات میں جھوٹ سچ ملانا
۱۳۷۹	مَعِيْن (23 : 50)	جاری پانی	م۔ع۔ن	۱. پانی کا نرم رفتار سے بہنا ۲. ایسا پانی جو سطح زمین پر جاری ہو ۳. سیلاب کی طرح تیزی اور تندی سے نہیں بلکہ نرمی اور سہولت کیساتھ جاری ہونے والا پانی۔
۱۳۸۰	سَامِراً (23 : 67)	کہانیوں میں مشغول ہوتے ہوئے	س۔م۔ر	۱. رات کو سونے سے پہلے قصے کہانیاں بیان کرنا ۲. قصہ گوئی ۳. سونے سے پہلے کی باتیں
۱۳۸۱	نَاكِبُوْنَ (23 : 74)	الگ ہو رہے ہیں	ن۔ک۔ب	۱. نکب ایسے ٹیڑھ اور جھکاؤ کو کہتے ہیں جسکا نتیجہ عیب ظلم یا مصیبت ہو ۲. ٹیڑھاپن
۱۳۸۲	هَمَزَاتِ (23 : 97)	وسوسوں	ہ۔م۔ز	۱. چٹکی لینا ۲. چبھونا ۳. شیطان کا کسی دل میں برا خیال ڈالنا پھر اس کیلئے انگیخت کرنا، اسکی نسبت صرف شیطان کی طرف ہوتی ہے
۱۳۸۳	بَرْزَخٌ (23 : 100)	برزخ	ب۔ر۔ز۔خ	دو چیزوں کے درمیان کوئی حائل چیز، جبکہ ان دونوں چیزوں کے درمیان کافی وسعت ہو۔ یعنی دنیا و آخرت کے درمیان اور مرنے سے لیکر قیامت تک کے درمیانی وقفہ کو برزخ کہتے ہیں

۱۳۸۴	كَالِحُونَ (23 : 104)	بدشکل ہو رہے ہوں گے	ک۔ل۔ح	۱. منہ اور اسکے آس پاس کا حصہ ۲. تیوری چڑھا ہوا ۳. تیوری چڑھانے کا انتہائی درجہ ہے، جس میں انسان کا حلیہ بگڑ جاتا ہے اور دانت نکلنے کی وجہ سے بہت بدصورت دکھائی دیتا ہے
۱۳۸۵	تَلْفَحُ (23 : 104)	جھلس دیگی	ل۔ف۔ح	آگ یا بادِ سموم کا چہرے یا جلد کو جھلس دینا، جس سے حلیہ بگڑ جائے
۱۳۸۶	عَبَثًا (23 : 115)	بے فائدہ	ع۔ب۔ث	۱. یعنی کام تو با مقصد کیا جائے لیکن اسکو کھیل کود سمجھ کر ہی کیا جائے۔ اور اس طرح اس کام کو بے مقصد اور بے نتیجہ بنا دیا جائے ۲. کھیل کود کرنا اور ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔

❀❀❀

سورۃ النور

رکوع نمبر۱ تا ۹ (آیات ۱ تا ۶۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۳۸۷	یَغُضُّو (24 : 30)	نیچی رکھا کریں	غ۔ض۔ض	۱. نظر جھکالینا یا آواز کو پست کرلینا ۲. کمی کرنا ، خواہ نظر اور صورت میں ہو یا کسی برتن سے کچھ کم کرنے کی صورت میں ہو
۱۳۸۸	الْاَیَامٰی (24 : 32)	بیوہ عورتوں کا	ا۔ی۔م	رانڈ یا رنڈوہ ، بے شوہر عورت یا بے زن مرد دونوں کیلئے برابر استعمال ہوتا ہے
۱۳۸۹	زُجَاجَۃٍ (24 : 35)	ایک شیشے کی قندیل	ز۔ج۔ج	۱. شیشہ ۲. کانچ ۳. بلور ۴. شیشے کا ٹکڑا یا برتن دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۳۹۰	الْوَدْقَ (24 : 43)	مینہ	و۔د۔ق	۱. جو بارش لگاتار ہوتی رہی ۲. ایسی بارش عموماً آہستہ آہستہ اور بہت دیر تک جاری رہتی ہے
۱۳۹۱	مُذْعِنِیْنَ (24 : 49)	مطیع ہوکر	ذ۔ع۔ن	۱. مطیع ہونا ۲. اشاروں پر چلنا ۳. اطاعت کیساتھ عاجزی اور ذلت کا پہلو بھی ہے
۱۳۹۲	یَحِیْفَ (24 : 50)	ظلم کرے	ح۔ی۔ف ح۔ا۔ف	۱. کسی جانب جھکاؤ ۲. انصاف نہ کرنا ۳. کسی چیز کو اطراف سے گھٹانا
۱۳۹۳	اَشْتَاتًا (24 : 61)	جدا جدا	ش۔ت۔ت	۱. اختلاف ،قبیلہ کو متفرق کرنا ۲. ضد ۳. چیزوں کا الگ الگ ہونا ۔ طرح طرح یا قسم قسم کا ہونا ۴. کسی معاملہ میں اختلافِ رائے ہونا
۱۳۹۴	لِوَاذًا (24 : 63)	آنکھ بچا کر	ل۔و۔ذ	۱. پہاڑ کی اوٹ میں ہونا ۲. چھپنا ۳. جائے پناہ ، پہاڑ کا کنارہ ۴. قلعہ ۵. اوٹ کی تلاش میں نکل جانا

سورة الفرقان

رکوع نمبر ۱ تا ۶ (آیات ۱ تا ۷۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۳۹۵	هَبَآءً (25 : 23)	گرد ، خاک	ہ۔ب۔و	۱. گردوغبار جسے ہوا اڑاتی پھرے ۲. اڑتی ہوئی خاک ۳. مٹی کے باریک ذرات جو ہوا میں پھیلے ہوئے ہوتے ہیں
۱۳۹۶	فُلَانًا (25 : 28)	فلاں کو	ف۔ل۔ن	انسانوں کے ناموں کیلئے بطور کنایہ بولا جاتا ہے
۱۳۹۷	رَتَّلْنٰهُ (25 : 32)	ہم ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے ہیں اسکو	ر۔ت۔ل	۱. کسی چیز کی خوبی، آرائش اور بھلائی ۲. سہولت اور حسنِ تناسب کیساتھ کسی کلمہ کو ادا کرنا ۳. خوش آوازی سے پڑھنا ۴. خوش الحانی اور حسن ادائیگی حروف کا لحاظ رکھنا ۵. ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا
۱۳۹۸	تَفْسِيْرًا (25 : 33)	واضح بیان کرنا	ف۔س۔ر	۱. کسی چیز کی معنوی صفت بیان کرنا ۲. مراد بتانا اور وضاحت کرنا ۳. کسی چیز سے پردہ اٹھانا ۴. جملہ کے ایک ایک لفظ کو کھول کر بیان کرنا اور تنزیل کا لحاظ رکھنا
۱۳۹۹	الرَّسّ (25 : 38)	کنواں	ر۔س۔س	۱. ایک وادی کا نام ہے ۲. کنواں ۳. تھوڑا سا اثر
۱۴۰۰	فُرَاتٌ (25 : 53)	پیاس بجھانے والا	ف۔ر۔ت	۱. ایک بڑے دریا کا نام جو خلیجِ فارس میں گرتا ہے ۲. میٹھا اور خوش گوار پانی جبکہ مقدار میں کافی زیادہ ہو

۱۴۰۱	مِلْحٌ (25 : 53)	کھاری	م۔ل۔ح	نمکین پانی
۱۴۰۲	أُجَاجٌ (25 : 53)	کڑوا	ا۔ج۔ج	۱. ایسا پانی جو نمکین بھی ہو اور کڑوا بھی ۲. سخت کھری اور گرم پانی ۳. چھاتی جلانے والا
۱۴۰۳	صِهْراً (25 : 54)	سسرال	ص۔ہ۔ر	۱. وہ رشتہ دار جو شادی کے نتیجہ میں پیدا ہوں ۲. بیوی کیلئے شوہر کے نسبی رشتہ دار اور شوہر کیلئے بیوی کے نسبی رشتہ دار
۱۴۰۴	نَسَباً (25 : 54)	خاندان ، نسب	ن۔س۔ب	۱. قرابت ،رشتہ داری ۲. نسب سے مراد وہ رشتہ دار ہوتے ہیں جو باپ کی طرف سے ہوں، کیونکہ نسب باپ کی طرف سے چلتا ہے اس میں اقربون کے علاوہ چچ اور پھوپھیوں کے بچے بھی شامل ہیں
۱۴۰۵	سِرَاجاً (25 : 61)	سورج	س۔ر۔ج	۱. حسن وزینت اور جمال پر دلالت کرتا ہے ۲. چراغ کو سراج اسکی روشنی اور زینت کی وجہ سے کہتے ہیں ۳. گھوڑے کی زین کو بھی سرج اس لیئے کہتے ہیں کہ اس سے گھوڑے کی زینت ہوتی ہے
۱۴۰۶	يَعْبَؤُا (25 : 77)	کچھ پرواہ نہیں کرتا	ع۔ب۔ا	۱. قدر و قیمت ۲. پرواہ

❀❀❀

سورۃ الشعرا

رکوع نمبر ۱ تا ۱۱ (آیات ۱ تا ۲۲۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۰۷	ضَیْرَ (26 : 50)	کچھ نقصان	ض۔ی۔ر	۱. مضرت، گزند ۲. نقصان، تکلیف
۱۴۰۸	شِرْذِمَةٌ (26 : 54)	جماعت ہیں	ش۔ر۔ذ۔م	۱. ناتواں اور بے کس لوگوں کی چھوٹی سی جماعت ۲. پھٹے پرانے کپڑوں کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے
۱۴۰۹	طود (26 : 63)	پہاڑ	ط۔و۔د	۱. بہت بڑا پہاڑ جو بلند بھی ہو اور پھیلاؤ میں بھی بہت بڑا ہو ۲. بڑے پہاڑ کے علاوہ بڑا تودۂ ریت بھی
۱۴۱۰	کُبْکِبُوْا (26 : 94)	اوندھے منہ ڈال دیئے جائیں گے	ک۔ب۔ ک۔ب	اس میں تکرارِ لفظی ہے جو اسکے معنی میں بھی شدت پیدا کر رہا ہے کسی چیز کو اوپر سے لڑھکا کر گڑھے میں پھینک دینا
۱۴۱۱	الْمَشْحُوْنِ (26 : 119)	بھری ہوئی	ش۔ح۔ن	کشتی یا جہاز کو سوار اور سامان لاد کر بھرنا
۱۴۱۲	رِیْعٍ (26 : 128)	اونچی جگہ پر	ر۔ی۔ع	ایسی زمین جو ربوہ سے اونچی ہو اور سخت ہو
۱۴۱۳	فٰرِھِیْنَ (26 :149)	تکلف سے فخریہ	ف۔ر۔ہ	۱. خوش ہونا ۲. اکڑنا ۳. ماہر ہونا ۴. سبک ہونا گویا اپنے ہنر اور فن کے کمال پر خوش ہونے اترانے اور فخر کرنے کیلئے آتا ہے

۱۴۱۴	لوط (26:161)	لوط	ل۔و۔ط	حضرت ابراہیمؑ کے چچا زاد بھائی ہیں انکی نبوت پر ایمان لائے ۔ جب حضرت ابراھیمؑ مصر کی طرف ہجرت کر گئے تو آپ کو نبوت عطا ہوئی صدوم اور عمورہ کی بستیاں آپ کی تبلیغ کا مرکز تھیں (شرق اردن) آپکی قوم لواطت میں گرفتار بلکہ اسکی موجد بھی تھی ۔ سمجھانے کے باوجود باز نہ آنے پر انکی بستیوں کو اکھاڑ کر بلندی پر لے جا کر پٹخ دیا گیا۔ پھر پتھروں کی بارش برسائی گئی اور اسکی وجہ سے یہ زمین ۴۰۰ کلومیٹر سطح سمندر سے نیچے چلی گئی اور اوپر پانی آ گیا یہی پانی بحر میت یا غرقابِ لوطی ہے
۱۴۱۵	الْقَالِيْنَ (26 : 168)	بیزار ہوں	ق۔ل۔ی	۱. شدتِ بغض ۲. کسی سے ناراضگی کی بنا پر بیزار ہونا ۳. بغض کے بعد قلی کا درجہ ہے
۱۴۱۶	يَهِيْمُوْنَ (26 : 225)	سر مارتے پھرتے ہیں	ہ۔ی۔م	۱. مجنونانہ کیفیت سے پھرنا ۲. عاشق قسم کے لوگوں کی آوارگی ۳. آوارہ پھرنا

❀❀❀

سورۃ النمل

رکوع نمبر ۱ تا ۷ (آیات ۱ تا ۹۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۱۷	جَیْبِكَ (27 : 12)	اپنے گریبان	ج۔ی۔ب	گریبان کو کہتے ہیں مجازاً سینہ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے
۱۴۱۸	اَوْزِعْنِیْٓ (27 : 19)	توفیق دے مجھے	و۔ز۔ع	۱. روکنا، منع کرنا ۲. انتظام اور ترتیب کی خاطر روکنا ۳. اوزع ، اللہ سے شکر کی تعریف چاہنا یعنی شکر گزاری کی ایسی توفیق جو کہ نفس کو ناشکری سے روک لے۔
۱۴۱۹	فَتَبَسَّمَ (27 : 19)	پس مسکرایا	ب۔س۔م	۱. مسکرانا ۲. بغیر آواز کے تھوڑا سا ہنس دینا جس سے انبساط کے آثار نظر آئیں
۱۴۲۰	یَحْطِمَنَّكُمْ (27 : 18)	کچل دیں تم نے	ح۔ط۔م	۱. توڑنا ، مروڑنا ۲. ایسی تند و تیز ہوا جو ہر چیز کو توڑ موڑ کر رکھ دے ۳. چیز کو روندنے اور ریزہ ریزہ کر دینے پر بھی بولا جاتا ہے
۱۴۲۱	الْهُدْهُدَ (27 : 20)	ہدہد	ھ۔د۔ھ۔د	۱. مشہور پرندہ ہے جسکی چونچ بہت لمبی ہوتی ہے اور ٹھونگیں مارتا ہے ۲. بہت کوکو کرنے والا پرندہ ہے

۱۴۲۲	سَبَاءٍ (27 : 22)	سبا	س۔ب۔ا	سبا دراصل یمن کے معروف آدمی کا نام ہے جو ہودؑ کی نسل سے تھا۔ اسی کے نام پر یہ علاقہ سبا کے نام پر مشہور ہوا۔ پھر اسکی قوم قومِ سبا کہلائی . زرخیز اور شاداب علاقہ تھا آبپاشی کا نظام نہایت اعلیٰ اور باغات کی کثرت تھی لوگوں نے سرکشی اختیار کی تو ان پر سیلاب آ گیا جس نے بند توڑ دیا۔ آب پاشی کا نظام درہم برہم اور باغات تباہ ہوگئے۔ مدتوں بعد یہ قوم اور علاقہ آباد ہوا تو سورج پرست بن گیا حضرت سلیمانؑ کی کوششوں سے سبا کی ملکہ ایمان لائی اور یہ قوم راہِ راست پر آ گئی اس قوم کی سورج پرستی کی اطلاع حضرت سلیمانؑ کو ہدہد پرندے کے ذریعہ سے ہوئی تھی۔
۱۴۲۳	الخبء (27 : 25)	پوشیدہ چیزوں کو	خ۔ب۔ا	۱. کسی چیز کو چھپا کر رکھنا ۲. کسی سے پہیلی کہنا ۳. کسی سے کوئی چیز چھپا کر اس سے اسکے متعلق اس سے سوال کرنا ۴. پوشیدہ اور مخفی خزانے
۱۴۲۴	عِفْرِيتٌ (27 : 39)	قوی ہیکل	ع۔ف۔ر	وہ جن جو بہت شہ زور اور قوی ہیکل ہو اسے عفریت کہتے ہیں
۱۴۲۵	صَرْحَ (27 : 44)	محل میں	ص۔ر۔ح	۱. خالص ۲. آمیزش سے پاک ہونا ۳. منقش اور مزین بلند مکان جو ہر طرح کے عیب سے پاک ہو
۱۴۲۶	حَدَائق (27 : 60)	باغ	ح۔د۔ق	۱. کسی کو چاروں طرف سے گھیر لینا ۲. ایسا باغ یا باغیچہ جسکے گرد حفاظت کیلئے چار دیواری بنادی گئی ہو

۱۴۲۷	حَاجِزاً (27 : 61)	اوٹ	ح۔ج۔ز	۱. حجز دراصل دو چیزوں کے درمیان ایک تیسری چیز ہوتی ہے جو درمیان میں حائل ہو کر آڑ کا کام دے دیتی ہے ۲. آڑ بن کر ایک چیز کو دوسری سے بچا لینا
۱۴۲۸	فَوجاً (27 : 83)	گروہ	ف۔و۔ج	۱. تیزی سے گزر جانے والی جماعت ۲. جنگی دستہ سے بڑی جماعت ۳. ایک جماعت
۱۴۲۹	جَامِدَةً (27 : 88)	جمے ہوئے	ج۔م۔د	۱. بے جان چیزوں کا بالکل بے حس و حرکت ہونا ۲. منجمد ہو جانا ، جم جانا ۳. بے جان اشیاء کا مستقل ٹھہراؤ
۱۴۳۰	اَتْقَنَ (27 : 88)	مضبوط بنانا	ت۔ق۔ن	۱. کام کو مضبوطی سے بنانا ۲. کسی چیز کو مہارت کیساتھ مضبوط کرنا
۱۴۳۱	لُجَّةً (27 : 44)	پانی کی گہرائی پھیلاؤ	ل۔ج۔ج	۱. پانی کی گہرائی ۲. پانی کا وہ حصہ جہاں پانی سب سے زیادہ گہرا ہو
۱۴۳۲	فَكُبَّتْ (27 : 90)	پس اوندھے ڈالے جائیں گے	ک۔ب۔ب	۱. برتن کو الٹا کر کے رکھ دینا ۲. کسی کو منہ کے بل گرا دینا

سورۃ القصص

رکوع نمبر۱ تا ۹ (آیات ۱ تا ۸۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۳۳	فَوَكَزَهٗ (28 : 15)	تو مکہ مارا اسکو	و۔ک۔ز	۱. مکہ مارنا ۲. سینہ یا پہلو پر ہتھیلی مارنا یا مکہ مارنا
۱۴۳۴	المدينة (28 : 15)	شہر میں	م۔د۔ن	شہر
۱۴۳۵	تَذُوْدَان (27 : 23)	روکے کھڑی ہے	ذ۔و۔د	۱. پرے ہٹانا ۲. دفع کرنا ۳. نزدیک نہ آنے دینا ۴. روکے رکھنا
۱۴۳۶	جِذْوَةٍ (28 : 29)	انگارہ	ج۔ذ۔و	ایسا انگارہ جس میں چمک ختم ہو چکی ہو اور اوپر راکھ آ گئی ہو
۱۴۳۷	شَاطِیءِ (28 : 30)	کنارے	ش۔ط۔ا	۱. کسی چیز کے دو کناروں میں سے کوئی ایک کنارہ ۲. دریا یا وادی کی کوئی ایک طرف یا کنارہ
۱۴۳۸	البُقْعَةِ (28 : 30)	خطہ	ب۔ق۔ع	زمین کا وہ قطعہ جو آس پاس کے ٹکڑوں سے نمایاں ہو
۱۴۳۹	اَفْصَحُ (28 : 34)	زیادہ فصیح ہے	ف۔ص۔ح	۱. کسی چیز کو آمیزش سے پاک وصاف کرنا ۲. دودھ کے اوپر سے جھاگ اتار کر صاف کر لینا ۳. کسی شخص کا خوش گفتار ہونا اور اسکے کلام کا فضولیات سے پاک ہونا اور موزوں تر الفاظ استعمال کرنا
۱۴۴۰	رِدْاً (28 : 34)	مددگار	ر۔د۔ا	۱. دیوار کو پشتہ لگانا ۲. مددگار بننا ۳. ایسا مددگار جو ہر وقت ساتھ رہتا ہو

۱۴۴۱	الْمَقْبُوْحِيْنَ (28 : 42)	بدحالوں میں ہونگے	ق۔ب۔ح	۱. قول یا فعل یا شکل کا برا ہونا ۲. برا ، بدنما ، بدحال ، بدصورت یہ لفظ عموماً ظاہری حالت کی برائی کیلئے آتا ہے
۱۴۴۲	سَرْمَدًا (28 : 71)	ہمیشہ	س۔ر۔م۔د	۱. دائم ، ہمیشہ ۲. جسکا نہ اول ہو نہ آخر ۳. ہمیشہ کسی چیز کا ایک ہی حالت میں رہنا اور اس میں کچھ تغیر وتبدل نہ ہونا
۱۴۴۳	لَتَنُوْٓاُ (28 : 76)	مشکل سے اٹھاتے اٹھانا مشکل ہوتا	ن۔و۔ء ن۔ا۔ء	۱. سخت محنت کرنا اور مشقت سے بوجھ اٹھانا ۲. زیادہ بوجھ کی وجہ سے مشکل اٹھنا یا اٹھانا

❀❀❀

سورۃ العنکبوت

رکوع نمبرا تا ۷ (آیات ۱ تا ۶۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۴۴	أَوْثَانًا (29 : 17)	بتوں کی	و۔ث۔ن	۱. اپنی جگہ ثابت اور قائم رہنے والے بت ۲. یہ بت تراشیدہ اور نصب کردہ نہیں ہوتے بلکہ بعض مخصوص مقامات پتھروں ، درختوں ، ستاروں یا دریاؤں وغیرہ میں خدا کی صفات کا عقیدہ رکھ کر انکی عبادت شروع کردی جاتی ہے
۱۴۴۵	العنکبوت (29 : 41)	مکڑی کا	ع۔ن۔ک۔ب	جالا تننے والی اور اس سے اپنا گھر بنانے والی
۱۴۴۶	تَخُطُّهُ (29 : 48)	تو لکھ سکتا ہے اسکو	خ۔ط۔ط	۱. لکیریں کھینچنا ۲. نشان لگانا اور انہیں لمبائی میں لمبا کرنا ۳. لمبائی کے رخ کچھ لکھ دینا ، تحریر جیسی بھی ہو

❀❀❀

سورۃ الروم

رکوع نمبر۱ تا ٦ (آیات ۱ تا ٦۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۴۷	الروم (30 : 2)		ر۔و۔م	شام اور عراق کے شمال میں مشہور ملک ہے دورِ نبوی میں یہاں عظیم الشان سلطنت قائم تھی حجاز کے ایک طرف آتش پرست ایرانی اور دوسری طرف عیسائی رومیوں میں جنگ ٹھن گئی ، یہ جنگ ۶۰۲ سے ۶۱۲ دس سال تک جاری رہی رومیوں کو شکست ہوئی مسلمان اہل کتاب ہونے کی وجہ سے رومیوں سے ہمدردی رکھتے تھے اور مشرکین مکہ بت پرستی کی وجہ سے ایرانیوں سے ہمدردی رکھتے تھے اس شکست سے مسلمانوں کو بھی تکلیف ہوئی تو سورۃ روم کی یہ آیات نازل ہوئیں روم کے حالات کچھ ایسے بگڑ چکے تھے کہ بظاہر انکی فتح کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی مگر اللہ تعالیٰ کی ان آیتوں نے کافروں کے خلاف حجت قائم کردی اور عین جنگ بدر کے دن جس دن کافروں کو شکست ہوئی اسی دن ایران کی شکست کی خبر بھی مل گئی
۱۴۴۸	رَوْضَۃٍ (30 : 15)	باغ	ر۔و۔ض	۱. وسعت اور فراخی ۲. پر بہار کیاری ۳. کسی باغ کے اندر وہ حصہ یا مقام ہوتا ہے جو بڑا پر بہار ہو اور ایسی جگہ پر عموماً بالا خانے اور بارہ دری وغیرہ بنائی جاتی ہے
۱۴۴۹	تُمْسُوْنَ (30 : 17)	تم شام کرتے ہو	م۔س۔ی	۱. شام کا وقت ۲. شام کرنا ۳. شام میں داخل ہونا یا شام کے وقت کوئی کام کرنا

سورۃ لقمٰن

رکوع نمبر ۱ تا ۴ (آیات ۱ تا ۳۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۵۰	تُصَعِّر (31 : 18)	تو پھلا	ص۔ع۔ر	۱. گردن میں کجی اصل معنی ہیں ۲. تکبر کی وجہ سے گردن کو ٹیڑھا کرنا اور اعراض برتنا ۳. ہر مشکل کام کو مصعر کہا جاتا ہے
۱۴۵۱	خَدَّكَ (31 : 18)	اپنا گال	خ۔د۔د	۱. رخسار ۲. گال
۱۴۵۲	أَسْبَغَ (31 : 20)	پوری کردیں	س۔ب۔غ	۱. کسی چیز کا اتمام یا کمال ۲. وسعت اور آسانی ۳. کسی کام کو اس طرح پورا کرنا کہ اس میں کوئی کمی نہ رہے اور غرض و غایت بھی پوری ہو جائے ۴. وضو اور نعمتوں کا پوارا کرنا
۱۴۵۳	خَتَّارٍ (31 32)	عہد شکن	خ۔ت۔ر	۱. بری طرح بے وفائی کرنا ۲. ایسی غداری جسے اتنی کوشش سے کیا جائے کہ انسان کمزور پڑ جائے اور اسکے اعضاء ڈھیلے پڑ جائیں یعنی مسلسل دھوکہ دینا اور بے وفائی کرتے چلے جانا

❀❀❀

سورۃ السجدۃ

رکوع نمبر ۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۳۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۵۴	مَّهِيْنٍ (32 : 8)	حقیر	م-ہ-ن	۱. حقیر ، ضعیف ، بے قدر ، ذلیل مھین وہ شخص جس پر دوسرا شخص مسلط ہو کر اسے کم تر بنا دے ۲. دوسروں کی نظر میں اپنے برے اعمال کی وجہ سے گرا ہوا
۱۴۵۵	تَتَجَافٰى (32 : 16)	الگ رہتے ہیں	ج-ف-و	۱. ظلم ۲. ایک جگہ قرار نہ پکڑنا ۳. بے قراری کی وجہ سے اپنی جگہ بدلنا یا اس جگہ سے الگ رہنا

❀❀❀

سورۃ الاحزاب

رکوع نمبر ۱ تا ۹ (آیات ۱ تا ۷۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۵۶	جَوْفِهٖ (33 : 4)	اسکے سینے میں	ج۔و۔ف	۱. کھوکھلا ہونا ۲. پیٹ یا اندرونی حصہ کو کہتے ہیں ۳. جوف میں جہاں اندورنی حصہ کا مفہوم پایا جاتا ہے وہاں کھوکھلا پن، وسعت اور خلا کا تصور پایا جاتا ہے
۱۴۵۷	الْحَنَاجِرَ (33 : 10)	گلوں تک	ح۔ن۔ ج۔ر	سانس کی نالی ۔ سانس کی موٹی نالی یا نرخرہ کو کہتے ہیں
۱۴۵۸	يَثْرِبَ (33 : 13)	مدینہ	ی۔ث۔ ر۔ب	رسول اللہؐ کے مدینہ ہجرت کرنے سے پہلے اس شہر یا بستی کا نام یثرب تھا کیونکہ اسکی ہوا ناخوشگوار ، گندی اور مضر صحت تھی اس لیئے یہ نام پڑ گیا۔ ہجرت کے بعد صحابہؓ بھی یہاں آ کر بیمار پڑ گئے تو رسول اللہؐ نے دعا کی کہ اے اللہ اس شہر کو مکہ سے زیادہ بابرکت کر دے اور امن قائم کر. تو اس دعا کے بعد یہاں کی آب و ہوا صحابہؓ کی طبیعتوں کے موافق ہو گئی ہجرت کے بعد اس بستی کی آبادی میں اضافہ ہوا اور نام مدینۃ النبی پڑ گیا یعنی نبی کا شہر
۱۴۵۹	عَوْرَةٌ (33 : 13)	غیر محفوظ	ع۔و۔ر	۱. کپڑے یا مکان میں شگاف پڑ جانا، رخنے پڑ جانا ۲. ہر وہ چیز جس سے شرم محسوس ہو، کنایۃً وہ اعضاء جنہیں شرم کی وجہ سے چھپایا جاتا ہے یعنی مقاماتِ ستر۔

				۳. عورت کو عورت اس لئے کہا جاتا ہے کہ اسکے چہرہ اور ہاتھوں کے سوا سارے جسم کو چھپانا اور ڈھانپنا ضروری ہے اور بے ستر رہنے کو باعثِ عار سمجھا جاتا ہے گویا عورت کا معنی شگاف یا رخنہ بھی ہے مقام ستر بھی اور انکو پردہ سے ڈھانپنا بھی۔ ۴. یہ لفظ صرف پردہ کے معنوں میں بھی آیا ہے
۱۴۶۰	اَلْمُعَوِّقِيْنَ (33 : 18)	روکنے والے ہیں	ع۔و۔ق	۱. بے فیض انسان ۲. لوگوں کو اچھے کام سے روکنا ۳. بھلے کام سے روکنا
۱۴۶۱	سَلَقُوْكُمْ (33 : 23)	بڑھ بڑھ کر بولیں تم سے	س۔ل۔ق	۱. دست درازی یا زبان درازی کرنا ۲. چڑھ چڑھ کر آنا ۳. ہاتھ یا زبان سے دوسرے پر زیادتی کرنا
۱۴۶۲	نَحْبَهٗ (33 : 23)	اپنی نذر	ن۔ح۔ب	۱. اس نذر کو کہتے ہیں جسکا پورا کرنا ضروری ہو ۲. نحب وہ ذمہ داری ہے جو انسان نے خود اپنے اوپر لازم قرار دے لی ہو خواہ یہ نذر کی ذمہ داری ہو یا عہد کی۔
۱۴۶۳	صَيَاصِيْهِمْ (33 : 26)	انکے قلعے	ص۔ی۔ص	۱. ہر وہ چیز جس سے اپنے آپکو محفوظ کیا جا سکے ۲. گائے کے سینگ کو بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اسکے ذریعہ سے وہ اپنی حفاظت کرتی ہے ۳. حفاظت گاہیں یا قلعے ۴. قلعہ نما کوئی بھی چیز
۱۴۶۴	تَخْضَعْنَ (33 : 32)	تم نرم کرو (بات یا گفتگو)	خ۔ض۔ع	۱. کسی کا مطیع ہونا ۲. عاجزی ، انکساری اور فروتنی
۱۴۶۵	وَطَرًا (33 : 37)	حاجت	و۔ط۔ر	۱. حاجت ۲. مطلوب ۳. ہمبستری ۴. شہوت ۵. حاجتِ جماع

سورۃ سبا

رکوع نمبر۱ تا ۶ (آیات ۱ تا ۵۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۶۶	مُزِّقْتُمْ (34 : 7)	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	م۔ز۔ق	۱. کپڑا پھاڑنا ۲. بکھیرنا ۳. تباہ کر دینا ۴. ٹکڑے ٹکڑے کر کے تباہ کر دینا
۱۴۶۷	فِي السَّرْدِ (34 : 11)	کڑیوں کے جوڑنے میں	س۔ر۔د	زرہ ، زرہ کی کڑیاں
۱۴۶۸	جِفَانٍ (34 : 13)	لگن	ج۔ف۔ن	بڑا پیالہ
۱۴۶۹	خَمْطٍ (34 : 16)	بدمزہ	خ۔م۔ط	۱. کھٹا ۲. کسیلا ۳. ہر خاردار اور کڑوا درخت
۱۴۷۰	اَثْلٍ (34 : 16)	جھاؤ	ا۔ث۔ل	۱. زمین میں جڑ پکڑنا ۲. اثل ہر وہ درخت جسکی جڑ مضبوط ہو عموماً جھاؤ کے درخت کیلئے بولا جاتا ہے
۱۴۷۱	سِدْرٍ (34 : 16)	بیریاں	س۔د۔ر	بیری کا درخت جسکا پھل کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتا مگر اسکی چھاؤں بہت گھنی اور درخت کے پھیلاؤ کی وجہ سے بہت جگہ گھیر لیتی ہے اس لحاظ سے اسے جنت کی نعمتوں میں شمار کیا گیا ہے
۱۴۷۲	العَرِمِ (34 : 16)	زوردار بندتوڑ کر	ع۔ر۔م	مزاج کی تندی اور درشتی جسکا اثر انسان کے عمل سے ظاہر ہو

۱۴۷۳	فَوْتَ (34 : 51)	بچ سکیں گے	ف۔و۔ت ف۔ا۔ت	۱. کسی چیز کا ہاتھ سے نکل جانا ۲. موقع ہاتھ سے نکل جانا ۳. کسی چیز کے ملنے کی امید نہ ہونا
۱۴۷۴	التَّنَاوُشُ (34 : 52)	پکڑنا	ن۔و۔ش	۱. کسی چیز کو اتنی دور سے پکڑنا کہ ہاتھ پہنچ سکے ۲. طلب کرنا ۳. کسی مطلوبہ چیز تک رسائی ہونا ۴. کسی دور کی چیز کو پکڑنے کی کوشش کرنا

❀❀❀

سورۃ فاطر

رکوع نمبر ۱ تا ۵ (آیات ۱ تا ۴۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنیٰ	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۷۵	قِطْمِیْرٍ (35 : 13)	کھجور کی گٹھلی کا چھلکا	ق۔ط۔م۔ر	۱. کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک سی جھلی یا پردہ ۲. اس لفظ سے انتہائی قلیل مقدار مراد ہے جو نہ ہونے کے برابر ہو
۱۴۷۶	لُغُوْبٌ (35 : 35)	تھکاوٹ	ل۔غ۔ب	۱. کام یا محنت کی زیادتی کی وجہ سے تھک جانا ۲. کمزور ہو جانا ۳. تھکاوٹ کی وجہ سے کمزور ہو جانا

❀❀❀

سورۃ یٰس

رکوع نمبر ۱ تا ۵ (آیات ۱ تا ۸۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۷۷	مُقْمَحُوْن (36 : 8)	سراونچا کررہے ہیں	ق۔م۔ح	۱. اونٹ جب پانی سے سیر ہوکر سر اوپر اٹھاتا ہے اور نظر نیچے رکھتا ہے تو اس کیفیت کو کہتے ہیں ۲. جب انسان کسی مجبوری کی وجہ سے نیچے نہ دیکھ سکے اور سر نیچا نہ کر سکے صرف نظر نیچی کر سکے
۱۴۷۸	کَالْعُرْجُوْنِ (36 : 39)	کھجور کی شاخ کی مانند	ع۔ر۔ج	کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور پھلوں کے کاٹنے کے بعد درخت پر خشک ہوکر باقی رہتی ہے
۱۴۷۹	الْأَجْدَاثِ (36 : 51)	قبروں	ج۔د۔ث	۱. جدث وہ قبر ہے جسکے نشان بھی مٹ چکے ہوں ۲. مثلاً کسی کو درندہ کھا گیا ، دریا میں ڈوب کر ہلاک ہوگیا۔ ہندو مردے کو جلا کر اسکی راکھ گنگا میں بہا دیتے ہیں ۔ جو صورت بھی ہو اس میت کے ذرات منتقل ہوتے ہوئے بالآخر زمین سے مل جاتے ہیں تو وہی اسکی جدث ہے
۱۴۸۰	مَسَخْنٰهُمْ (36 : 67)	تو مسخ کردیں ہم انکو	م۔س۔خ	۱. شکل وصورت کو بگاڑ دینا ۲. خراب کردینا ۳. اچھی شکل وصورت کو خراب کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۴۸۱	شُغُلٍ (36 : 55)	مشغلہ	ش۔غ۔ل	ایسی مصروفیت جسکی وجہ سے انسان کسی دوسرے کام کی طرف توجہ نہ دے سکے۔
۱۴۸۲	رَمِیْمٌ (36 : 78)	بوسیدہ ہوں	ر۔م۔م	۱. قابل مرمت ہونا ۲. بوسیدگی ۳. پرانی اور بوسیدہ ہڈی جو بھر بھری ہو ۴. پرانی رسی کا ٹکڑا جو الگ ہوگیا ہو

سورۃ الصّٰفّٰت

رکوع نمبر ۱ تا ۵ (آیات ۱ تا ۱۸۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۴۸۳	زَجْرًا (37 : 2)	جھڑک کر	ز۔ج۔ر	کسی کو جھڑک کر بھگا دینا
۱۴۸۴	ثَاقِبٌ (37 : 10)	جلتا ہوا	ث۔ق۔ب	۱. آگ کا روشن ہونا ۲. ستارہ کا چمکنا ۳. سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا ۴. روشنی کا پوری طرح آر پار ہو جانا ۵. آگ کی طرح سرخ روشنی اور تیزی
۱۴۸۵	لَّازِبٍ (37 : 11)	چپکنے والی لیس دار	ل۔ز۔ب	۱. اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی مقام پر شدت سے ثبت ہو جائے اور چمٹ جائے ۲. لیس دار
۱۴۸۶	بِكَأْسٍ (37 : 45)	جام کا	ک۔ا۔س	۱. مشروب سے بھرا پیالہ ۲. چھلکتا ہوا جام ۳. شراب سے بھرے ہوئے پیالے کو کہتے ہیں
۱۴۸۷	غَوْلٌ (37 : 47)	سر درد	غ۔و۔ل غ۔ا۔ل	۱. گوناگوں شکلیں اختیار کرنے والا جن اور جادوگر ۲. چھلاوہ ۳. چڑیل ۴. مدہوشی سر درد ۵. کسی کو یوں ہلاک کر دینا کہ کسی کو پتہ بھی نہ چل سکے ۶. ایسی مدہوشی جسکی وجہ معلوم نہ ہو سکے
۱۴۸۸	يُنْزَفُونَ (37 : 47)	بہکی باتیں	ن۔ز۔ف	۱. ختم ہو جانا ۲. ضائع ہو جانا
۱۴۸۹	الزَّقُّومِ (37 : 62)	تھوہر	ز۔ق۔م	تھوہر کا درخت جسکے پتے چوڑے، موٹے اور کانٹے دار ہوتے ہیں اور ذائقہ میں نہایت کڑوا ہوتا ہے

۱۴۹۰	لَشَوْبًا (37 : 67)	ملاوٹ	ش۔ا۔ب ش۔و۔ب	۱. ملانا، دھوکہ دینا ،خیانت کرنا ۲. شوب ہر وہ خوردنی چیز جوکسی دوسری چیز میں ملائی جائے ،شہدوغیرہ ۳. اسی سے لفظ شائبہ نکلا ہے جو ملاوٹ اور کھوٹ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
۱۴۹۱	سَقِيْمٌ (37 : 89)	بیمار	س۔ق۔م	جسمانی بیماری
۱۴۹۲	فَرَاغَ (37 : 91)	پھر متوجہ ہوا	ر۔و۔غ	۱. چپکے سے کسی کی طرف مائل ہونا ۲. مکروفریب ۳. کسی حیلہ اور تدبیر کی خاطر ایک جانب مائل ہونا
۱۴۹۳	يَزِفُّوْنَ (37 : 94)	دوڑتے ہوئے	ز۔ف۔ف	۱. دوڑنے کی عام رفتار ۲. تیز بھاگنا
۱۴۹۴	لِلْجَبِيْنِ (37 : 103)	ماتھے کے بل	ج۔ب۔ن	۱. ماتھے کے کسی ایک کنارہ کو کہتے ہیں ۲. پیشانی کی دونوں اطراف
۱۴۹۵	تَلَّهٗ (37 : 103)	اور لٹا دیا اسکو	ت۔ل۔ل	اوندھے منہ پیشانی کے بل گرانا
۱۴۹۶	اِلْيَاسَ (37 : 123)	الیاس		الیاس اور الیاسین ایک ہی نام ہے آپ کی قوم بعل نامی بت کی پوجا کرتی تھی. بعلبک آپکی دعوت کا مرکز تھا. آپ کے سمجھانے پر قوم باز نہ آئی تو اللہ تعالیٰ نے ظالم بادشاہ ان پر مسلط کر دیا آپ نے ہجرت کر کے بیت المقدس میں اقامت اختیار کی۔
۱۴۹۷	اَبَقَ (37 : 140)	بھاگا	ا۔ب۔ق	۱. غلام کا اپنے مالک کے ہاں سے بھاگ جانا ۲. اپنی ذمہ داریوں سے فرار کی راہ اختیار کر لینا
۱۴۹۸	فَسَاهَمَ (37 : 141)	پھر قرعہ ڈالا اس نے	س۔ہ۔م	عام تیر کو بھی کہتے ہیں اور جوئے کے تیر کو بھی جس سے قرعہ نکالتے ہیں

۱۴۹۹	فَالْتَقَمَهُ (37 : 142)	پھر نگل لیا اسکو	ل ۔ ق ۔ م	۱. لقمہ بنانا ۲. ایک بار جتنی خوراک منہ میں جا سکتی ہے ہاتھ سے منہ میں ڈالنا ۳. جلدی سے ہڑپ کرنا ۴. بڑے بڑے لقمے بنا کر ہڑپ کر جانا
۱۵۰۰	يَقْطِيْنٍ (37 : 146)	بیلدار	ی ۔ ق ۔ ط ۔ ن	
۱۵۰۰۱	بِسَاحَتِهِمْ (37 : 177)	انکے میدان	س ۔ و ۔ ح	۱. گھروں سے ملحقہ یا نزدیک فراخ جگہ ۲. آنگن ، صحن ، پارک وغیرہ ۳. مل بیٹھنے کی جگہ

❀❀❀

سورۃ صٓ

رکوع نمبر ا تا ۵ (آیات ا تا ۸۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۰۲	وَّلَاتَ (38 : 3)	اور وہ نہیں تھا		لات دیوی کا آستانہ طائف میں تھا اور بنی ثقیف اسکے معتقد تھے
۱۵۰۳	مَنَاصٍ (38 : 3)	رہائی	ن۔و۔ص	ا. کہیں جا کر رہائی پانا اور تردد ۲. خود کہیں جا کر رہائی حاصل کرنا
۱۵۰۴	قِطَّنَا (38 : 16)	ہمارا حصہ	ق۔ط۔ط	ا. حساب کا رجسٹر ۲. حکم نامہ ۳. محاسبہ کی تحریر ۴. اعمال نامہ کو اس لحاظ سے قرآن میں قط کہا گیا ہے کہ یہی تحریر انسان کے محاسبہ کی بنیاد ہوگی
۱۵۰۵	ذُوالْاَوْتَادِ (38 : 12)	میخوں والا	و۔ت۔د	ا. کھونٹی ۲. بڑی میخ ۳. کندھوں کے ابھرے ہوئے حصے ۴. یعنی وہ چیز جسکا کچھ حصہ باہر نکلا ہوا اور زمین میں بھی ہو ۵. پہاڑ
۱۵۰۶	نَعْجَةٌ (38 : 23)	دنبی	ن۔ع۔ج	مادہ بھیڑ یا دنبی
۱۵۰۷	الصّٰفِنٰتُ (38 : 31)	فربہ اور توانا گھوڑے	ص۔ف۔ن	چاک و چابند گھوڑا
۱۵۰۸	رُخَآءً (38 : 36)	نرم نرم	ر۔و۔خ	ا. اتنی نرمی اور آہستگی سے چلنے والی ہوا جو کسی چیز کو نہ ہلائے ۲. ہوا کا نرمی سے دھیرے دھیرے چلنا
۱۵۰۹	مُّقْتَحِمٌ (38 : 59)	داخل ہونے والی	ق۔ح۔م	ا. بلا سوچے سمجھے کسی معاملہ میں داخل ہو جانا ۲. اپنے آپ کو کسی مہلک اور مشکل کام میں ڈال دینا

سورۃ الزُّمَر

رکوع نمبر ا تا ۸ (آیات ا تا ۷۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۱۰	يُكَوِّرُ (39 : 5)	لپیٹتا ہے	ک ـ و ـ ر	ا. کسی چیز کو عمامہ یا پگڑی کی طرح لپیٹنا اور اوپر تلے گھمانا ۲. اس طرح لپیٹنا کہ ایک تہہ کے اوپر دوسری تہہ جمتی چلی جائے
۱۵۱۱	يَهِيْجُ (39 : 21)	خشک ہو جاتی ہے	ہ ـ ی ـ ج	ا. نباتات کا پانی کی کمی کی وجہ سے سبز سے زرد اور خشک ہو جانا ۲. نباتات کا پورے جوبن پر آنا اور پھر روبہ زوال ہو جانا اور پک کر کاٹنے کے قابل ہو جانا ۳. گھاس کا سوکھ جانا
۱۵۱۲	تَقْشَعِرُّ (39 : 23)	رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں	ق ـ ش ـ ع ـ ر	رونگٹے کھڑے ہونا
۱۵۱۳	مُتَشَاكِسُوْنَ (39 : 29)	جھگڑالو	ش ـ ک ـ س	ا. بدمزاج آدمی ۲. سخت مزاج اور بخیل ہونا ۳. تشاکس بدمزاجی اور بخل کی بنا پر ایک دوسرے سے اپنے اپنے مفاد کیلئے جھگڑنا
۱۵۱۴	اشْمَأَزَّتْ (39 : 45)	متنفر ہو جاتے ہیں	ش ـ م ـ ز	ا. کسی مکروہ چیز سے نفرت کرنا ۲. دل گرفتہ ہونا ۳. کسی ناپسندیدہ چیز سے دل گرفتہ ہو کر رک جانا
۱۵۱۵	زُمَرًا (39 : 71)	گروہ در گروہ	ز ـ م ـ ر	ا. جماعت یا گروہ ۲. زَمِرٌ بے مروت آدمی کو کہتے ہیں ۳. جب کوئی جماعت چھوٹے چھوٹے ٹولوں میں بٹ کر نقل و حرکت کرے تو یہ ٹولے زمر کہلائیں گے

سورۃ مؤمن (الغافر)

رکوع نمبر ۱ تا ۹ (آیات ۱ تا ۸۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۱۶	الْأٰزِفَةِ (40 : 18)	قریب آنے والا	ا۔ز۔ف	۱. وقت کی نزدیکی کیلئے بولتے ہیں۔ وقت کی تنگی کا مفہوم پایا جاتا ہے ۲. قیامت کو ازفة اس لیئے کہا جاتا ہے کہ اسکی آمد کا وقت تھوڑا ہے
۱۵۱۷	وَاُفَوِّضُ (40 : 44)	اور میں سپرد کرتا ہوں	ف۔و۔ض	کسی کام کا اختیار کسی کے سپرد کر دینا ، اور حاکم بنا دینا
۱۵۱۸	يُسْجَرُوْنَ (40 : 72)	جھونک دیے جائیں گے	س۔ج۔ر	۱. زور سے آگ بھڑکانا ۲. ہر وہ چیز جو آگ میں شدت پیدا کرنے کیلئے تنور میں جھونکی جائے سجور ہے

❀❀❀

سورۃ حٰمٓ السجدۃ (فُصِّلَت)

رکوع نمبر۱ تا ٦ (آیات ۱ تا ۵۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۱۹	دُخَانٌ (41 : 11)	دھواں	د۔خ۔ن	۱. دھواں ۲. وہ دھواں جو آگ کے شعلوں کے ساتھ نکلتا ہے
۱۵۲۰	صَرْصَراً (41 : 16)	تیز و تند	ص۔ر۔ص۔ر	
۱۵۲۱	نَحِسَاتٍ (41 : 16)	نحوست کے	ن۔ح۔س	۱. تانبا ۲. نحوست ۳. بدبختی ۲. آگ کی ایسی لپٹ جسکا رنگ تانبے جیسا ہو ۳. آسمان کا سرخ ہو کر تانبے کی رنگت جیسا ہو جانا
۱۵۲۲	قَيَّضْنَا (41 : 25)	مقرر کئے ہم نے	ق۔ی۔ض	۱. انڈے کے چھلکے کو کہتے ہیں ۲. کسی چیز پر اس طرح غالب ہونا جس طرح انڈے کے مواد پر اسکا چھلکا ہوتا ہے ۳. غالب ہو کر کسی کو بے بس کر دینا
۱۵۲۳	أَكْمَامِهَا (41 : 47)	اپنے خول سے	ک۔م۔م	۱. چھپانا ۲. اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا ۳. خوشوں کے غلاف
۱۵۲۴	فِي الْأٰفَاقِ (41 : 53)	اطرافِ عالم	ا۔ف۔ق	دو چیزوں کے اطراف کا دور اور آخری حد پر پہنچ کر آپس میں مل جانا یا ایسا نظر آنا۔ اس ملے ہوئے کنارے کو افق کہتے ہیں جیسے زمین اور آسمان جس جگہ ملتے ہوئے نظر آئیں وہ جگہ افق کہلاتی ہے

سورۃ الشوریٰ

رکوع نمبر ۱ تا ۵ (آیات ۱ تا ۵۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۲۵	رَوَاكِدَ (42 : 33)	کھڑے	ر ـ ک ـ د	۱. کسی چیز کی احتیاج کے بعد کسی چیز کا اپنے سہارے قائم اور ثابت ہو جانا ۲. کسی حرکت کرتی ہوئی چیز کا اپنی جگہ ٹھہر جانا مثلاً ترازو، سورج وغیرہ

❀❀❀

سورۃ الزخرف

رکوع نمبر ۱ تا ۷ (آیات ۱ تا ۸۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۲۶	بِصِحَافٍ (43 : 71)	رکابیوں کا	ص۔ح۔ف	۱. پھیلی ہوئی چیز ۲. ہر وہ چیز جس پر کچھ لکھا جاتا ہے ۳. صحیفہ بمعنی لکھا ہوا کاغذ ۴. اعمال نامہ کو صحیفہ ان معنوں میں کہا گیا ہے کہ یہ بڑے بڑے پھیلے ہوئے صفحات کی صورت میں ہوگا
۱۵۲۷	أَكْوَابٍ (43 : 71)	پیالے	ک۔و۔ب	ایسے پیالے کو کہتے ہیں جسکی دستی نہ ہو ، گلاس وغیرہ
۱۵۲۸	وَتَلَذُّ (43 : 71)	اور اچھا لگے	ل۔ذ۔ذ	۱. کسی چیز کا اچھے مزہ والا ہونا یا لذیذ ہونا ۲. ایسا مزہ جو طبیعت کو مرغوب ہو خواہ میٹھا ہو یا نمکین یا کھٹا بلکہ اگر کڑوا بھی طبیعت کو بھا جائے تو یہ لذیذ ہے ۔ مادی اور معنوی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے
۱۵۲۹	أَبْرَمُوا (43 : 79)	ٹھہرا لی انہوں نے	ب۔ر۔م	۱. دو رسیوں کو ملا کر بٹنا ۲. کسی کام یا معاملہ یا چیز کو مضبوط بنانا ۳. کسی عزم کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تدابیر کرنا ۴. منصوبہ بندی کرنا اور اسے آخری شکل دینا

❀❀❀

سورۃ الدخان

رکوع نمبر ۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۵۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۳۰	رَهْوًا (44 : 24)	ٹھہرا ہوا خشک	ر۔ہ۔و	۱. نرم رفتار سے چلنا ۲. پانی پر موجوں اور لہروں کے تھمنے کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۵۳۱	يَغْلِي (44 : 45)	کھولے گا	غ۔ل۔ی	۱. اپنی حد سے تجاوز کرنا ، اور اوپر اٹھنا ۲. گرمی کی وجہ سے کسی مائع چیز کا جوش مارنا اور اپنی اصلی سطح سے بلند ہونا
۱۵۳۲	فَاعْتِلُوْهُ (44 : 47)	پھر گھسیٹوا سکو	ع۔ت۔ل	گردن میں کوئی چیز ڈال کر سختی سے آگے کھینچنا

سورۃ الجاثیۃ

رکوع نمبر ۱ تا ۴ (آیات ۱ تا ۳۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۳۳	جاثیه (45 : 28)	گھٹنوں کے بل گری ہوئی	ج۔ث۔و	دوزانو ہو کر بیٹھنا

❀❀❀

سورة الأحقاف

رکوع نمبرا تا ۴ (آیات ا تا ۳۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۳۴	الْأَحْقَافِ (46 : 21)	ریت کے ٹیلے	ح۔ق۔ف	ا. ریت کا ناہموار ٹیلہ ۲. ریت کا لمبا اور پیچدار قطعہ ۳. ریگستان
۱۵۳۵	يَعْيَ (46 : 33)	تھکا	ع۔ی۔ی	ا. تھکاوٹ کی وجہ سے مزید کام نہ کر سکنا ۲. عاجز اور درماندہ ہونا

❀❀❀

سورۃ مُحَمَّد

رکوع نمبر ۱ تا ۴ (آیات ۱ تا ۳۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۳۶	مُحَمَّدٍ (47 : 2)	محمد	ح۔م۔د	۱. کسی کے اوصاف حمیدہ اور فضائل بیان کرنا ، بشرطیکہ وہ اختیاری ہوں ۔ مثلاً اگر کوئی شخص سخاوت کرتا ہے تو اسکی یہ صفت اختیاری ہے اور یہ اسکی حمد ہو گی ۲. محمد :۔ تعریف کیا گیا
۱۵۳۷	فَتَعْسًا (47 : 15)	پس ہلاکت ہے	ت۔ع۔س	۱. ٹھوکر کھا کر گرنا پھر اٹھ نہ سکنا ۲. کسی گڑھے میں گر کر ہلاک ہونا
۱۵۳۸	أٰسِنٍ (47 : 15)	بو ، سڑاند	ا۔س۔ن	پانی کا متغیر ہو کر بدبودار ہو جانا
۱۵۳۹	اَمْعَآءَ هُمْ (47 : 15)	انکی انتڑیاں	م۔ع۔ی	ہر قسم کی چھوٹی بڑی انتڑیوں کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۵۴۰	عَسَلٍ (47 : 15)	شہد	ع۔س۔ل	۱. شہد ۲. نیزے کا مضبوط ہونا ۳. تیزی سے دوڑنا ۴. کنایہ کے طور پر جماع کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے
۱۵۴۱	اَشْرَاطُهَا (47 : 18)	اسکی علامات	ش۔ر۔ط	۱. اونٹ فروخت کرنے کیلئے اونٹ کو نشان لگا کر علیحدہ کرنا ۲. علامت ، نشان ۳. ایسی علامت جو کسی کو دوسروں سے مختلف بنا دے ۔

۱۵۴۲	اَقْفَالُهَا (47 : 24)	انکے قفل ہیں	ق-ف-ل	ا. تالا ۲. کنایہ اس چیز کو بھی قفل کہہ دیا جاتا ہے جو کسی کام سے مانع اور رکاوٹ بنے۔
۱۵۴۳	لَحْنِ (47 : 30)	انداز ، طرز	ل-ح-ن	ا. عام مستعمل طریقہ اور اسلوب سے پھیر دینا ۲. طرز بیان یا انداز گفتگو سے ہٹ کر کوئی دوسرا طریقہ استعمال کرنا ۳. فصیح کلام کو بھی کہتے ہیں ۴. سریلی آواز سے پڑھنا ۵. لہجہ کی تبدیلی
۱۵۴۴	اَضْغَانَهُمْ (47 : 29)	انکے کینے	ض-غ-ن	ا. کینہ ۲. ایسی ناراضگی جسکو انسان دل سے نہ نکالے

❀❀❀

سورۃ الفتح

رکوع نمبرا تا ۴ (آیات ا تا ۲۹)

نمبرشمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۴۵	مَكَّةَ (48 : 24)	شہر مکہ	م۔ک۔ک	مکہ ، بکہ اورام القریٰ اسی شہر کے تینوں نام ہیں
۱۵۴٦	فَاٰزَرَهٗ (48 : 29)	پھر مضبوط کیا اسکو	ا۔ز۔ر	ا. جڑ ۲. تہبند ۳. پردہ ، پشتہ ، دیوار ۴. کسی کو مضبوط کرنا(ازّر) ۵. قوت پہنچانا

❀❀❀

سورۃ الحجرات

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۱۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۴۷	امْتَحَنَ (49 : 3)	آزمالیئے	م۔ح۔ن	ایسی آزمائش کو کہتے ہیں جو سختی کی بجائے نرمی سے کی جائے اور اس میں کشائش کا پہلو بھی شامل ہو یعنی سابقہ تعلیم و تربیت کا عنصر شامل ہوتا ہے
۱۵۴۸	تَنَابَزُوْ (49 : 11)	تم چڑاؤ ایک دوسرے کو	ن۔ب۔ز	لقب کی قسم ہے مگر اس میں کسی انسان کی بری صفات کو پیش کیا جاتا ہے. خواہ وہ اسمیں موجود ہوں یا نہ ہوں. خواہ نسب سے تعلق رکھتی ہوں یا اخلاق سے۔
۱۵۴۹	الْاَلْقَابِ (49 : 11)	برے ناموں سے	ل۔ق۔ب	ایسا نام جس میں مسمّیٰ کی صفات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے
۱۵۵۰	تَجَسَّسُوْ (49 : 12)	تم تجسس کرو	ج۔س۔س	۱. تہہ لگانے کیلئے ہاتھ سے چھونا ۲. تیز نظر سے دیکھنا یا گھورنا ۳. تفتیش کرنا ۴. کسی کے عیب تلاش کرنا یا ٹوہ میں رہنا
۱۵۵۱	يَلِتْكُمْ (49 : 14)	کمی کرے گا	و۔ل۔ت ا۔ل۔ت	۱. کسی کے حق میں سے کچھ گھٹانا ۲. کام کا پورا پورا بدلہ نہ دینا

❀❀❀

سورۃ قٓ

رکوع نمبر ۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۴۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۵۲	مریجٍ (50 : 5)	الجھی ہوئی	م۔ر۔ج	۱. دو چیزوں یا نظریات کا دل میں آجانا ۲. تردد اور اضطراب کا مجموعہ ۳. معاملہ کا گڈمڈ اور پیچیدہ ہونا ۴. کسی خیال کا آنا اور جانا اور اضطراب ہونا
۱۵۵۳	بَاسِقَات (50 : 10)	لمبی لمبی	ب۔س۔ق	بلند و بالا درختوں خصوصاً کھجور کے بلند ہونے کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۵۵۴	يَلْفِظُ (50 : 19)	زبان پر آتی	ل۔ف۔ظ	۱. منہ سے پھینکنا ۲. منہ سے بولا جانے والا کلمہ ۳. لافظ چکی کو کہتے ہیں کہ وہ آٹا باہر پھینکتی ہے ۴. کسی بات کا زبان سے ادا ہونا
۱۵۵۵	تَحِيْدُ (50 : 19)	بھاگتا	ح۔ی۔د	۱. سیدھے راستے سے پہلو تہی کرنا اور دور بھاگنا ۲. سمت بدل لینا

❀❀❀

سورة الذريات

رکوع نمبر۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۶۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۵۶	الحبك (51 : 7)	راستے	ح ـ ب ـ ک	۱. جولاہا ۲. راستہ
۱۵۵۷	يَهْجَعُوْنَ (51 : 17)	وہ سوتے	ہ ـ ج ـ ع	۱. غفلت کی نیند سونا ۲. گھوڑے بیچ کر سونا ۳. سونے میں دنیاو مافیھا سے بےخبر ہو جانا ۴. رات کی نیند
۱۵۵۸	فَصَكَّتْ (51 : 29)	پس پیٹ لیا	ص ـ ک ـ ک	۱. دو چیزوں کا آپس میں شدت اور قوت سے ٹکرانا کہ آواز پیدا ہو ۲. دروازے کے تاکوں کا آپس میں ٹکرانا ۳. منہ پر مارنا ، منہ پیٹنا
۱۵۵۹	عَقِيْمٌ (51 : 29)	بانجھ	ع ـ ق ـ م	۱. اس تودہ زمین یا ریت کو کہتے ہیں جو بنجر ہو ۲. وہ شخص جس میں مادۂ تولید موجود نہ ہو اسی طرح عقیم ایسی عورت کو کہتے ہیں جو مرد کا مادہ سرے سے قبول نہ کرے ۳. وہ مرد یا عورت جسکے ہاں سرے سے اولاد پیدا ہی نہ ہو

❀❀❀

سورۃ الطور

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۴۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۶۰	رِقٍّ (52 : 3)	اوراق	ر۔ق۔ق	۱. پتلا اور نرم ہونا ۲. رقت دل کی نرمی کو بھی کہتے ہیں ۳. ہر وہ چیز جو پتلی اور نرم ہو مثلاً درخت کا پتا ، جھلی ، پتلا چمڑہ ،کاغذ وغیرہ
۱۵۶۱	تَمُوْرُ (52 : 9)	لرزنے لگے	م۔و۔ر	۱. حرکت اور تیزی ۲. غبار بن کر ہوا میں اڑنا ۳. کسی چیز کا تیز رفتاری کی وجہ سے آگے پیچھے ہلنا ۴. توازن کھو دینا
۱۵۶۲	دَعًّا (52 : 13)	دھکیل دینا	د۔ع۔ع	۱. دھکے مارنا ۲. سختی سے دفعہ کرنا
۱۵۶۳	کَاھِنٍ (52 : 29)	کاہن	ک۔ہ۔ن	انبیاء بھی مستقبل میں پیش آنے والے حالات کی خبریں دیتے ہیں اور کاہن بھی۔ان دونوں میں فرق یہ ہے انبیاء کی خبر کا ماخذ وہی ہوتا ہے جسکا جھوٹ ثابت ہونا ناممکن ہے جبکہ کہانت کا ماخذ جنات اور خبیث روحیں ہیں ۔لہذا انکی خبریں غلط ہوتی ہیں اور کبھی صحیح بھی۔

❀❀❀

سورۃ النجم

رکوع نمبر ا تا ۳ (آیات ا تا ۶۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۶۴	قَابَ (53 : 9)	فاصلہ	ق۔و۔ب	ا. زمین کو گول کھودنا ۲. مقدار ، اندازہ ۳. کمان کے کونہ سے قبضہ تک کا فاصلہ
۱۵۶۵	قَوسَیْنِ (59 : 9)	دو کمان کا	ق۔و۔س	ا. کمان اور ہر وہ چیز جو کمان کی شکل پر ہو جیسے پل کے دروازے ، محراب وغیرہ،قوسِ قزح ۲. جھکی ہوئی پیٹھ
۱۵۶۶	ضِیزٰی (53 : 22)	بے انصافی	ض۔و۔ز ض۔ی۔ز	ا. ظلم کرنا ۲. حق کم کرنا ۳. ناقص اور ظالمانہ تقسیم ۴. اپنے اور دوسروں کے حقوق مقرر کرتے وقت تمام انصاف کے تقاضوں کو بالائے طاق رکھ دینا
۱۵۶۷	اَکْدٰی (53 : 34)	ہاتھ روک لیا	ک۔د۔ی	ا. سخت زمین کو کہتے ہیں ۲. تھوڑا سا خرچ کر کے ہاتھ روک لینا یا خرچ کا ارادہ کر کے پھر رک جانا
۱۵۶۸	اَقْنٰی (53 : 48)	مفلس کرتا ہے	ق۔ن۔ی	ا. غنی کرنا اور راضی کرنا ۲. غنی کرنا اور پھر اس مال کو بڑھانا ۳. اتنا مال و دولت دینا کہ اسکی احتیاج پوری ہونے کے علاوہ وہ خوش بھی ہو جائے ۴. اقنٰی اغنی کی ضد کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے مفلس بنا دیتا ہے
۱۵۶۹	سَامِدُون (53 : 61)	غفلت میں پڑے ہوئے ہو	س۔م۔د	ا. حیران کھڑا ہونا ۲. مبہوت ہونا ۳. غفلت میں پڑ کر اصل کام کرنے کی بجائے کھیل کود میں بھی پڑ جانا

سورۃ القمر

رکوع نمبر۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۵۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۷۰	اَلْقَمَرُ (54 : 1)	چاند	ق۔م۔ر	۱. ہر شکل کے چاند کو قمر کہتے ہیں ۲. اہل عرب نے چاند کی شکلوں کے لحاظ سے تین حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا ۱۹ سے ۲۶ تک کے چاند کو قمر کہتے تھے
۱۵۷۱	مُنْهَمِرٍ (54 : 11)	موسلادھار بارش	ہ۔م۔ر	۱. پانی یا آنسو کا گرنا ۲. پانی کا گرنا اور بہنا
۱۵۷۲	دُسُرٍ (564 : 13)	میخوں	د۔س۔ر	۱. نیزہ مارنا یا کیل ٹھوکنا ۲. وہ چھوٹی میخ جو کسی چیز کی درز بند کرنے یا مضبوط بنانے کیلئے ٹھونکی جاتی ہے
۱۵۷۳	مُنْقَعِرٍ (54 : 20)	جڑ سے اکھڑی ہوئی	ق۔ع۔ر	۱. کسی چیز کی گہرائی اور پیندا ۲. کسی ایسی چیز کی جڑیں اکھاڑنا جو نیچے تک چلی گئی ہوں ۳. بڑے بڑے درخت جنکی جڑیں کافی گہرائی تک ہوں ۔ کی بیخ کنی کیلئے استعمال ہوتا ہے
۱۵۷۴	اَشِرٌ (54 : 25)	خود پسند	ا۔ش۔ر	ایسے خود پسند کو کہتے ہیں جو زبان سے ڈینگیں مارتا ہو۔ اور اتراتا بھی بہت ہو
۱۵۷۵	اَدْهٰى (54 : 46)	آفت	د۔ہ۔ی	۱. کسی کو مصیبت پہنچانا ۲. مصیبت میں ڈالنا ۳. ایک چیز کا دوسری کو ناگوار طریق سے پہنچنا
۱۵۷۶	سَقَرَ (54 : 48)	دوزخ کا	س۔ق۔ر	۱. سورج کا کسی کو جھلسنا ۲. سورج کی سخت گرمی اور تپش ۔ ۳. لو اور شدید حرارت جو بدن کو جھلس دے

سورۃ الرحمٰن

رکوع نمبر ۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۷۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۷۷	الْأَنَامِ (55 : 10)	خلقت کیلئے	ا۔ن۔م	زمین میں موجود ہر قسم کی مخلوق کیلئے انام کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ جاندار ہو یا بے جان
۱۵۷۸	فَانٍ (55 : 26)	فنا ہونے والا	ف۔ن۔ی	۱. اپنا وجود کھو دینا ۲. کچھ باقی نہ رہنا ۳. عدم میں چلے جانا ۴. سرے سے کسی چیز کا اپنا وجود ختم کر دینا
۱۵۷۹	ذو الجَلَالِ (55 : 27)	صاحب جلال	ج۔ل۔ل	۱. قدر و منزلت میں بڑائی ۲. بڑی بڑی عظیم الشان چیزوں کو پیدا کرنے والا (جلیل) ۳. اپنے عظیم الشان کاموں کی وجہ سے مستحق تعریف
۱۵۸۰	تَنفُذُونَ (55 : 33)	تم نکل سکتے	ن۔ف۔ذ	۱. آر پار نکل جانا۔ ۲. کسی چیز کا پھٹ کر سرعت سے داخل ہونا اور آر پار ہو جانا
۱۵۸۱	شُوَاظٌ (55 : 35)	شعلہ	ش۔و۔ظ	ایسے شعلہ کو کہتے ہیں جس میں دھوئیں کی آمیزش نہ ہو
۱۵۸۲	أَفْنَانٍ (55 : 48)	شاخوں والے	ف۔ن۔ن	کسی درخت کی بہت موٹی اور لمبی شاخ
۱۵۸۳	يَطْمِثْهُنَّ (55 : 56)	ہاتھ لگایا انکو	ط۔م۔ث	۱. حیض کا خون ۲. مرد کا عورت کے پردۂ بکارت کو زائل کرنا ۳. پہلی بار کی مجامعت سے مخصوص ہے

۱۵۸۴	اليَاقُوتُ (55 : 58)	یاقوت	ی۔ق۔ت	ا. لعل ۲. بڑا سخت اور شگاف ۳. مختلف رنگوں والا قیمتی پتھر
۱۵۸۵	مُدْهَآمَّتٰن (55 : 64)	دونوں (باغ) گہرے سبز	د۔ہ۔م	ا. کسی چیز کا تاریکی میں ڈھک جانا ۲. سیاہی مائل گہرا سبز رنگ
۱۵۸۶	نَضَّاخَتَانِ (55 : 66)	ابل رہے ہیں	ن۔ض۔خ	ا. پانی کا چشمہ زور سے پھوٹنا ۲. جوش مارنے کی وجہ کثرتِ آب اور دباؤ ہوتی ہے
۱۵۸۷	الخِيَامِ (55 : 72)	خیمے	خ۔ی۔م	ا. دھوپ اور بارش سے بچنے کیلئے موٹے کپڑے یا ٹاٹ کے بنائے ہوئے سائبان جو کہ عموماً ڈھلوان ہوتے ہیں ۲. ہر وہ گھر جو اینٹ ، پتھر ، مٹی سے نہ بنا ہو
۱۵۸۸	رَفْرَفٍ (55 : 76)	قالین	ر۔ف۔ر۔ف	
۱۵۸۹	عَبْقَرِيٍّ (55 : 76)	خوبصورت مسندوں	ع۔ب۔ق۔ر	جنوں کی آبادی کا نام ہے ۔ عرب لوگ جب کسی انسان حیوان یا کپڑے وغیرہ میں نادرہ کاری دیکھتے تو اسکی طرف نسبت کردیتے ۲. عمدہ فرش ۔ جیسے اللہ نے جنت کے فرش کیلئے ضرب المثل کے طور پر بیان فرمایا ہے۔

❀❀❀

سورۃ الواقعہ

رکوع نمبرا تا ۳ (آیات ا تا ۹۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۵۹۰	رَجًّا (56 : 4)	بھونچال	ر۔ج۔ج	ا. کسی چیز کو جنبش دینا ۲. جھٹکا لگانا ۳. زلزلہ کی ابتدائی حالت ہے
۱۵۹۱	بَسًّا (56 : 5)	ٹوٹ کر	ب۔س۔س	ا. پتھروں کا ریزہ ریزہ ہونا ۲. کسی چیز کا چورا کرنا اوراسے کسی دوسری چیز میں ملا دینا
۱۵۹۲	الْمَشْئَمَةِ (56 : 9)	بائیں ہاتھ والے	ش۔ا۔م	ا. نحوست ۲. بے برکتی ۳. بایاں پہلو ۴. بدشگونی
۱۵۹۳	ثُلَّةٌ (56 : 13)	بہت سے	ث۔ل۔ل	ا. اون کے ڈھیر کو کہتے ہیں ۲. بکریوں کے ریوڑ کو بھی ۳. انسانوں کی جماعت کو بھی ۴. کثیر مقدار یا تعداد
۱۵۹۴	مَوْضُونَةٍ (56 : 15)	لعل و یاقوت سے جڑے ہوئے	و۔ض۔ن	ا. زرہ بافی ۲. بارک بنی ہو یا زرو جواہرات سے بنی ہوئی چیز۔ ۳. استعارہ کے طور پر کسی چیز کے مضبوطی سے بننے کیلئے بولا جاتا ہے۔
۱۵۹۵	مخضودٍ (56 : 28)	کانٹوں کے بغیر	خ۔ض۔د	کسی خاردار درخت کے کانٹے کاٹ کر یا توڑ کر اسے صاف کر دینا
۱۵۹۶	طَلْحٍ (56 : 29)	کیلے	ط۔ل۔ح	ا. کیلا ۲. شگوفہ دار درخت

۱۵۹۷	مَسْكُوبٍ (56 : 31)	بہتا ہوا	س۔ک۔ب	۱. پانی وغیرہ کا گرانا اور بہانا ۲. لگا تار بارش یا موٹے موٹے قطروں والی بارش جسکا پانی بہ نکلے یعنی تسلسل اور دوام بھی ہو
۱۵۹۸	الحِنْثِ (56 : 46)	گناہ	ح۔ن۔ث	۱. غلط اور جھوٹی قسم ۲. گناہ اور نافرمانی ۳. باطل کی طرف جھکنا ، مائل ہونا ۴. ایسا گناہ جو عہد و پیمان یا قسم توڑنے سے متعلق ہو
۱۵۹۹	المُزْنِ (56 : 69)	بادل	م۔ز۔ن	۱. مشک کو پانی وغیرہ سے بھرنا ۲. سفید اور چمکدار بادل ۳. بارش والا بادل
۱۶۰۰	الحَلْقُومَ (56 : 83)	گلے کو	ح۔ل۔ق۔م	

سورة الحدید (۵۷)
(No New Word)

❀❀❀

سورۃ المجادلۃ

رکوع نمبر۱ تا ۳ (آیات ۱ تا ۲۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۰۱	تَفَسَّحُوْ (58 : 11)	کھل کر بیٹھو	ف۔س۔ح	۱. کشادہ قدم رکھنا ۲. مجلس میں جگہ دینا ۳. اس طرح بیٹھنا کہ دوسروں کیلئے جگہ نکل آئے
۱۰۶۲	الْمَجَالِسْ (58 : 11)	مجالس	ج۔ل۔س	بیٹھ جانا خواہ کوئی لیٹنے کی حالت سے اٹھ کر بیٹھ جائے یا کھڑے ہونے کے بعد بیٹھ جائے۔ بیٹھنے کی جگہ کو مجلس کہتے ہیں اوران لوگوں کو بھی جوا کٹھے بیٹھے ہوں

سورۃ الحشر

رکوع نمبر۱ تا ۳ (آیات۱ تا ۲۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۰۳	اَوجَفْتُمْ (59 : 6)	دوڑائے تم نے	و۔ج۔ف	۱. مضطرب ہونا ۲. دل دھڑکنا ۳. خوف سے گرنا ۴. بے قراری اور ڈر اور انہیں دونوں باتوں سے دل دھڑکنے لگتا ہے

❀❀❀

سورۃ الممتحنۃ (٦٠)

(No New Word)

سورۃ الصف

رکوع نمبرا تا۲ (آیات۱ تا۱۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۰۴	مَرْصُوصٌ (61 : 4)	سیسہ پلائی ہوئی	ر۔ص۔ص	ا۔کسی ایک چیز کو دوسری سے ملانا ۲. چمٹانا ۳. پیوستہ کرنا ۴. دوچیزوں کو باہم جوڑنا ۵.کسی چیز کو مسالہ وغیرہ سے جوڑ کر اسے مضبوط بنانا

سورۃ الجمعۃ (٦٢)

(No New Word)

❀❀❀

سورۃ المنفقون

رکوع نمبر۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۱۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۰۵	مُنٰفِقُون (63 : 1)	منافقین	ن۔ف۔ق	۱. سرنگ ۲. ایسا راستہ جسکی دونوں اطراف کھلی ہوں ۳. جنگلی چوہے کا بل جسکے دو دہانے ہوں ۴. کسی چیز کا ختم ہونا یا چلے جانا ۵. اسی سے نفاقٌ ہے جسکے معنی شریعت میں دورخی اختیار کرنا یعنی شریعت میں ایک دروازے سے داخل ہوکر دوسرے سے نکل جانا
۱۶۰۶	خُشُبٌ (63 : 4)	لکڑیاں	خ۔ش۔ب	۱. ایسی لکڑی جو کارآمد ہو ۲. سخت اور موٹی لکڑی ۳. عمارت میں کام آسکنے والی لکڑی
۱۶۰۷	مُسَنَّدَةٌ (63 : 4)	دیوار سے لگائی ہوئی	س۔ن۔د	۱. اعتماد کرنا ۲. بھروسہ کرنا ۳. سہارا لینا ۴. جیسے چھت کی کڑیاں کمزور ہوں تو انکے نیچے اور لکڑی لگا کر چھت کو مضبوط کیا جاتا ہے

❀❀❀

سورة التغابن

رکوع نمبرا تا ۲ (آیات ۱ تا ۱۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۰۸	التغابن (64 : 9)	ہار جیت	غ۔ب۔ن	۱. باہمی معاملہ میں پوشیدہ طور پر اپنے ساتھی کا حق مارنے کے ہیں ۲. نقصان اٹھانے کا دن (یـوم التـغـابـن) کیونکہ قیامت کے دن پیمانوں کے خلاف اشیاء کا ظہور ہو گا جنکے مطابق دنیا میں اندازے لگایا کرتے تھے اس لئے قیامت کو یوم التغابن کہا گیا ہے ۳. مڑنے والے اعضاء جیسے بغل وغیرہ کو مغابن کہا جاتا ہے کیونکہ اعضاء کے یہ حصے بھی پوشیدہ رہتے ہیں

سورة الطلاق (٦٥)
(No New Word)

❀❀❀

سورۃ التحریم

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۱۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۰۹	ثَيِّبَاتٍ (66 : 5)	شوہر دیدہ بیوہ	ث۔ی۔ب	

سورۃ الملك

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۳۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۱۰	طِبَاقًا (67 : 3)	اوپر تلے	ط۔ب۔ق	۱. ایک چیز کے اوپر اسکے برابر دوسری چیز رکھنا کہ فٹ بیٹھ جائے ۲. مطابقت کرنا

❀❀❀

سورة القلم

رکوع نمبرا تا ۲ (آیات ا تا ۵۲)

نمبرشمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱٦۱۱	نَمِيْمٍ (68 : 11)	چغلیاں کرتا پھرتا	ن۔م۔م	۱. چغلی کھانا ۲. اصل میں پاؤں کی آہٹ اور حرکت خفیفہ
۱٦۱۲	زَنِيْمٍ (68 : 13)	بدنام	ز۔ن۔م	۱. جو کسی قوم سے نسبی تعلق تو نہ رکھتا ہو لیکن اسکے ساتھ یونہی ملحق ہو ۲. جھگڑالو بدذات ۳. اس غلام کو بھی کہتے ہیں جو کسی قوم کے ساتھ منسوب ہو اور انکے ساتھ لٹک رہا ہو
۱٦۱۳	الْخُرْطُوْمِ (68 : 16)	ناک پر	خ۔ر۔ط۔م	۱. ہاتھی کی سونڈ ۲. لمبی ناک ۳. اونچی ناک کرنا ۴. غضبناک ہونا ، تکبر کرنا
۱٦۱۴	كَالصَّرِيْمِ (68 : 17)	جیسے کٹی ہوئی کھیتی	ص۔ر۔م	۱. کسی تیز دھار آلہ سے درختوں کے گچھے وغیرہ کاٹنا ۲. تلوار سے کاٹنا
۱٦۱۵	حَرْدٍ (68 : 25)	بخیلی	ح۔ر۔د	۱. کسی پر ناراض ہونا ۲. منع کرنا ۳. مغلوب الغضب ہو کر کسی پر تیزی سے حملہ کر دینا ۴. حرد دراصل غصہ کی کسی کیفیت کا نام نہیں بلکہ اس چارہ جوئی یا انتقامی کاروائی کی کیفیت ہے جو انسان غیظ و غضب سے مغلوب ہو کر کرتا ہے

❀❀❀

سورة الحاقة

رکوع نمبرا تا۲ (آیات ۱ تا ۵۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۱۶	حُسُوْماً (69 : 7)	لگاتار	ح۔س۔م	۱. ایسی نحوست یا یا عذاب کو کہتے ہیں جو انسان کا نام و نشان تک مٹا ڈالے ۲. ایسی بدبختی کہ ملیا میٹ کر دے۔ ۳. کسی چیز کا نشان زائل کرنا اور مٹا دینا ۴. زخم کو مسلسل داغ دے کر اسکے نشان کو مٹا دینا حسم الداء کہلاتا ہے
۱۶۱۷	صَرْعٰی (69 : 7)	چت گری ہوئی	ص۔ر۔ع	۱. مرگی یا ام الصبیان، مشہور بیماری ہے جس میں انسان بے ہوش ہو کر پٹاخ سے گر پڑتا ہے جیسے کسی نے پٹخ دیا ہو ۲. اضطراب اور گھبراہٹ کی وجہ سے زمین پر گرنا
۱۶۱۸	وَاهِيَةٌ (69 : 16)	بالکل کمزور	و۔ہ۔ی	۱. کسی چیز کے جوڑ ڈھیلے پڑ جانا ۲. چمڑے کا بوسیدگی کی وجہ سے پھٹ جانا ۳. چمڑے کپڑے یا اسی قسم کی دوسری چیزوں میں شگاف پڑ جانا ۴. بندش کا ڈھیلا پڑ جانا
۱۶۱۹	هَآؤُمُ (69 : 19)	لوبھئی	ہ۔ا۔و۔م	لو یا پکڑو، صرف امر کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔ یہ لفظ کسی کو بلانے اور اس سے کسی چیز کو لینے کا مطالبہ کرنے کیلئے بولا جاتا ہے
۱۶۲۰	قُطُوفُهَا (69 : 23)	جسکے میوے	ق۔ط۔ف	۱. ایسا پکا ہوا پھل جو بالکل توڑنے کے قابل ہو ۲. چنے ہوئے پھل

۱۶۲۱	سِلْسِلَةٍ (69 : 32)	زنجیر میں	س۔ل۔س	۱۔سل۔ایک چیز سے دوسری چیز کو کھینچ لینا مثلاً نیام سے تلوار کو سونتنا اور سلسلہ زنجیر جس کی کڑی دوسری سے جڑی ہوتی ہے
۱۶۲۲	یَحُضُّ (69 : 34)	رغبت دلاتا تھا	ح۔ض۔ض	۱. کسی کو کسی کام پر ابھار کر کام کو تیز کرنا ۲. اچھے کام کی ترغیب کرنا ۳. کسی کام پر ابھارنا اور برانگیختہ کرنا
۱۶۲۳	الْوَتِيْن (69 : 46)	رگِ گردن	و۔ت۔ن	۱. رگِ گردن ۲. دل سے سر کو جانے والی شہ رگ ۳. گردن کی وہ جانب جدھر شہ رگ ہوتی ہے

سورة المعارج

رکوع نمبرا تا ۲ (آیات ا تا ۴۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۲۴	كَالْعِهْنِ (70 : 9)	جیسے رنگین اون	ع۔ہ۔ن	جب اون رنگ دی جائے تو عھن کہلاتی ہے
۱۶۲۵	لَظٰی (70 : 15)	بھڑکتی ہوئی آگ	ل۔ظ۔ی	ایسی شدید اور بھڑکنے والی آگ کو کہتے ہیں جس میں شعلہ نہ ہو
۱۶۲۶	هَلُوعًا (70 : 19)	بڑا بے صبرا	ہ۔ل۔ع	۱. جزع کی انتہائی کیفیت ۲. بے حوصلہ اور بے صبرا
۱۶۲۷	عِزِيْنَ (70 : 37)	گروہ در گروہ	ع۔ز۔و	العزہ کی جمع ہے۔ایک نسب کے لوگوں کی جماعت
۱۶۲۸	يُوْفِضُوْنَ (70 : 43)	دوڑ رہے ہیں	و۔ف۔ض	۱. تیز دوڑنا ۲. یوں دوڑنا جیسے شکاری شکار کے جال کی طرف دوڑتے ہیں

❀❀❀

سورۃ نوح

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۲۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۲۹	سُوَاعا (71 : 23)	سواع	س۔و۔ع	سواع ،یغوث ،یعوق اور نسر قومِ نوح کے بت۔ یہ دراصل بزرگ حضرات کے مجسمے تھے جنہیں انکی زندگی میں دیکھ کر خدا یاد آتا تھا۔اور اللہ کی عبادت کیلئے رغبت ہوتی تھی جب یہ حضرات رحلت فرما گئے تو قوم کے لوگوں کو اس بات سے بڑا صدمہ پہنچا۔اس موقعہ پر شیطان نے یہ پٹی پڑھائی کہ اب اس مشکل کا حل یہ ہے کہ ان حضرات کے مجسمے بنا لو۔انہیں دیکھ کر تمھیں خدا یاد آجایا کرے گا۔اور تمہاری آرزو پوری ہو جائے گی۔چنانچہ لوگ اس بات پر لگ گئے اور انکے مجسمے بنا کر اپنی مسجدوں میں رکھ لیئے شروع میں تو انکا وہی اثر ہوا جو شیطان نے بتایا تھا مگر آہستہ آہستہ لوگ انہی کو خدا سمجھنے لگے اور ان کے پجاری بن گئے ۔ جب حضرت نوحؑ نے انہیں روکا تو یہ لوگ اس عقیدہ میں اور پکے ہوگئے اور نوحؑ کے مخالف بن گئے۔
۱۶۳۰	یغوث (71 : 23)	یغوث	ی۔غ۔ث	
۱۶۳۱	یعوق (71 : 23)	یعوق	ی۔ع۔ق	
۱۶۳۲	نسرا (71 : 23)	نسر	ن۔س۔ر	

سورۃ الجن

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۲۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۳۳	لَمَسْنَا (72 : 8)	ٹٹولا ہم نے	ل۔م۔س	ہاتھ یا انگلیوں سے کسی چیز کو چھونا یا ٹٹولنا خواہ مطلوبہ چیز ملے یا نہ ملے
۱۶۳۴	حَرَسًا (72 : 8)	چوکیداروں سے	ح۔ر۔س	۱. حفاظت میں لینا ۲. حراست میں لینا ۳. پہرہ لگانا۔ ۴. ملزم کی نگرانی کرنا ۵. اس میں حفاظت اور زمانہ دو چیزیں پائی جاتی ہیں یعنی کچھ عرصہ کیلئے نگرانی کرنا
۱۶۳۵	هَرَبًا (72 : 12)	بھاگ کر	ھ۔ر۔ب	
۱۶۳۶	تَحَرَّوْا (72 : 14)	انہوں نے قصد کیا	ح۔ر۔ی ح۔ر۔و	۱. بہترین راہ کو تلاش کرنا ۲. زیادہ مناسب کو طلب کرنا۔ ۳. دو میں سے زیادہ کو بہتر طلب کرنا ۴. خوب تر راہ کا قصد کرنا
۱۶۳۷	حَطَبًا (72 : 15)	ایندھن	ح۔ط۔ب	۱. نباتاتی ایندھن ۲. ناکارہ ، صرف جلانے کے قابل لکڑی۔ ۳. جھاڑ جھنکار
۱۶۳۸	غَدَقًا (72 : 16)	بہت سا ، وافر	غ۔د۔ق	۱. وہ بارش ہے جس میں پانی کی فراوانی بھی ہو اور سود مند بھی۔ ۲. سرسبز جگہ ۳. ایسی بارش جو سرسبزی کا باعث بنے
۱۶۳۹	لِبَدًا (72 : 19)	اکٹھے ، ہجوم	ل۔ب۔د	۱. تہہ جمائے ہوئے بادل یا اون ۲. اون کا نمدہ ۳. بہت مال ۴. کسی بکھری ہوئی چیز کو اکٹھا اور گنجان بنانا ۵. ایسا ہجوم کہ تل دھرنے کی جگہ نہ ہو

سورۃ المزمل

رکوع نمبر۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۴۰	الْمُزَّمِّلُ (73 : 1)	کپڑے میں لپٹنے والے	ز۔م۔ل	۱. کپڑے میں لپٹنا ۲. اپنے آپ کو کپڑے میں چھپانا ۳. مزمل اس کپڑا اوڑھنے والے کو کہتے ہیں جو کسی ڈر ، کمزوری یا بزدلی کی وجہ سے کپڑا اوڑھ کر لیٹ جائے
۱۶۴۱	تَبَتَّلْ (73 : 8)	چھوٹ آؤ	ب۔ت۔ل	۱. کسی شے کو کاٹ کر کسی سے جدا کرنا ۲. ہر قسم کے دھندوں اور جھمیلوں سے توجہ ہٹا کر اور فراغت پا کر اللہ کی طرف متوجہ ہونا ۳. خلوصِ نیت سے عبادتِ الٰہی میں مشغول ہونا
۱۶۴۲	غُصَّةٍ (73 : 13)	گلے میں اٹکنا	غ۔ص۔ص	۱. کھانے یا پینے سے گلے میں پھندا لگنا ۲. کھانے کا گلے میں اٹک جانا ، اور نگل نہ سکنا
۱۶۴۳	كَثِيبًا (73 : 14)	ریت کے ٹیلے	ک۔ث۔ب	ریت کا لمبا چوڑا ٹیلہ
۱۶۴۴	مَهِيلًا (73 : 14)	بھربھرے	م۔ہ۔ل	۱. ڈھیل دینا ۲. مدت کو آہستہ آہستہ اور نرمی سے بڑھاتے جانا اور جلدی نہ کرنا ۳. مہل ہو تو ، پگھلی ہوئی دھاتیں ، ہر مکروہ بہنے والی آلائش

سورة المدثر

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۵۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۴۵	مُدَّثِّرُ (74 : 1)	کپڑا اوڑھنے والا	د۔ث۔ر	۱. اس گرم چادر یا کمبل کو کہتے ہیں جسے عام لباس کے اوپر اوڑھا جاتا ہے، یا سونے والا اوڑھ کر سوتا ہے ۲. کپڑا اوڑھ کر گہری نیند سونا، گہری نیند لینے کی نیت سے کپڑا لپٹنا
۱۶۴۶	عَبَسَ (74 : 22)	تیوری چڑھانا	ع۔ب۔س	۱. چیں بہ چیں ہونا ۲. دونوں آنکھوں کے درمیان پیشانی میں سلوٹ پڑ جانا یہ پہلا درجہ ہے
۱۶۴۷	بَسَرَ (74 : 22)	منہ بگاڑنا	ب۔س۔ر	۱. عَبَسَ کا آخری درجہ۔ جب تیوری چڑھانے کا عمل انتہا کو پہنچ جائے ۲. ترش رو ہونا
۱۶۴۸	قَسْوَرَةٍ (74 : 51)	شیر	ق۔س۔ر	۱. شیر ۲. غالب، مضبوط ۳. تیرانداز اور شکاری کو بھی قسورة کہتے ہیں

❀❀❀

سورة القيامة

رکوع نمبر ا تا ۲ (آیات ا تا ۴۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۴۹	تُحَرِّكْ (75 : 16)	چلاؤ	ح۔ر۔ک	ا. ہلنا ۲. حرکت کرنا ۳. حَرَّكَ کسی چیز کو چلانا، ہلانا، حرکت دینا حرکت دے کر آگے بڑھانا اور چلانا
۱۶۵۰	نَاضِرَةٌ (75 : 22)	تر و تازہ ، بارونق	ن۔ض۔ر	ا. ملائم و تازہ اور خوب صورت ۲. رنگت کی خوبصورتی اور جمال ۳. چہرے کی تر و تازگی اور رونق ۵. بشاشت ۶. فضا کی پاکیزگی
۱۶۵۱	التَّرَاقِي (75 : 26)	گلے ، ہنسلی تک	ر۔ق۔و	ہنسلی کی ہڈی
۱۶۵۲	يَتَمَطّٰى (75 : 33)	اکڑتا ہوا اتراتا ہوا	م۔ط۔ی م۔ط۔و	ا. اصل معنی بیٹھ کر بڑھانا ، لمبا کرنا جس طرح انگڑائی لیتے وقت کیا جاتا ہے، کنایۃً اکڑ کر چلنا ۲. چلنے میں گھمنڈ سے بازو پھیلانا ۳. بے نیازی کا اظہار کرنا ۴. بازو پھیلا کر گھمنڈ سے تیز تیز چلنا
۱۶۵۳	سُدًى (75 : 36)	بے کار	س۔د۔ی	ا. شتر بے مہار جس پر کوئی پابندی نہ ہو ۲. آزاد

❀❀❀

سورۃ دھر (الانسان)

رکوع نمبر ۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۳۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۵۴	الدَّهْرِ (76 : 1)	زمانہ	د۔ہ۔ر	۱. زمانہ کائنات ، جب سے کائنات شروع ہوئی ہے اس وقت سے لے کر اس کے اختتام تک کا وقت ۲. دھر میں غلبہ اور قہر کا مفہوم پایا جاتا ہے یہ ہر چیز پر گزرتا ہے اور اس پر غالب آتا ہے۔ اسکا تعلق مشیتِ الٰہی سے ہے
۱۶۵۵	أَمْشَاجٍ (76 : 2)	مخلوط	م۔ش۔ج	۱. ملانا ۲. خلط ملط کرنا ۳. دو ہم جنس چیزوں کا آپس میں مل کر ایک ہو جانا
۱۶۵۶	مِزَاجُهَا (76 : 5)	آمیزش جس میں	م۔ز۔ج	۱. مشروب میں کوئی چیز ملانا جو چیز ملائی جائے مزج ہے ۲. طبیعت
۱۶۵۷	قَمْطَرِيرًا (76 : 10)	سخت مصیبت کا	ق۔م۔ط۔ر	۱. دلوں کو سخت مضطر کر دینے والا ۲. قمطر اس لکڑی کو کہتے ہیں جو مجرموں کے پاؤں پھیلانے اور سزا دینے کیلئے ہوتی ہے ۳. سخت شر یا شدید ۴. شر کے لحاظ سے سخت
۱۶۵۸	زَمْهَرِيرًا (76 : 13)	سردی	ز۔م۔ہ۔ر	۱. دن کا سخت سرد ہونا ۲. سخت سردی ۳. انتہائی سرد طبقہ
۱۶۵۹	زنجبیلا (76 : 17)	سونٹھ سوکھی ادرک	ز۔ن۔ج۔ب۔ل	
۱۶۶۰	سلسبیلا (76 : 18)	سلسبیل	س۔ل۔س۔ب۔ل	

سورة المرسلٰت

رکوع نمبر۲ (آیات ۱ تا ۵۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنیٰ	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۶۱	كِفَاتًا (77 : 25)	سمیٹنے	ک۔ف۔ت	۱. کسی چیز کو جمع کر کے اسکو اپنے قبضہ میں لے لینا ۲. سمیٹ لینا
۱۲۶۲	شٰمِخٰتٍ (77 : 27)	اونچے اونچے	ش۔م۔خ	۱. کسی چیز کا لڑا اور بلند ہونا ۲. پہاڑ اور بلند و بالا عمارات کیلئے بولا جاتا ۳. فلک بوس بلندی
۱۲۶۳	اللھب (77 : 31)	شعلہ، تپش	ل۔ہ۔ب	۱. آگ کا حرکت کرنا اور بلند ہونا ۲. شعلہ کیلئے عام لفظ

❀❀❀

سورة النباء

رکوع نمبر۲ (آیات ۱ تا ۴۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۶۴	وهاجا (78 : 13)	چمکدار روشن	و۔ہ۔ج	۱. آگ کی بھڑک ۲. سورج کی تپش اور چمک ۳. ایسی روشنی جس میں حرارت، بھڑک اور سرخی بہت زیادہ ہو
۱۲۶۵	ثَجَّاجاً (78 : 14)	موسلا دھار	ث۔ج۔ج	۱. پانی کا زور سے برسنا اور بہنا ۲. پانی کا ریلا
۱۲۶۶	دِهَاقاً (78 : 34)	چھلکتا ہوا	د۔ہ۔ق	۱. پیالہ کا کسی مشروب سے بھر جانا ۲. پیالہ بھرنا

❀❀❀

سورۃ النّٰزعٰت

رکوع نمبر۱ تا ۲ (آیات ۱ تا ۴۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۶۷	نَشْطًا (79 : 2)	گرہ کھولنا	ن۔ش۔ط	۱. آسانی سے کھل جانے والی گرہ ۲. گرہ کو ڈھیلا کرنا ۳. جوڑ بند کھولنا ۴. گرہ کو کھولنا
۱۶۶۸	نَخِرَةً (79 : 11)	کھوکھلی بوسیدہ	ن۔خ۔ر	۱. خراٹے لینا ۲. بوسیدہ ہونا ۳. ہڈی کا بوسیدہ ہو کر اندر سے کھوکھلی ہو جانا اور اس میں سوراخ ہو جانا
۱۶۶۹	سَاهِرَةِ (79 : 14)	میدان میں	س۔ہ۔ر	۱. زمین یا سطح زمین ۲. ایسی زمین جہاں بکثرت آمدورفت ہو۔
۱۶۷۰	سَمْكَهَا (79 : 28)	چھت اسکی	س۔م۔ک	۱. بلند کرنا۔ ۲. موٹا اور دبیز کرنا ۳. چھت یا چھت کی موٹائی ۴. ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد وقامت ۵. اونٹ کی اونچی کوہان
۱۶۷۱	اَغْطَشَ (79 : 29)	اس نے تاریک کیا	غ۔ط۔ش	۱. مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا ۲. کمزور نظر والا ہونا۔ ۳. رات کا تاریک ہونا ۴. رات کے اندھیرے کا بڑھنا
۱۶۷۲	الطَّآمَّةُ (79 : 29)	آفت	ط۔م۔م	۱. پانی سے بھرا ہوا سمندر ۲. کسی چیز کا بھر جانا ۳. ایسی مصیبت جو دوسری تمام مصیبتوں پر حاوی ہو جائے

سورۃ عَبَسَ

رکوع نمبرا (آیات ۱ تا ۴۲)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۷۶	قَضْباً (80 : 28)	ترکاری	ق۔ض۔ب	۱. وہ ترکاری یا سبزی جو تازہ کاٹ کر کھائی جائے ۲. تازہ گھاس (مویشیوں کی خوراک) ۳. ہر وہ سبزی یا ترکاری جسکے پتے (مویشیوں کی خوراک) زمین کے باہر اور کارآمد چیز (انسانوں کی خوراک) زمین کے اندر ہو۔ مثلاً گاجر ، مولی ، شلجم ، چقندر وغیرہ
۱۶۷۷	اَبّاً (80 : 31)	چارہ	ا۔ب۔ب	۱. ایسی گھاس جو جانوروں کی چرنے اور کٹنے کیلئے بالکل تیار ہو ۲. تر و خشک ہر قسم کے چارے کو کہتے ہیں ۳. جو حیثیت انسانوں کیلئے فاکہہ (میوں) کی ہے وہی حیثیت جانوروں کیلئے اب کی ہے
۱۶۷۸	الصَّآخَّةُ (80 : 33)	کانوں کو بہرا کرنے والا شور	ص۔خ۔خ	ایسی سخت اور کرخت آواز جس سے کان پھٹ پڑیں۔ یہ کیفیت پہلے نفخہء صور کے وقت ہوگی

❀❀❀

سورة التکویر

رکوع نمبر ۱ (آیات ۱ تا ۲۹)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۷۷	انْكَدَرَتْ (81 : 2)	بے نور ہو جائیں	ک۔د۔ر	۱. گدلا پن ۲. رنگ میلا اور ہلکا پڑ جانا
۱۶۷۸	الْوُحُوشُ (81 : 5)	وحشی جانور	و۔ح۔ش	۱. **وحش** ایسے جانداروں کو کہا جاتا ہے جو انسان سے مانوس نہ ہوں ۲. جنگلی جانور اور درندے وغیرہ
۱۶۷۹	الْمَوْءُدَةُ (81 : 8)	زندہ درگور لڑکی	و۔ا۔د	۱. کسی زندہ کو مٹی کے بوجھ تلے دبا دینا ۲. زندہ درگور کرنا
۱۶۸۰	كُشِطَتْ (81 : 11)	کھال کھینچ لی جائے گی	ک۔ش۔ط	۱. اونٹ کی کھال اتارنا ۲. مضبوط جلد یا پردہ اتارنے کیلئے
۱۶۸۱	الْخُنَّسُ (81 : 15)	پیچھے ہٹ جانے والے	خ۔ن۔س	۱. پیچھے ہٹنا اور سکڑنا ۲. سیدھا چلتے چلتے ایک دم پیچھے ہٹ جانا ۳. آنکھ بچا کر یا چوری چھپے پیچھے ہٹ جانا ۴. وہ سیارے جو سیدھی چال چلتے چلتے الٹے چلنے لگتے ہیں
۱۶۸۲	الْكُنَّسُ (81 : 16)	جو غائب ہو جاتے ہیں	ک۔ن۔س	
۱۶۸۳	عَسْعَسَ (81 : 17)	پھیل کر رخصت ہو جائے	ع۔س۔ع۔س	۱. شام کا دھندلکا ہونا ۲. سورج غروب ہوتے ہی شام کا اندھیرا چھانا ۳. سورج طلوع ہونے سے پہلے کا دھندلکا

۱۶۸۴	ضَنِيْنٍ (81 : 24)	بخیل	ض۔ن۔ن	ا. کسی پسندیدہ اور مرغوب شے کے دینے میں بخل کرنا مثلاً حکیم اپنے مجرب نسخے بتانے میں. ۲. اور فنکار اپنے کسب کو سکھانے میں بخل کرے

❀❀❀

سورة الانفطار

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۱۹)

نمبرشمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۸۵	انْتَثَرَتْ (82 : 2)	جھڑ پڑیں گے	ن۔ث۔ر	ا. ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی چیز سے جھڑ کر پراگندہ ہو جائے ۲. غیر منظوم عبارت کو بھی کہتے ہیں
۱۶۸۶	بُعْثِرَتْ (82 : 4)	اکھاڑ دی جائیں گی	ب۔ع۔ث۔ر	ا. قبروں کو الٹ پلٹ کرنا، اور مردوں کو اٹھانا ۲. سامان کا الٹنا پلٹنا ۳. کرید کر کوئی چیز برآمد کرنا

❀❀❀

سورۃ المطففین

رکوع نمبر ۱ (آیات ۱ تا ۳۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۸۷	مطففین (83 : 1)	کم تولنے والے	ط۔ف۔ف	۱. حقیر اور معمولی چیز (طفیف) ۲. پیمانہ ہی تھوڑا سا چھوٹا رکھنا ۳. ماپ کا پیالہ بھرتے وقت تھوڑا سا کم بھرنا
۱۶۸۸	رَانَ (83 : 14)	زنگ بیٹھ گیا ہے	ر۔ی۔ن	
۱۶۸۹	رَحِیق (83 : 25)	خالص شراب	ر۔ح۔ق	۱. خالص شفاف اور خوشبودار ۲. ایسی شراب جس میں تلچھٹ یا ذرات بالکل بھی نہ ہوں
۱۶۹۰	تَسْنِیمُ (83 : 27)	تسنیم	س۔ن۔م	
۱۶۹۱	یَتَغَامَزُوْنَ (83 : 30)	حقارت سے آنکھ کے اشارے کرتے ہیں	غ۔م۔ز	۱. پلکوں اور ابروؤں سے بات سمجھانا ۲. کسی جانور کو کوئی چیز چھونا تاکہ وہ چل پڑے ۳. کسی کی عیب جوئی کرنے کیلئے ابرو سے اشارہ کرنا

❀❀❀

سورۃ الانشقاق

رکوع نمبر۱ (آیات ۱ تا ۲۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۹۲	كَادِحٌ (84 : 6)	کوشش کرتا ہے	ک۔د۔ح	۱. کام میں بہت محنت کرنا ۲. تکلیفیں سہہ سہہ کر کام کرنا ۳. بمشقت کوئی کام کرتے جانا
۱۶۹۳	وَسَقَ (84 : 17)	وہ اکٹھا کر لیتی ہے	و۔س۔ق	۱. چیزوں کو جمع کرنا اور اٹھانا ۲. ایک ہی چیز سے متعلقہ اجزاء کو اکٹھا کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے

سورۃ البروج (۸۵)

(No New Word)

سورۃ الطارق

رکوع نمبر۱ (آیات ۱ تا ۱۷)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۹۴	دَافِقٍ (86 : 6)	اچھلتے ہیں	د۔ف۔ق	۱. کسی چیز کا زور اور قوت سے آگے کو بڑھنا ۲. اچھل کر نکلنا ۳. قوت اور زور سے آگے بڑھنا
۱۶۹۵	الْهَزْلُ (86 : 14)	بے ہودہ بات	ہ۔ز۔ل	۱. ھزل کے بنیادی طور پر دو معانی ہیں a) لاغر، دبلا یا کمزور ہونا b) ہنسی مذاق کرنا، بکواس کرنا ۲. گویا ھزل کے معنی دل لگی کے طور پر گپیں ہانکنا ۳. دفع الوقت کیلئے خوش گپیاں اور ہنسی مزاق کرنا

سورۃ الاعلیٰ (۸۷)

(No New Word)

سورۃ الغاشیۃ

رکوع نمبرا (آیات اتا ۲۶)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۲۹۶	نَمَارِقُ (88 : 15)	گاؤ تکیے	ن-م-ر-ق	فرش کے اوپر بچھانے کے کپڑے کو کہتے ہیں غالیچہ
۱۲۹۷	زَرَابِیُّ (88 : 16)	نفیس مسندیں	ز-ر-ب	مخمل کے غالیچے
۱۲۹۸	سُطِحَتْ (88 : 20)	بچھائی گئی	س-ط-ح	ا. پھیلانا اور پھر ہموار کرنا ۲. پھیلانا ، بچھانا اور پھر ہموار کرنا

❀❀❀

سورۃ الفجر

رکوع نمبرا (آیات ۱ تا ۳۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۶۹۹	الوَتْرِ (89 : 3)	طاق کی	و۔ت۔ر	۱. ستانا ، تکلیف پہنچانا ، مال یا حق میں کمی کرنا (وَتَرَ) ۲. بدلہ لینا یا بدلہ لینے میں ظلم کرنا ۳. طاق
۱۷۰۰	اِرَمَ (89 : 7)	ارم	ا۔ر۔م	قوم عاد کا دوسرا لقب یا صفاتی نام ہے، ارم کا لغوی معنی پتھروں سے بنایا ہوا نشان اور اس سے مراد بلند اور مزین ستون ہیں جو قوم عاد (ثمود) نے بحیثیت ماہر سنگ تراشی بنائے تھے
۱۷۰۱	سَوطَ (89 : 13)	کوڑا	س۔و۔ط	۱. بٹا ہوا چمڑہ ۲. کوڑا ۳. چابک
۱۷۰۲	لَمًّا (89 : 19)	سارا	ل۔م۔م	کسی چیز کو جمع کرنا اور اس کو سنوارنا یا اسکی اصلاح کرنا

❀❀❀

سورۃ البلد

رکوع نمبر ۱ (آیات ۱ تا ۲۰)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۰۳	كَبَدٍ (90 : 4)	تکلیف ، محنت	ک۔ب۔د	۱. جگر (Liver) ۲. سختی اور قوۃ ۳. ساری زندگی سختی برداشت کرنے والی فطرتِ انسانی۔انسان کے دل میں کوئی خواہش پیدا ہوتی ہے اسکو پورا کرنے کیلئے انتہائی تکالیف برداشت کرتا ہے
				ابھی وہ پوری نہیں ہوتی تو اور خواہش پیدا ہو جاتی ہے
۱۷۰۴	شَفَتَيْن (90 : 9)	دو ہونٹ	ش۔ف۔و	لب ، ہونٹ
۱۷۰۵	نَّجْدَيْن (90 : 10)	دونوں راستے	ن۔ج۔د	۱. گھاٹی ۲. بلند زمین ۳. درختوں سے خالی زمین ۴. واضح اور بلند ہونا ۵. بلند راستہ ٦. گھاٹی کو بھی کہتے ہیں اور اس راستہ کو بھی جو اسکے اوپر چڑھتا اور اترتا ہے
۱۷۰٦	فَكُّ (90 : 13)	چھڑانا	ف۔ک۔ک	کسی کو کسی قبضہ سے چھڑانا اور آزاد کرانا
۱۷۰۷	مَسْغَبَةٍ (90 :)	بھوک	س۔غ۔ب	۱. بھوکا ہونا ۲. قحط سالی میں مبتلا ہونا ۳. قحط سالی کا دور

سورۃ الشمس

رکوع نمبر۱ (آیات ۱ تا ۱۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۰۸	طَحٰهَا (91 : 6)	پھیلایا اسکو	ط۔ح۔ی	دور دور تک لے جا کر بچھانا یا پھیلانا
۱۷۰۹	اَلْهَمَهَا (91 : 8)	سمجھ دی اسکو	ل۔ہ۔م	۱. وہ بات جو اللہ تعالیٰ یا ملاءِ اعلیٰ کی جانب سے کسی کے دل میں ڈال دی جائے ۲. سمجھ اور بصیرت عطا فرمانا۔ توفیق دینا
۱۷۱۰	دَسّٰهَا (91 : 10)	خاک میں ملایا اسے	د۔س۔و د۔س۔س	۱. کسی چیز کو مٹی میں چھپا کر گم کر دینا ۲. ایک چیز کو دوسری چیز میں زبردستی داخل کرنا ۳. کسی شے کو مٹی کے نیچے چھپانا ۴. سازش کرنا۔ خفیہ حیلہ کرنا
۱۷۱۱	دَمْدَمَ (91 : 14)	الٹ دیا تباہ کر دیا	د۔م۔د۔م	۱. کسی چیز کو زمین سے چپکا دینا ۲. ملیا میٹ کر دینا ۳. زمین بوس کر دینا

سورۃ الیل (۹۲)

(No New Word)

سورۃ الضحٰی

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۱۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۱۲	سَجٰی (93 : 2)	وہ سکون کیساتھ چھا جائے	س۔ج۔و	ا. رات کا سنسان اور خاموش ہونا ۲. اس لفظ میں چھپانے اور پرسکون ہونے کا عنصر پایا جاتا ہے ۳. یعنی رات کا اتنا حصہ گزر چکا ہو کہ سب لوگ سو چکے ہوں اور تاریکی بھی پوری طرح چھا چکی ہو

سورۃ النشرح (۹۴)

(No New Word)

سورۃ التین

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۱۳	التِّیْنِ (95 : 1)	انجیر	ت۔ی۔ن	انجیر کا درخت بھی اور پھل بھی

سورۃ العلق

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۸)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۱۴	نَسْفَعًا (96 : 15)	ہم ضرور گھسیٹیں گے	س۔ف۔ع	گھوڑے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑ کر کھینچنا
۱۷۱۵	الزَّبَانِيَةَ (96 : 18)	دوزخ کے فرشتوں کو	ز۔ب۔ن	دوزخ کے وہ تند خو اور سخت گیر فرشتے ہیں جو دوزخیوں کو دوزخ کی طرف دھکیلیں گے

سورۃ القدر (۹۷)، سورۃ البینۃ (۹۸)

(No New Word)

سورۃ الزلزال

رکوع نمبرا (آیات ا تا ۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۱۶	الزلزال (99 : 1)	زلزلہ	ز۔ل۔ز۔ل	۱. **زل** بمعنی پھسلنا اور **زلــزل** میں تکرارِ لفظی ہے بمعنی بار بار ادھر ادھر پھسلنا ۲. زلزلہ، بھونچال، زمین کا جھٹکے کھانا ۳. ادھر ادھر ہلنا اور کانپنا

سورۃ العٰدِیٰت

رکوع نمبر ا (آیات ا تا ۱۱)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۱۷	ضَبْحاً (100 : 1)	ہانپ اٹھتے ہیں	ض۔ب۔ح	گھوڑے کے تیز دوڑنے کی وجہ سے اسکے ہانپنے کی آواز
۱۷۱۸	قَدْحاً (100 : 2)	پتھر جھاڑ کر	ق۔د۔ح	پتھر پر نعل مارنا کہ اس سے شعلہ پیدا ہو
۱۷۱۹	نَقْعاً (100 : 4)	گرد	ن۔ق۔ع	ا۔ گرد و راہ ۲۔ وہ گرد و غبار جو کوئی تیز رفتار سواری اپنے پیچھے چھوڑتی چلی جاتی ہے یہ خاکی ذرات بوجھل ہونے کی وجہ سے پھر آہستہ آہستہ زمین پر بیٹھ جاتے ہیں
۱۷۲۰	لَکَنُوْدٌ (100 : 6)	ناشکرا ہے	ک۔ن۔د	ا۔ ناشکری ۲۔ کنود ایسے ناشکرے کو کہتے ہیں جو مصائب و آلام کا تو ہر وقت ذکر کرتا رہے مگر خدا کے انعامات کا کبھی نام نہ لے ۳۔ ناشکرا ، بخیل
۱۷۲۱	حُصِّلَ (100 : 10)	ظاہر کیا جائے گا	ح۔ص۔ل	ا۔ چھلکے سے گودا اور مغز علیحدہ کرنا ۲۔ اس میں نکالنا اور جمع کرنا دو معنی پائے جاتے ہیں

سورۃ القارعۃ ، سورۃ التکاثر ، سورۃ العصر

(No New Word)

سورۃ الھمزۃ، سورۃ الفیل ، سورۃ القریش

رکوع نمبر۱ (آیات۱تا۹) ، (آیات ۱ تا ۵) ، (آیات ۱ تا ۴)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۲۲	مُؤصَدَةٌ (104 : 8)	مسلط کردی جائیگی	ا۔ص۔د و۔ص۔د	اس طرح بند کرنے کو کہتے ہیں کہ بند شدہ چیز میں سے کچھ باہر نہ نکل سکے
۱۷۲۳	الفیل (105 : 1)	ہاتھی	ف۔ی۔ل	ہاتھی
۱۷۲۴	القریش (106 : 1)	قومِ قریش	ق۔ر۔ش	رسول اللہؐ کا گیارھویں پشت پر جدامجد فہر تھا جو قریش کے لقب سے مشہور ہوا قریش دراصل وہیل مچھلی کو کہتے ہیں جو سمندری جانوروں میں سب سے بڑی اور طاقتور ہوتی ہے فہر کے زمانے میں یمن کے ایک حاکم نے مکہ پر اس غرض سے حملہ کیا کہ پتھر یہاں سے لے جا کر یمن میں بیت اللہ تعمیر کرے اور فہر نے اس پر حملہ کر کے اسے گرفتار کر لیا اسی وجہ سے وہ قریش کے لقب سے مشہور ہوا۔ فہر کی اولاد بھی قریش کہلاتی ہے قریش رسول اللہ کی اپنی قوم تھی جسکی عرب بھر میں دھاک بیٹھی ہوئی تھی مگر اس قوم نے رسولؐ کی سب سے زیادہ مخالفت کی. فتح مکہ کے دن اس مخالفت کا زور ٹوٹا اور یہ قوم ایمان لائی.
۱۷۲۵	الصیف (106 : 2)		ص۔ی۔ف	۱. موسم گرما کی بارش بھی اور اس سے اگنے والی گھاس بھی۔ ۲. موسم گرما

سورۃ الماعون ، سورۃ الکوثر

رکوع نمبرا (آیات ۱ تا ۷)،(آیات ۱ تا ۳)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۲۶	سَاهُوْنَ (107 : 5)		س۔ہ۔و س۔ہ۔ی	۱. بھولنا ۲. دل کا دوسری طرف پھر جانا ۳. سھو بمعنی نرمی ، سکون دراصل اس عمل کو کہتے ہیں جو غفلت کی وجہ سے سرزد ہوا گر اس میں ارادہ کو دخل نہ ہو تو قابلِ عفو ہے جیسے کسی مجنون کا گالی دینا. اگر ارادہ ہو تو قابلِ مواخذہ ہے۔ اسی وجہ سے نماز میں توجہ دوسری طرف پھر جانے کی وجہ سے کمی بیشی ہو جانے سے سجدہ سہوادا کیا جاتا ہے ۴. بھول کی وجہ سے اصل کام کی بجائے کوئی دوسرا کام کرنا یا اس میں کمی بیشی کرنا
۱۷۲۷	وَانْحَرْ (108 : 2)	اور قربانی کیا کریں	ن۔ح۔ر	۱. سینہ پر چوٹ لگانا ۲. ذبح کرنا ۳. گلا کاٹنے کی کوئی بھی شکل خواہ یہ ذبح ہو یا قربانی کی شکل یا کوئی اور صورت
۱۷۲۸	الْاَبْتَرُ (108 : 3)	بے نام ونشان	ب۔ت۔ر	۱. یہ لفظ کسی جانور کی دم کاٹنے کیلئے مشہور ہے ۲. معنوی لحاظ سے لا ولد کو کہتے ہیں یا جس کا ذکرِ خیر باقی نہ رہے

سورۃ الکافرون (۱۰۹) ، سورۃ النصر (۱۱۰)

(No New Word)

سورۃ الھب (المسد)، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق

رکوع نمبر ۱ (آیات ۱ تا ۵)، (آیات ۱ تا ۴)، (آیات ۱ تا ۵)

نمبر شمار	الفاظ	اصطلاحی معنی	مادہ	لغوی تحقیق
۱۷۲۹	جِيْدِهَا (111 : 5)	گردن اسکی	ج۔ی۔د	۱. پتلی اور لمبی گردن ۲. ہرن کی طرح خوبصورت گردن
۱۷۳۰	مَسَدٍ (111 : 5)	مونج	م۔س۔د	مونج یا کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی رسی جس سے چارپائی بُنی جاتی ہے
۱۷۳۱	الصَّمَدُ (112 : 2)	بے نیاز	ص۔م۔د	اس میں دو باتیں پائی جاتی ہیں ۱. کسی چیز کا ٹھوس اور مضبوط ہو جانا ۲. لوگ ہر طرف سے اسکی طرف قصد کریں یعنی ایسی ذات جو خود تو کسی کی محتاج نہ ہو باقی سب اسکے محتاج ہوں
۱۷۳۲	كُفُوًا (112 : 4)	برابر	ک۔ف۔و	۱. ہم پایا اور ہم پلہ ، برابر ۲. مرتبہ اور منزلت میں دوسرے کے برابر ہونا ۳. برابر کی چوٹ
۱۷۳۳	وَقَبَ (113 : 3)		و۔ق۔ب	۱. کسی چٹان وغیرہ میں گڑھے کو کہتے ہیں ۲. گڑھے میں داخل ہو کر غائب ہو جانا ۳. جب اشیاء تاریکی میں غائب ہو جائیں
۱۷۳۴	النَّفّٰثٰتِ (113 : 4)		ن۔ف۔ث	۱. تھتکارنا ۲. تھوڑا سا اگلنا ۳. جھاڑ پھونک کرنا یا زہر اگلنا ۴. جھاڑ پھونک کرنے والے کا پھونک مارنا

سورۃ النّاس

(No New Word)

ثُمُنًا

Published By

HUSSAM PUBLISHERS
Ismail Center, Chatterjee Road,
Urdu Bazar, LAHORE - PAKISTAN
TEL: + 92 333 4264878
Email:chyahya@hotmail.com

DISTRIBUTORS:

AL-BALAGH

★ Land Mark Plaza, Jail Road, Lahore.
Tel:+92-42-35717842-3, 0300-8880450

★ Link Road, Model Town, Lahore.
Tel:+92-42-35942233, 0300-6112240

★ DARUSSALAM
F-8 Markaz, Islamabad
051-2281513

0 133342 648781